بس اللہ کا ارادہ ہے اے اہلِ بیت کہ وہ تم سے ہر برائی کو دُور رکھے اور اس طرح پاک و پاکیزہ رکھے جو پاک و پاکیزہ رکھنے کا حق ہے

آمد ظہور باسعادت امام مہدی آخرالزمانؑ کے انتظار میں شائع ہونے والی بین الاقوامی جنتری

https://www.hyderone.com/

# سنہ 2023ء

# بارہ امامیہ جنتری® 12

THANKS FOR SUPPORTING
AQ TV Knowledge for All
https://www.youtube.com/@astrologersyedalizanjani



## وارثِ انبیاءؑ و آئمہ معصومینؑ



# محمد المہدی

FOR PDF FILE
WHATSAPP ON
+92 304 1121 106

اللھم عجل لولیک الفرج

از افادیات
شہزادہ سید محمد علی زنجانی

https://www.hyderone.com/

https://www.hyderone.com/

# شجرۂ طیبہ معصومین علیہم السلام

مصدقہ:
ادارہ شیعہ مجلس علمائے پاکستان

مصدقہ:
آقائے ملت مولانا سید نجم الحسن صاحب
قبلہ کراروی، پشاور

| اسمائے معصومین | مشہور لقب | کنیت | اُمہات | تعداد اولاد | تاریخ و ماہ و سن ولادت | جائے ولادت | تاریخ وفات | مدت حیات | بادشاہ وقت | سبب شہادت | جائے دفن |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پیغمبر اسلام حضرت محمدؐ | مصطفےٰ | ابوالقاسمؐ | حضرت آمنہؑ بنت وہب | فاطمہ زہرا، طیب، طاہر، قاسم، ابراہیم | ۱۷ ربیع الاول ۱ عام الفیل | شعب ابی طالب (مکہ معظمہ) | ۲۸ صفر ۱۱ھ | ۶۳ سال | و۔ نوشیروان عادل ش۔ ہرقل بادشاہ قیصر روم | زہر۔ یہودیہ بمقام خیبر | مدینہ طیبہ |
| اُم الائمہ جناب فاطمہؑ | زہراء | ام الحسنین سیدۃ النساء | حضرت خدیجۃ الکبریٰ | حسن، حسین، زینب، ام کلثوم، محسن | ۲۰ جمادی الثانیہ ۴۵ عام الفیل | مکہ معظمہ | ۳ جمادی الثانیہ ۱۱ھ | ۱۸ سال ۹ ماہ ۱۵ یوم | و۔ یزدجرد ش۔ حضرت ابوبکر | [illegible] پہلو شکستن | جنت البقیع (مدینہ) |
| ابوالائمہ حضرت علیؑ | امیر المومنین | ابوالحسن ابوتراب | حضرت فاطمہؑ بنت اسد | ۱۱ پسر ۱۶ دختران | ۱۳ رجب ۳۰ عام الفیل یوم جمعہ | درمیان خانہ کعبہ | ۲۱ رمضان ۴۰ھ | ۶۳ سال | و۔ شہریار ش۔ معاویہ | ضرب عبدالرحمٰن ابن ملجم سازش امیر شام بمقام مسجد کوفہ | نجف اشرف (عراق) |
| حضرت امام حسنؑ | مجتبےٰ | ابومحمدؑ | حضرت فاطمہ زہراؑ | ۸ پسر ۷ دختران | ۱۵ رمضان ۳ھ | مدینہ منورہ | ۲۸ صفر ۵۰ھ | ۴۷ سال | و۔ یزدجرد ش۔ معاویہ | زہر بواسطہ جعدہ بنت اشعث [illegible] | جنت البقیع (مدینہ) |
| حضرت امام حسینؑ | سید الشہداء | ابوعبداللہ | حضرت فاطمہ زہراؑ | ۶ پسر ۳ دختران | ۳ شعبان ۴ھ (علی المشہور) | مدینہ منورہ | ۱۰ محرم ۶۱ھ | ۵۷ سال | و۔ یزدجرد ش۔ یزید | ذبح بمقام کربلا بخنجر شمر لعین | کربلائے معلی (عراق) |
| حضرت امام علیؑ | زین العابدین | ابومحمدؑ | حضرت شہربانو بنت یزدجرد بادشاہ ایران | ۱۱ پسر ۴ دختران | ۱۵ جمادی الاول ۳۸ھ | مدینہ منورہ | ۲۵ محرم ۹۵ھ | ۵۷ سال | و۔ عبدالملک بن مروان ش۔ ولید | زہر بواسطہ ولید بن عبدالملک | جنت البقیع (مدینہ) |
| حضرت امام محمدؑ | باقر | ابوجعفر | فاطمہ بنت امام حسن | ۵ پسر ۲ دختران | یکم رجب ۵۷ھ | مدینہ منورہ | ۷ ذی الحجہ ۱۱۴ھ | ۵۷ سال | و۔ معاویہ ش۔ ہشام | زہر از ابراہیم بن ولید بن عبدالملک | جنت البقیع (مدینہ) |
| حضرت امام جعفرؑ | صادق | ابوعبداللہ ابواسماعیل | ام فروہ بنت قاسم بن محمد بن ابی بکر | ۷ پسر ۳ دختران | ۱۷ ربیع الاول ۸۳ھ | مدینہ منورہ | ۱۵ شوال ۱۴۸ھ | ۶۵ سال | و۔ عبدالملک بن مروان ش۔ منصور | زہر منصور دوانقی | جنت البقیع (مدینہ) |
| حضرت امام موسیٰؑ | کاظم | ابوالحسن ابوابراہیم | حمیدہ خاتون | ۱۹ پسر ۱۸ دختران | ۷ صفر ۱۲۸ھ | ابواء (مابین مکہ و مدینہ) | ۲۵ رجب ۱۸۳ھ | ۵۵ سال | و۔ مروان الحمار ش۔ ہارون رشید | زہر ہارون رشید عباسی بذریعہ سندی ابن شاہک | کاظمین (عراق) |
| حضرت امام علیؑ | رضا | ابوالحسن | ام البنین | امام محمد تقی فقط | ۱۱ ذی قعدہ ۱۴۸ھ | مدینہ منورہ | ۲۳ ذی قعدہ ۲۰۳ھ | ۵۵ سال | و۔ منصور دوانقی ش۔ مامون رشید | زہر مامون رشید | مشہد مقدس (خراساں) |
| حضرت امام محمدؑ | تقی | ابوجعفر | خیزران خاتون (ریحانہ) | ۲ پسر ۲ دختران | ۱۰ رجب ۱۹۵ھ | مدینہ منورہ | ۲۹ ذی قعدہ ۲۲۰ھ | ۲۵ سال ۳ ماہ ۱۲ یوم | و۔ محمد امین عباسی ش۔ معتصم باللہ | زہر معتصم باللہ بذریعہ ام الفضل دختر مامون رشید | کاظمین (عراق) |
| حضرت امام علیؑ | نقی | ابوالحسن | سمانہ خاتون | ۵ فرزند | ۵ رجب ۲۱۴ھ | حوالی مدینہ منورہ | ۳ رجب ۲۵۴ھ | ۴۰ سال | و۔ مامون رشید ش۔ معتمد باللہ | زہر معتمد باللہ | سر من رائے (عراق) |
| حضرت امام حسنؑ | عسکری | ابومحمدؑ | حدیثہ خاتون | حضرت صاحب الامر | ۱۰ ربیع الثانی ۲۳۲ھ | مدینہ منورہ | ۸ ربیع الاول ۲۶۰ھ | ۲۸ سال ۲ ماہ | و۔ واثق باللہ ش۔ معتمد باللہ | زہر معتمد باللہ | سر من رائے (عراق) |
| حضرت امام محمدؑ | مہدی | ابوالقاسم | نرجس خاتون | العلم عند اللہ | ۱۵ شعبان ۲۵۶ھ | سر من رائے عراق | بحکم خدا زندہ ہیں | ماشاءاللہ | و۔ معتمد باللہ | بحکم خدا زندہ ہیں | جائے غیبت سر من رائے |

نوٹ: بادشاہ وقت کے خانہ میں "و" سے ولادت اور "ش" سے شہادت مراد ہے۔ (شاہ زنجانی)

https://www.hyderone.com/

Tuesday, December 20

https://www.hyderone.com/

# RELIGION BOOKS VIDEOS AND NEWS

*Barelvi, Deobandi, Hadith, Islam/Christianity, Nasibiat, References, Saqifa, Sects, Shia in Quran, Wilayat. Munajaat, Ziarat e Ashoora ..*



DMCA PROTECTED

https://www.hyderone.com/

## HOME PAGE



امامیہ جنتری 2023 پی ڈی ایف مفت ڈاؤن لوڈ

by kazemi



SUNNI JANTRI 2023 FREE READ AND DOWNLOAD PDF

by kazemi



FAIZ ALAM JANTRI 2023 FREE DOWNLOAD PDF

by kazemi



ZANJANI JANTRI 2023 FREE DOWNLOAD PDF

by kazemi



BARA IMAMIA JANTRI 2023 FREE DOWNLOAD PDF

by kazemi



IMAMIA JANTRI 2023 PDF FREE DOWNLOAD

by kazemi



Ubqari Rohani Jantri 2022 Free Read and Download in PDF

by kazemi



FAIZ ALAM JANTRI 2022 FREE DOWNLOAD PDF AVAILABLE NOW

by kazemi



SUNNI JANTRI 2022 FREE READ AND DOWNLOAD PDF

by kazemi

Search

Search

NEW AVAILABLE UPDATED



https://www.hyderone.com/

# RELIGION BOOKS VIDEOS AND NEWS

*Barelvi, Deobandi, Hadith, Islam/Christianity, Nasibiat, References, Saqifa, Sects, Shia in Quran, Wilayat. Munajaat, Ziarat e Ashoora ..*



DMCA PROTECTED

https://www.hyderone.com/

## HOME PAGE




امامیہ جنتری 2023 پی ڈی ایف مفت ڈاؤن لوڈ

by kazemi



SUNNI JANTRI 2023 FREE READ AND DOWNLOAD PDF

by kazemi



FAIZ ALAM JANTRI 2023 FREE DOWNLOAD PDF

by kazemi



ZANJANI JANTRI 2023 FREE DOWNLOAD PDF

by kazemi



BARA IMAMIA JANTRI 2023 FREE DOWNLOAD PDF

by kazemi




IMAMIA JANTRI 2023 PDF FREE DOWNLOAD

by kazemi



Ubqari Rohani Jantri 2022 Free Read and Download in PDF

by kazemi



FAIZ ALAM JANTRI 2022 FREE DOWNLOAD PDF AVAILABLE NOW

by kazemi



SUNNI JANTRI 2022 FREE READ AND DOWNLOAD PDF

by kazemi

Search

Search

NEW AVAILABLE UPDATED



# دُعا برائے سلامتی امام زمانؑ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

"**اے معبود!** محافظ بن جا اپنے ولی (حضرت) حجت ابن الحسنؑ کا تیری رحمت نازل ہو اُن کے آبائے گرامی پر اس لمحہ میں اور ہر آنے والے لمحہ میں بن جا اُن کا مددگار۔ نگہدار۔ پیشوا۔ حامی اور رہنما اور نگہبان یہاں تک کہ تو لوگوں کی چاہت سے اپنی زمین کی حکومت دے اور مدتوں اس پر برقرار رکھے **یا اللہ** رحمت نازل فرما حضرت محمدؐ و آلِ محمدؐ پر اور اُن کے ظہور میں تعجیل فرما۔"



https://www.hyderone.com/

https://www.hyderone.com/

Subscribers 600K+
آئینہ قسمت
SINCE 1947

Knowledge for All

AQ TV Knowledge for All
606K subscribers
SUBSCRIBE NOW
کیسا رہیگا سال 2023ء؟

علمِ نجوم و روحانی علوم کا علمبردار!

روزانہ ہفتہ وار و ماہانہ کے حالات وصدقات کے علاوہ قبولیتِ دُعا کے اوقات جاننے کیلئے ابھی سبسکرائب کریں۔ سیاسی نجوم لائیو پروگرامز کرکٹ میچز اور مُلکی و بین الاقوامی پیش گوئیوں کیلئے دیکھتے رہیئے۔

سلسلہ روحانیات حضرت سید میراں حسین شاہ زنجانیؒ پیر بھائی حضرت داتا گنج بخش علی ہجویریؒ
آئینہ قسمت
زنجانی جنتری
بارہ ماہیہ جنتری
البیرونی تقویم
زنجانی TV

Zanjani TV
56.7K subscribers
کیسا رہیگا سال 2023ء؟
SUBSCRIBE NOW

ہر ماہ آئینہ قسمت کا PDF مُطالعہ کرنے کیلئے ادارہ کی ویب سائٹ پر وزٹ کریں اور زنجانی جنتری 2023
بارہ ماہیہ جنتری 2023 البیرونی تقویم کے آرڈر کے علاوہ ادارہ کی کتب اور جیم اسٹونز کیلئے ابھی دیکھئے۔
www.aienaeqismat.com

GOLDEN YEARS 76

مُلکی و بیرون مُلک قارئین کی سہولت کیلئے اب آپ
ہر ماہ ادارہ کی ویب سائٹ پر آئینہ قسمت کا مُطالعہ کر سکیں گے

ماہنامہ روحانی آئینہ قسمت لاہور

www.aienaeqismat.com
Subscribe Now
ASTROLOGY FOR ALL
600K
AQ TV
ZANJANI

https://www.hyderone.com/

"منتظرینِ" بارہویں امام حُجت القائم امام مہدیؑ کے انتظار میں شائع ہونیوالی واحد بین الاقوامی جنتری

# بارہ امامیہ جنتری 12

سنہ 2023

(TM)

ازافادات: شہزادہ سید محمد علی زنجانی

بارہ امامیہ جنتری کاپی رائٹ ایکٹ حکومت پاکستان کے تحت رجسٹرڈ ہے کوئی ناشر اس سے کوئی مضمون اشاعت کرنا چاہے تو اجازت لے کر شائع کر سکتا ہے 27312


| | |
|---|---|
| دعا برائے سلامتی امام زمانہؑ | 1 |
| Add Zanjani Tv+AQ Tv | 2 |
| حمد و نعت و منقبت | 4 |
| اداریہ 2023ء | 5 |
| اسم مبارک 2023ء | 6 |
| لوح محفوظ | 7 |
| عریضہ | 8 |
| نوروز عالم افروز 2023ء | 9 |
| فضائل عید نوروز | 13 |
| عالمی و سیاسی حالات 2023ء | 14 |
| جفری پیشگوئیاں 2023ء | 22 |
| تحویل السال 2023ء | 24 |
| ہر کام قمر سے | 25 |
| تقویم بارہ ماہ 2023ء | 26 |
| ارشادات امام علی رضاؑ | 50 |
| اوقات قمر در عقرب 2023ء | 51 |
| انجمن شرفات کواکب | 52 |
| آداب عملیات | 53 |
| اہم اوقات عملیات 2023ء | 54 |
| سیارگان کے شرف و ہبوط 2023ء | 58 |
| داخلہ سیارگان 2023ء | 59 |
| کسوف و خسوف 2023ء | 60 |
| نماز آیات | 61 |
| صدقہ سے شفاء و نافع الخوراک | 62 |
| پاکستان کے سیاسی حالات | 66 |
| تحویل الامزل | 70 |
| انما یرید اللہ (آیت تطہیر) | 72 |
| امام مہدیؑ قرآن و حدیث کی روشنی میں | 76 |
| اعمال نوائے صالحین | 78 |
| دعائے امام زمانہؑ | 81 |
| فضائل تسبیح فاطمۃ الزہراؑ | 82 |
| اعداد قرآنی سورۃ | 83 |
| احرام شرف مشتری | 84 |
| مسلمان بچوں کے نام | 85 |
| طلسماتی الواح بروج | 86 |
| نام سے برج معلوم کرنے کا طریقہ | 87 |
| برج حمل تا حوت سالانہ حالات 2023ء | 88 |
| شرف مشتری کا نوٹ | 136 |
| Add کتب منہاج الحسین | 137 |
| لوح مصطفائی + توشہ اصحاب کہف | 138 |
| Add مصور علی زنجانی | 140 |
| زنجانی جنتری 2023ء + البیرونی جنتری 2023ء | 141 |
| Add کاروان زنجانی | 142 |
| فہرست کتب (ادارہ ہذا) | 143 |
| کوپن نگینہ و سوال | 144 |



ہیڈ آفس کاشانہ زنجانی D-125 حضرت میراں حسین زنجانی روڈ گلبرگ II لاہور

فون: 042-35752277, 35872277 موبائل شاہ زنجانی 0300-9456949

موبائل مصور زنجانی 0300-9483758 Email: aienaeqismat@gmail.com

برانچ آفس

کاشانہ زنجانی آرام باغ روڈ کراچی۔74200

Ph: +92-21-32217544

کاشانہ زنجانی

A-19، جی ٹی روڈ (جہلم روڈ)، بالمقابل گالف کلب / آرمی ہاؤس، عقب پی ایس او پٹرول پمپ، راولپنڈی

Cell # 0300-4135822 Email: azanjani@gmail.com


شہزادہ سید محمد علی زنجانی پرنٹر / پبلشر نے حیدری پریس ریلوے روڈ لاہور سے چھپوا کر کاشانہ زنجانی D-125 گلبرگ 2 لاہور سے شائع کیا


زیر نگرانی
شہزادہ سید انتظار حسین زنجانی

ایڈیٹر
شہزادہ سید مصور علی زنجانی

سب ایڈیٹر
شہزادہ حافظ سید محسن علی زنجانی

مجلس مشاورت

- شہزادہ حضرت علامہ حافظ سید ریاض حسین نجفی (جامعۃ المنتظر لاہور)
- علامہ ڈاکٹر محمد حسین اکبر (منہاج الحسین لاہور)
- پروفیسر علامہ تصدق حسین (لاہور)
- علامہ مشتاق حسین جعفری (لاہور)
- انتظار احمد (وہاڑی)
- کنول ضیا بٹ (لاہور)
- میاں محمد فاروق (لاہور)
- چوہدری واجد علی خان (سابق MPA)
- علامہ سید ابو الحسن موسوی (اسلام آباد)
- ڈاکٹر نثار احمد ملک (راولپنڈی)
- ڈاکٹر خالد سعید (جنرل سرجن راولپنڈی)
- سید انور فراز (کراچی)
- غلام رضا عسکری اعوان (نواب شاہ)
- سید قیصر بخاری (UK)
- سید مظہر کاظمی (UK, DM TV)
- محمد بلال (ہوسٹن USA)
- ملک سعادت حسین (نیویارک USA)
- سید ظہیر الحسن (واشنگٹن ڈی سی USA)
- فیض احمد (نیویارک USA)
- سید عابد رضا نقوی (کینیڈا)
- علامہ سید مرید حسین نقوی (ڈنمارک)
- مسعود اشرف (UK)
- محمد اقبال (جرمنی)

مشیر قانونی: سید فرہاد علی شاہ ایڈووکیٹ
محمد افضل خان ایڈووکیٹ

گرافکس & کمپوزنگ: ارشد علی


https://www.hyderone.com/
https://www.hyderone.com/



## حمد

نوازش علی شیخ

جسم اور رُوح سبھی ترے اِشارے پر ہے
ڈوبا جو عِشق کے ساگر میں کنارے پر ہے
ہاتھ پاؤں تو بُہت دنیا میں مارے ہم نے
ہنس کے کہتی ہے مگر زیست خسارے پر ہے
جس طرف دیکھتا ہوں جلوہ نُما ہے تُو ہی
نور کا دَریا، میری ناؤ ہُلارے پر ہے
لاکھوں رنگوں میں نمایاں ہے مگر تیرا ہی رنگ
شان تیری ہے ترا ذکر سپارے پر ہے
چاندنی پھیلی ہے ہر سو تو درخشاں ہے چاند
چال دنیا کی مگر پھر بھی ستارے پر ہے
رازِ دَرپردہ کو جانے لا شریکَ لہُ
کائنات عاصؔی اِسی ایک سہارے پر ہے

## نعت

نوازش علی شیخ

عشق صادق ہو تو پھر دِل میں سفر جاگتے ہیں
تائبِ خواب ہیں، تا وقتِ سحر جاگتے ہیں
جذب اور شوق کا روشن ہے اَلاؤ دِل میں
ذہن میں لا اِلہٰ کے تازہ ہُنر جاگتے ہیں
شہروں میں گلیوں میں اور کوچہ و بازاروں میں
ذکرِ لاہوت سے، دیوار اور در جاگتے ہیں
جس کسی کو بھی عطا چاہیے، تا زیست مُدام
اُسکے اعضائے بدن شام و سحر جاگتے ہیں
دِل میں ہو سوخت، نظر میں ہو تجلّی کا سماں
اِن اداؤں سے فقط اہلِ نظر جاگتے ہیں
کج اداؤں سے حذر، واعظ و مُلّا سے حذر
عاصی درحالِ سفر عُذرِ خطر جاگتے ہیں



## منقبت

نوازش علی شیخ

تشنہ دہان کی فغاں عہد پیام تک گئی
بادِ سُموم کربلا، کوفہ و شام تک گئی
خطبہ تھا اک اسیر کا، نوکِ سناں پر جو دیا
اُسکی صدائے بازگشت ہر خاص و عام تک گئی
نازشِ مُصطفٰی سلام تیرے سفر کی شان پر
صبح و مسا کی ہر گھڑی سجدہ قیام تک گئی
جیسے ہوا کٹا سفر، جیسے سہی صعوبتیں
بندِ رسن کی داستاں میرے اِمام تک گئی
چُن چُن کے مارے تھے شقی بُرّشِ ذُوالفقار نے
ہر اک عدو کی دشمنی حدِ حرام تک گئی
ہر اک شہید نے امام کے لئے سر کٹا دیا
رُوحِ بتول و مرتضٰی اُنکے سلام تک گئی

(من مات ولم یعرف امام زمانہ مات میتۃ الجاھلیۃ) (بحارالانوار ج ۲۳،ص ۲۶-۹۷)

"یعنی جو بھی اپنے زمانے کے امامؑ کی معرفت حاصل کئے بغیر مر جائے وہ جاہلیت کی موت مرتا ہے"

# بارہ امامیہ جنتری 2023

کبھی اے حقیقت منتظر نظر آ لباسِ مجاز میں
کہ ہزاروں سجدے تڑپ رہے ہیں مری جبینِ نیاز میں

خداوند عالم کی بارگاہ اقدس میں نہایت عجز وانکساری کے ساتھ عرض گزار ہیں کہ اس عطا کردہ توفیقات سے بقیۃ اللہ اور خیر خدائی حضرت امام زمانہؑ کی صادقانہ خدمت کا یہ قدم خیر آنحضرتؑ کے محضر مبارک میں (خیر من الف) خیر قرار دے اور اپنے اس منصور کی نصرت میں ناصر ومددگار رہے۔ اپنی مزجاۃِ بضاعت اور ناچیز توان وطاقت کے مطابق ہمارا یہ اقدام بارہ امامیہ جنتری مسلسل سال بہ سال اشاعت اس نظریہ کے تحت ہے کہ اس طرح سے اپنے زمانے کے امامؑ کی مؤدت کا کچھ حق ادا ہو جائے، اگرچہ جس قدر بھی اس سلسلے میں ہم سعی وکوشش کریں، پھر بھی نہایت اس نتیجہ پر پہنچیں گے (حق تو یہ ہے کہ حق ادا نہ ہوا) بہر حال سعی مقدور کے مطابق بقول شاعرؔ

آب دریا را اگر نتوان کشید
ہم بقدر تشنگی باید چشید

اور جہاں تک قبولیت کا تعلق ہے تو ظاہر ہے کہ دروازہ کرم پر معیار قبولیت کمیت نہیں بلکہ نیت اور کیفیت ہوا کرتی ہے لہٰذا اگر جوہر اخلاص عطا ہو جائے تو عمل کی قلت قبولیت سے محرومیت کا باعث نہیں ہو سکتی اور ان کی جود وسخا اور بخشش انسان کے لئے حوصلہ افزا ہوتی ہے۔

باکریمان کارہا دشوار نیست

اس خدمت کے پیش نظر یہ حدیث قابل ذکر ہے کہ معصوم علیہم السلام فرماتے ہیں:۔(من مات ولم یعرف امام زمانہ مات میتۃ الجاھلیۃ)
(بحارالانوار ج ۲۳،ص ۲۶-۹۷)

"یعنی جو بھی اپنے زمانے کے امامؑ کی معرفت حاصل کئے بغیر مر جائے وہ جاہلیت کی موت مرتا ہے"۔ لہٰذا اہل علم حضرات پر یہ فریضہ عائد ہوتا ہے کہ:

اولاً: وہ خود اس عظیم معرفت کے حصول کے لئے بھرپور سعی وجد وجہد کریں۔

ثانیاً: اس نور معرفت کو پھیلا کر انسانیت کی خدمت کریں، درحقیقت یہ معرفت ایسا انمول خزانہ ہے جو توحید و وحدانیت کی صحیح معرفت کی اساس ہے۔

اَللّٰهُمَّ عَرِّفْنِي نَفْسَكَ فَإِنَّكَ إِنْ لَمْ تُعَرِّفْنِي نَفْسَكَ لَمْ أَعْرِفْ رَسُولَكَ: اَللّٰهُمَّ عَرِّفْنِي رَسُولَكَ فَإِنَّكَ إِنْ لَمْ تُعَرِّفْنِي رَسُولَكَ لَمْ أَعْرِفْ حُجَّتَكَ: اَللّٰهُمَّ عَرِّفْنِي حُجَّتَكَ فَإِنَّكَ إِنْ لَمْ تُعَرِّفْنِي حُجَّتَكَ ضَلَلْتُ عَنْ دِينِي. (بحارالانوار ج ۵۳،ص ۱۸۷)

امام عصرؑ پر عقیدہ رکھنا صرف شیعوں تک محدود نہیں بلکہ اہل تسنن کی اکثریت بھی اس عقیدے کے قائل ہیں اس کی واضح دلیل بہت سی ایسی کتابیں ہیں جو حضرت امام عصرؑ کے بارے میں اہل سنت علماء اور دانشوروں نے لکھی ہیں، لہٰذا ہم آج کے سیاسی نظریات سے بھی فائدہ اُٹھاتے ہوئے حضرت امام زمانؑ کی شخصیت جو کہ شیعہ واہل سنت کے درمیان ایک مشترک عقیدہ ہے اس کو مزید تقویت دیں، بارہ امامیہ جنتری بھی، عدل کل، مصلح جہاں حضرت امام زمان عجل اللہ تعالیٰ فرجہ الشریف کے بارے میں مخصوص منابع اہل تشیع اور منابع اہل تسنن پر مبتنی ہے، کیونکہ آج اسلام دشمن طاقتوں نے اسلام اور امام زمانؑ کی شخصیت کو اپنے باطل اہداف کا نشانہ بنا رکھا ہے اور نظریہ امام زمانؑ کو خراب کرنے کے لئے بے بنیاد پروپیگنڈوں کی بوچھاڑ کر رکھی ہے، عقیدہ مہدویت سے خائف ہو کر مسلمانوں اور مومنین کے ذہنوں میں شکوک وشبہات پیدا کرنے کے لئے باطل طاقتوں کے درہم ودینار اور ڈالر حرکت میں آئے ہوئے ہیں اس حوالے سے ہالی وڈ کی وہ فلمیں جو امام زمانؑ کے خلاف بنائی گئی ہیں اس سازش کا منہ بولتا ثبوت ہیں۔ آج امریکہ اور اسرائیل خطِ مقدم پر اس نظریہ کے خلاف تیزی کے ساتھ مخفیانہ اور اعلانیہ کام کر رہے ہیں ایسی صورت میں ہر سچے مسلمان اور مؤمن کا فریضہ ہے کہ اپنی طاقت کے مطابق اس عقیدہ اور نظریہ کی حفاظت اور دفاع کے لئے کام کرے اسی ضرورت کو مدنظر رکھتے ہوئے 21-12-2012 جب مایان کیلنڈر نے دُنیا کے خاتمہ کی خبر دے دی تھی تو معرفت امام زمانہؑ کی نیت سے ادنیٰ سی کوشش کی گئی جو آج بھی سال بہ سال جاری ہے۔ تاکہ ہماری نئی نسلیں دشمنوں کی سازشوں سے محفوظ رہیں اور امام زمانہؑ کی معرفت حاصل کریں۔ دُعا گو: شہزادہ سیّد محمد علی زنجانی



شہزادہ سیّد انتظار حسین زنجانی

# سنہ 2023 کا اسمِ اعظم

## یا نُور یا وَارِثُ یا غنیُ

**2023ء کی مناسبت سے قارئین کو آج ایک عجیب وغریب مگر پُرتاثیر خاندان زنجانیہ عالیہ کا مجرب المجرب اسم اعظم پیش کرنے کی سعادت حاصل کرونگا۔**

**نیا سال 2023ء سب بھن بھائی کو مبارک ھو۔ زنجانی جنتری میں برسوں سے ھم سال کی مناسبت سے ایک اسم اعظم نکال کر قارئین کو ھدیہ کرتے ھیں یہ اسم اعظم صرف اسی سال کے لئے ھے۔** آپ نے اکثر سنا ہوگا کہ تقدیر نہیں بدلی جا سکتی یہ بات سچ ہے۔ ہم سائکین کو علوم الفلکیات یا علم نجوم سے انکی تاریخ پیدائش وقت پیدائش مقام پیدائش یا پھران کے ہاتھوں کے پرنٹ سے ان کے زائچے بنا کر انکی تقدیر ہی بتا رہے ہوتے ہیں۔ دُنیا میں جہاں عرب وعجم سپر پاور اور ہر مذہب ونسل کے حکمران اپنی اپنی رعایا پر حکمرانی کرر ہے اور اللہ کے بعد ان کی اخلاقی مذہبی، دُنیاوی ذمہ داری بنتی ہے کہ اپنی اپنی رعایا کی خوشحالی کا خیال کریں۔ **2023**ء کا اسم اعظم کچھ یوں روحانی طور سے اخذ ہوا ہے۔ یوں تو اللہ تعالیٰ کے پاک پیارے **99** اسمائے حسنٰی بہت مشہور ومعاروف ہیں۔ اکثر والدین اپنے بچوں کا نام بھی اسمائے حسنٰی سے اتفاقاً یا قصداً رکھتے ہیں۔ میرے بڑے شہزادے سیّد **"مصّور علی"** زنجانی کا نام میں نے اس کی پیدائش پر انکے پیدائشی زائچہ اور نہایت خوب سوچ سمجھ کر اسمائے حسنٰی میں سے رکھا۔ **مصّور** (عدد **236**) **علی** (عدد **110**) تب یہ خیال کیا تھا کہ جب شہزادہ بڑا ہوگا تو اسے بتاؤں گا کہ یہ آپ کے نام کا ذاتی اسم اعظم بھی ہے۔ اس کے کل ابجدی قمری اعداد **346** مرتبہ ورد اوّل آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شرف پڑھ کر کرتے رہیں۔ یوں کوئی بھی بہن بھائی زنجانی جنتری ہذا میں دیئے گئے اسمائے حسنٰی کے چارٹ سے اپنے نام کے ابجدی نکالنے میں مشکل ہو تو پتہ لکھا جوابی لفافہ ادارہ کے نام بھیج کر ہم سے بھی بلا ہدیہ اپنا ذاتی اسم اعظم معلوم کر سکتے ہیں۔ شرط یہ ہے آپ اسے بلا ناغہ نماز فجر کے بعد پڑھنا پسند فرمائیں تا کہ ہمارے توشۂ آخرت میں بھی کوئی ایک نیکی لکھی جا سکے۔ یاد رہے کہ قرآن پاک **28** حروف ابجد میں نازل ہوا ہے اور اسی ابجد قمری کی معین کردہ قوت سے ہی اسم اعظم نکالا جاتا ہے۔ یقیناً جو بہن بھائی اس کا سال بھر ورد کریں گے کوئی غم و پریشانی آپ کے نزدیک ہرگز نہ آئے گی۔ دعائے جوش کبیر جسکی **100** آیات ہیں ہر آیت میں **10** اسمائے حسنٰی کا دُعا میں وسیلہ اپنایا گیا ہے کبھی آپ کو فرصت ہو تو یوٹیوب پر دُعائے جوش کبیر ضرور سنیں آپکی **30/40** منٹ کی زحمت راحت میں بدل جائیگی۔ **2023**ء کے لئے ہم نے آپ کی خدمت کے لئے جو اسم اعظم نکالا ہے اسے میں گزشتہ سال کی ناگہانی آفات ارضی وسماوی کو بھی مدنظر رکھا ہے۔ اللہ تعالیٰ کا ایک پاک نام "یا نُور" (اے روشنی بخشنے والے) مطلب اے بلند رُتبہ والے اس کے اعداد **256** ہیں۔ دوسرا پاک نام "یا وَارِثُ" (اے دینے والے) جس کے اعداد **707** ہیں۔ اور تیسرے پاک نام "یا غنیُ" (اے بے پرواہ) جس کے اعداد **1060** ہیں۔ عظمت بزرگی والی کی بلند اور یکتا عظیم ذات بے شک اللہ تعالیٰ کی ذات ہی ہے۔ آپ سال نو کے آغاز سے یا جب بھی یہ مضمون آپکی نظر سے گزرے آپ یہ اسم اعظم "یا نُور یا وَارِثُ یا غنیُ" **2023** مرتبہ سال ہذا کی نسبت سے (اسکی تعداد **2023** یا پھر کم از کم **223** مرتبہ) اوّل وآخر گیارہ گیارہ مرتبہ کوئی سا درود شریف پڑھ کر پڑھنا معمول بنالیں روز بروز عزت مرتبہ برکت پائیں۔ نہ صرف ہر قسم کی جسمانی ذہنی روحانی پریشانیوں سے بھی حفاظت میں رہیں گے۔

**سلسلہ روحانیات حضرت سید میراں حسین شاہ زنجانی ؒ پیر بھائی داتا گنج بخشؒ** کا یہ روحانی ادنیٰ سا سیّد زادہ شاہ زنجانی بھی آپ کے سب رنج وغم پریشانی دور ہو جانے اور سال نو میں ہر وہ نعمت آپکو مل جانے کے لئے دُعا گو ہوں جسکی آپ کو تمنا ہو۔ اور ہاں اپنے دن کا آغاز صدقہ سے کریں خواہ وہ ایک روپیہ ہی کیوں نہ ہو۔ اللہ کے ہاں صدق خلوص سچائی ہے وہاں مقدار کا کوئی تعین نہیں حصول برکت وتقویٰ کے لئے بس وہ پاک ذات دلوں کے حال بہتر جانتی ہے اور ہماری ہر نقل وحرکت سے صبح وشام واقف ہے۔

https://www.hyderone.com/






حافظ شہزادہ سید محسن علی زنجانی

تحفتاً ادارہ سے مفت طلب کریں

# لوح محفوظ

**روحانی فوائد لوح محفوظ** ان کو پڑھنے سے یا پاس رکھنے سے حفاظت از شر شیطان، سردشمنان، شر حسد دین، شر بد حاوہان، شر اشرار، زبان بندی بدگویان، حفظ آبرو، حفاظت آفات، حفاظت بلیات، حفاظت نظر بد، وسعت رزق، رفع پریشانی، رفع بندش، کور چشم دشمن، دوستی، اخوت، محبت، عزت، احترام، شہرت اور نظر خلائق، باطل السحر، تیر بند، تیغ بند، حفاظت ساحران، رفع خرابی کاروبار، کشائش کاروبار، حفاظت ناگہانی موت، حفاظت حادثات، خاندان میں اتفاق اتحاد، محبت زن و شوہر، بیماریوں سے حفاظت، شفائے امراض، حفاظت جانکنی سختی، رفع عداوت، تسخیر ظالم، ہول اور وحشت کی دوری، حفاظت موذی جانور، حفاظت درندہ، موت کے وقت چہرہ نورانی، برے خیالات سے حفاظت۔ آپ اس زمانہ میں تنگی اور مشکلات کی زندگی بسر کر رہے ہیں خواہ کوئی وجہ ہو قرض نے نیند حرام کر دی ہو باوجود محنت اور کوشش کے روزگار نہ ملتا ہو پیسے میں برکت نہ ہو، ترقی نہ ہوتی ہو، ملازمت نہ ملتی ہو یا اور کسی بھی وجہ سے زندگی اجیرن ہو چکی ہو کاروبار دِن بدن نقصان میں ہو۔ کسی دشمن کا خفیہ ہاتھ کام کر رہا ہو تو **لوح محفوظ** تحفتاً شہزادہ حافظ سید محسن علی شاہ زنجانی سے لیکر اپنے پاس رکھیں یا فریم کروا کر گھر میں لٹکائیں فوائد بے بہا مشاہدہ ہونگے۔ یہ دعویٰ نہیں حقیقت ہے کہ جس شخص کے پاس یہ لوح محفوظ ہوگی اس شخص کے سب کام قدرت الٰہی سے درست ہوتے جائینگے۔ دوسرا یہ کہ اُس شخص پر آفت، مصیبت، اذیت اور ناگہانی موت نہ آسکے گی۔ آگ تیر تلوار اور گولی بھی اس شخص پر اثر انداز نہ ہو سکے گی۔ گویا کہ یہ ایک قسم کی بلٹ پروف جیکٹ ہی ہوگی مقصد یہ ہے کہ جب آپکے پاس لوح محفوظ ہوگی آپ کا اپنا تحفظ خود بخود ہوگا مختصر یہ کہ نہایت ہی مجرب اور کامیاب لوح ہے آپ استعمال کر کے دیکھیں فوائد بے شمار ظاہر ہونگے۔ انشاء اللہ

**یہ لوح محفوظ** مجموعہ احراز 150 مختلف دعاؤں قرآنی آیات اور ایک ہزار اسمائے حسنیٰ پر مشتمل ہے۔ ان کی تفصیل یہ ہے۔
(1) حرز جواد علیہ السلام (2) حرز یمانی (3) حرز ابودجانہ (4) دعائے معراج (5) دعائے الامان (6) دعائے نادعلیؑ کبیر (7) دعائے نور کبیر (8) دعائے جوشن کبیر (9) ایک ہزار اسمائے حسنیٰ (10) آیت الکرسی (11) چارقل (12) حرز یامن تحمل (13) حروف مقطعات (14) حرز خدیجۃ الکبریٰؑ (2 عدد) (15) 4 عدد حرز النبیؐ (16) حرز فاطمۃ الزہرؑا (17) حرز علی علیہ السلام (دو عدد) (18) حرز حسن و حسین علیہ السلام (19) حرز حسن علیہ السلام (20) حرز حسین علیہ السلام (21) حرز زین العابدین علیہ السلام (تین عدد) (22) حرز باقر علیہ السلام (دو عدد) (23) حرز صادق علیہا السلام (دو عدد) (24) حرز موسیٰ کاظم علیہ السلام (چھ عدد) (25) حرز امام رضا علیہ السلام (تین عدد) (26) حرز محمد تقی علیہ السلام (27) حرز علی نقی علیہ السلام (28) حرز حسن عسکری علیہ السلام (دو عدد) (29) حرز ولی عصر علیہ السلام (دو عدد) ان کی بزرگ علمائے متقدمین نے انبیاءؑ و آئمہ اطہارؑ سے نسبت بیان فرمائی ہیں۔

**نوٹ :** لوحِ محفوظ (مفت) منگوانے کیلئے مقامی و غیر مقامی بہن بھائی پتہ لکھا رجسٹرڈ لفافہ ابھی سے جمع کروا کر اپنی لوح محفوظ ملنے کو یقینی بنالیں۔ ایک بار پھر وضاحت ہے کہ یہ **لوح تحفتاً** (مفت) خوشنودیٔ خدا اور رسولؐ و چہاردہ معصومینؑ کیلئے دی جا رہی ہے، ہدیہ آپ خود 14,12,5 سائلین کو کھانا کھلائیں۔ UK اور USA والے صرف پوسٹ خرچہ بنک اکاؤنٹ میں جمع کروا کر بذریعہ خط یا ای میل اپنا پتہ روانہ کریں۔ E-Mail: alenaeqismat@gmail.com

الحاج شہزادہ حافظ سید محسن علی زنجانی، کاشانہ زنجانی۔ D-125، گلبرگ 2، لاہور، فون: +924235872277



https://www.hyderone.com/

حافظ شہزادہ سید محسن علی زنجانی

# عریضہ یا صاحب الزمان ادرکنی فی سبیل اللہ

**عریضہ کا سائنسی جواز:** جینس مشین نے یہ ثابت کر دیا ہے کہ آپ کا اصلی خط/چٹھی آپ ہی کے پاس موجود ہے جبکہ آپ کے پیغامات اسی لمحہ امریکہ، برطانیہ اور دنیا کے تمام گوشوں میں اسی لمحہ پہنچ جاتے ہیں۔ "**سرکار ولی عصر**ؑ" جو خدا کے "لاریب" نمائندہ ہیں ان کے حضور نیت، اعمال کا روزنامچہ کہیں تیز رفتاری سے پہنچتا ہے۔ "جناب مالک اشترؓ مولا علیؑ" سے عرض کرتے ہیں۔ مولا میں نے آج آپ کی تعداد کے برابر لوگ فی النار کیے ہیں۔ **مولا علی**ؑ **فرماتے ہیں**: اے اشترؓ میں نے جن لوگوں کو قتل کیا ہے میں نے ان کی نسلوں تک کو چیک کیا ہے کوئی کہیں مومن تو نہیں" ہمارے **مولا (امام زمانہ**ؑ**)** بھی انکی اولاد ہیں جو تمام معاملات کی تہہ تک آگاہ ہیں۔

☆ دنیا میں کوئی کام درخواست کے بغیر نہیں ہوتا۔ بچہ سکول داخل کروانا ہو، مریض ہسپتال میں، کوئی بھی ملازمت حاصل کرنا ہو تو درخواست ضروری ہے۔ آپ کی اپنی رقم بینک میں جمع ہے مگر ضروری ہے کہ درخواست دے کر رقم حاصل کریں۔ **درخواست ایک مستند ریکارڈ کی حیثیت رکھتی ہے۔**

☆ نماز، عبادت عادات اور روایت کے طور پر ادا ہوتی ہے۔ دعا و مناجات توجہ اور انتہائی غور سے مانگی جاتی ہے۔ کسی بزرگ، استاد کو ہم اس کی اہلیت قابلیت کی وجہ سے عزت و احترام دیتے ہیں۔ بادشاہ، افسر، جی۔ ایم کو بحیثیت عہدہ مرتبہ گارڈ آف آنر پیش کیا جاتا ہے۔

دوست، عزیز، بزرگ، روحانی پیشوا، پیر و مرشد کو بہ لحاظ مرتبہ القاب و احترام اور نفسِ مضمون سے مخاطب کیا جاتا ہے۔ "جناب ہم اپنے **آقا و مولا**ؑ کے حضور "**عریضہ**" پیش کرتے ہیں۔ تمام تر نیاز مندیوں کے ساتھ سرکار کے دربار میں حاضری کی سفارش حاصل کرتے ہیں۔ پوری توجہ، انتہائی یکسوئی، تمام تر اعلیٰ القابات اور بہترین نفسِ مضمون کے ساتھ مولاؑ کو پکار کر راز و نیاز کرتے ہیں۔ مولا کریم ابن کریم ہیں ہمیشہ لجپال فرماتے ہیں۔ لمحہ بھر سے پہلے مدد نصرت فرماتے ہیں

☆ نقش و تعویذ، اسم اعظم کا کام کرتا ہے جس کام کے لیے اس کے روحانی فیض و برکات حاصل ہوتے ہیں۔ اس طرح **مولا**ؑ **کا عریضہ** بھی "**اسم اعظم**" کا کام کرتا ہے۔ جہاں جہاں آبپاشی ہوتی ہے۔ فصلوں کو خیر و برکات نصیب ہوتی ہے۔ آبی پودوں اور جانوروں کو حیات تو ملتی ہے۔ الغرض جو کچھ کہا جائے، کم ہے۔

**تمام پریشانیوں و مشکلات کے لیے مالک حقیقی کی بارگاہِ اقدس میں درخواست پیش کریں**

| بسم اللہ الرحمٰن الرحیم | اللھم صل علی محمدؐ و آلِ محمدؐ | اللہ اکبر۔ الحمدللہ۔ سبحان اللہ |
|---|---|---|

## از جناب سیدہ فاطمہ زہرا سلام اللہ علیہا

### عریضہ بحضور پُرنور قسمت کائنات، لنگر زمین و آسمان جناب امام مہدیؑ ابن جناب حضرت امام حسن عسکریؑ

میرے تمام معاملات خدا کے سپرد ہیں۔ سرکار ولی عصرؑ ہمارے آقا، مولا، نگہبان، وارث، سرپرست ہیں۔ پھر پریشانی/فکر کیسی؟ اے ہمارے مولا و آقا ہم آپ کے غلام ہیں۔ ہم حیدری، حسینی ہیں۔ (ہم جناب سیدہ طاہرہؑ کی دعاؤں سے پیدا ہوئے ہیں)۔ ہم آپ کی رعایا ہیں، اللہ تعالیٰ آپ کو صحت و سلامتی عطا فرمائے۔ خدا آپ کو تمام دشمنوں اور ہر قسم کے شر سے اپنی خصوصی حفظ و امان میں رکھے۔ آپ کا جلد از جلد ظہور ہو تاکہ آپ آکر دشمنانِ اسلام سے بدلہ لے سکیں۔ پوری کائنات میں فقط ہم نے اپنا سر آپ کے "درِ اقدس" پر جھکایا ہے۔ میرے مشکلات، پریشانیوں کو حل فرمائیں۔ آپ کو ان کا واسطہ جن کا واسطہ آپ رد نہیں فرماتے۔ میرے مسائل و ضروریات یہ ہیں۔

مولا جلد مدد فرمایئے، جلد مدد فرمائے، ابھی ابھی فوراً، دشمن ہمیں طعنہ زنی نہ کریں کہ آپ کے مالک مشکل کشا نہیں

یہاں اپنا نام مع ولدیت لکھیں: ____________________

____________________

دو رکعت نماز حاجات پڑھیں۔ شب بدھ یا روز بدھ اعمال صاحب العصرؑ بجا لائیں عریضہ مولاؑ کی ضریح اقدس یا قرآن پاک میں یا آب جاری میں یہ کہتے ہوئے مولاؑ کے سپرد کریں

اے حسینؓ بن روح آپ پر سلام ہو۔ میں گواہی دیتا ہوں کہ آپ کی وفات اللہ کی راہ میں ہوئی۔ آپ اللہ کے نزدیک زندہ و رزق یافتہ ہیں۔ میں آپ سے اس زندگی میں مخاطب ہوں جو آپکو اللہ کے نزدیک حاصل ہے۔ پس میرا یہ رقعہ اور میری حاجات ہمارے مولاؑ جناب امام زمانہؑ کے حضور پیش کریں، آپ قابل اعتماد و امانتدار ہیں۔

**آئیے اپنے آقا کے ساتھ گفتگو کر کے مولا سے تمام تر فیض و برکات حاصل کریں۔ آئیے اپنی حاجت کا عریضہ ڈالیں**

**"اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ آلِ مُحَمَّدٍ"**

کاشانہ زنجانی، D-125، حضرت میراں حسین زنجانیؒ روڈ، مین مارکیٹ، گلبرگ 2، لاہور Ph: +924235752277 +924235872277

**نوٹ: پرنٹ شدہ عریضے بلا ہدیہ ادارہ آئینہ قسمت سے طلب کریں**

شہزادہ سیّد محمد علی شاہ زنجانی

# نوروز عالم افروز سنہ 2023

**بادشاہ سال مریخ عالمی لیڈران جنگی جنون میں مبتلا رہیں۔ وزیر اعظم عطارد U.N.O کو حرکت میں لائے۔**




بتاریخ 21 مارچ 2023ء اسلام آباد بوقت علی الصبح 02 بجکر 26 منٹ

| | | | |
|---|---|---|---|
| 1: بادشاہ سال | **مریخ** | 2: وزیر اعظم سال | **عطارد** |
| 3: سپہ سالار سال | **زحل** | 4: مشیر سال | **زہرہ** |

بفضل تعالیٰ عزوجل بہ طفیل حضور پُرنور سیّد النور حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بتصدیق امام المشارق والمغارب امیر المؤمنین حضرت علی علیہ السلام بین نوروز عالم افروز **21** مارچ **2023**ء بحساب یونانی نجوم بروز منگل **02** بجکر **26** منٹ اسلام آباد قبل طلوع آفتاب پاکستان سٹینڈرڈ ٹائم جبکہ لندن (انگلینڈ) **20** مارچ **21** بجکر **26** منٹ اور نیو یارک واشنگٹن ڈی سی **16** بجکر **26** منٹ نوروز عالم افروز مولائے کائنات امیر المؤمنین علی ابن ابو طالب علیہ السلام امام المشارق والمغارب ہوگا۔ آپکی شان اور آپکے القاب سے تو اللہ اور اسکے رسولؐ ہم سے زیادہ واقف ہیں۔ فرمان رسولؐ ہے کہ اللہ کو مجھ سے اور علیؑ سے زیادہ کوئی نہیں جانتا اور مجھے علیؑ اور اللہ سے زیادہ کوئی نہیں جانتا اور علیؑ کو مجھ سے اور اللہ سے زیادہ کوئی نہیں جانتا تو پھر ہماری کیا مجال ہم تو وہی بیان کریں گے جو ہم نے سنا اور پڑھا۔ نظام شمسی نجانے کب سے گردش میں ہے۔ ستارے گردش میں اُلٹے سیدھے چلتے ہیں۔ ماسوائے بادشاہ فلک شمس اور مادر فلک قمر جو ہمیشہ سیدھے چلتے ہیں۔ شمس کی توانائی و روشنی ہر شے کو چندھیا دیتی ہے۔ کائنات میں یہ شان صرف اور صرف مولائے کائنات کی ہے کہ انہوں نے گردش کرتے سورج کو اپنی قضاء نماز کو واجب نماز کرنے کی ادائیگی کے لیے واپس بلایا، رسولؐ نے معجزہ شق القمر کر کے دکھایا۔ اسی سبب ہم مولا علیؑ کو امام المشارق و المغارب کے لقب سے بھی یاد کرتے ہیں۔

**نوٹ:** چونکہ نوروز کا وقت پاکستان سٹینڈرڈ ٹائم تحویل آفتاب کے مطابق ہے لہٰذا اس کا اطلاق ہر شہر اور قصبہ پر یکساں ہوگا۔ مقامی وقت کو جمع یا نفی کرنے کی ضرورت نہیں۔ مبارک و مستجاب وقت سے مومنین یکساں استفادہ فرمائیں۔ بیرون ملک رہنے والے بہن بھائی نوروز کا پاکستانی وقت **21** مارچ **2023**ء بوقت **02** بجکر **26** منٹ سے **5** گھنٹے نفی کر لیں تو **20** مارچ **2023**ء **21** بجکر **26** منٹ گرین وچ کا وقت نکل آئے گا۔ اس وقت گرین وچ سے اپنے ملک کا معیاری وقت جمع یا نفی کر لینے سے آپکو اپنے ہاں کا نوروز کا وقت مل جائے گا۔ (جبکہ بحساب ویدک نجوم نوروز عالم افروز **14** اپریل **2023**ء **14** بجکر **28** منٹ طلوع آفتاب کے بعد ہوگا)

قدیم زمانہ سے منجمین میں رواج چلا آرہا ہے کہ جب شمس برج حمل میں صفر درجہ صفر دقیقہ پر داخل ہوتا ہے تو منجمین اس وقت کو نہایت متبرک اور معتبر جانتے تھے اور جانتے ہیں۔ کیونکہ شمسی سال کی ابتداء اس وقت ہوئی تھی اور مہینوں کے نام بھی ان ہی بارہ بروج سے متعلق و منسوب تھے۔ متقدمین اس وقت خاص کے تحت زائچہ کشید کر کے دنیا میں یا خاص خاص ملکوں میں ایک سال کے اندر وقوع پذیر ہونے والے اچھے برے واقعات کا اظہار کرتے ہیں۔ زائچہ نوروز نہایت اہم ہوتا ہے۔ لہٰذا ہم اپنے ملک کا احوال بیان کریں گے۔ زائچہ سال نوروز

اوتاد اول **حمل** سے شروع ہوگا۔ دوم اوتاد تحویل شمس در **سرطان**، سوم اوتاد تحویل شمس در **میزان**، چہارم اوتاد تحویل شمس در **جدی** جب یہ چاروں زائچے درست بن جاتے ہیں تو 3،3 ماہ کی سیاسی و موسموں کے احکامات صحیح ترین اخذ کئے جا سکتے ہیں۔ پھر یہ کہ زائچہ اول بادشاہ سال کے درجہ کے مساوی زائچہ دوم وزیر سال زائچہ سوم سپہ سالار جبکہ زائچہ چہارم مشیر سال کہلاتا ہے۔ یہ تو اصلی نوروز ہے۔ جو قدیم یونانیوں کے اصول کے تحت ہوتا ہے۔ اہل ہند نوروز یکم چیت کو کہتے ہیں۔ یہ قمری ہوتا ہے اور اس کے تحت نوروز کی سواری اور ان کے ادھیکار (وزیر سپہ سالار وغیرہ) مقرر کرتے ہیں۔ اب یونانی نوروز کو بھی ہندوستان کی تمام جنتریاں جگہ دے رہی ہیں۔ جو محض نئی اختراع ہے، اس اختراع کو ابھی سو برس بھی نہیں ہوئے مگر یہ صرف ہندوؤں کے اصول کے تحت ہے۔ ورنہ دنیا کے کسی خطہ میں بھی عجیب و غریب سواری رنگ برنگ دیو مالائی احوال کا وجود نہیں صرف سیدھے سادھے مسلمان اس کو فرد اعظم تصور کرنے لگے ہیں۔

## نوروز مختلف ممالک میں

نوروز ایران، قفقاز، وسطی ایشیا اور دنیا میں مختلف فارسی ثقافت کے لوگ اس کو مناتے ہیں۔ ایران، عراق، جارجی، افغانستان، آذربائیجان، پاکستان (گلگت بلتستان) اور انڈیا میں عام تعطیل ہوتی ہے۔

**30** مارچ **2009** میں کینیڈین پارلیمنٹ نے باضابطہ بل منظور کیا جس میں نوروز کو سرکاری کیلنڈر میں شامل کیا گیا۔

البانیہ میں سلطان نوروز کو بیکشا فرقہ کی طرف سے صوفیانہ طور پر منایا جاتا ہے اور اس دن کو حضرت علیؑ کی پیدائش کا دن سمجھا جاتا ہے۔

کردش لوگ عراق اور ترکی میں اس دن کو مناتے ہیں۔ پاکستان میں بلتستان میں منایا جاتا ہے۔ انڈیا میں پارسی لوگ اس دن کو مناتے ہیں۔ جنوبی کیلی فورنیا کے لوگ سمندر کے ساحلوں پر اس دن کو مناتے ہیں۔ **15** مارچ **2010**ء کو **384** ووٹوں سے اس دن کو ثقافتی دن تسلیم کیا گیا۔

فنظر نظرۃ فی النجوم o فقال انی سقیم o

**ترجمہ:** پھر ابراہیم نے ستاروں پر ایک بار نظر ڈالی۔ پھر کہا میں بیمار ہونے والا ہوں۔

## فضیلت عید نوروز

حضرت مجلین خانیسؓ جو حضرت امام جعفر صادقؑ کے خاص صحابی تھے۔ وہ کہتے ہیں میں نوروز کے دن حضرت کی خدمت اقدس میں حاضر ہوا۔ حضرت نے فرمایا:

**(1)** یہ وہ دن ہے کہ خداوند عالم نے بندوں کی روحوں سے اقرار لیا کہ وہ اُس کو وحدہ لاشریک اور کسی کو اس کی عبادت میں شریک کار نہ دے۔

**(2)** یہ پہلا وہ دن ہے جس میں سورج نے اپنی پہلی کرن زمین پر ڈالی۔

**(3)** اسی دن حضرت نوحؑ کی کشتی نے طوفان کے بعد کوہ جودی پر قرار پکڑا۔

**(4)** اسی دن خداوند عالم نے اُن چند ہزار آدمیوں کو زندہ فرمایا جو طاعون کے خوف سے بھاگے تھے اور خدا نے اُن سب کو موت دے دی۔ ایک مدت کے بعد جب ان کی ہڈیاں رہ گئیں تو ایک رسول کا وہاں سے گزر ہوا۔ انہوں نے خداوند عالم سے سوال کیا۔ پالنے والے مجھے دکھا دے کہ تو کس طرح بوسیدہ ہڈیوں کو زندہ کرتا ہے، خدا کی طرف سے وحی نازل ہوئی کہ تم اِن ہڈیوں پر پانی چھڑکو، تو انہوں نے اُن پر پانی چھڑکا تو باقدرت خدا وہ سب زندہ ہو گئے۔ اسی وجہ سے سنت ہے کہ مومنین ایک دوسرے پر پانی چھڑکیں یا خود اپنے اوپر پانی ڈالیں۔ جو لوگ زندہ ہوئے وہ **30** ہزار تھے اور وہ رسول حضرت حضکیلؑ تھے۔

**(5)** ۵۱ء حضرت علیؑ نے دوشِ مبارک رسولِ خداؐ پر چڑھ کر خانہ کعبہ میں بت شکنی کی۔

**(6)** نوروز کا دن ہی عید غدیر کا دن تھا۔

**(7)** نوروز کے ہی دن حضرت امیر المومنینؑ کو خلافت ملی۔

**(8)** نوروز کے ہی دن امیر المومنینؑ نے خارجیوں کے خلاف جنگ نہروان میں فتح حاصل کی۔

**(9)** انشاءاللہ اسی روز امام مہدیؑ کا ظہور ہوگا۔

**(10)** اسی روز باقی سارے امامؑ دنیا کی طرف رجعت کریں گے۔

**(11)** امام جعفر صادقؑ فرماتے ہیں کہ نوروز کا دن ہمارے اور ہمارے چاہنے والوں کا دن ہے۔

## فلکیاتی احکامات نوروز عالم افروز

زائچہ نوروز 2023ء آسمانی کونسل (Tropical) طالع برج جدی کا نقشہ سیارگان غیر معمولی اہمیت کا حامل دکھائی دیتا ہے۔ طالع کا مالک زحل تیسرے ساتویں کے حاکم قمر کے ہمراہ ملک کے نشریات مواصلاتی اطلاعاتی اداروں کی غیر معمولی سرگرمیاں افواہیں پھیلانے کی بنیاد بنیں۔ 2023ء کا مفرد نمبر 7 جدید نجوم میں ستارہ نیپچون سے منسوب یہ ستارہ ان دنوں اپنے 165 سالہ بروجی سرکل میں آخری برج حوت اپنے ذاتی گھر میں اس کا قیام 04 اپریل 2011ء تا 26 جنوری 2026ء تک برج حوت میں رہیگا۔ نیپچون عالمی دھوکہ فریب جھگڑالو ستارہ اسکی برج حوت میں جب سے آمد ہوئی ہے۔ تب سے دُنیا میں عالمی جنگ وجدل کا بازار گرم ہے۔ منجمین کا ماننا ہے کہ جب یہ بارہ بروج حمل تا حوت اپنا سفر مکمل کر کے جنوری 2026ء میں برج حمل میں آئے گا۔ تب آج کی دُنیا سے 2026ء مختلف دُنیا ہوگی۔ سپر پاور چین، روس v/s امریکہ اور ان کے حواری ممالک کی سرد وگرم جنگ وجدل دُنیا کو بدل کر رکھ دے گی۔

زائچہ نوروز (اسلام آباد) 2023ء وطن عزیز پاکستان پر نیپچون تیسرے ہمراہ زحل قمر ہونے سے اس کے بد اثرات ملکی سرحدوں خارجہ پالیسی مذہب قانون الیکشن کمیشن جیسے امور نمایاں رہیں گے۔ طالع نوروز برج جدی ایڈمن اور حکمرانوں کی حکمرانی میں آزمائش لائیگا۔ ستارہ پلوٹو اپنے 248 سالہ سرکل میں 20 نومبر 2024ء تک چھٹے نحس بیٹھے مریخ کی مکمل نظر کی زد میں رہیگا۔ ماضی یا حال کے حکمرانو کو اپنے سیاسی مقاصد کی تکمیل میں سخت مذمت کا سامنا رہیگا۔ 2023ء پاکستان میں سیاست دانوں کی تطہیر کا عمل شروع ہوجائیگا۔ آج تک عوام کو بیوقوف بنانے والے سیاست دانوں کی سبکی 20 نومبر 2024ء کے بعد پاکستانی سیاست کا ایک نیا باب شروع ہوگا مستقبل میں وہی سیاست داں حکومت کر پائیں گے جو عوامی فلاح و بہبود کا جذبہ اور عوام کے مسائل حل کرسکیں گے۔ پڑوسی ممالک سے تجارتی درآمدی برآمدی معاہدے تاہم وتد الارض کا حاکم مریخ چھٹے نحس گھر اور **وتد الارض** **پر آٹھویں بارھویں نحس گھروں کے سیارگان شمس مشتری** کا قابض ہونا ہمراہ چھٹے ملکی سروسز ادارے (بیوروکریٹس، پولیس، اسٹیبلشمنٹ، الیکشن کمشنر) اور نویں عدلیہ قانون مذہب خارجہ پالیسی کا **حاکم ستارہ عطارد دو نحسین کواکب شمس مشتری کے ہمراہ اندرون ملک تخریب کاری دہشت گردی کی ناپسندیدہ سرگرمیوں میں اضافہ حکومت اور حکمران پارٹی کی غیر مقبولیت میں اضافہ متوقع الیکشن کے سال میں الیکشن میں دھاندلیاں بد عنوانیوں کی شکایات عام ہوں** حکومتی منفی اقدامات بے سکونی بے اطمینانی کا باعث بنے عوام الناس حیران و پریشان زمینی معاملات زراعت کے علاوہ تعمیرات ہاؤسنگ کا شعبہ تعمیرات کی بڑھتی لاگت سے حوصلہ شکنی کا شکار ہو محکمہ اوقاف اور غیر مسلم پراپرٹی میں دھاندلیاں اپوزیشن حکومت کی سیاسی جنگ سے سبھی صوبے وفاق خصوصاً عام عوام کا حوصلہ پست بڑھتی مہنگائی کے خلاف اپوزیشن عوام سراپا احتجاج رہیں۔

**اعمال نوروز:** تحویل آفتاب کا وقت نہایت مبارک و مسعود ہوتا ہے۔ یہ اجابت و دعا کا وقت ہے مومنین مقررہ وقت سے پہلے پاک و پاکیزہ صاف ستھرے ہو کر لباس مطہر زیب تن کریں اور ایک صاف کمرے میں فرش پر پاک و پاکیزہ کپڑا بچھائیں اور خوشبویات مثل لوبان' اگربتی' عنبر وصندل وغیرہ لگائیں۔ پھر ایک دسترخوان پر سرخ وسپید وسبز اور سیاہ رنگ کی مٹھائی رکھیں۔ اس پر نذر حضرت امیر المومنینؑ دیں بعد ازاں ایک کٹورے یا پیالے میں پانی بھر کر اس میں گلاب کا سرخ پھول چھوڑ دیں اور بوقت تحویل آفتاب اس پر نظر رکھیں۔ تحویل آفتاب کے وقت ساکن پھول میں خود بخود حرکت پیدا ہوگی۔ بس یہ وقت دعاؤں کے مستجاب ہونے کا ہے اس وقت یہ دعا کم از کم 46 مرتبہ پڑھیں۔

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ ○ يَا مُفَتِّحَ الۡاَبۡوَابِ وَ يَا مُسَبِّبَ الۡاَسۡبَابِ وَ يَا مُقَلِّبَ

اللہ کے نام سے جو رحمن و رحیم ہے اے کھولنے والے دروازوں کے اور اے پیدا کرنے والے اسباب کے اور اے پھیرنے والے

الۡقُلُوۡبِ وَ الۡاَبۡصَارِ وَ يَا غِيَاثَ الۡمُسۡتَغِيۡثِيۡنَ وَ يَا دَلِيۡلَ الۡمُتَحَيِّرِيۡنَ وَ يَا مُفَرِّجَ

دلوں کے اور نگاہوں کے اور اے فریاد سننے والے فریادیوں کی اور اے راہ بتانے والے حیرانوں کے اور اے فرحت

الۡمَحۡزُوۡنِيۡنَ اَغِثۡنِيۡ اَغِثۡنِيۡ تَوَكَّلۡتُ عَلَيۡكَ يَا رَبِّيۡ وَ فَوَّضۡتُ اِلَيۡكَ

دینے والے غمگینوں کے میری فریاد سن میری فریاد سن بھروسہ کیا میں نے تجھ پر اے میرے رب اور میں نے تیرے سپرد کیا

اَمۡرِيۡ يَا رَبِّ يَا رَبِّ يَا اَللّٰهُ يَا بَاسِطُ يَا رَزَّاقُ يَا فَتَّاحُ يَا كَرِيۡمُ

اپنا کام اے پروردگار اے پروردگار اے اللہ اے خوشحال کرنے والے اے رزاق اے کھولنے والے اے سخی

اس دعا کے اول و آخر گیارہ گیارہ دفعہ درود شریف پڑھیں بعد ادائیگی دعا اپنے مقاصد و حاجات کے مطابق پڑھیں۔

**اعمال دیگر:** مومنین کو چاہئے کہ نوروز کے دن بعد نماز ظہرین **2,2** رکعت نماز نفل اس طرح ادا کریں۔ اول یہ نیت کریں کہ دو رکعت نماز پڑھتا ہوں قربتہ الی اللہ اللہ اکبر۔ اول رکعت میں بعد سورۂ حمد دس مرتبہ سورہ انا انزلنا اور دوسری رکعت میں بعد سورۂ فاتحہ **10** مرتبہ سورہ قل یا ایہا الکفرون اور بعد سلام ختم کرے اور پھر **2** رکعت کی نیت کر کے نماز شروع کریں۔ اول رکعت میں سورۂ فاتحہ **10** مرتبہ قل ھو اللہ احد اور دوسری رکعت میں بعد سورۂ فاتحہ دس دس مرتبہ سورۂ قل اعوذ برب الناس اور قل اعوذ برب الفلق پڑھیں اور بعد سلام ختم کریں اور دعا کریں اور سجدے میں جائیں اور یہ دعا پڑھیں۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّ آلِ مُحَمَّدٍ الۡاَوۡصِيَاءِ الۡمَرۡضِيِّيۡنَ وَ عَلٰى جَمِيۡعِ اَنۡبِيَائِكَ وَ رُسُلِكَ بِاَفۡضَلِ صَلَوَاتِكَ وَ بَارِكۡ عَلَيۡهِمۡ بِاَفۡضَلِ بَرَكَاتِكَ وَ صَلِّ عَلٰى اَزۡوَاجِهِمۡ وَ اَجۡسَادِهِمۡ اَللّٰهُمَّ بَارِكۡ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَ بَارِكۡ لَنَا فِيۡ يَوۡمِنَا هٰذَا الَّذِيۡ فَضَّلۡتَهٗ وَ كَرَّمۡتَهٗ وَ شَرَّفۡتَهٗ وَ عَظَّمۡتَ خَطَرَهٗ اَللّٰهُمَّ بَارِكۡ لِيۡ فِيۡمَا اَنۡعَمۡتَ بِهٖ عَلَيَّ حَتّٰى لَا اَشۡكُرَ اَحَدًا غَيۡرَكَ وَ وَسِّعۡ عَلَيَّ فِيۡ رِزۡقِيۡ يَا ذُوالۡجَلَالِ وَ الۡاِكۡرَامِ اَللّٰهُمَّ مَا غَابَ عَنِّيۡ فَلَا يَغِيۡبَنَّ عَنِّيۡ عَوۡنُكَ وَ حِفۡظُكَ وَ مَا فَقَدۡتُ مِنۡ شَيۡءٍ فَلَا تَفۡقِدۡنِيۡ عَوۡنُكَ عَلَيۡهِ حَتّٰى لَا اَتَكَلَّفَ مَا لَا اَحۡتَاجُ اِلَيۡهِ يَا ذُوالۡجَلَالِ وَ الۡاِكۡرَامِ ○

**نوروز کی شرعی حیثیت:** حضرات آئمہ معصومینؑ کے ارشادات اور اعمال و افعال سے ثابت ہے کہ اس دن کو آل محمد مصطفیؐ نے اپنا دن فرمایا ہے اور اس کے متعلق بیشمار حالات و کوائف کو واضح فرمایا ہے اور بتایا ہے کہ بدو کائنات سے صبح قیامت تک اور ازل سے ابد تک یہ دن عزت و احترام کی نگاہ سے دیکھا جائے گا۔ یہ دن ہماری نگاہ میں اس لئے بھی خصوصی اہمیت رکھتا ہے کہ اسی دن نوروز بھی تھا۔ از تحقیق **18** ذوالحجہ کو حسن اتفاق سے تاریخ عیسوی بھی **18** مارچ تھی۔ قمری و عیسوی دونوں تواریخ (**18**) تھیں، (دیگر ایک تحقیق کے مطابق **17** مارچ تھی)۔ نوروز عموماً **20** یا **21** مارچ کو آتا ہے۔ **10**ھ کی **18** ذوالحجہ تھی۔ یہ وہ تاریخ ہے کہ حضور خاتم النبیین سید الانبیاء حضرت محمد مصطفیؐ نے بمقام غدیر خم بموقع حج آخر ایک لاکھ **24** ہزار صحابہ کرامؓ کے مجمع میں امام المتقین امیر المومنین حضرت علیؑ ابن ابی طالبؑ کو بحکم پروردگار عالم مفاد یا ایہا الرسول بلغ ما انزل الیك من ربك اپنا جانشین مقرر فرمایا تھا۔

الحمد للہ علی احسانہ قد رجع الحق الی مکانہ

(روضتہ الاحباب) ان وجوہ کی بناء پر نوروز کے دن خوشی کا حکم دیا گیا ہے۔

**نوروز نو بہار روز کا خاص طلسم**

**یحطی ||| // |||9 |||9 // لا ا**

**بوقت تحویل آفتاب نوروز عالم افروز یہ طلسم زعفران سے لکھ کر با پرہیز پاس رکھیں۔**

منجم شہزادہ سید افتخار حسین شاہ زنجانی ماہر علم النجوم فی السیاسیات

# عالمی و سیاسی حالات 2023

WORLD 2023

## تقسیم در تقسیم W.W.3 کا آغاز U.N.O کہاں؟

2023ء سرزمین پاکستان جنوری $\frac{2023}{2024}$ مارچ 2025ء معدنیاتی خزانوں میں اضافہ وطن کی خوشحالی کے نئے سفر کی ابتداء نظام حکومت کی تبدیلی

20/23ء امریکی عالمی اجارہ داری کا خاتمہ جنوری $\frac{2023}{2024}$ مارچ 2025ء ڈالر امریکن یورپی سٹاک مارکیٹس کریش

NASA

زمین کا محور تھوڑا سا کھسکنا

23 درجہ 26 دقیقہ 18 ثانیہ

پوزیشن یکم جنوری تا 31 دسمبر 2023ء

عالمی موسمیاتی تبدیلیاں قطب شمالی کے گلیشئر کا پگھلنا

2023ء اسلامی اتحاد پارہ پارہ اسرائیل بھارتی گھناؤنی سازشیں مودی کی جنونی پالیسیاں اسلاموفوبیا توسیع پسند عزائم عالمی امن پاکستان کیلئے خطرہ

2023ء پاک چین مشترکہ کاروباری راہداری (سی پیک) نتیجہ خیز تعلقات شکوک و شبہات ختم 2023ء انقلاب الیکٹرانک ٹیکنیکل گاڑیاں عام ہونے لگیں

### حضرت عزرائیل علیہ السلام اور اسرائیل

روحانی والہامی انکشاف کے مطابق جس طرح روزانہ ہزاروں لوگ دنیا سے اپنے آخری سفر کی طرف روانہ ہوتے ہیں تعزیت کرنے والوں کو مریض کی بیماری ہارٹ اٹیک گردے فیل ہوجانا کو ڈیاٹرینک حادثات وغیرہ بتایا جاتا ہے کوئی شخص یہ نہیں کہتا کہ فرشتہ اجل آیا اور روح پرواز کرگئی۔ اسی طرح پوری دُنیا کو سودی نظام میں جکڑنا IMF یہود و ہنود سازش اسلامی ممالک کی آپس میں جنگ وجدل، بے موسمی بارشوں، سیلاب کی تباہ کاریاں اور عالمی جنگ وجدل W.W.3 کے آغاز کے پس پردہ آخر کون ہے؟ جواب انجام کار آپ کو اسرائیل ہی ملے گا۔ اسرائیل کا طفیلی امریکہ ابتک 39 ممالک میں رجیم چینج حکومتیں تبدیل کروا چکا ہے۔ اس کی حالیہ کاوش یوکرائن کے صدر Volodymyr Zelenskyy کی ہے۔ یہاں کی آبادی ایک فیصد بھی یہودی نہیں ہے اور وہ یوکرائن کا صدر یہودی ہے۔ عمران خان کا دعویٰ بھی یہی ہے۔ روس کا یوکرائن پر حملہ امریکہ کی شہ ملکوں خصوصاً اسلامی ممالک کی تباہی بربادی کے پس پردہ چھوٹا سا ملک اسرائیل پوشیدہ ہے یوکرائن تنازعہ کے بعد دنیا کی آنکھیں کھل جانی چاہیں۔ دنیا تیزی سے تیسری عالمگیر جنگ کی طرف بڑھ رہی ہے۔ U.N.O نے اسرائیل کو 2010ء میں جوہری اثاثوں سے دستبرداری کی تنبیہ دی تھی جس پر تا حال عملدرآمد نہیں ہوا۔ اسرائیل تمام اسلامی ممالک (اندیشہ پاکستان) میں گھس کر انہیں تباہ و برباد کرنے کا ارادہ رکھتا ہے۔ امریکی صدر جو بائیڈن کا حالیہ بیان پاکستان کے ایٹمی اثاثوں کو بھی اس تناظر میں دیکھنا چاہئے اسرائیل ہمیشہ سے ہی امریکہ کا کندھا استعمال کررہا ہے۔ دُنیا کو تباہ کرنے والے اسرائیل کی خاموشی خطرناک پالیسی کا کہیں نام نہیں اور نہ ہی کوئی اس کا نام لیتا ہے۔ ہم سب کیلئے لمحہ فکریہ !!!




نیا زائچہ پاکستان 20 دسمبر 1971ء بوقت 14 بجکر 58 منٹ 20 سیکنڈ اسلام آباد — بتاریخ 20 دسمبر 2022ء اسلام آباد بوقت 16 بجکر 52 منٹ

## پاکستان 2023ء۔ زائچہ

پاکستان آسمانی کونسل پر سالانہ (ورش پھل) میں طالع برج جوزا 2 درجہ 55 دقیقہ طلوع ہوگا۔ بارہ منقطعۃ البروج میں یہ واحد برج ہے جو 12,8,6 فعلی منحوس بروج نہیں رکھتا۔ یوں ملکی تعمیر و ترقی خوشحالی معیشت کی بحالی جیسے کارہائے قدرتی طور سے انجام پاتے رہیں گے۔ حکومت کوئی بھی ہو قدرت کی مہربانی زائچہ ورش پھل میں دکھائی دیتی ہے۔ تکمیل کائنات کا مظہر برج حوت وتد السماء دسویں بیت العزت کی جگہ طلوع ہورہا ہے سیاسی نجوم میں یہ گھر حکمران طبقہ ملک قوم کی عزت وقار اعزازات شجاعت آئین انتخابات جمہوریت/ ڈکٹیٹر شپ (پاکستانی تاریخ کا مطالعہ کریں تو 32 / 30 سال ملک میں جمہوریت کے برعکس ڈکٹیٹر شپ کا راج رہا) سیاست داں جب غلطیوں پہ غلطیاں کریں۔ ملک کی عزت اور عوام کی ضروریات زندگی کو بھلا دیں خودغرض کرپشن کریں تو مکافات عمل کا سرکل شروع ہوجاتا ہے جمہوریت کی بساط لپیٹ دی جاتی اور نظام ڈکٹیٹر شپ شروع ہوجاتا ہے۔ ملکوں کے طول بلد عرض بلد اپنے اندر بادشاہی نظام جمہوریت ڈکٹیٹر شپ کی بھی نشاندہی کرتے ہیں 15 اگست 1947ء زائچہ پاکستان اپنے اندر جمہوریت کے برعکس نظام ڈکٹیٹر شپ رکھتا ہے۔ اسی سبب ابتک پاکستان میں پانچ مارشل لاء لگ چکے ہیں سرحدوں کا مضبوط دفاع دہشت پسند عناصر پر فتوحات ملکی بھاری صنعتیں لوہا فولاد اسلحہ ساز فیکٹریاں کمرشل امور جیسے بھی امور اسی دسویں گھر سے منسوب ذاتی حاکم طاقتور ستارہ مشتری کا بارہ سال بعد راج یوگ کی پوزیشن میں یہاں ہونا خوش بختی کا اشارہ وطن عزیز 75 سال سے مسلسل سیاسی معیشت اندرون ملک سرحدوں کے دفاع بے ہنگم آبادی مہنگائی روزگار صحت سیلاب ناگہانی آفات سے بچاؤ کی پلاننگ مردم شماری اور شفاف الیکشن کی سفارشات زراعت باغبانی کیٹل فارمنگ برآمدات کو کم کرکے تجارتی استحکام کی جانب حکام کی توجہ بڑھے اندرون ملک بننے والی ہاؤسنگ اتھارٹی ریونیو کرپشن سے پاک کرنے کے اقدامات ملکی تمام سرو سز اداروں فوج پولیس بیوروکریسی کی فعال کارکردگی اور انکی خدمات کو مزید بہتر بنایا جائیگا۔

**اِدھر نئے زائچہ پاکستان** (20 دسمبر 1971ء) میں وتد السماء بیت العزت کا حاکم ستارہ زحل 30 سال بعد 17 جنوری 2023ء تا 29 مارچ 2025ء تک یہاں رہیگا۔ سیاسی نجوم میں اسکی خاص اہمیت یوں ہے کہ ستارہ زحل کو سیاست کا ستارہ سمجھا جاتا ہے۔ پاکستان کی سیاسی تاریخ میں قائداعظم محمد علی جناحؒ، ذوالفقار علی بھٹو انکی صاحبزادی بے نظیر بھٹو کے بعد مسلسل خلاء چلا آرہا ہے میاں نواز شریف حکومت نے اندرون ملک بہت سارے ترقیاتی کام کئے مگران پر اور آصف علی زرداری ابتک مسلسل کرپشن کے الزامات کا سامنا کر رہے ہیں قوم نے عمران خان کو مسیحا جانا مگر انہوں نے قوم سے جو وعدے کئے ان سے ناتجربہ کاری کے سبب وفا نہ ہوسکے۔ ستارہ زحل سیاست میں عروج و زوال کا ستارہ دسویں گھر میں اسکی اہمیت بہت بڑھ جاتی ہے۔ بعض سیاسی پنڈت منجمین زحل کی اس پوزیشن کو شیطانی خیال کرتے ہیں **ہمارے نزدیک زحل یہاں اپنے ذاتی گھر کا حاکم ہوکر لامتناہی مثبت تبدیلیاں اور ملکی طرز حکمرانی کو بدل دیتا ھے** زحل اپنے یہاں قیام کے دوران انتخابات جمہوریت نما ڈکٹیٹر شپ تعمیر و ترقی کے نئے دور کا آغاز کردے گا حکمرانی کرنے والے ماضی حال کے بھی طبقات کو اپنے اپنے دور کے کرپشن کا حساب دینے کے لئے عدالتوں کا سامنا رہیگا۔ سیاست دانوں کے طویل در طویل احتسابی مقدمات جیسے ماضی میں دوران مقدمات P.D.M کی حکومت کے بہت سارے وزراء اقتدار میں آگئے زائچہ پاکستان دسویں ذاتی گھر زحل کی طاقتور سعد نظرات 10,7,4 اور بارہویں گھروں پر ہونے سے زرعی انقلاب لانے خود کفالت کا نیا سفر شروع کیا جاسکے۔ خارجہ تعلقات پر نظر ثانی ملکی سیاست دانوں کے جھگڑوں میں ٹھہراؤ آپس کے سیاسی معاہدے ہمسایہ ممالک اور سپر پاور سے تنازعات ممکنہ حل کئے جانے کی حکمت بنائی اور ان پر عمل کیا جاسکے ان سے مزید دوستی تجارتی و ثقافتی معاہدے کئے جاسکیں۔ حکومت وقت عوام سے کئے

گئے کئی ایک وعدوں کی پاسداری کرے بڑھتی گرانی مہنگائی کے سبب یہ اقدامات بے اثر عوام مطمئن نہ ہوں۔ زائچہ پاکستان اپنے 19 سالہ دور مہادشا زحل 11 دسمبر 2024ء تا 11 دسمبر 2043ء کو داخل ہوگا **رفتہ رفتہ پرانے سیاسی چہرے منظر عام سے غائب اور ملک سے فرار ہونے لگیں گے اور انکی جگہ نئی اعلیٰ قیادت منظر پر اُبھرے جو ایک نئے جذبہ حُب الوطنی کے ساتھ ملک وقوم کی خدمت کا جذبہ رکھے**۔ زحل مریخ تثلیث مارچ اپریل اندرون ملک ملک دشمن خفیہ تحریکوں کی سرکوبی جیل خانہ جات اور ملک بھر کے شفاء خانے ہسپتالوں کو اَپ گریڈ اور عام مریضوں کی حالت کو بہتر بنانے کے لئے خیراتی ادارے اور رفاہ عامہ کے کام کرنے والے ادارے اور اہم سماجی و سیاسی شخصیات بھی ان نیک کاموں میں پیش پیش رہیں زحل مشتری تسدیس جون کاروباری طبقہ اور عوام کو بجٹ 2023/2024ء میں کچھ ریلیف دلائے حکومتی بروقت فیصلے زرمبادلہ میں اضافہ اور غیر متوقع تیل گیس اور نئے معدنیاتی ذخائر کی دریافت زحل مریخ مقابلہ جولائی حکمرانوں حزب اختلاف اور ملک دشمن عناصر کی ریشہ دوانیاں ملک وقوم کے لئے عارضی مسائل و پریشانیاں لانے کا باعث بنے حکمرانوں کو ملکی عزت و وقار کو بحال رکھنے کے لئے مثبت اقدامات کرنے ہونگے۔ زحل مریخ تثلیث جولائی وزارتوں میں نظم وضبط کرپشن زدہ عناصر سے انہیں پاک کیا جائے گا۔ زحل مریخ تربیع نومبر خارجہ تعلقات نہایت حساس رُخ اختیار کریں سرکاری ملازمت کاروباری طبقہ عام عوام اور اپوزیشن حکومت کے خلاف اپنے مطالبات تسلیم کرنے اور حکومت کے ظالمانہ رویہ کے خلاف اُٹھ کھڑے ہوں۔

## آسمانی کونسل پر سورج و چاند گرہن 2023ء کے اثرات

20 اپریل سورج گرہن زائچہ پاکستان کے بارہویں لگنے سے عالمی تناظر عالمی جنگوں کے اثرات پڑ سکتے ہیں حکومت کے خلاف سازشیں سرحدوں پر فوجی نقل وحمل ملکی فضائی حدوں کی سپر پاورز کی جانب سے خلاف ورزیاں موسمی تغیرات کے سبب غذائی اجناس کی اندرون ملک بعض علاقوں میں قلت کے خدشات 20 مئی چھٹے چاند گرہن کے بداثرات ملک کی نامور سماجی سیاسی شخصیات کو دھمکیاں تشدد مذہبی لسانی فسادات کرائے جانے کی سازش، 14 اکتوبر سورج گرہن پانچویں لگنے سے سورش بغاوت ہنگامے سیاسی گرفتاریاں، ہسپتالوں میں وبائی امراض کے سبب رش ملک کے حساس طبقات اور اپوزیشن کے مابین سیاسی محاذ آرائی ملکی معیشت سٹاک شیئر کاروباری طبقہ کے لئے پریشانیاں لائے۔ 29 اکتوبر چاند گرہن بارہویں ہونے سے عوام میں وبائی امراض مال و مویشی بھی ان سے متاثر ہوں موسمی تغیراتی اثرات سے گلوب ارض کے ساتھ ساتھ ہمارا خطہ وطن بھی اس سے متاثر ہوئے بغیر نہ رہ سکے۔ **سات چکرا کا سال عالمی طور سے ایک غیر معمولی سال دکھائی دیتا ہے**۔ نیا زائچہ پاکستان (20 دسمبر 1971ء راولپنڈی 14 بجکر 53 منٹ) طالع برج ثور ایک درجہ 48 دقیقہ وتد السماء (برج دلو) بیت العزت کے گھر میں حاکم ستارہ زحل پہلی مرتبہ 05 مارچ 1993ء تا 10 اگست 1995ء تب صدر غلام اسحاق خان نے صدر فاروق لغاری کو ہٹا کر الیکشن کروا کر نواز شریف کو وزیر اعظم بنوایا۔ اور اب پھر 30 سال بعد زحل 17 جنوری 2023ء تا 29 مارچ 2025ء زائچہ کے دسویں اپنے سعد فعلی برج دلو میں رہتے ہوئے بارہویں چوتھے ساتویں اور دسویں گھروں کے منسوبات کو نمایاں کرے۔ اس زائچہ کی سعادت 29 مارچ 2025ء تک رہیگی مزید قدرت کا کرم آئندہ سال سے 11 دسمبر 2024ء تا 11 دسمبر 2043ء زائچہ پاکستان میں 19 سالہ مہادشا زحل شروع ہو جائیگی۔ دسویں بیت العزت کے گھر زحل کا آنا اور اس کی **19 سالہ مہادشا کا آغاز ہونا پاکستان کی غیر معمولی تعمیر و ترقی کا دور دکھائی دیتا ہے**۔ تب کوئی بھی حکومت ہو ملک ترقی کرے گا۔ مستقبل قریب مہادشا زحل میں انترد شا زحل 11 دسمبر 2024ء تا 15 دسمبر 2027ء تک رہیگی قدرتی معدنیات تیل، گیس کے ذخائر قیمتی سونے جیسی معدنیات کی دریافت اعلیٰ لیڈر شپ قیادت قانون کی حکمرانی سے ملک کی تقدیر بدل سکے گی۔ ستارہ زحل SATURN یا مہاشنی دیو، عروج و زوال کا ستارہ پاکستان اور قوم کو بتدریج ترقی کی منازل سے ہمکنار کرے گا۔ 2022ء سالانہ ورش پھل میں سبھی سیارگان کا ثمرہ آسمانی کونسل کے مطابق کچھ یوں ہے۔

**20 دسمبر 2022ء تا 06 جنوری 2023ء دور عطارد:**۔ ستارہ عطارد ورش پھل میں طالع اور چوتھے کا مشترکہ حاکم ہو کر ساتویں کمزور

راج یوگ بنا رہا ہے۔ عطارد کی اہمیت یوں بھی نمایاں یہ زائچہ پاکستان میں ملکی معیشت خزانہ محصول وکسٹم درآمات برآمدات ملکی کرنسی کی بین الاقوامی کرنسی سے شرح توازن ملکی سٹاک ایکسچینج اُتار چڑھاؤ تاہم ملکی تجارت کا حجم بڑھے گا۔ بین الاقوامی خبروں میں وطن کی نیک نامی ماضی کی خسارے کی تجارت کا ازالہ **IMF** کے چنگل سے نکلنے کے لئے سنجیدہ غور وفکر حکومتی سیاسی عسکری قیادت کا مشترکہ لائحہ عمل بن سکے آئی ٹی انفارمیشن کا عوام میں شعور بڑھے انٹرنیٹ سوشل میڈیا عام ہو مگر ان پر حکومتی چیک اینڈ بیلنس سخت کیا جائے سال **2022**ء کا اختتام اور سال **2023**ء کا آغاز حکومتی سنجیدگی عوامی مشکلات کو کم کرنے کی جانب دکھائی دیتے ہیں۔

**06 جنوری تا 28 جنوری دور کیتو:۔** کیتو ہمراہ قمر مقابل راہو یورانس زائچہ ورش پھل پانچویں سٹاک ایکسچینج میں افواہوں کے سبب زبردست اُتار چڑھاؤ معاشرتی برائیاں کرپشن کیسز خبروں میں نمایاں بچوں کے اغواء چلڈرن ہسپتالوں کے معیار کو بہتر بنانے کی ضرورت الیکٹرانک پرنٹ سوشل میڈیا پر سنسر شپ چیک اینڈ بیلنس سخت ہو صحافی برادری اور عام عوام کو بھی احتیاط کو ملحوظ خاطر رکھنا چاہیئے مرکز اور صوبوں کے مابین سیاسی تناؤ ملکی اتحاد کے لئے نیک فال نہیں حکومتی تھینک ٹینک کو ابتداء سال سے ہی مثبت اقدامات پر زور دینا چاہیئے۔

**28 جنوری تا 29 مارچ دور زہرہ:۔** اعلیٰ سطح پر خارجہ تعلقات نظر ثانی ٹریڈ یونین کے حکومت سے مطالبات **12** تا **17** مارچ مریخ نیپچون نویں بارہویں تربیع حکومتی غیر سنجیدہ سیاسی اور خارجہ فیصلے ملکی عزت ووقار کے لئے آزمائش وپریشانیاں لا سکتے ہیں۔ **20** مارچ تا **02** اپریل مریخ زحل تثلیث پیچیدہ عالمی سیاسی حالات جنگ وجدل اور عوام کو مایوسی سے نکلنے کی اہمیت ضرورت کو حکومت عسکری ادارے فعال ہوں اندرون ملک دہشت گردی تخریب کاریاں مذہبی منافرت اور سرحدوں کی حفاظت کے نظام میں بہتری لائی جائیگی۔

| برج رجعت مستقیم | تاریخ | وقت |
|---|---|---|
| **1-شمس VEDIC ☉** | | |
| برج قوس | یکم جنوری | 00:01 |
| برج جدی | 14 جنوری | 20:14 |
| برج دلو | 13 فروری | 09:14 |
| برج حوت | 15 مارچ | 06:03 |
| برج حمل | 14 اپریل | 14:28 |
| برج ثور | 15 مئی | 11:14 |
| برج جوزا | 15 جون | 17:45 |
| برج سرطان | 17 جولائی | 04:36 |
| برج اسد | 17 اگست | 13:01 |
| برج سنبلہ | 17 ستمبر | 13:00 |
| برج میزان | 18 اکتوبر | 00:59 |
| برج عقرب | 17 نومبر | 00:48 |
| برج قوس | 16 دسمبر | 15:27 |
| **2-عطارد VEDIC ☿** | | |
| رجعت در قوس | یکم جنوری | 00:01 |
| مستقیم در قوس | 18 جنوری | 18:12 |
| برج جدی | 07 فروری | 06:58 |
| برج دلو | 27 فروری | 16:17 |
| برج حوت | 16 مارچ | 10:18 |
| برج حمل | 31 مارچ | 14:24 |
| رجعت در حمل | 21 اپریل | 13:35 |
| مستقیم در حمل | 15 مئی | 08:17 |
| برج ثور | 07 جون | 19:19 |
| برج جوزا | 24 جون | 12:12 |
| برج سرطان | 08 جولائی | 11:43 |
| برج اسد | 25 جولائی | 04:01 |
| رجعت در اسد | 24 اگست | 01:00 |
| مستقیم در اسد | 16 ستمبر | 01:21 |
| برج سنبلہ | یکم اکتوبر | 20:08 |
| برج میزان | 19 اکتوبر | 00:46 |
| برج عقرب | 06 نومبر | 15:54 |
| برج قوس | 27 نومبر | 05:22 |
| رجعت در قوس | 13 دسمبر | 12:09 |
| رجعت در عقرب | 28 دسمبر | 10:25 |
| **3-زہرہ VEDIC ♀** | | |
| برج جدی | یکم جنوری | 00:01 |
| برج دلو | 22 جنوری | 15:23 |
| برج حوت | 15 فروری | 19:31 |
| برج حمل | 12 مارچ | 07:56 |
| برج ثور | 06 اپریل | 10:28 |
| برج جوزا | 02 مئی | 13:18 |
| برج سرطان | 30 مئی | 19:08 |
| برج اسد | 07 جولائی | 03:32 |
| رجعت در اسد | 23 جولائی | 06:33 |
| رجعت در سرطان | 07 اگست | 10:32 |
| مستقیم در سرطان | 04 ستمبر | 06:20 |
| برج اسد | 02 اکتوبر | 00:31 |
| برج سنبلہ | 03 نومبر | 04:42 |
| برج میزان | 30 نومبر | 00:33 |
| برج عقرب | 25 دسمبر | 06:15 |
| **4-مریخ VEDIC ♂** | | |
| رجعت در ثور | یکم جنوری | 00:01 |
| مستقیم در ثور | 13 جنوری | 01:57 |
| برج جوزا | 13 مارچ | 04:31 |
| برج سرطان | 10 مئی | 13:17 |
| برج اسد | یکم جولائی | 01:46 |
| برج سنبلہ | 18 اگست | 15:23 |
| برج میزان | 03 اکتوبر | 17:27 |
| برج عقرب | 16 نومبر | 10:15 |
| برج قوس | 27 دسمبر | 23:50 |
| **5-مشتری VEDIC ♃** | | |
| برج حوت | یکم جنوری | 00:01 |
| برج حمل | 22 اپریل | 04:42 |
| رجعت در حمل | 04 ستمبر | 19:11 |
| **6-زحل VEDIC ♄** | | |
| برج دلو | یکم جنوری | 00:01 |
| رجعت در دلو | 17 جون | 10:28 |
| مستقیم در دلو | 04 نومبر | 12:03 |
| **7-راہو VEDIC ☊** | | |
| برج حمل | یکم جنوری | 00:01 |
| برج حوت | 29 نومبر | 02:02 |
| **8-کیتو VEDIC ☋** | | |
| برج میزان | یکم جنوری | 00:01 |
| برج سنبلہ | 29 نومبر | 02:02 |

# کسوف و خسوف 2023ء

## مکمل شمسی گرہن — TOTAL SOLAR ECLIPSE

سال کا پہلا مکمل شمسی گرہن پاکستان کے وقت کے مطابق انتہائی نقطہ آغاز 20 اپریل صبح 06 بجکر 34 منٹ 22 سیکنڈ جبکہ مکمل گرہن کا آغاز صبح 06 بجکر 34 منٹ 04 سیکنڈ انتہائی نقطہ عروج و مکمل گرہن 09 بجکر 16 منٹ 49 سیکنڈ خاتمہ گرہن 10 بجکر 56 منٹ 36 سیکنڈ ہو جبکہ مکمل خاتمہ 11 بجکر 59 منٹ پر ہو سکے۔ گرہن برج حمل کے 5.39 درجات پر لگے گرہن کا کل دورانیہ 5 گھنٹے 25 منٹ رہ سکے۔ گرہن پاکستان کے کچھ حصوں کے علاوہ ایشیائی ممالک، آسٹریلیا، انڈونیشیا، ملائیشیا، تھائی لینڈ، جاپان اور انٹارٹیکا میں بھی دیکھا جا سکے۔

## جزوی قمری گرہن — PENUMBRAL LUNAR ECLIPSE

سال کا دوسرا قمری گرہن 05 مئی کو لگے گا۔ گرہن کی ابتداء 20 بجکر 14 منٹ 08 سیکنڈ جبکہ انتہائی نقطہ عروج 22 بجکر 22 منٹ 55 سیکنڈ اور خاتمہ گرہن 06 مئی 00 بجکر 31 منٹ 40 سیکنڈ پر ہوگا۔ یہ گرہن 05 اور 06 مئی کی درمیانی شب لگنے والا گرہن برج میزان کے 20.41 درجہ پر لگے گا گرہن کا کل دورانیہ 4 گھنٹے 17 منٹ کا ہوگا پاکستان میں نظر آنے کے علاوہ دیگر ایشیائی ممالک آسٹریلیا، انڈونیشیا، ملائیشیا، تھائی لینڈ، لاؤس، ویتنام، انڈیا، بنگلہ دیش، نیپال، بھوٹان، عرب امارات، ایران، عراق، یورپ، چائنہ، روس، افریقہ اور انٹارٹیکا میں بھی دیکھا جا سکے۔

## جزوی شمسی گرہن — ANNULAR SOLAR ECLIPSE

سال کا تیسرا شمسی (گرہن جو کہ Ring of Fire کی طرح دیکھا جا سکے گا۔ امریکہ، کینیڈا، میکسیکو، برازیل اور کچھ مغربی ممالک میں دیکھا جا سکے) شمس گرہن برج سنبلہ کے 26.56 درجہ پر لگے جبکہ انتہائی نقطہ آغاز 14 اکتوبر 20 بجکر 03 منٹ 45 سیکنڈ جبکہ باقاعدہ آغاز 20 بجکر 03 منٹ 09 سیکنڈ نقطہ عروج 22 بجکر 59 منٹ 27 سیکنڈ جبکہ آغاز اختتام گرہن 15 اکتوبر 00 بجکر 48 منٹ 56 سیکنڈ اور مکمل خاتمہ 01 بجکر 55 منٹ 11 سیکنڈ پر ہو تو یہ 14 اور 15 اکتوبر کی درمیانی شب لگنے والا گرہن رنگ آف فائر کے نام سے جانا جائے جس کا دورانیہ 5 گھنٹے 52 منٹ رہے گا۔

## جزوی قمری گرہن — PARTIAL LUNAR ECLIPSE

سال کا آخری جزوی قمری گرہن 28 اور 29 اکتوبر کی درمیانی شب 28 اکتوبر انتہائی نقطہ آغاز 23 بجکر 01 منٹ 44 سیکنڈ پر جبکہ باقاعدہ آغاز 00 بجکر 35 منٹ 18 سیکنڈ ہو جس کا نقطہ عروج 29 اکتوبر 01 بجکر 14 منٹ آغاز خاتمہ گرہن 29 اکتوبر 01 بجکر 52 منٹ 37 سیکنڈ جبکہ مکمل خاتمہ گرہن 03 بجکر 26 منٹ 19 سیکنڈ پر ہو تو یہ برج حمل کے 10.52 درجہ پر لگنے والا 4 گھنٹے اور 25 منٹ طویل گرہن پاکستان کے علاوہ دیگر ایشیائی ممالک آسٹریلیا، انڈونیشیا، ملائیشیا، سنگاپور، تھائی لینڈ، لاؤس، ویتنام، جاپان، انڈیا، بھوٹان، نیپال، UAE، سعودیہ، ایران، عراق، ترکی، یورپ، چائنہ، روس اور افریقہ میں بھی دیکھا جا سکے گا۔

# سورج گرہن — نمازِ آیات — چاند گرہن

از تحقیق: جناب سلطان محمود، گلبرگ، لاہور

**احکام:** یہ نماز چاند اور سورج کو گرہن لگنے سے یا زلزلہ یا سُرخ آندھی یا شدید تاریکی و غیر معمولی برق و رعد (بجلی و چمک) اور تمام حوادثِ آسمانی سے واجب ہوتی ہے جو عموماً باعثِ خوف ہوں خواہ وہ شخص خود نہ ڈرے تو بھی اس پر نمازِ آیات واجب ہو جائیگی۔

☆ چاند گرہن اور سورج گرہن کی نماز کا وقت گرہن کے شروع ہونے سے لے کر ختم ہونے تک ہے بلکہ احوط یہ ہے کہ اتنی تاخیر نہ کرے کہ اس کا وقت نکل جائے۔ ☆ زلزلہ اور دیگر آسمانی حوادث جو خوفناک ہوں کہ جن کا وقت وسیع نہ ہو تو ان کی نماز آخرِ عمر تک ادا کرنے کی نیت سے ہوگی مثلاً زلزلہ۔ ☆ چاند گرہن اور سورج گرہن سے اگر بروقت مطلع ہو گیا ہو اور عمداً یا سہواً نماز نہ پڑھی ہو تو اسکی قضا بجالانا واجب ہوگی اگرچہ پورا گرہن نہ بھی ہو۔ ☆ اگر گرہن ختم ہونے تک مطلع نہ ہوا ہو بلکہ بعد میں اطلاع ہوئی ہو اگر پورا گرہن ہو تو قضا بجالانا واجب ہوگی ورنہ قضا نہ ہوگی۔

☆ نمازِ آیات کو جماعت کے ساتھ پڑھنا جائز ہے (اپنے مرجع کے عملیہ کی طرف رجوع کریں)۔

**ترکیب:** یہ نماز دو رکعت ہے۔ پہلی رکعت میں پانچ رکوع دو قنوت اور دو سجدے اور دوسری رکعت میں پانچ رکوع تین قنوت اور دو سجدے ہیں۔

**نیت:** نمازِ آیات کی نیت اس طرح کرے مثلاً سورج گرہن کی نماز پڑھتا / پڑھتی ہوں واجب ادا / قضا **قُرْبَةً اِلَى اللّٰهِ** پھر اس کے بعد تکبیرۃ الاحرام اللہ اکبر کہے۔ **ترکیب:** تکبیرۃ الاحرام کے بعد سورۂ الحمد اور ایک دوسرا سورہ جو یاد ہو پڑھے پھر اللہ اکبر کہہ کر رکوع میں جائے ذکرِ رکوع کے بعد اللہ اکبر کہہ کر پھر کھڑا ہو۔ ☆ اس کے بعد سورۂ الحمد اور جو سورہ چاہے پڑھے اور دعائے قنوت پڑھے اور اللہ اکبر کہہ کر دوسرے رکوع میں جائے ذکرِ رکوع کے بعد اللہ اکبر کہہ کر پھر کھڑا ہو۔ ☆ اس کے بعد سورۂ الحمد اور جو سورہ چاہے پڑھے اور اللہ اکبر کہہ کر تیسرے رکوع میں جائے ذکرِ رکوع کے بعد اللہ اکبر کہہ کر پھر کھڑا ہو۔ ☆ اس کے بعد سورۂ الحمد اور کوئی دوسرا سورہ جو یاد ہو پڑھے اور دعائے قنوت پڑھے اور اللہ اکبر کہہ کر چوتھے رکوع میں جائے ذکرِ رکوع کے بعد اللہ اکبر کہہ کر پھر کھڑا ہو۔ ☆ اس کے بعد سورۂ الحمد اور دوسرا سورہ پڑھے پھر اللہ اکبر کہہ کر پانچواں رکوع کرے ذکرِ رکوع کے بعد کھڑا ہو کر سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ حَمِدَهٗ کہہ کر سجدے میں جائے۔ دو سجدے کرنے کے بعد دوسری رکعت کے لئے اُٹھ کھڑا ہو۔ دوسری رکعت میں پہلے رکوع میں جانے سے پہلے اور تیسرے رکوع میں جانے سے پہلے اور پانچویں رکوع میں جانے سے پہلے دعائے قنوت پڑھے اور تشہد اور سلام پڑھ کر نماز ختم کرے۔ ☆ اگر صرف ایک قنوت دسویں رکوع سے پہلے پڑھ لے تو بھی کافی ہے

**مختصر نمازِ آیات:** نمازِ آیات کا درجِ ذیل طریقہ نہایت ہی آسان ترین ہے۔

**نیت:** نمازِ آیات پڑھتا ہوں / پڑھتی ہوں برائے (جس وجہ سے واجب ہو نام لے) **قُرْبَةً اِلَى اللّٰهِ** کہہ کر تکبیرۃ الاحرام کہے۔

☆ پہلی رکعت میں سورۂ الحمد کے بعد سورۂ توحید قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ کے قصد سے بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ پڑھے اور رکوع میں جائے۔ ذکرِ رکوع کرے پھر سیدھا کھڑا ہو کر قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ پڑھے اور رکوع میں جائے۔ پھر سیدھا کھڑے ہو کر اَللّٰهُ الصَّمَدُ پڑھے اور رکوع میں جائے۔ پھر سیدھا کھڑا ہو کر لَمْ يَلِدْ وَلَمْ يُوْلَدْ پڑھے اور رکوع میں جائے۔ پھر سیدھا کھڑا ہو کر وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ پڑھ کر رکوع میں جائے۔ پھر سیدھا کھڑے ہو کر سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ حَمِدَهٗ پڑھ کر سجدے میں جائے۔ دونوں سجدے بجالا کر دوسری رکعت کے لیے کھڑا ہو جائے۔

☆ مثلِ سابق دوسری رکعت بجالا کر تشہد اور سلام پڑھ کر نماز ختم کرے



# صدقہ سے شفا

## اَلصَّدَقَۃُ تَدْفَعُ الْبَلَاءَ (الحدیث)

## (صدقہ مصیبتوں کو ٹالتا ہے)

قرآن پاک سورۃ توبہ میں ارشادِ باری تعالیٰ ہے: آپ ﷺ ان کے اموال کی زکوٰۃ لے لیا کیجیے جس کے ذریعہ سے آپ ﷺ انھیں 1 پاک کر دیجیے اور انھیں برکت بھی دیجیے اور اُن کے لیے دعائے خیر و رحمت بھی فرمایے۔ یقیناً آپ کی دعائے خیر و برکت اُن کے لیے باعث تسکین و راحت ہوگی۔ (کیونکہ) یہ حقیقت ہے کہ اللہ (آپ ﷺ کی دعائیں) سننے والا اور (آپ ﷺ کے مرتبے کو) خوب جاننے والا ہے۔ (103) کیا انھیں معلوم نہیں کہ اللہ ہی تو ہے جو اپنے بندوں کی توبہ کو قبول کرتا ہے اور ان کی زکوٰۃ و خیرات کو بھی لے کر قبول کر لیتا ہے۔ (یہ اس لیے ہے) کہ اللہ بہت معاف کرنے والا اور بڑا رحم کرنے والا ہے۔ (یعنی اس کو تمھارے اموال کی کوئی ضرورت نہیں مگر صرف اس لیے کہ تمھارے گناہ معاف فرمائے اور تم پر رحم فرمائے وہ تمھاری خیراتوں کو وصول فرماتا ہے۔ (104)

## صدقہ کی فضیلت

**حدیث:** مومن جب صدقہ دیتا ہے تو یہ چیز شیطان پر گراں گزرتی ہے۔ جبکہ صدقہ مستحق کے ہاتھ میں پہنچنے سے پہلے ہی اللہ کے ہاتھ میں پہنچتا ہے۔

☆ انسان کو بُری موت سے بچاتا ہے۔ ☆ صدقہ سے روزی میں اضافہ ہوتا ہے۔ ☆ قرض ادا ہو جاتا ہے۔ ☆ عمر میں اضافہ ہوتا ہے۔ اور ستر قسم کی بُری اموات سے بچاتا ہے۔ ☆ اللہ تعالیٰ اس کے عوض دس سے لیکر ایک لاکھ تک گناہ معاف کرتا ہے۔ ☆ جو شخص صبح کو صدقہ دے اس دن وہ آسمانی بلاؤں سے محفوظ رہتا ہے۔ اگر وہ رات کے پہلے پہر میں صدقہ دے۔ تو اُس رات وہ آسمانی بلاؤں سے محفوظ رہتا ہے۔ ☆ مال کی زیادتی کا سبب بنتا ہے۔ ☆ مریض کا علاج صدقہ سے ہوتا ہے۔ اور اگر کوئی شخص ایک مسلمان گھرانے کی کفالت کرے اور اسکے کھانے پینے اور لباس کا اہتمام کرے اور عزت و آبرو بچائے تو ستر حج سے زیادہ کا ثواب ملتا ہے۔ یاد رہے کہ انسان کا سینہ جتنا زیادہ کشادہ ہوگا۔ اُس کی قبر بھی اُتنی ہی کشادہ ہوگی۔

کہتے ہیں کہ اگر دُنیا میں ایک روپیہ راہِ خدا میں خرچ کیا جائے تو دس گناہ دُنیا میں اور 70 آخرت میں ملیں گے۔ لیکن اگر کوئی شخص اپنے مردہ کی طرف سے صدقہ کرے۔ تو مرنے والے کو 700 نیکیاں ملیں گی۔ اور جب وہ انسان خود دوسرے جہاں جائے گا۔ تو اُس کو عالمِ برزخ میں 7000 نیکیاں ملیں گی۔ یہ جان لیں کہ یہ اللہ کا قانون ہے۔ اس میں تبدیلی نہیں پاؤ گے۔ لہٰذا اپنا اور خصوصاً اپنے والدین کا صدقہ ضرور دیا کریں۔ اسلئے کہ دونوں جہانوں میں آپکا ہی فائدہ ہے۔

## صدقہ کا فائدہ

جانے والوں کے لئے بھی صدقہ کرنا چاہیے۔ حدیث میں ہے اُدنیا میں ایک دیں۔ تو آخرت میں اُس کا ثواب (ستر گنا) ملتا ہے۔ لیکن اگر آپ کے عزیز جو اگلے جہاں چلے گئے ہیں۔ اُن کے نام کا صدقہ کیا جائے۔ تو اُن کو سات سو گنا ملتا ہے۔ اور جب دینے والا اگلے جہاں خود پہنچ جائے گا، تو اُس کو سات ہزار گنا ثواب ملے گا۔

| برج | نشانات بروج | ہر قسم کی نحوست، پریشانی کیلئے صدقہ | نافع الخوراک | معاش، کاروباری ترقی، حصول انعامات کے لئے صدقہ یا پرورش |
|---|---|---|---|---|
| حمل | ♈ | مچھلیوں کو سمندر دریا یا جھیل میں اجناس ڈالیں۔ دن پیر | کلونجی اور شہد روزانہ مناسب مقدار | کیڑے مکوڑوں کو شکر یا چینی ڈالیں (دن جمعہ) گھر میں کوئل نر و مادہ کی پرورش نیک ہے۔ |
| ثور | ♉ | آبی جانوروں کو کالی دال یا چنا ڈالیں دن ہفتہ | کلونجی اور دودھ | طوطوں کو گھر میں سبز مرچ کھلائیں (دن بدھ) گھر میں طوطے نر و مادہ کی پرورش نیک ہے۔ |
| جوزا | ♊ | مچھلیوں یا آبی جانوروں کو ملے جلے اجناس ڈالیں دن جمعرات | شہد اور دودھ | سمندری مخلوق خصوصاً کھوئے کیکڑوں کو عام خوراک ڈالیں دن پیر گھر میں نر و مادہ بکری خرگوش یا چوپائے جانوروں کی پرورش نیک ہے۔ |
| سرطان | ♋ | کالا بکرا، گوشت جانوروں کو ڈالیں دن منگل | سیب یا تربوز اور دودھ | شیر یا چیتا (چڑیا گھر جاکر) گوشت کھلائیں دن اتوار گھر میں نر و مادہ بلی کی پرورش نیک ہے |
| اسد | ♌ | کبوتروں کو باجرہ ڈالیں دن جمعرات، جمعہ | سبز الائچی ملا دودھ | چڑیوں کو دانہ ڈالنا دن بدھ۔ گھر میں غیر ملکی یا آسٹریلین نر مادہ طوطوں کی پرورش نیک ہے |
| سنبلہ | ♍ | گائے، بھینس کو سبز چارہ یا پالک کھلائیں دن بدھ | ناشپاتی یا سیب یا پھر انگور دودھ | طوطوں کو سبز مرچ یا دانہ کھلائیں دن بدھ گھر میں نر مادہ چکور کی پرورش نیک ہے |
| میزان | ♎ | آبی مخلوق مچھلیوں کو اناج ڈالیں دن پیر | دودھ اور شہد | حشرات الارض، کیڑے مکوڑوں کو ترش اشیاء دن منگل گھر میں نر و مادہ تیتر یا بٹیر کی پرورش نیک ہے |
| عقرب | ♏ | ہاتھی شیر یا چیتا کو چڑیا گھر میں پسندیدہ خوراک دن اتوار | سیب، شہد دودھ | کبوتروں کو دانہ یا چیلوں کو گوشت دن جمعرات گھر میں اعلیٰ نسل کا گھوڑا یا نر مادہ کبوتروں کی پرورش نیک ہے |
| قوس | ♐ | چڑیوں کے غولوں کو دانہ ڈالیں دن بدھ | بادام، شہد دودھ | بکریوں کے ریوڑ کو چارہ ڈالیں دن ہفتہ گھر میں نر مادہ بکری یا مچھلیوں کی پرورش نیک ہے |
| جدی | ♑ | کوؤں کو جلیبیاں یا انڈے گائے کو پالک کھلائیں دن جمعہ | شہد، سبز الائچی دودھ | متفرق پرندوں کو گھر کی چھت یا میدان میں دانہ ڈالیں۔ دن ہفتہ گھر میں آبی جانوروں ہر قسم کی پرورش نیک ہے۔ |
| دلو | ♒ | حشرات الارض، کیڑے مکوڑوں کو خشک میوہ جات ڈالیں دن منگل | پھلوں کے رس اور دودھ | آبی مخلوق کو اجناس ہر قسم ڈالیں دن جمعرات گھر میں مچھلیوں کی پرورش نیک ہے۔ |
| حوت | ♓ | چیل، باز، کبوتروں کو پسندیدہ خوراک ڈالیں دن جمعرات | مصری الائچی دودھ | گائے، بھینس، بلی، کتے کو پسندیدہ خوراک دن منگل گھر میں پسندیدہ چوپائے جانوروں کی پرورش |

# آپکا صدقہ 2023 بمعہ ذاتی نافع الخوراک اور خصوصی عزیمت رجعت ونحوست سیارگان

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ♈ حمل | ♉ ثور | ♊ جوزا | ♋ سرطان | ♌ اسد | ♍ سنبلہ | ♎ میزان | ♏ عقرب | ♐ قوس | ♑ جدی | ♒ دلو | ♓ حوت |

ارشاد رسول اکرمؐ ہے کہ صدقہ حاجت مند کے ہاتھ میں جانے سے پہلے خدا کے ہاتھ میں پہنچتا ہے۔ دوسری حدیث میں بھی امام سجادؑ سے منقول ہے کہ صدقہ بندے کے ہاتھ میں اس وقت تک نہیں پہنچتا جب تک کہ پہلے پروردگار کے ہاتھ میں نہ جائے۔ دیگر ایک تیسری روایت میں ہے کہ اس بندے کے تمام اعمال فرشتے اپنی تحویل میں لے لیتے ہیں سوائے صدقہ کے جو براہِ راست خدا کے ہاتھ میں جاتا ہے۔ سورۃ توبہ آیت نمبر **103** اس کی بہترین تشریح ہے۔ تمام ذی روح مخلوق خدا ہیں، انسانوں کے ساتھ جانوروں سے صلہ رحمی (صدقہ) بھی بے حد حسن عمل ہے۔ برسہا برس کی تحقیق کے بعد زنجانی جنتری کیلئے میں نے صدقات کا چارٹ بنایا ہے جن بہن بھائیوں نے ان پر عمل کیا ان کی مشکلات اسرار غیبی سے دور ہو جائیں گی، پریشانیوں کے بادل چھٹ کر خوشیاں انکا مقدر بن جائیں گی۔ **2022**ء میں ذاتی نافع الخوراک کو بھی شامل کیا جا رہا ہے، یہ علم نجوم کا پہلو اب تک پوشیدہ رہا۔

## خصوصی عزیمت رجعت ونحوست سیّارگان

**اول آخر گیارہ گیارہ مرتبہ کوئی سا بھی درود شریف پڑھ لیں بچوں کے والدین بھی پڑھ سکتے ہیں**

یَا اَللّٰہُ یَا اَللّٰہُ یَا اَللّٰہُ یَا رَحْمٰنُ یَا رَحِیْمُ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ یَا حَافِظُ یَا نَاصِرُ یَا مُعِیْنُ
یَا شَافِیُ یَا کَافِیُ یَا قَادِرُ یَا کَرِیْمُ بِحَقِّ کٓھٰیٰعٓصٓ بِحَقِّ حٰمٓعٓسٓقٓ بِحَقِّ اِیَّاکَ
نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ اَحْفِظْنِیْ مِنَ النُّحُوْسَتُ الشَّمْسُ وَالْقَمَرِ وَالْمُشْتَرِی
وَالزُّحَل وَالزُّھرَہ وَالعَطَارَد وَالمَرِیْخ وَالرَّاس وَالذَّنب بِحَقِّ یَا اَللّٰہُ یَا
اَحَدُ یَا صَمَدُ یَا لَمْ یَلِدْ وَلَمْ یُوْلَدْ وَلَمْ یَکُنْ لَّہٗ کُفُوًا اَحَدٌ صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی خَیْرِ
خَلْقِہٖ مُحَمَّدٍ وَّآلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ اَجْمَعِیْنَ بِرَحْمَتِکَ یَا اَرْحَمَ الرّٰاحِمِیْنَ ۝

**خصوصی نوٹ** اگر آپ مندرجہ بالا عزیمت کو صرف **9** بار روزانہ پڑھنا اپنا معمول بنا لیں تو پھر کسی سیارے کی نحوست آپ کے قریب نہ آئے گی۔ میری طرف سے آپ کو اس عمل کی اجازت ہے۔ خواہاں ہوں تو خصوصی اجازت (حضرت منجم اعظم الحاج سید ناظر حسین زنجانی) بانی ادارہ آئینہ قسمت وخاندان زنجانیہ عالیہ کے بزرگوں کی ارواح کو ایصال ثواب ہدیہ کر کے بھی لے سکتے ہیں۔ جوابی لفافہ یا فون: **042-35872277**
موبائل: **0300-9483758** دعا گو: **شہزادہ سیّد مصوّر علی زنجانی**



آیت اللہ حسن رضا غدیری، UK

# پاکستان کے سیاسی حالات

## عمران خان v/s پی ڈی ایم کیلئے لائحہ عمل



## (قوموں کے زوال کے اسباب (نہج البلاغہ کے آئینہ میں))

جسطرح مختلف عوامل کے تحت تاثیر ہونے سے ایک انسان کے منحرف ہونے کا خطرہ ہوتا ہے اسی طرح سے متعدد عوامل کے تحت مختلف اوقات میں ایک معاشرہ اور ایک قوم کے منحرف کا خطرہ لاحق ہوتا ہے ایک قوم اور ملت کے کامیابی کے جسطرح مختلف وجوہات ہو سکتے ہیں اسی طرح سے اسکے زوال کے بھی اسباب متعدد ہو سکتے ہیں نہج البلاغہ نے جہاں ایک قوم، ملت اور معاشرے کے کامیابی کے اسباب کی طرف اشارہ کیا ہے وہیں ایک قوم اور معاشرے کے زوال اور انحلال کے طرف بھی مختلف اوقات میں اشارہ کیا ہے اس مختصر سے مقالے میں اتنی گنجائش نہیں ہے کہ ہم اسکو دونوں زاویے سے مورد مطالعہ قرار دیں لہذا صرف قوموں کے زوال اور انحطاط کے عوامل کی طرف اشارہ کریں گے اور کوشش یہی رہے گی کہ ان میں سے بھی اہم امور اور اسباب کی طرف اشارہ کیا جائے۔

ایک ملت اور قوم جو مختلف افراد سے وجود میں آتی ہے خاص شرائط اور عوامل کے بنیاد پر اور اجتماعی وضعیت کی وجہ سے زوال کی طرف نزول کرتا ہے بہ قول امام علی علیہ السلام ایک ایسا ماحول پیدا ہو جاتا ہے کہ جس میں افق تاریک اور راہیں اجنبی ہو جاتی ہیں لوگوں کے بدن ایک دوسرے کے کنارے تو ہوتے ہیں لیکن ان کے تمایلات ایک جیسے نہیں ہوتے۔ ایسے ماحول میں لوگ دنیا کی مستی اور خوشی سے اپنے آپ سے بیگانہ ہوتے ہیں سخن حق کے دروازے انکے اوپر بند ہو جاتے ہیں لہذا سرگردانی میں مبتلا ہو جاتے ہیں گویا انکے دل ایسی آفت میں مبتلا ہوتے ہیں کہ جس میں سوچنے اور فکر کرنے کی قدرت ہی نہیں رہتی ہے۔ نہ ہی راز کی محفلوں میں ہمراز پیدا کیا جا سکتا ہے اور نہ ہی معاشرے کے ادارے کے لئے مختلف قدرتیں پیدا ہوتی ہیں ایسے ماحول میں بہرے کان والے، گونگے زبان والے اور اندھی آنکھیں رکھنے والے پیدا ہوتے ہیں کہ نہ ہی انکے رفتار میں صداقت پائی جاتی ہے اور نہ بھائیوں کے مصیبت کے وقت مورد اعتماد ہیں (خطبہ ۳۴ و ۹۷ کا ایک حصہ)۔ ہم ان عوامل اور اسباب کو دو حصوں میں تقسیم کر سکتے ہیں۔

### سیاسی اسباب اور ثقافتی اسباب

**الف: سیاسی اسباب**۔ یعنی وہ سیاسی عوامل اور اسباب جو قوموں کے زوال، انحلال اور انحطاط کے باعث بنے ہیں جن کی طرف امام علی علیہ السلام نے اشارہ کیا ہے وہ اسطرح سے ہیں۔

۱) **غیر صالح قائد اور رہبر کا ہونا**۔ کسی بھی قوم یا ملت کی پیشرفت اور ترقی کے لئے ایک صالح قائد اور رہبر کی ضرورت ہوتی ہے اگر یہ قائد صالح اور لائق نہ ہو تو اس قوم کے زوال کے ایام شروع ہو جاتے ہیں یہ ایک ناقابل انکار حقیقت ہے جسکی طرف امام علی علیہ السلام بھی واضح طور پر اشارہ کرتے ہیں۔ بیشک آپ جانتے ہیں کہ ایک رہبر اور قائد کی شان کے خلاف ہے کہ وہ مسلمانوں کے ناموس، جان، غنیمت، احکام اور امامت میں بخیل ہو اور انکی ثروت میں حریص ہو اور جاہل بھی قیادت کی صلاحیت نہیں رکھتا ہے کیونکہ وہ اپنی جہالت سے قوم کو گمراہ کرے گا اور ظالم بھی لوگوں کا قائد نہیں بن سکتا ہے کیونکہ وہ ظلم سے لوگوں کے حق کو غصب کرے گا اور انکے عطایا کو قطع کرے گا اور جو عادل نہ ہو وہ بھی اس مقام کے لائق نہیں ہے کیونکہ وہ ایک قوم کو دوسرے پر ترجیح دے گا اور رشوت لینے والا بھی قاضی کی حیثیت سے رہبر نہیں بن سکتا کیونکہ وہ

قضاوت کے سلسلے میں رشوت لے کے لوگوں کے حقوق کو پامال کرے گا اور جس نے حضرت رسول ﷺ کی سنت کو ضایع کیا ہو وہ بھی قیادت کا حق نہیں رکھتا کیونکہ وہ امت اسلامی کو ہلاکت میں ڈالے گا۔ پس ان مختصر الفاظ میں یہی بیان کرنا چاہتے ہیں کہ ایک نا صالح اور برے قائد میں یہ صفات پائی جاتی ہیں وہ بخیل، ظالم، رشوت خوار، رسول ﷺ کی سنت کو ضایع کرنے والا، اور نا انصاف ہوتا ہے اگر کسی قوم یا ملت پر ایک ایسا حاکم سوار ہو گیا جو ان صفات کا حامل ہو گا وہ قوم کبھی بھی نابود ہو سکتی ہے۔

۲) **اختلاف اور تفرقہ**۔ ایک ملت اور قوم ترقی اس سے وابستہ افراد کے درمیان آپسی بھائی چارہ کی وجہ سے ہی ممکن ہے جب تک لوگوں کے مابین اتحاد اور یکجہتی ہے قوم بھی سالم ہے لیکن جیسے ہی یہ اتحاد اور بھائی چارہ ختم ہو جاتا ہے قوم کے تباہی کے دن شروع ہو جاتے ہیں دنیا میں استعماری طاقتوں کا سے بڑا ہتھیار یہی اختلاف افکنی ہے وہ کسی بھی قوم کی سالمیت کو ختم کرنے اور اسکی کامیابی کر راستوں کو روکنے کے لئے تفرقہ ایجاد کرتے ہیں امام علی علیہ السلام بھی اسی تفرقہ اور اختلاف کو قوم کی نابودی کا ایک سب سے بڑا عامل سمجھتے ہیں آپ فرماتے ہیں: ہر اس کام سے پرہیز کرو جس نے گزشتہ امتوں کی ریڑ کی ہڈی کو توڑ دیا ہے۔ انکے کاموں کے انجام کو غور سے دیکھو جب ان میں تفرقہ پیدا ہوا اور ایک دوسرے کے مابین الفت اور اتحاد ختم ہو گیا اور انکے دل مختلف ہو گئے اختلاف نے انہیں مختلف شاخوں میں بکھیر دیا اور گروہ گروہ، ایک دوسرے کے سامنے لا کھڑا کیا خداوند عالم نے کرامت کے لباس کو ان سے نوچ لیا اور بہت سی نعمتوں کو ان سے چھین لیا اور صرف انکا قصہ تمہارے درمیان باقی رکھا تا کہ عبرت لینے والے اس سے عبرت حاصل کرے۔ (خطبہ ۱۹۲) امام علی علیہ السلام اتحاد کی اہمیت بیان کرتے ہوئے اسے ریڑ کی ہڈی سے تشبیہ کرتے ہیں "اس خطبہ (قاصعہ) کا اساسی محور اتحاد اور اختلاف ہے کہ جس پر ایک قوم اور معاشرے کی کامیابی اور زوال کا دارومدار ہوتا ہے ایک اہم نقطہ جو اس خطبے میں قابل توجہ ہے وہ ان دو مسئلوں کا استکبار سے مرتبط ہونا ہے ایک طبیعی اتحاد اسی وقت ممکن ہے جب ایک قوم اور ایک معاشرے کے قائد اور رہبر، استکبار، خودمحوری اور انانیت سے مبرا ہوں لوگوں سے دوستانہ تعلقات ہوں اور خدمت خلق کے علاوہ کوئی دوسرا ہدف انکے لئے مطرح نہ ہو اور اسی طرح تمام صنفی، شخصی اور طبقاتی اہداف جن کو اختلاف کا اصلی مقدمہ مانا جاتا ہے، خدا پرستی کے اہداف میں تبدیل ہو جائیں گیا ور اگر ایسا نہ ہو تو استکبار اسی طرح سے اختلاف کا مقدمہ بنتا رہے گا" (فرہنگ آفتاب، ج ۱، ص ۴۶۳)

۳) **صراط مستقیم سے منحرف ہونا**۔ صحیح اور سیدھا راستہ صرف انبیاء علیہم السلام کے توسط ایک قوم اور ملت کے لئے مشخص ہوا ہو جو بھی قوم اس مستقیم راہ پر گامزن رہی اس نے کبھی بھی شکست کا سامنا نہیں کیا امام علی علیہ السلام بھی تاکید کرتے ہیں کہ اس راستے سے منحرف نہیں ہونا چاہیے آپ فرماتے ہیں: داہنا اور بایاں گمراہی ہے بیچ والی راہ مستقیم اور سیدھی راہ ہے قرآن اور نبوت کے آثار بھی اسی کی وصیت کرتے ہیں۔ یہ سنت رسول ﷺ کی گزرگاہ ہے اور آخرکار سبھوں کو اسی طرف آنا ہے۔ (خطبہ ۱۶) اس کا مطلب یہی ہوتا ہے کہ چونکہ یہ راستہ انبیاء کا راستہ ہے اسلئے اس راستے پر چلنے سے انسان نہ تو کبھی گمراہ ہو سکتا ہے اور نہ ہی شکست سے دوچار ہو سکتا ہے اور جس قوم کے افراد اس راستے کو انتخاب کریں گے وہ ہمیشہ سربلند ہے کبھی بھی نابود نہیں ہوگی۔

۴) **ڈکٹیٹر شپ**۔ صرف ایک فرد حاکم بنے اور یہ کہے کہ میں سب کچھ ہوں میری اطاعت سب کو کرنی چاہیے اسے ڈکٹیٹر شپ کہتے ہیں جو ہمیشہ استبداد اور استعمار ہے ساتھ ہوتی ہے امام علی علیہ السلام اپنی حکومت کے دوران اپنے سبھی گورنروں کو اس بات کا حکم دیتے ہیں کہ دیکھو من مانی سے کام نہیں لینا آپ فرماتے ہیں: لوگوں سے مت کہو کہ مجھے چونکہ حکم دیا گیا ہے لہذا میں بھی حکم ہی کروں گا پس میری اطاعت لازم ہے ایسا تکبر دل کو فاسد اور دین کو مرجھا دیتا ہے اور نعمت کے زائل ہونے کا سبب بنتا ہے (خط ۵۳) نہج البلاغہ کے عصر حاضر کے معروف مترجم اور شارح مرحوم دشتی قدس سرہ اس

بارے میں فرماتے ہیں: یہ جملہ **absolutism** (استبدادی حکومت) کی نفی کرتا ہے۔ (نہج البلاغہ، محمد دشتی، ص ۵۶۷) پس یہ کچھ ایسے سیاسی عوامل تھے جن کی وجہ سے ایک قوم نابود ہوسکتی ہے تاریخ کا مطالعہ کرنے سے بھی یہی ہاتھ آتا ہے کہ ایک قوم اور ملت کے زوال اور انحطاط میں یہ سب سے اہم اور موثر عوامل ثابت ہوے ہیں اور ہوتے ہیں آج کے دور میں بھی اگر دیکھا جائے تو سیاسی اعتبار قوموں کے انحطاط کے اسباب میں مذکورہ عوامل سرفہرست ہیں

**ب:** ثقافتی عوامل۔ اس سے مراد وہ اسباب ہیں جو ایک فرد اور ایک معاشرہ سے وابستہ ہیں۔

۱) **ہوس اور بدعتیں**۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ ایک معاشرے میں فتنہ اور فساد، خواہشات نفس کی پیروی اور بدعتوں کی وجہ سے پیدا ہوتا ہے امام علی علیہ السلام اس بارے میں فرماتے ہیں: فتنہ اور فساد، خواہشات نفس کی پیروی اور بدعتوں کی وجہ سے وجود میں آتے ہیں ایسی بدعتیں کہ جن کی وجہ سے خدا کی کتاب کی مخالفت کی جاتی ہے اور بعض دین خدا کے برخلاف دوسرے گروہ پر حکومت کرتے ہیں۔ (خطبہ ۵۰)

۲) **حاکم اور لوگوں کے درمیان رابطے میں نا انصافی**۔ یہ ایک مسلم حقیقت ہے کہ حکومت اور لوگوں کے مابین جو رابطہ ہوتا وہ معتدل ہونا چاہیے نہ ہی افراط سے کام لینا چاہیے اور نہ ہی اس میں تفریط ہونا چاہیے اگر یہ رابطہ اعتدال کی حد سے تجاوز کر جائے تو وہ معاشرہ اور وہ ملت سالم نہیں رہ پاتی۔ امام علی علیہ السلام اس بارے میں فرماتے ہیں: جب لوگ حکومت پر حاکم ہو جائے یا حاکم اپنی رعیت پر ظلم کرے، وحدت کلمہ ختم ہوجاتا ہے ظلم کی نشانیاں آشکار ہوجاتی ہے اور دھوکہ بازی دین میں زیادہ ہوجاتی ہے سنت رسول ﷺ کی راہ متروک، ہوا پرستی زیادہ، دین کے احکام معطل اور دلوں کی بیماری فراوان ہوجاتی ہے معاشرے میں عظمت حق کی فراموشی اور خطرناک باطل کی ترویج کے باعث لوگ نگرانی کا احساس بھی نہیں کرتے، پس یہاں پر نیک لوگ ذلیل اور بدکار لوگ قدرتمند ہوجاتے ہیں اور خدا کا عذاب بندوں پر بہت بڑا اور دردناک ہوگا۔ (خطبہ ۲۱۶)

۳) **حق سے بے تفاوتی**۔ ایک اور عامل جو قوم کے انحلال اور زوال کے عامل میں حساب کیا جاتا ہے حق سے روگردانی اور حق سے بی تفاوت رہنا ہے ایک معاشرے میں جب حق کی اہمیت ختم ہوجاتی ہے تو وہ معاشرے آہستہ آہستہ اپنے زوال کے اسباب کو خود ہی فراہم کرتا ہے امام علی علیہ السلام نہج البلاغہ میں اس بات کی طرف اشارہ کرتے ہوئے فرماتے ہیں: اے لوگو! اگر حق کی مدد کرنے سے گریز نہیں کرتے اور باطل کو ذلیل کرنے میں سستی نہیں کرتے، ہرگز وہ لوگ جو تمہارے برابر نہیں تھے تمہیں نابود کرنے کی چاہت نہیں کرتے اور قدرتمند تم پر کامیاب نہیں ہوتا لیکن امت بنی اسرائیل کی حیرت اور سرگردانی میں مبتلا ہوگئے اپنی جان کی قسم یہ پریشانی میرے بعد زیادہ ہوجائے گی کیونکہ حق کی طرف پیٹ کی ہے اور اپنوں (اصحاب پیغمبر) سے دوری کی ہے اور بیگانوں کے قریب ہوئے ہو۔ (خطبہ ۱۶۶)

۴) **ظلم سہنا**۔ ایک قوم کے انحلال کے عوامل میں ایک عامل اس قوم کے افراد کا ظلم سہنا ہے جی ہاں باطل کی اطاعت کرنا ظلم کرنے والوں کے ظلم پر خاموشی برتنا اس بات کی علامت ہے کہ اب یہ قوم آگے نہیں بڑھ سکتی ہے اور یہی پر رہ کے دب جائے گی امام علی علیہ السلام اس سلسلے میں فرماتے ہیں: بیشک تم سے پہلی والی امتیں ہلاک ہوگئیں کیونکہ لوگوں کے حقوق سے ممانعت کی پس انہوں نے دنیا کو رشوت دے کے حاصل کیا اور لوگوں کو باطل کی راہ پر لے گئے اور لوگوں نے انکی اطاعت کی۔ (خط ۷۹)

۵) **بدکاری**۔ ایک معاشرے میں رہنے والے افراد اگر کسی بھی طرح کے برے اعمال کو انجام دیتے ہیں وہ برائی اس معاشرے اور قوم کو بحران میں مبتلا کرتی ہے امام علی علیہ السلام ان ہی برے اعمال سے بچنے کی اپنے قوم اور ملت کو تلقین کرتے ہیں انہیں گزشتہ امتوں میں پائے جانے والی ایسی صفات سے بچنے کی تاکید کرتے ہیں جو انکی بربادی کا سبب بنا تھا آپ فرماتے ہیں: اپنے آپ کو ایسی بھلاؤں سے بچاؤ جو گزشتہ امتوں میں انکے برے اعمال کی وجہ سے وارد ہوئی اور انکے حالات کو خیر اور شر کے دوران یاد کرو اور انکے جیسا بننے سے

ڈرو۔ اور ہر اس کام سے اجتناب کرو جس سے انکی پشت ٹوٹ گئی اور انکی قدرت برباد ہوگئی ایک دوسرے سے کینہ رکھنے، حسد اور بخل کرنے سے دل کو صاف کرو اور ایک دوسرے کی طرف پشت کرنے اور ایک دوسرے کی مدد نہ کرنے سے پرہیز کرو۔ (خطبہ ۱۹۲)

۶) **لمبی آرزوئیں** ۔ ایک اور عامل جو ایک قوم کی تباہی کا سبب بنتا ہے وہ اس قوم سے وابستہ افراد کی لمبی لمبی آرزوئیں ہیں امام علی علیہ السلام نے بھی نہج البلاغہ میں اس حقیقت کی طرف اشارہ کرتے ہوئے فرمایا ہے: انما هلك من كان قبلكم بطول آمالكم و تغيب آجالهم حتى نزل بهم الموعود الذى ترد عنه المعذرة ، و ترفع عنه التوبة ، و تحل معه القارعة و النقمة۔ (خطبہ ۱٤۷) آپ سے پہلے زندگی بسر کرنے والے لمبی آرزؤں کی وجہ سے اور موت کے پوشیدہ ہونے کے سبب ہلاک ہو گئے یہاں تک کہ وہ موت جسکا انہیں وعدہ دیا گیا تھا، ان کی طرف ایسی صورت میں آیا کہ جو بہانہ قبول نہیں کرتا اور توبہ کے دروازے بند کراتا ہے جو اپنے ساتھ سخت حالات اور موت کے بعد رونما ہونے والے خطرناک مجازات لاتا ہے

۷) **گناہوں کا عام ہونا** ۔ اگر ایک معاشرہ اور قوم میں رہنے والے افراد اچھائی سے پیش آتے ہوں اور ہر اچھے کام کو انجام دیتے ہوں وہ معاشرے ضرور ترقی کرتا رہے گا لیکن جس معاشرے یا قوم میں برائی کی ترویج ہوتی ہو اور ہر طرف سے افراد گناہوں میں مبتلا ہوں وہ بربادی کے سامان اپنے لئے مہیا کرتا ہے امام علی علیہ السلام اس بات کی طرف اشارہ کرتے ہوئے فرماتے ہیں: خدا تم لوگوں پر رحم کرے! جان لو تم ایسے دور میں زندگی گزار رہے ہو جس میں حق بات کہنے والے بہت کم ہیں زبان سچ کہنے سے عاجز ہے حق کو ڈھونڈنے والے ذلیل ہیں لوگ گناہوں میں مبتلا ہیں اور چاپلوسی ایک دوسرے کا ساتھ دیتے ہیں انکے جوان بد اخلاق اور بوڑھے گناہ گار اور جاننے والے منافق اور ساتھ سہنے والے منفعت طلب ہیں نہ چھوٹے بڑوں کا احترام کرتے ہیں اور نہ ہی ثروتمند محتاجوں کی مدد کرتے ہیں۔




الحمد للہ رب العالمین والصلوۃ والسلام علیٰ سید المرسلین اما بعد فاعوذ باللہ من الشیطن الرجیم ط بسم اللہ الرحمن الرحیم o شیطان لاکھ سستی دلائے اس مختصر مضمون کا اول تا آخر مطالعہ ضرور فرمائیں۔ سرکار مدینہ ﷺ نے ارشاد فرمایا' جو مجھ پر شب جمعہ اور جمعہ کے روز سو بار درود شریف پڑھے' اللہ تعالیٰ اس کی سو حاجتیں پوری فرمائے گا۔ (التفسیر در منثور ج ۶ ص ۷۔۶) صلوا علی الحبیب صلی اللہ تعالیٰ علیٰ محمد الحمد للہ عزوجل ہم مسلمان ہیں اور مسلمان کا ہر کام اللہ عزوجل اور اس کے پیارے حبیب ﷺ کی رضا کیلئے ہونا چاہئے۔ مگر آہ! ہماری بے عملی! شاید اسی وجہ سے آج ہمیں طرح طرح کی پریشانیوں کا سامنا ہے۔ کوئی قرض دار ہے تو کوئی گھریلو ناچاقیوں کا شکار' الغرض ہر ایک کسی نہ کسی مصیبت میں گرفتار ہے۔ اللہ تعالیٰ قرآن پاک میں ارشاد فرماتا ہے۔ وما اصابکم من مصیبة فبما کسبت ایدیکم و یعفوا عن کثیر o (الشوریٰ آیت 30) **ترجمہ**: اور تمھیں جو مصیبت پہنچی وہ اس سبب سے ہے جو تمہارے ہاتھوں نے کمایا اور بہت کچھ تو معاف کر دیتا ہے۔

یقینا دُنیا و آخرت کی ہر پریشانی کا واحد حل اللہ عزوجل اور اس کے پیارے حبیب ﷺ کے بتائے ہوئے کاموں میں لگ جانا ہے۔ لیکن افسوس! آج کا مسلمان اپنے مسائل کے حل کے لئے مشکل ترین دنیوی ذرائع استعمال کرنے کو تیار ہے مگر اللہ عزوجل اور اس کے پیارے حبیب ﷺ کے عطا کردہ روزی میں برکت کے آسان ذرائع کی طرف اس کی توجہ نہیں۔ آج کل لوگوں کو بیروزگاری و تنگدستی کے گھمبیر مسائل نے بے حال کر دیا ہے۔ شاید ہی کوئی ایسا گھر ہو جو تنگدستی کا شکار نہ ہو۔ اس سلسلے میں احادیث مبارکہ کی روشنی میں تنگدستی کے اسباب اور آخر میں ان کا حل بھی پیش کرنے کی کوشش کی گئی ہے بغور مطالعہ فرمائیں اور اپنی روزمرہ کی زندگی میں اس کا نفاذ کر کے رزق میں برکت کے اسباب کیجئے۔

**نوٹ**: رزق میں برکت کا صرف یہ معنی نہ سمجھیں کہ دولت کا انبار لگ جائے بلکہ کم رزق میں گزارہ ہو جانا اور جو مل جائے اس پر قناعت کی سعادت پانا بھی بہت بڑی برکت ہے۔

سیّد تنویر حیدر نقوی الامروہوی

# تَنوِیرُ الاُمُزمِلُ

خالقِ کائنات نے انسان کو اشرف المخلوقات کا مرتبہ عطا فرما کر قرآن کریم کی متعدد آیات میں نبی رحمتؐ اور اہل بیتؑ کی معرفت کائنات کی تسخیر کا درس سکھایا اور ان ہستیوں نے کبھی چاند کے دو ٹکڑے کر کے، کبھی سورج کو اسکی فطرت کے خلاف پلٹا کر، کبھی سنگریزوں سے کلمہ پڑھوا کر، کبھی ستارے آسمان سے اُتار کر انسان کی فکر و سوچ کو علمی و سائنسی طریقوں میں پنہاں، مخفی علوم سے اکتساب کرنے کی تلقین و نصیحت فرمائی۔ **مثلاً**

تسخیر کا ظاہری معنٰی جو کہ لغت کو بنانے والے داناؤں نے کیا ہے کہ ''کسی چیز کو فطرت کے خلاف کسی دوسرے کے بس میں زبردستی کسی خاص کام میں لگانے کے ہیں (لغات القرآن نعمانی)'' اس کی ایک مثال اولیائے کرام میں سے حضرت شاہ شرف الدینؒ جن کا مزار امروہہ (انڈیا) میں ہے ان کے مزار پر آج تک بچھوؤں کی کثرت موجود ہے لیکن زائرین کو اجازت سے یا مخصوص وقت کے لئے دربار سے باہر لے جانے کی صورت میں بھی اپنی فطرت کے خلاف ڈنگ نہیں مارتے۔ اسی طرح قرآنِ کریم کے ایک اور

**(i)** سورۃ الاعراف آیت **54** میں واضح فرمایا ''بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ ط إِنَّ رَبَّكُمُ اللَّهُ الَّذِي خَلَقَ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضَ فِي سِتَّةِ أَيَّامٍ ثُمَّ اسْتَوَىٰ عَلَى الْعَرْشِ يُغْشِي اللَّيْلَ النَّهَارَ يَطْلُبُهُ حَثِيثًا وَالشَّمْسَ وَالْقَمَرَ وَالنُّجُومَ مُسَخَّرَاتٍ بِأَمْرِهِ أَلَا لَهُ الْخَلْقُ وَالْأَمْرُ تَبَارَكَ اللَّهُ رَبُّ الْعَالَمِينَ'' بے شک تمہارا رب اللہ ہی ہے جس نے سب آسمانوں اور زمین کو چھ دن میں پیدا کیا پھر عرش پر قائم ہوا۔ چھپا دیتا ہے شب سے دن کو ایسے طور پر کہ وہ شب اس دن کو جلدی سے آلیتی ہے اور سورج و چاند اور دوسرے ستاروں کو پیدا کیا اس طور پر کہ سب اس کے حکم کے تابع ہیں۔ یاد رکھو! اللہ ہی کے لئے خاص ہے خلق کرنا اور حاکم ہونا۔ بڑی خوبیوں سے بھرے ہوئے ہیں اللہ تعالیٰ جو تمام عالم کے پروردگار ہیں (مولانا اشرف علی تھانوی مرحوم) اس آیت کی بھی بذات خود روزانہ **3,5,7,14** یا **41** مرتبہ تلاوت درود اور استغفار کی تسبیح کے ساتھ اپنی زندگی کا معمول بنالیں تو ہر قسم کی رکاوٹوں اور بندشوں پر قابو پا کر کامیاب زندگی گزاری جا سکتی ہے۔

**(ii)** سورۃ توبہ کی آخری دو آیات ''بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ ط لَقَدْ جَاءَكُمْ رَسُولٌ مِّنْ أَنفُسِكُمْ عَزِيزٌ عَلَيْهِ مَا عَنِتُّمْ حَرِيصٌ عَلَيْكُم بِالْمُؤْمِنِينَ رَءُوفٌ رَّحِيمٌ 128 فَإِن تَوَلَّوْا فَقُلْ حَسْبِيَ اللَّهُ لَا إِلَٰهَ إِلَّا هُوَ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيمِ 129'' (**نوٹ**: اس آیت کے حصے کے اعداد **3098** بنتے ہیں جن کو **8+9+0+3=20** بنتے ہیں جو کہ اِسم الٰہی ''ودود'' اور ''بدوح'' کی مخفی تسخیر لئے ہوئے ہیں) اے لوگو تمہارے پاس ایک ایسے پیغمبر تشریف لائے ہیں جو تمہاری جنس (بشر) سے ہیں جن کو تمہاری مضرت کی بات نہایت گراں گزرتی ہے جو تمہاری منفعت کے بڑے خواہشمند رہتے ہیں (یہ حالت تو سب کے ساتھ ہے بالخصوص) ایمانداروں کے ساتھ بڑے ہی شفیق اور مہربان ہیں پھر اگر یہ روگردانی کریں تو آپ کہہ دیجئے (میرا کیا نقصان ہے) کہ میرے لئے (تو) اللہ تعالیٰ (حامی و ناصر) کافی ہے اس کے سوا کوئی معبود ہونے کے لائق نہیں (مولانا اشرف علی تھانوی مرحوم) اس آیت کی بھی بذات خود روزانہ **3** یا **21** مرتبہ تلاوت درود اور استغفار کی **1-1** تسبیح کے ساتھ اپنی زندگی کا معمول بنالیں تو تسخیر خلق کی خاص صلاحیت و بصیرت حاصل ہو جائے گی۔ ان آیات میں بھی نبی رحمت ﷺ کا انسانیت کی بھلائی کے لئے بے چین ہونا بھی اس امر کی طرف اشارہ ہے کہ بنی نوع انسانیت اپنے

آپ کو نبی رحمت ﷺ کے تابع و فرمانبردار بنا کر تسخیری صلاحیتوں سے فائدہ اُٹھا سکے۔ یہی ہر انسان کی خواہش و جبلت بھی ہے وہ کائنات کی ہر شے پر حکمرانی میں نمایاں مقام حاصل کرنا چاہتا ہے۔ اسی خواہش کی تکمیل کے لئے ہر زمانہ میں جن طریقوں کو نمایاں کیا جاتا رہا ہے انہی میں سے ایک مجرب ترین عمل کو ہدیہ قارئین کر رہا ہوں۔

(iii) مَاشَآءَ اللّٰهُ لَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ اَسْتَغْفِرُ اللّٰه (جو کچھ اللہ چاہے، نہیں کوئی قوت سوائے اللہ کے، میں اس سے بخشش چاہتا ہوں)

(iv) بِسْمِ اللّٰهِ بِاللّٰهِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ وَ اغْفِرْ لِلْمُؤْمِنِيْنَ وَ الْمُؤْمِنٰتِ (اللہ کی ذات اور اسکے ذکر کیساتھ، اے معبود محمدؐ وآل محمدؐ پر رحمت فرما کر مومن مردوں اور عورتوں کی بخشش فرما دے)

اسکی اہمیت وافادیت ورموز مخفی کو تو صرف اہلِ علم ہی سمجھ سکتے ہیں۔ ایک عام عامل وقاری کیلئے ضرورت کے مطابق صرف عمل کر کے فیض اُٹھانا ہے۔

☆ عام افراد بوقت ضرورت تہجد، فجر یا عشاء کے بعد غسل کر کے مکمل عمل کو دہراتے ہوئے اپنے پورے جسم کو دم کر کے مقصد کیلئے جا سکتے ہیں۔

☆ دو رکعت نماز حاجت (صبح کی طرح) پڑھتا ہوں تکمیل زکوٰۃ نورانی تسخیر عظیم کیلئے باب العلم علیؑ ابنِ ابی طالبؑ سے مدد چاہتے ہوئے زیرِ سایہ امام عصرؑ سنت قربۃ الی اللہ۔ نیت کے بعد تکبیرۃ الاحرام کہہ کر نماز کو مکمل کرنا ہے۔ (**نوٹ:** آیت یا اسم اعظم وغیرہ کی زکوٰۃ ادا کرتے وقت اسی طرح نیت کرنی ہے تاکہ زکوٰۃ کی قبولیت و کام لینے کی بصیرت حاصل ہو سکے) اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ط **11** مرتبہ یا **110** مرتبہ تلاوت کر کے کل انبیاءؑ، شہداؑ، صدیقینؑ، صالحینؑ، اولیاء قطب وابدال، کل مومنین ومومنات مسلمین ومسلمات کو ہدیہ کریں۔

(v) اس کے بعد نمبر (i)(ii) نمبر (iii) نمبر (iv) نمبر کو **11,7,5,3** مرتبہ تلاوت کرنے کے بعد سورہ مبارکہ مزمل کو ایک مرتبہ سکون واطمینان کے ساتھ پڑھنا ہے۔ تسخیری اسمائے الٰہی کے توسط سے **40** یا **120** دن تک روحانی شرائط کے ساتھ تلاوت کر کے تاحیات فیض اُٹھا سکتے ہیں۔ اثر کو باقی رکھنے کیلئے ایک مرتبہ پڑھنا عادت بنالیں۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ الْمُزَّمِّلِ وَ الْخَصَائِصِ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

يَا أَيُّهَا الْمُزَّمِّلُ ۝ قُمِ اللَّيْلَ إِلَّا قَلِيلًا ۝ نِصْفَهُ أَوِ انْقُصْ مِنْهُ قَلِيلًا ۝ أَوْ زِدْ عَلَيْهِ وَرَتِّلِ الْقُرْآنَ تَرْتِيلًا ۝ إِنَّا سَنُلْقِي عَلَيْكَ قَوْلًا ثَقِيلًا ۝ إِنَّ نَاشِئَةَ اللَّيْلِ هِيَ أَشَدُّ وَطْئًا وَأَقْوَمُ قِيلًا ۝ إِنَّ لَكَ فِي النَّهَارِ سَبْحًا طَوِيلًا ۝ وَاذْكُرِ اسْمَ رَبِّكَ وَتَبَتَّلْ إِلَيْهِ تَبْتِيلًا ۝ رَبُّ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ لَا إِلَٰهَ إِلَّا هُوَ فَاتَّخِذْهُ وَكِيلًا ۝ وَاصْبِرْ عَلَىٰ مَا يَقُولُونَ وَاهْجُرْهُمْ هَجْرًا جَمِيلًا ۝ وَذَرْنِي وَالْمُكَذِّبِينَ أُولِي النَّعْمَةِ وَمَهِّلْهُمْ قَلِيلًا ۝ إِنَّ لَدَيْنَا أَنْكَالًا وَجَحِيمًا ۝ وَطَعَامًا ذَا غُصَّةٍ وَعَذَابًا أَلِيمًا ۝ يَوْمَ تَرْجُفُ الْأَرْضُ وَالْجِبَالُ وَكَانَتِ الْجِبَالُ كَثِيبًا مَهِيلًا ۝ إِنَّا أَرْسَلْنَا إِلَيْكُمْ رَسُولًا شَاهِدًا عَلَيْكُمْ كَمَا أَرْسَلْنَا إِلَىٰ فِرْعَوْنَ رَسُولًا ۝ فَعَصَىٰ فِرْعَوْنُ الرَّسُولَ فَأَخَذْنَاهُ أَخْذًا وَبِيلًا ۝ فَكَيْفَ تَتَّقُونَ إِنْ كَفَرْتُمْ يَوْمًا يَجْعَلُ الْوِلْدَانَ شِيبًا ۝ السَّمَاءُ مُنْفَطِرٌ بِهِ ۚ كَانَ وَعْدُهُ مَفْعُولًا ۝ إِنَّ هَٰذِهِ تَذْكِرَةٌ ۖ فَمَنْ شَاءَ اتَّخَذَ إِلَىٰ رَبِّهِ سَبِيلًا ۝ [قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ يَا حَنَّانُ ۝ اَللّٰهُ الصَّمَدُ يَا مَنَّانُ ۝ لَمْ يَلِدْ يَا كَرِيْمُ ۝ وَلَمْ يُوْلَدْ يَا رَحِيْمُ ۝ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ يَا عَزِيْزُ ۝ اس کو **128** بار پڑھیں] إِنَّ رَبَّكَ يَعْلَمُ أَنَّكَ تَقُومُ أَدْنَىٰ مِنْ ثُلُثَيِ اللَّيْلِ وَنِصْفَهُ وَثُلُثَهُ وَطَائِفَةٌ مِنَ الَّذِينَ مَعَكَ ۚ وَاللَّهُ يُقَدِّرُ اللَّيْلَ وَالنَّهَارَ ۚ عَلِمَ أَنْ لَنْ تُحْصُوهُ فَتَابَ عَلَيْكُمْ ۖ فَاقْرَءُوا مَا تَيَسَّرَ مِنَ الْقُرْآنِ ۚ عَلِمَ أَنْ سَيَكُونُ مِنْكُمْ مَرْضَىٰ ۙ وَآخَرُونَ يَضْرِبُونَ فِي الْأَرْضِ يَبْتَغُونَ مِنْ فَضْلِ اللَّهِ ۙ وَآخَرُونَ يُقَاتِلُونَ فِي سَبِيلِ اللَّهِ ۖ فَاقْرَءُوا مَا تَيَسَّرَ مِنْهُ ۚ وَأَقِيمُوا الصَّلَاةَ وَآتُوا الزَّكَاةَ وَأَقْرِضُوا اللَّهَ قَرْضًا حَسَنًا ۚ وَمَا تُقَدِّمُوا لِأَنْفُسِكُمْ مِنْ خَيْرٍ تَجِدُوهُ عِنْدَ اللَّهِ هُوَ خَيْرًا وَأَعْظَمَ أَجْرًا ۚ وَاسْتَغْفِرُوا اللَّهَ ۖ إِنَّ اللَّهَ غَفُورٌ رَحِيمٌ ۝

مَاشَاءَ اللّٰهُ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ **3** مرتبہ پڑھ کر عمل مکمل کریں۔

علامہ سید حافظ ریاض حسین نجفی، پرنسپل جامع المنتظر لاہور

# انما یرید اللہ لیذھب عنکم الرجس اھل البیت ویطھرکم تطھیرا

اس بات میں کسی شک وشبہ کی گنجائش نہیں کہ حضرت زہرا علیہا السلام طاہرہ اور معصومہ ہیں ہر قسم کے گناہ اور لغزش سے پاک ہیں، ہم اس نوشتہ میں حضرت زہرا علیہا السلام کی عصمت کو فریقین کی کتابوں سے ثابت کریں گے لیکن ضروری نہیں کہ ہر انسان ہماری تحریر سے متفق ہو لیکن بڑے وثوق کے ساتھ کہہ سکتا ہوں کہ اگر انصاف اور تعصب سے دور رہتے ہوئے ہماری تحریر کا ملاحظہ کیا جائے تو روز روشن کی طرح عیاں ہو جائے گا کہ پیغمبر اکرم حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی دختر نیک اختر حضرت زہراؑ جناب مریم اور دیگر معصوم خواتین کی طرح درجہ عصمت پر فائز ہیں، اور جنت کی خواتین کی سرداری کا شرف بھی اسی بی بی طاہرہ معصومہ زکیہ راضیہ، مرضیہ، بتول کو حاصل ہے۔ ہمارے نزدیک متواتر احادیث سے حضرت زہرا کی عصمت ثابت ہے اور متعدد روایات میں حضرت زہرا کی فضیلت اور عظمت کو بیان کیا گیا ہے اور دوسرے فریق کے بزرگ اور جید علماء کا اتفاق ہے کہ آیہ تطہیر حضرت زہرا اور اہل بیت کی عصمت اور طہارت پر دلالت کرتی ہے۔ ہم آئندہ کی سطور میں انہیں مسائل پر گفتگو، اور دلائل ذکر کرینگے دور اندیش، موحد، حکماء، محققین اور برجستہ فقہاء کے بقول؛ اس دنیا اور آخرت میں ایک بنیادی فرق یہ ہے کہ اس دنیا میں ظاہری شکل وصورت اور ظاہری حسن، سیرت اور کردار کے مقابلہ میں اپنا سکہ جمائے ہوئے ہے، ممکن ہے کہ ایک انسان ظاہراً عام انسان کی طرح ہو لیکن باطن میں درندہ صفت ہو، لہذا ظاہری شکل وصورت کے اعتبار سے عام انسانوں میں کوئی فرق نہیں۔ (ہاں بعض خوبصورت اور بعض بدصورت لیکن ظاہراً سب انسان ہیں۔)

لیکن آخرت کا نظام دنیا کے نظام کے بالکل برعکس ہے بعض افراد کے بارے میں خداوند متعال فرماتا ہے -و نحشرھم یوم القیامۃ علی وجوھھم عمیا بکما و صما -یعنی قیامت کے دن ہم انہیں اوندھے منہ، اندھے گونگے اور بہرے بنا کر اٹھائیں گے۔ اور بعض افراد کے متعلق فرماتا ہے- وجوہ یومئذٍ ناضرۃ الی ربھا ناظرۃ - بہت سے چہرے اس روز شاداب ہونگے وہ اپنے رب (کی رحمت) کی طرف دیکھ رہے ہونگے۔ اور اسی طرح ان ہستیوں کے چہرے شاداب ہونگے جنہوں نے فرمایا: انما نطعمکم لوجہ اللہ لا نرید منکم جزاء ولا شکورا- (اہل بیت علیہم السلام فقراء سے فرماتے ہیں) ہم تمہیں صرف اللہ کی رضا کے خاطر کھلا رہے ہیں۔ ہم تم سے نہ کوئی معاوضہ چاہتے ہیں اور نہ ہی شکر گذاری کے خواہاں ہیں- ذلک الیوم الحق - قیامت کا دن برحق ہے- الملک یومئذ للہ - اس دن فقط اللہ کی بادشاہی ہوگی۔ عقلی اور نقلی دلائل کی روشنی میں یہ بات پایہ ثبوت کو پہنچ چکی ہے کہ حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم، صادق، مصدق، اور امین ہیں، یعنی نہ تو کبھی جھوٹ بولا، اور نہ ہی کبھی اللہ کے اوپر جھوٹی تہمت باندھی، اور ان کی صداقت وامامت، کی گواہی قرآن نے بڑے واضح الفاظ میں بیان فرمادی۔ ارشاد رب العزت ہے- وما ینطق عن الھوی ان ھو الا وحی یوحی - وہ وہی بولتے ہیں جو وحی بولتی ہے۔ اسی طرح قرآن کی دیگر آیات بھی ہیں جو پیغمبر ﷺ کی صداقت کو بیان کرنے کے ساتھ ساتھ ان کی پیروی کا حکم بھی دیتی ہیں۔ اب ہم ان مقدمات کی روشنی میں حضرت محمد مصطفیٰ کی ایک حدیث کو نقل کرتے ہیں اور پھر یہ بیان کرینگے کہ یہ حدیث کیسے ہمارے دعوی کی دلیل بن سکتی ہے- تحشر ابنتی فاطمۃ و علیھا حلۃ الکرامۃ قد عجنت بماء الحیوان . فینظر الیھا الخلائق فیتعجبون منھا . ثم تکسی ایضا من حلل الجنۃ الف حلۃ . مکتوب علی کل حلۃ بخط اخضر . ادخلوا ابنت محمد الجنۃ علی احسن الصورۃ واحسن الکرامۃ. واحسن فنظر -(۱)

تاریخ دمشق/ ابن عساکر ج۱۲ ص ۸۶۔ مقتل الحسین/ والخوازمی ج۱ ص ۵۲

میری بیٹی فاطمہ قیامت کے دن باوقار لباس میں ملبوس وارد محشر ہوگی، ایسا لباس جو آب حیات سے بنا ہوا ہوگا۔ تمام لوگ اس منظر کو دیکھ کر تعجب

میں پڑ جائینگے، پھر حضرت زھرا کو ہزاروں بہشتی حلوں سے مزین کیا جائے گا، ہر حلہ پر سبز رنگ سے یہ عبارت مرقوم ہوگی اے محمد بن عربی کی دختر نیک اختر، بہترین صورت، باوقار انداز اور خوش نما منظر کے ساتھ بہشت میں داخل ہو جائیں۔ اور قیامت جیسے برحق دن ممکن نہیں کہ خدا کی عدالت کے نظام میں ذرا برابر تبدیلی واقع ہو، اور انسان کو جو صورت عطا ہوگی وہ اس کے دنیاوی اعمال کا نتیجہ ہوگی۔ پس اس شخص کو انتہائی خوبصورت، کامل ترین، اور مثالی صورتسے نوازا جائے گا، جو پاکیزہ، کامل، اور مثالی سیرت اور نیک کردار کا مالک (اس دنیا میں) رہا ہو۔ پس اگر انسان عملی اعتبار سے سب سے بہتر اخلاق سے آراستہ افراد میں سب سے برتر اور عملی میدان میں سب سے بڑھ کر نہ ہو تو کیسے ممکن ہے کہ اسے قیامت کے دن سب سے بہترین صورت میں لایا جائے۔ حضرت محمد مصطفی ﷺ کا حضرت زھرا سلام اللہ علیھا کے بارے میں یہ فرمانا کہ فاطمة بضعة منی (۱) فاطمہ میرا ٹکڑا ہے۔ و فاطمة روحی التی بین جنبی، مبالغہ آرائی نہیں ہے۔ (حضرت زھرا کی عظمت ہمارے ناقص اذھان میں سما ہی نہیں سکتی۔ یہی وجہ ہے کہ جب حضرت عائشہ اس حیرت انگیز تشبیہ جو حضرت زھرا اور رسول خدا میں پائی جاتی تھی، کی طرف متوجہ ہوئیں تو بے ساختہ کہہ دیا، میں نے کسی کو نہیں دیکھا، جو سیرت، صورت، گفتار، کردار میں حضرت زھرا سے زیادہ رسول پاک سے مشابہ ہو (۳) اور جب حضرت عائشہ کو اندازہ ہوا کہ حضرت زھرا کی رسول پاک کے نزدیک کیا قدر و منزلت ہے تو روایت کی کہ جب حضرت زھرا تشریف لاتیں، پیغمبرؐ اپنی جگہ سے اٹھ کھڑے ہوتے، بی بی حضرت زھرا کا ہاتھ پکڑ کر بوسہ دیتے۔ (۱) المستدرک احمد بن حنبل ج ٤ / ٥ ص ٣٣٣ وصحیح البخاری ج ٥ /ص ٩٢۔ ١٥٠، صحیح مسلم ج ٤ ص ١٩٠٢ وسنن ترمذی ج ٥ /ص ٦٩٥ والمستدرک ج ٣ ص ١٥٤، ١٥٨ (٢) بحار الانوار ج ٢٧ ص ٦٣ / کتاب الامامة ٢٨، ٣٨۔ کتاب الفتن والمحن (٣) البخاری ج ٥ ص ٢٦ ج ٧ ص ٤٧ ومسلم ج ٧ ص ١٤١ ومسند احمد ج ٤ ص ٣٢٣، ٣٢٨، ٣٣٢ اور اپنی مسند پر بٹھاتے (١) جب اکثر اوقات حضرت زھرا سلام اللہ علیہا کے حق میں حضرت محمد ﷺ کا یہی وطیرہ تھا تو یہ احترام اس شخصیت کے لئے سزاوار ہے جو ایک لحظہ بھی حق سے جدا نہ ہو، اور یہ رتبہ عصمت کے بغیر حاصل نہیں ہوتا۔ اب ہم کچھ ایسے دلائل ذکر کرتے ہیں جن سے حضرت زھرا علیہا السلام کی عصمت ثابت ہوتی ہے۔ (۱) آیت تطہیر: انما یرید اللہ لیذھب عنکم الرجس اھل البیت ویطھرکم تطھیرا

**ترجمہ:**

اس آیت مبارکہ میں اہل بیت سے کیا مراد ہے، اسکو واضح کرنا ضروری ہے، چنانچہ اس میں چند احتمال پائے جاتے ہیں۔

(۱) اہل بیت سے مراد فقط ازواج مطہرات ہوں کیونکہ آیت کے تمام خطابات انھیں کے متعلق ہیں۔

(۲) ازواج مطہرات اور حضرت محمد حضرت علی حضرت فاطمہ اور امام حسن وامام حسین مراد ہوں۔

(۳) فقط پنجتن مراد ہوں۔ قرطبی کہتا ہے آیت کریمہ سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ تمام اہل بیت جس میں ازواج اور غیر ازواج تمام شامل ہیں اور (ویطھرکم) اس لئے استعمال ہوا کہ افراد کی تعداد غالب ہے اور جب مذکر و مؤنث جمع ہو جائیں تو مذکر کا صیغہ استعمال کیا جاتا ہے (۲) اور فخر الدین رازی بھی اسی قول پر متفق ہے (۳)

مگر ہمارا فریضہ یہ ہے کہ آیت کریمہ کے متعلق جستجو کریں تاکہ معلوم ہو جائے کہ آیات کے الفاظ اور معانی کس حد تک ان کے دعوی کو ثابت کرتے ہیں آیت کے شروع میں کلمہ ''انما'' ذکر ہوا ہے، جو اپنے بعد والے کلام کو ثابت اور غیر کی نفی کرتا ہے، اور اس انداز سے کلام میں استحکام اور پختگی پیدا ہو جاتی۔ (۱) سنن الترمذی ج ٥ ص ٧٠٠ والمستدرک ج ٣ ص ١٦٠ (٢) الجامع لاحکام القرآن/قرطبی ج ١٣ ص ١٨٣ (٣) التفسیر الکبیر البرازی ج ٢٥ ص ٢٠٩ ہے جیسا کہ کلمہ توحید ہے۔ لا الہ (نفی) الا اللہ اثبات ہے۔ پس آیہ کریمہ سے ظاہر ہوتا ہے کہ اللہ کا ارادہ تطہیر (پاک کرنا) اور پلیدی سے دوری میں منحصر ہے۔ اور کلمہ اہل بیت، کو جس معنی میں بھی استعمال کیا جائے، وہ مخاطبین سے پلیدی کی دوری اور (ان کی) باطنی طہارت پر دلالت کرتا ہے۔ تطہیر کا مطلب، یعنی گناہ اور برائی سے منزہ اور پاک ہونا۔

**الرجس:** اس کلمہ میں الف ولام یا تو معہود ذہنی کے لئے ہے، یا جنس کے لئے استعمال ہوا ہے لیکن حقیقت یہ ہے کہ معہود ذہنی کے لئے نہیں ہے کیونکہ گذشتہ کلام میں (یعنی آیہ تطہیر سے پہلے) رجس کا ذکر نہیں ہے کہ جس کی طرف الف ولام کی بازگشت ہو لہذا، الف ولام جنس کے لئے استعمال ہوا ہے۔ کلمہ رجس میں عمومیت پائی جاتی ہے اور اگر رجس کا ایک مصداق بھی متحقق

ہو جائے تو کلام خدا صادق نہیں رہتا کیونکہ خدا کا ارادہ ہر قسم کی پلیدی سے دور اور طہارت میں منحصر ہے۔ اب کلمہ رجس کو قرآن کی رو سے پرکھتے ہیں۔ ارشاد رب العزت ہے، و من یرد ان یضله یجعل صدره ضیقا حرجا یصدفی السماء کذلك یجعل الرجس علی الذین لا یو منون۔ (۱)

اور جسے گمراہ کرنے کا ارادہ کرتا ہے اس کے سینے کو ایسا تنگ گھٹا ہوا بنا دیتا ہے گویا وہ آسمان کی طرف چڑھ رہا ہو، ایمان نہ لانے والوں پر اللہ اس قسم کی ناپاکی مسلط کر دیتا ہے۔ اور و اما الذین فی قلوبهم مرض فزادتهم رجس الی رجسهم وما تو اهم کافرون (۲)

اور البتہ جن کے دلوں میں بیماری ہے ان کی نجاست پر اس نے مزید نجاست کا اضافہ کیا ہے اور مرتے دم تک کفر پر ڈٹے رہے۔ پھر ارشاد رب العزت ہے: قل لا اجد فی ما اوحی الی محرما علی طاعم الا ان یکون میتة او دما مسفو حا او لحم خنزیر فانه رجس، کہہ دیجئے جو وحی میرے پاس آئی ہے اس میں کوئی ایسی چیز نہیں پاتا جو کھانے والے پر حرام ہو مگر یہ کہ مردار ہو یا بہتا ہوا خون ہو سور کا گوشت کیونکہ یہ ناپاک ہیں۔

(۱) سورہ انعام ۶ / ۱۲۵ (۲) سورہ توبہ ۹ / ۱۲۵ (۳) سورہ انعام ۶ / ۱۴۵ آپ نے آیات کریمہ کو ملاحظہ فرمایا، پہلی دو آیات میں رجس معنوی نجاست اور آخری آیت میں رجس کو مادی نجاست کے لئے استعمال کیا گیا ہے لہذا نتیجہ یہ ہوا کہ اہل بیتؑ ہر قسم کی نجاست سے پاک و منزہ ہیں۔

اسی بنا پر علماء فرماتے ہیں رجس سے دوری سے مراد یقیناً عصمت (اہل بیت علیہم السلام) ہے۔ اور آیہ تطہیر (و یطهر کم تطهیرا جس کے مصدر کے ذریعہ تاکید بھی ہوئی کہ جس تطہیر سے مراد، اصل پلیدی سے دوری کے بعد رجس کے تمام اثرات کا قلع قمع کرنا ہے۔) میں اس مقام عصمت پر فقط اہل بیت علیہم السلام ہی فائز ہیں، اس گفتگو سے یہ نتیجہ سامنے آتا ہے کہ آیت تطہیر میں فقط حضرت محمد مصطفی امام علی امام حسن اور امام حسین اور حضرت فاطمہ زہرا کے بارے میں نازل ہوئی ہے اس میں اور کوئی بھی ان کے ساتھ شریک نہیں تھا۔ اس سلسلے میں ستر احادیث اہل سنت نے نقل کی ہیں اور یہ تعداد شیعہ روایات سے بھی زیادہ ہے۔ اہل سنت نے ام سلمہ، عائشہ، ابی سعید خدری، سعد، واثلہ بن اسقع، ابی حمراء، ابن عباس، ثوبان مولی النبی، عبد اللہ بن جعفر، علی علیہ السلام، حسن بن علی علیہ السلام، سے تقریباً چالیس طریق سے ان روایات کو نقل کیا ہے۔ اور شیعہ نے حضرت امام علی علیہ السلام، امام سجاد علیہ السلام، امام محمد باقر علیہ السلام، امام جعفر صادق علیہ السلام اور امام علی رضا علیہ السلام، ام سلمہ، حضرت ابوذر، ابولیلی، ابو الاسود الدوئلی، عمرو بن میمون الاودی، سعد بن ابی وقاص، سے تقریباً تیس طریق سے روایات کو نقل کیا ہے (۱) شداد بن عبد اللہ ابی عمار نے واثلہ بن الاسقع سے روایت کی کہ میں حضرت زہرا سلام اللہ علیہا کی خدمت میں شرفیاب ہوا اور حضرت علی علیہ السلام کے متعلق پوچھا، آپ نے فرمایا کہ وہ حضرت محمد مصطفی ﷺ کے یہاں ہیں تشریف لے گئے ہیں۔ حتی کہ پیغمبر حضرت علی اور حسنین علیہم السلام کے ہمراہ تشریف لائے، حضرتؐ نے حسنین علیہما السلام کو اپنے مبارک ہاتھوں پر لیا ہوا تھا، جب تشریف لائے تو حضرت علی اور حضرت فاطمہ کو اپنے المیزان / طباطبائی ج ۱۶ ص ۳۱۰، ۳۱۱، معمولی فرق کے ساتھ۔ زانوؤں پر بٹھایا، پھر ان پانچ ذوات مقدسہ نے ایک چادر اوڑھی پھر اس آیت کریمہ: (انما یرید الله لیذهب عنکم الرجس اهل البیت و یطهر کم تطهیرا) کی تلاوت فرمائی۔ اور فرمایا اللهم هولاء اهل بیتی، اے خدا یہی میرے اہل بیت ہیں (۱) اور پیغمبر نے اس انداز سے اس لئے بٹھایا تا کہ دیکھنے والوں کیلئے واضح ہو جائے کہ اہل بیت فقط یہی پنجتن پاک ہیں۔

عبد اللہ الجبار بن عباس شبامی نے عمار دھنی سے، اس نے عمرۃ بنت افعی سے اس نے ام سلمہ سے روایت کی ہے۔ کہ آیت تطہیر میرے گھر میں نازل ہوئی اور گھر میں سات ہستیاں موجود تھیں، جبرئیل، میکائیل، اور پنجتن پاک، اور میں گھر کے دروازے پر کھڑی تھی اور رسول پاک سے سوال کیا، کیا میں اہل بیت میں شامل نہیں ہوں، تو پیغمبرؐ نے فرمایا" انتِ علی الخیر " تو بھلائی پر ہے، تو پیغمبر کی ازواج مطہرات میں شامل ہے لیکن یہ نہیں فرمایا کہ تو اہل بیت میں شامل ہے (۲) گویا پیغمبر یہ چاہتے تھے کہ زبانی اور عملی طور پر لوگوں کے لئے واضح ہو جائے کہ اہل بیت فقط یہی ذوات مقدسہ ہیں۔ اور ام سلمہ والی روایت سے یہ حقیقت کھل کر سامنے آتی ہے کہ ازواج اس مقدس عنوان میں داخل نہیں ہیں۔ حقیقت کو قبول کرنے کیلئے اسکے بعد کیا عذر باقی ہے، ہاں مگر دشمنی اور عناد کا کوئی علاج نہیں۔ آیت کے نزول کے بعد پیغمبر اس حقیقت کو لوگوں کے اذہان میں مزید پختہ کرنے کے لئے حضرت زہرا سلام اللہ علیہا کے دروازے پر تشریف لاتے اور بلند آواز سے پڑھتے: السلام علیکم و رحمة الله و بر کاته اهل البیت انما یرید الله

لیذھب عنکم الرجس اھل البیت و یطھر کم تطھیرا۔

(۱) مسند احمد بن حنبل ج ٤ /ص ۱۰۷ و ۱۳٥ کتاب فضائل، فضائل امیر علیہ السلام، ط۔۱ اور تاریخ دمشق، ابن عساکر ج ۱۳ ص ۷٦ فی ترجمۃ الامام الحسین علیہ السلام (۲) شواہد التنزیل/ الحسکانی ج ۲ / ۸۱ ط۱۔ اس آیت کی تفسیر میں متعدد اسانید کے ساتھ اور یہ عمل چھ سات یا نو مہینے ہر روز پانچ مرتبہ انجام دیتے اور یہ عمل ہر روز کا وطیرہ تھا (۱) اس کی تفصیل اور تصدیق کے لئے طبری، ابن کثیر اور سیوطی کی تفاسیر کو ملاحظہ کیا جائے۔ ابن حجر کہتا ہے اکثر مفسرین قائل ہیں کہ یہ آیت حضرت علی فاطمہ، اور حسنین علیہما السلام کے بارے میں نازل ہوئی ہے (۲) حدیث ثقلین: انی تارك فیکم الثقلین کتاب اللہ و عترتی اھل بیتی ان تمسکتم بھما لن تضلوا بعدی ابدا۔

اس حدیث شریف سے بھی آیت تطہیر کی طرح استدلال ہوتا ہے کہ اہل بیت علیہم السلام، معصوم ہیں، اور گذشتہ دلائل کی روشنی میں یہ امر روز روشن کی طرح عیاں ہے کہ حضرت زہراء سلام اللہ علیہا بھی اھل بیت میں شامل ہیں۔ اس حدیث شریف میں اہل بیت علیہم السلام کو قرآن کا ہم پلہ قرار دیا گیا ہے اور وحی کی زبان سے بولنے والی ذات نے گواہی دی کہ جو شخص ان سے تمسک کرے وہ کبھی بھی گمراہ نہیں ہوگا، اور مطلق تمسک کا حکم عصمت کے بغیر ایک ناممکن امر ہے۔ اہل حق کے لئے یہ حدیث اور اس کے مفاہیم روز روشن کی طرح واضح ہیں، دشمنی اور عناد کا علاج کسی حکیم کے پاس بھی نہیں پیغمبر گرامی حضرت محمد مصطفی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

ان اللہ یغضب لغضبك و یرضی لرضاك (۳)

اے فاطمہ اللہ آپ کی ناراضگی اور غضب سے غضب ناک اور آپ کی خوشنودی سے خوشحال ہوتا ہے۔ (۱) مسند ابی داؤد ج ۸ ص ٤ ۲۷ ۔ اسد الغابہ ج ٥ ص ۲۱ ٥ وطبقات ابن سعد ج ۷ ص ۲۰٦ والبدایۃ والنھایہ/ ابن کثیر ج ۸ ص ۲۰٥ والمنتخب / طریحی ص ۱۸٦ ۔ طبع نجف (۲) الصواعق المحرقۃ، ۱٤۳ (۳) الشافی/ السید مرتضی، ۲۳۰ الطبعۃ الحجریۃ اور تلخیص الشافی/ الشیخ الطوسی ج ۳ ص ۱۲۳ طبع نجف و امالی شیخ صدوق، ص ۲۳۰ ۔ معانی الاخبار/ باب معنی الشحنۃ باسنادہ عن ابن عباس، مجالس شیخ مفید/ شیخ مفید باسنادہ عن الامام الباقرؑ گیارہویں مجلس از ابن حمزہ ثمالی ۔ مستدرک الحاکم نیشاپوری/ ج ۳ ص ۱٥٤ باب مناقب فاطمہ مجمع الزوائد ج ۹ ص ۲۰۳ باب مناقب فاطمہ الذخائر/ المحب الطبری فی ترجمہ فاطمہ۔ اسد الغابہ/ ابن اثیر در ترجمہ فاطمہ۔ مجمع البیان ج ۲ ص ٤٥۳ (اس میں روایت یوں ہے۔ ان اللہ لیغضب لغضب فاطمہ و یرضی لرضاھا) من اذی فاطمۃ فقد اذانی و من اذانی فقد اذی اللہ (۱) پیغمبر نے فرمایا: جس نے حضرت زہراء کو رنجیدہ خاطر کیا گویا اس نے مجھے رنجیدہ کیا اور جس نے مجھے رنجیدہ کیا بتحقیق اس نے خدا کی ناراضگی اور غضب کو مول لیا۔ حضرت زہراء سلام اللہ علیہا کی ناراضگی اور غضب کو غضب خدا کے ساتھ پیوستہ کرنا، اس امر کی غمازی کرتا ہے کہ حضرت زہرا کا غضب اور ناراضگی ہمیشہ حق اور صداقت پر مبنی ہے، اور یہ عظیم مقام انسان کو عصمت کے بغیر حاصل نہیں ہوتا، اور یہی کیفیت ان کی خوشنودی کی بھی ہے۔ ہم اپنی گفتگو کا خاتمہ اس بات پر کرتے ہیں کہ حضرت زہرا کی عصمت پر مفصل دلائل موجود ہیں جن سے چشم پوشی کرنا ممکن نہیں، ہاں اگر کوئی غیر معتبر روایات کے پیش نظر کتاب وسنت اور عقل کی مخالفت پر اتر آئے یا اپنی ناقص عقل سے کام لیتے ہوئے یہ کہہ دے کہ حضرت زہرا کا معصوم ہونا مشکل نظر آتا ہے تو اسکے ساتھ بحث کرنا غیر مفید ہے۔ ناقص اور قاصر عقل ہر حقیقت کو اپنی معلومات کی روشنی میں پرکھتی ہے اور انہیں معلومات کی بنا پر حکم صادر کرتی ہے۔ یہ بعید وغیرہ کہنا ظن پر مبنی ہے اور ظن کبھی بھی حق کا مقابلہ نہیں کرسکتا اور نہ ہی حق سے بے نیاز کرسکتا ہے اور علم ویقین جب اپنی تمام تر قوت کے ساتھ میدان میں موجود ہو تو ظن دم نہیں مارسکتا۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ ہم ظاہری کلمات سے دستبردار ہوجائیں اور اس حقیقت کو تسلیم کرلیں کہ بعض افراد پر خداوند کریم خصوصی فضل وکرم کرتا ہے۔

این سعادت بزور بازو نیست تا نہ بخشد خدائے بخشندہ

والحمد للہ الذی ھدانا لھذا وما کنا لنھتدی لو لا ان ھدانا اللہ وآخر دعوانا، ان الحمد للہ رب العلمین۔

(۱) صحیح البخاری/ کتاب ابتدائے خلقت، باب مناقب فاطمہ، بخاری نے اسے دو مقامات پر ذکر کیا ہے۔ کتاب نکاح، اور باب ذب الرجل عن ابنتہ، اور صحیح مسلم کتاب فضائل الصحابہ، باب فضائل فاطمہ، مسند احمد ج ٤ ص ۳۲۸ ۔ اور کتاب ترمذی الجامع الصحیح ج ٥ ص ٦۹۸ کتاب مناقب فضائل فاطمہ بنت محمد۔

علامہ ڈاکٹر محمد حسین اکبر دظلہ، (ادارہ) پرنسپل منہاج الحسین لاہور

# امام مہدی علیہ السلام قرآن وحدیث کی روشنی میں

قرآن کریم، الٰہی معارف کا نایاب اور ہمیشہ کے لئے باقی رہنے والی حکمتوں اور انسان کے لئے ضروری علم کا بہتا دریا ہے، یہ ایک ایسی کتاب ہے جس میں تمام تر صداقت اور سچائی ہے جس میں گزشتہ اور آئندہ کی خبروں کو بیان کیا گیا ہے اور کسی بھی حقیقت کو بیان کئے بغیر نہیں چھوڑا ہے۔ اگرچہ یہ بات روشن ہے کہ دنیا کے بہت سے ظریف حقائق الٰہی آیات میں پوشیدہ ہیں۔

## الف: قرآن کریم کی روشنی میں

قرآن کریم، الٰہی معارف کا نایاب اور ہمیشہ کے لئے باقی رہنے والی حکمتوں اور انسان کے لئے ضروری علم کا بہتا دریا ہے، یہ ایک ایسی کتاب ہے جس میں تمام تر صداقت اور سچائی ہے جس میں گزشتہ اور آئندہ کی خبروں کو بیان کیا گیا ہے اور کسی بھی حقیقت کو بیان کئے بغیر نہیں چھوڑا ہے۔ اگرچہ یہ بات روشن ہے کہ دنیا کے بہت سے ظریف حقائق الٰہی آیات میں پوشیدہ ہیں، اور صرف وہی حضرات ان واقعات کی حقیقت تک پہنچتے ہیں جو قرآن کی گہرائی تک پہنچ جاتے ہیں، اور وہ قرآن کریم کے حقیقی اہل اور مفسر قرآن یعنی پیغمبر اکرم ﷺ اور آپ کی آل پاک ہے۔

امام مہدی علیہ السلام کا قیام اور انقلاب اس دنیا کی سب سے بڑی حقیقت ہے جس کے بارے میں قرآن کریم کی متعدد آیات اور ان آیات کی تفسیر میں بیان ہونے والی بہت سی روایات میں اشارہ ہوا ہے، ہم یہاں پر چند نمونے پیش کرتے ہیں: سورہ انبیاء آیت ۱۰۵ / میں ارشاد ہوتا ہے:

"اور ہم نے ذکر کے بعد زبور میں بھی لکھ دیا ہے کہ ہماری زمین کے وارث ہمارے نیک بندے ہی ہوں گے"۔ حضرت امام محمد باقر علیہ السلام نے فرمایا: "زمین کو ارث میں لینے والوں سے مراد نیک اور صالح بندے ہیں، جو امام مہدی علیہ السلام اور ان کے ناصر و مددگار ہیں"۔ (1) اسی طرح سورہ قصص آیت ۵ میں ارشاد ہوتا ہے: وَنُرِيدُ أَنْ نَمُنَّ عَلَى الَّذِينَ اسْتُضْعِفُوا فِي الْأَرْضِ وَنَجْعَلَهُمْ أَئِمَّةً وَنَجْعَلَهُمُ الْوَارِثِينَ "اور ہم یہ چاہتے ہیں کہ جن لوگوں کو زمین میں کمزور کر دیا گیا ہے ان پر احسان کریں اور انہیں لوگوں کا پیشوا بنائیں اور زمین کے وارث قرار دیدیں"۔

حضرت امام علی علیہ السلام نے فرمایا: "(مستضعفین) سے مراد پیغمبر اکرم ﷺ کی آل ہے، خداوند عالم کوشش اور پریشانیوں کے بعد اس خاندان کے "مہدی" کے ذریعہ انقلاب برپا کرائے گا اور ان کو اقتدار اور شکوہ وعظمت کی اوج پر پہنچا دے گا نیز ان کے دشمنوں کو ذلیل ورسوا کردے گا"۔ (2) اسی طرح سورہ ہود آیت ۸۶ میں ارشاد ہوا ہے: "اللہ کی طرف کا ذخیرہ تمہارے حق میں بہت بہتر ہے اگر تم صاحب ایمان ہو"۔ حضرت امام محمد باقر علیہ السلام نے فرمایا: "جس وقت امام مہدی علیہ السلام ظہور فرمائیں گے خانہ کعبہ کی دیوار سے تکیہ لگائیں گے اور سب سے پہلے اسی آیت کی تلاوت فرمائیں گے اور اس کے بعد فرمائیں گے: أَنَا بَقِيَّةُ اللهِ فِي أَرْضِهِ وَخَلِيفَتُهُ وَحُجَّتُهُ عَلَيْكُمْ "میں زمین پر "بقیہ اللہ"، اس کا جانشین، اور تم پر اس کی حجت ہیں۔ پس جو شخص بھی آپ کو سلام کرے گا تو اس طرح کہے گا: اَلسَّلامُ عَلَيْكَ يَا بَقِيَّةَ اللهِ فِي أَرْضِهِ "(3) اور سورہ حدید آیت ۱۷ / میں ارشاد ہوتا ہے: "یاد رکھو کہ خدا مردہ زمینوں کا زندہ کرنے والا ہے اور ہم نے تمام نشانیوں کو واضح کر کے بیان کر دیا ہے تا کہ تم عقل سے کام لے سکو"۔ حضرت امام صادق علیہ السلام نے فرمایا: "مراد یہ ہے کہ خداوند عالم زمین کو حضرت امام مہدی علیہ السلام کے ظہور کے وقت ان کی عدالت کے ذریعہ زمین کو زندہ فرمائے گا جو گمراہ حکام کے ظلم وستم کی وجہ سے مردہ ہو چکی ہوگی"۔ (4)

## ب: روایات کی روشنی میں

حضرت امام مہدی (عج) کے سلسلہ میں بہت سی روایات ہمارے پاس موجود ہیں، اور یہ روایات اس طرح ہیں جن میں امام مہدی علیہ السلام کی

زندگی کے مختلف حصوں پر الگ الگ روایات آئمہ علیہم السلام کے ذریعہ بیان ہوئی ہیں، جیسے آپ کی ولادت، بچپن کا زمانہ، غیبت صغریٰ اور غیبت کبریٰ، ظہور کی نشانیاں، ظہور کا زمانہ، عالمی حکومت۔ چنانچہ امام مہدی علیہ السلام کی ظاہری اور اخلاقی خصوصیات، غیبت کا زمانہ اور ان کے ظہور کے منتظرین کی جزا اور ثواب کے بارے میں بہت اہم روایات موجود ہیں، قابل توجہ بات یہ ہے کہ ان میں سے متعدد روایات شیعہ کتابوں میں بھی بیان ہوئی ہیں اور اہل سنت کی کتابوں میں بھی، اور امام مہدی علیہ السلام کے بارے میں بہت زیادہ روایات "متواتر" (5) ہیں۔

قابل ذکر بات یہ ہے کہ امام مہدی علیہ السلام کی خصوصیات میں سے یہ بھی ہے کہ تمام ہی معصومین علیہم السلام نے آپ کے بارے میں بہترین کلمات ارشاد فرمائے ہیں جو واقعاً علم و آگاہی کا مجموعہ ہے، جن میں عدالت کے اس علمبردار کے قیام اور انقلاب کی حکایت ہوئی ہے۔ ہم یہاں پر ہر معصوم سے ایک ایک حدیث بیان کرنا بہتر سمجھتے ہے: پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: "خوش نصیب ہے وہ لوگ جو مہدی (علیہ السلام) کی زیارت کریں گے، اور خوش نصیب ہے وہ شخص جو ان سے محبت کرتا ہوگا، اور خوش نصیب ہے وہ شخص جو ان کی امامت کو مانتا ہو"۔(6) حضرت امام علی علیہ السلام نے فرمایا: "(آل محمد) کے ظہور کے منتظر رہو، اور خدا کی رحمت سے مایوس نہ ہونا، بے شک کہ خداوند عالم کے نزدیک سب سے زیادہ پسندیدہ کام "ظہور کا انتظار" ہے۔(7) لوح فاطمہ زہرا سلام اللہ علیہا (8) میں بیان ہوا ہے:

"اس کے بعد اپنی رحمت کی وجہ سے اوصیاء کا سلسلہ امام حسن عسکری علیہ السلام کے فرزند ارجمند پر مکمل کردوں گا: جو موسیٰ کا کمال، عیسیٰ کا شکوہ اور جناب ایوب کا صبر رکھتا ہوگا" (9)

امام حسن مجتبیٰ علیہ السلام ایک روایت کے ضمن میں رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بعد پیش آنے والے بعض حوادث کو بیان کرتے ہوئے فرماتے ہیں: "خداوند عالم آخرالزمان میں ایک قائم کو بھیجے گا۔ اور اپنے فرشتوں کے ذریعہ اس کی مدد کرے گا، اور ان کے ناصروں کی حفاظت کرے گا۔ اور اس کو تمام زمین پر رہنے والوں پر غالب کرے گا۔ وہ زمین کو عدالت، نور اور آشکار دلیلوں سے بھر دے گا۔ خوش نصیب ہے وہ شخص جو اس زمانہ کو درک کرے اور ان کی اطاعت کرے"۔(10) حضرت امام حسین علیہ السلام نے فرمایا: "خداوند عالم اس (امام مہدی علیہ السلام) کے ذریعہ مردہ زمین کو زندہ اور آباد کردے گا، اور اس کے ذریعہ دین حق کو تمام ادیان پر غالب کردے گا، اگرچہ یہ بات مشرکین کو اچھی نہ لگے۔ وہ غیبت اختیار کرے گا جس میں ایک گروہ دین سے گمراہ ہوجائے گا اور ایک گروہ دین (حق) پر قائم رہے گا۔ بے شک جو شخص ان کی غیبت کے زمانہ میں پریشانیوں اور جھٹلائے جانے کی بنا پر صبر کرے وہ اس شخص کی مانند ہے جس نے رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی رکاب میں تلوار سے جہاد کیا ہو"۔(11) حضرت امام سجاد علیہ السلام نے فرمایا: "جو شخص قائم آل محمد کی غیبت کے زمانہ میں ہمارے مودت اور دوستی پر ثابت قدم رہے خداوند عالم اس کو شہدائے بدر و اُحد کے ہزار شہیدوں کے برابر ثواب عنایت فرمائے گا"۔(12) حضرت امام محمد باقر علیہ السلام نے فرمایا: "ایک زمانہ وہ آئے گا کہ جب لوگوں کا امام غائب ہوگا، پس خوش نصیب ہے وہ شخص جو اس زمانہ میں ہماری ولایت پر ثابت قدم رہے"۔(13) حضرت امام صادق علیہ السلام نے فرمایا: "قائم آل محمد کے لئے دو غیبتیں ہوں گی ایک غیبت صغریٰ اور دوسری غیبت کبریٰ ہوگی"۔(14) حضرت موسیٰ کاظم علیہ السلام نے فرمایا: "امام (مہدی علیہ السلام) لوگوں کی نظروں سے پوشیدہ رہے گا لیکن مومنین کے دلوں میں ان کی یاد تازہ رہے گی"۔(15) حضرت امام رضا علیہ السلام نے فرمایا: "جس وقت (امام مہدی علیہ السلام) قیام کریں گے تو ان کے (وجود کے) نور سے زمین روشن ہوجائے گی، اور وہ لوگوں کے درمیان حق و عدالت کی ترازو قرار دیں گے اور اس موقع پر کوئی کسی پر ظلم و ستم نہیں کرے گا"۔(16) امام محمد تقی علیہ السلام نے فرمایا: "قائم آل محمد کی غیبت کے زمانہ میں (مومنین کو) ان کے ظہور کا انتظار کرنا چاہئے اور جب وہ ظہور اور قیام کریں تو ان کی اطاعت کرنا چاہئے"۔(17) حضرت امام علی نقی علیہ السلام نے فرمایا: "میرے بعد میرا فرزند حسن (عسکری) امام ہوگا اور ان کے بعد ان کا فرزند "قائم" امام ہوگا، وہ زمین کو عدل و انصاف سے بھر دیں گے جیسا کہ ظلم و جور سے بھری ہوگی"۔(18) حضرت امام حسن عسکری علیہ السلام نے فرمایا: "اس خدائے وحدہ لاشریک کا شکر ہے جس نے میری زندگی میں مجھے جانشین عطا کر دیا، وہ خلقت اور اخلاق کے لحاظ سے رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سب سے زیادہ مشابہ ہے"۔(19)

## فضائلِ تسبیح فاطمۃ الزہرآء سلام اللہ علیہا

☆ حضرت امام محمد باقر علیہ السلام ارشاد فرماتے ہیں کہ حضرت فاطمۃ الزہرآء علیہا السلام کی تسبیح سے بڑھ کر کوئی اور تسبیح نہیں اگر اس سے افضل کوئی اور عمل ہوتا تو حضور پاک صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم اپنی بیٹی حضرت فاطمۃ الزہرآء علیہا السلام کو وہی عطا فرماتے۔

☆ حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام کا ارشاد ہے کہ حضرت فاطمۃ الزہرآء علیہا السلام کی تسبیح ہر نماز کے بعد بجالانا میرے نزدیک روزانہ ایک ہزار رکعت نمازِ نافلہ سے زیادہ محبوب ہے۔

☆ امام محمد باقر علیہ السلام سے منقول ہے کہ آپ نے فرمایا کہ یہ تسبیح زبان کے ساتھ سو مرتبہ ہے لیکن میزانِ اعمال میں اس کا ثواب ہزار تسبیح کے برابر لکھا جاتا ہے (سفینۃ البحار جلد ۱)

☆ اس تسبیح سے اللہ خوش ہوتا ہے اور شیطان دور بھاگتا ہے۔

☆ روایات میں ہے کہ خاکِ شفا کی تسبیح کا عام تسبیح سے بہت زیادہ ثواب ہے۔

☆ حضرت امام موسیٰ کاظم علیہ السلام سے منقول ہے کہ جب کوئی مؤمن خاکِ شفا کی تسبیح پر اللہ کا ذکر کرتا ہے تو اللہ تعالیٰ اُسے چار سو نیکیاں عطا کرتا ہے اور اس کے چار سو گناہ بخش دیتا ہے اور اس کی چار سو حاجتیں پوری کرتا ہے آسمانوں کے دروازے قبولیتِ نماز کے لئے کھول دیتا ہے

☆ اگر خالی تسبیح پھیرتا رہے تو بھی ہر دانہ پر بیس نیکیاں لکھی جاتی ہیں۔

☆ جس نے حضرت فاطمۃ الزہراء سلام اللہ علیہا کی تسبیح پڑھی پھر اپنے گناہوں کی بخشش کی دُعا مانگی تو اس کے گناہ بخشے جائیں گے۔

☆ سیّد مرتضیٰ علم الھدیٰ علیہ الرحمہ سے منقول ہے کہ مشہور تسبیح جنابِ سیدہ فاطمۃ الزہرآءؑ میں

**۳۴ مرتبہ اَللّٰہُ اَکْبَرُ ۳۳ مرتبہ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ ۳۳ مرتبہ سُبْحَانَ اللّٰہِ پڑھے۔**

☆ جو شخص تبرکاً تسبیح فاطمۃ الزہرآءؑ کے بعد ایک مرتبہ **لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ** کہے گا تو اس کلمے کا ثواب سب سے زیادہ ہے کہ جس کا کوئی شمار ہی نہیں تسبیح کے اوّل و آخر تین مرتبہ صلوات پڑھے

☆ امام جعفر صادقؑ نے فرمایا کہ تسبیح فاطمۃ الزہرآءؑ کے آخر میں **لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ** کا پڑھنا موجبِ مغفرت ہے

## ختم پڑھنے کا طریقہ

☆ اپنے گذشتگان کے ایصالِ ثواب کے لیے جو "چیز" (کھانے پینے پہننے والی) اللہ کی راہ میں دینی ہو اُسے اپنے قریب رکھے باوضو ہو کر تین مرتبہ صلوات پڑھ کر سورۂ حمد ایک بار سورۂ اخلاص تین بار اور جتنی بھی سورتیں پڑھنا چاہے پڑھے آخر میں تین بار صلوات پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے دعا کرے کہ ان سورتوں کی تلاوت و صلوات اور طعام اور یہ چیز جو (بھی آگے پڑی ہوئی ہے) ان سب کا ثواب بحق محمدؐ و آلِ محمد زیادہ سے زیادہ (مرحوم یا مرحومہ کا نام لے) کے نامۂ اعمال میں درج فرما اس کے بعد اپنے اور حاضرین کیلئے دعا کرے اور مرحوم یا مرحومہ کیلئے فاتحہ پڑھوائے

## حضرت امام جعفر صادقؑ نے فرمایا:

☆ اللہ تعالیٰ جس کی ایک نماز کو قبول فرمالے اسے عذاب نہیں دے گا اور جس کی ایک نیکی قبول فرمالے اسے بھی عذاب نہیں دے گا۔ (۱۴۳۹۱)

☆ برید عجلی کہتے ہیں کہ میں نے حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے اللہ تعالیٰ کے اس قول: **وکذٰلک جعلنٰکم** کے بارے میں دریافت کیا کہ "اُمتِ وسط" کون لوگ ہیں۔ آپؑ نے فرمایا" ہم ہی اُمتِ وسط ہیں، ہم ہی اللہ کی مخلوق پر اس کے گواہ اور اللہ کی زمین پر اس کی حجتیں ہیں (۱۴۷۰۹)

☆ بندہ اپنے اللہ سے اس وقت بہت دور ہو جاتا ہے جب وہ کسی انسان سے بھائی چارہ کرے اور اس کی لغزشوں کو یاد رکھے تا کہ کسی دن یہ عیب اس کے منہ پر ظاہر کردے۔ (۱۴۷۵۱)

☆ کوئی زندگی حسنِ اخلاق سے بڑھ کر خوشگوار نہیں (۱۵۷۳۶)

☆ حضرت امیر المومنین علی علیہ السلام کے سامنے دو آدمی ایک دوسرے پر فخر کرنے لگے۔ آپؑ نے فرمایا" کیا تم اپنے باپ داداؤں کے پرانے جسموں اور جہنم میں موجود روحوں پر فخر کررہے ہو؟ اگر تمہارے پاس عقل ہے تو تمہارے اپنے اخلاق میں۔ اگر تمہارے پاس تقویٰ ہے تو تمہاری اپنی شرافت و عزت ہے۔ اگر ایسا نہیں ہے تو پھر گدھا تم سے بہتر ہے اور تم کسی سے بہتر نہیں۔"

☆ خداوند تبارک و تعالیٰ فرماتا ہے: اے میرے راست گو بندو! اس دُنیا میں میری عبادت کے ذریعہ نعمتیں حاصل کرو کہ اس کی وجہ سے تم آخرت میں نعمتوں سے بہرہ مند ہو گے۔ (۱۱۶۳۶)

☆ بندوں (بروایتے بندگی) کی تین قسمیں ہیں ایک جماعت اللہ کے خوف کے پیشِ نظر عبادت کرتی ہے۔ یہ غلاموں کی عبادت ہے۔ ایک جماعت اللہ کی عبادت ثواب کے لالچ میں کرتی ہے۔ یہ تاجرانہ عبادت ہے اور ایک جماعت اللہ تعالیٰ کی محبت میں اس کی عبادت کرتی ہے۔ یہ آزادوں کی عبادت ہے جو سب سے افضل ہے۔ (۱۱۶۵۲)

| نام سورۃ | اعداد | حاجت |
|---|---|---|
| سورة فاتحه | 9461 | شفاء کے لئے |
| سورة بقرة | 948009 | حصول خیر و برکت کیلئے |
| سورة آل عمران | 184956 | حصول اولاد صالح |
| سورة نساء | 11392923 | زوجین میں محبت |
| سورة مائدة | 848546 | جدائی منافقین کیلئے |
| سورة انعام | 935329 | حصول جاہ و مرتبہ |
| سورة اعراف | 252592 | شیطانی شر سے بچنے کیلئے |
| سورة انفال | 412375 | رہائی کے لئے |
| سورة توبة | 703615 | تجارتی ترقی کے لئے |
| سورة یونس | 550108 | اختلاج قلب کے لئے |
| سورة هود | 514781 | خطرات سے بچنے کے لئے |
| سورة یوسف | 503980 | محبت کے لئے |
| سورة رعد | 244692 | قائم حملکے لئے |
| سورة ابراهیم | 245108 | رجعت نظر بد و جادو کیلئے |
| سورة حجر | 176709 | تجارت میں نفع کے لئے |
| سورة النحل | 520188 | مسخر دشمن کے لئے |
| سورة بنی اسرائیل | 245818 | حفاظت حاسدین |
| سورة کهف | 505517 | ہر مشکل کے لئے |
| سورة مریم | 289644 | واسطے حمل کے |
| سورة طٰهٰ | 399283 | لڑکیوں کے نصیب کشائی |
| سورة الانبیاء | 382219 | اولاد نرینہ کے لئے |
| سورة الحج | 382344 | حفاظت جان و مال |
| سورة مومنون | 351714 | غفلت نماز کے لئے |
| سورة نور | 402457 | بندش احتلام کے لئے |
| سورة فرقان | 209575 | تباہی ظالم کے لئے |
| سورة شعراء | 403738 | غلبہ سرکشوں کے لئے |
| سورة النمل | 340962 | ہر بھلائی کے لئے |
| سورة قصص | 407120 | حافظہ کی تیزی کے لئے |
| سورة عنکبوت | 275297 | رجعت مصیبت کے لئے |

| نام سورۃ | اعداد | حاجت |
|---|---|---|
| سورة روم | 269977 | مابین موافقت کے لئے |
| سورة لقمن | 159000 | بھاگے ہوئے کو بلانے کیلئے |
| سورة سجدة | 113331 | نشو و نما کے لئے |
| سورة احزاب | 35525 | پیغام نکاح کے لئے |
| سورة سباء | 253419 | ناگہانی آفات سے بچنے |
| سورة فاطر | 242771 | حصول مراد حاکم کے لئے |
| سورة یٰسین | 221410 | ہر کام کے لئے |
| سورة الصّٰفّٰت | 264754 | رجعت آسیب کے لئے |
| سورة صٓ | 229337 | تسخیر خلائق |
| سورة زمر | 306585 | بلندی مرتبہ کے لئے |
| سورة مومن | 368524 | امراض چشم کے لئے |
| سورة حٰم السجدة | 245837 | مہربانی حکام بالا کے لئے |
| سورة شوریٰ | 201339 | زیادتی رزق کے لئے |
| سورة زخرف | 160697 | حفاظت شر حیوانات |
| سورة دخان | 97793 | درد شکم کے واسطے |
| سورة جاثیة | 150153 | حفاظت امراض کے لئے |
| سورة احقاف | 73774 | ہر شر سے بچنے کے لئے |
| سورة محمد | 180655 | عزت و عظمت کے لئے |
| سورة فتح | 188828 | فتح و نصرت کے لئے |
| سورة الحجرات | 102892 | زیادہ شیر مادہ کے لئے |
| سورة قٓ | 109736 | عجیب و غریب فوائد کے لئے |
| سورة الذّٰریٰت | 119544 | آسانی وضع حمل کے لئے |
| سورة طور | 941383 | حفاظت سفر کے لئے |
| سورة النجم | 274334 | حاجت روائی کے لئے |
| سورة قمر | 120450 | آسانی مشکلات کے لئے |
| سورة الرحمٰن | 1201214 | تسخیر خلائق کے لئے |
| سورة واقعة | 102965 | فراوانی رزق کے لئے |
| سورة حدید | 198924 | حفاظت جنگ کے لئے |
| سورة مجادلة | 34237 | غلبہ دشمنوں کے لئے |

# اھرام شرفِ مشتری Pyramid

## اہرام کے روحانی کرشمات

☆ مراقبہ میں ارتکاز توجہ یکسوئی پانے کے لیے اس میں اپنی تصویر رکھ دیں یا بڑے اہرام میں بیٹھ کر مراقبہ کریں، نتائج مخفی اسرار و رموز سو فیصد ملتے ہیں۔ ☆ اہرام نیک خواہشات و خیالات کو مادی شکل بھی فراہم کرتے ہیں۔ اہرام میں ناقابل عمل خواہشات لکھ کر رکھیں، پوری ہوسکتی ہیں۔ ☆ اپنے بیڈ کے نیچے اہرام رکھیں، آپ کو پُرسکون میٹھی نیند آئے گی۔ شادی شدہ ہونے کی صورت میں ازدواجی مسرتیں بڑھ جائیں گی۔ ☆ اہرام میں بلیڈ رکھ دیں تو بلیڈ تیز ہو کر پھر سے کارآمد ہو جاتا ہے۔ ☆ اہرام میں موذی امراض کینسر، سرطان کی ادویات رکھیں، ادویہ میں روحانی تاثیر شفا کی قوت بڑھ جائے گی۔ ☆ اہرام میں پھل، سبزیاں رکھ کر کھائیں مزید توانائی بخش غذا بن جائے۔ ☆ اہرام میں بیج یا قلمیں رکھیں تو ان کی افزائش حیرت انگیز طور پر بڑھتی ہے۔ ☆ اہرام میں رکھا گیا دودھ یا پانی پینے سے بڑھاپا طاری نہیں ہوتا۔ اس دودھ یا پانی سے چہرہ دھونے سے خوبصورتی میں اضافہ ہوتا ہے۔ ☆ اہرام میں کوئی اسم اعظم یا قرآنی نقش اپنے نام مقصد کے ساتھ لکھ کر عروج ماہ میں رکھیں، روحانی تاثیرات آپ کو حیران کر دیں گی۔

**ترکیبِ استعمال:** اہرام کے اندر کاغذ پر دعائیں لکھ کر رکھ سکتے ہیں، دعائیں رکھنے سے پہلے دو نفل حاجت ادا کر کے اہرام کا ڈھکن اُٹھا کر سنٹر پوائنٹ پر سکواش ٹیپ لگا کر دعائیں کر کے رکھ دیں، اہرام لیول سے سیدھا کر لیں، اہرام کے نیچے پلیٹ فارم پر چار یکساں لائنیں ہیں۔ ایک لائن کو قطب نما (Compass) سے شمال کی سمت کریں، یوں اہرام میں رکھی ہوئی دوا یا دعا میں تاثیر شروع ہو جائے گی۔ بہتر وقت رکھنے کا عروج ماہ چاند کی یکم تا 14 تواریخ ہیں۔

زنجانی جنتری **2002**ء میں کرشمات اہرام کے ذکر سے اندازہ ہوا کہ اہرام سے فیض یابی اور اس میں دلچسپی رکھنے والے شائقین ساری دنیا کی طرح وطن عزیز پاکستان میں بھی خاصی تعداد میں پائے جاتے ہیں۔ مختلف اوقات میں کل پرائیویٹ ٹیلی ویژن کے نغمات اور اشتہاری فلم **DHL** نے اہرام میں ایک بار پھر عوامی دلچسپیاں بڑھادی ہیں۔ سال بھر وقفہ وقفہ سے ملنے والے تجربات میں چند نئے تجربات کا اضافہ ہوا ہے۔

☆ اہرام میں بانجھ پن کے لیے رکھی گئی ادویات کے مسلسل استعمال سے بانجھ پن کا مرض جاتا رہا۔ ☆ روٹھے ہوئے (محبت) دوستوں کو منانے کے لیے رکھی گئی دعا قبول ہوئی۔ ☆ ہمارے دوست میجر (ر) خالد اسماعیل قاضی و میجر (ر) نوید اکبر نے بتایا کہ اُن کے ایک دوست نے اہرام کے اندر پرائز بانڈ اور نکلنے کی دعا لکھ کر رکھی اور ان کا پچاس لاکھ روپے کا انعام نکل آیا۔ اہرام کے اَن گنت فوائد میں یہ ایک نیا اضافہ ہے۔ ☆ اہرام گھر میں رکھنے سے خبیث ارواح جنات، آسیب کے اثرات کا خاتمہ ہوا۔ ☆ اہرام عین سرہانے کے نیچے رکھ کر سونے سے خواب میں استخارہ جلد نصیب ہوتا ہے۔ ☆ اہرام بستر کے عین تکیہ کے نیچے رکھ کر بہ نیت پرائز بانڈ نمبرز معلوم کرنے کے لیے باوضو سونے سے خواب میں متوقع لکی نمبرز معلوم ہوتے ہیں۔ ☆ اہرام میں کوئی سکن کریم رکھ کر استعمال کرنے سے چہرے کی خوبصورتی، داغ دھبے دور ہوتے ہیں۔ ☆ اہرام میں بادام رکھ کر کھانے سے نظر اور دماغ تیز ہوتا ہے۔ ☆ اہرام میں نام بمعہ والدہ لکھ کر رکھنے سے تحفظ احساس رہتا ہے جیسے کوئی آپ کے ساتھ ہو اور آپ کی حفاظت کر رہا ہے۔ ☆ اہرام میں بخورات (صندل، لوبان، ہرمل، گوگل، دال چینی) سات دن رکھ کر جلانے سے مخفی مخلوقات کی جھلکیاں نظر آنے لگتی ہیں۔




## اھرام بنانے کی ترتیب

اہرام گتے، لکڑی، جست، ایلومینیم، مٹی یا پتھر یا کسی بھی چیز کا بنائیں۔ **AB** کا ایک گرافک زاویہ **58.18** اور **BC** کا گرافک زاویہ **301.82** ہے۔ یہ زاویہ کمپیوٹر سے بنائیں۔ دونوں نقطے **B** کو ملنے چاہئیں، کمپیوٹر پرنٹر سے پرنٹ نکلوالیں۔ یہ اہرام کی، کی **Key** بن جائے گی۔ اس فارمولا سے اہرام کی سائیڈ تیار ہونگی، اس طرح کی چار سائیڈز بنا کر نقطہ **B** کو ملاتے جائیں، درست اہرام بن جائے گا۔ درجنوں غلط اہرام بنانے کے بعد یہی آسان طریقہ ہاتھ لگا ہے۔

ہدیہ 3 انچ اہرام 3000 روپے

ہدیہ 6 انچ اہرام 5000 روپے

علاوہ محصول ڈاک

بڑے اہرام مکتبہ آئینہ قسمت، کاشانۂ زنجانی، D-125، گلبرگ 2، لاہور سے ہدیتاً دستیاب ہیں

# طلسماتی الواح برج حمل تا حوت

سورہ بروج میں ارشاد باری تعالیٰ ہے" والسماء ذات البروج "

(**ترجمہ:** قسم ہے برجوں والے آسمان کی) کائنات میں بارہ منطقۃ البروج ہیں۔انہیں بارہ بروج کی قسم اللہ تعالیٰ نے کھائی ہے۔اس پاک و پاکیزہ ذات کا بروج کیلئے قسم کھانا کسی حکمت سے خالی نہیں ہے۔انہی میں سے ایک ہمارا برج بھی ہے جہاں آج تیز رفتار زمانہ میں قدم قدم پر شادمانی ہم سے روٹھ جاتی ہے۔نظر بد، جادو ٹونہ اور ناگہانی آفات کا ہمہ وقت خطرہ رہتا ہے،آپ دائمی شادمانیوں کے تسلسل کے حصول کے خواہاں ہوں تو اپنی خصوصی لوح بمعہ ستارہ لاکٹ کی شکل میں لے کر گلے میں پہنیں اور اس کے فوری روحانی نتائج سے لطف اندوز ہوں۔(اللہ کے نام سے جو رحمٰن و رحیم ہے،اے کھولنے والے دروازوں کے، اور اے پیدا کرنیوالے اسباب کے اور اے پھیرنے والے دلوں کے اور نگاہوں کے اور اے فریاد سننے والے فریادوالوں کی اور اے راہ بتانے والے حیرانوں کو اور اے فرحت دینے والے غمگینوں کو، میری فریاد سن، میری فریاد سن، میری فریاد سن۔بھروسہ کیا میں نے تجھ پر اے میرے ربّ اور میں نے تیرے سپرد کیا اپنا کام اے پروردگار! اے پروردگار! اے اللہ! اے خوشحال کرنے والے، اے رزق، اے کھولنے والے، اے غنی۔) معتبر روایات میں سے ہے کہ برج و ستارے کی لوح پاس رکھنے سے روحانی و دنیاوی شادمانی بڑھتی ہے۔اپنی لوح ہدیہ **=/5000** روپے میں حاصل کر سکتے ہیں، علاوہ محصول ڈاک، دُعا کے لئے نام بمعہ والدین کے ساتھ منی آرڈر شعبہ روحانیات ادارہ آئینہ قسمت، کاشانہ زنجانی، **D-125**، حضرت میراں حسین زنجانی روڈ، گلبرگ **2**، لاہور پوسٹ کوڈ **54660** بھیج کر طلب فرما سکتے ہیں۔فون نمبر: **042-35752277-042-35872277**



# نام سے برج معلوم کرنے کا طریقہ

جن قارئین کو اپنی صحیح تاریخ پیدائش یاد نہیں وہ برج دو طرح سے معلوم کر سکتے ہیں۔ ایک نام کے پہلے حرف سے اور دوسرا حروف ابجد سے۔ پھر تحقیق کریں کہ برج کا احوال اُن پر صحیح بیٹھتا ہے۔

**پہلا طریقہ** آپ کے نام نامی میں جو پہلا حرف ہے اسی سے برج بنتا ہے۔ ذیل میں دیے گئے بارہ بروج میں سے اپنے نام کا پہلا حرف تلاش کر کے پہلے برج معلوم کیجیے۔ پھر اسی برج کے تحت نیک و بد سالانہ حالات ملاحظہ فرمائیں۔ ساتھ ہی اپنا ستارہ اور برج معلوم کر کے ادارہ آئینہ قسمت سے مفت مشورہ بذریعہ کوپن لے کر نگینہ پہنیں۔ صفحہ نمبر **144** ملاحظہ کریں۔

**دوسرا طریقہ** اگر خدانخواستہ نام برج سے آپکے حالات درست نہ آتے ہوں تو اس طریقہ سے اپنا نام کا برج معلوم کیجیے۔ اپنا مکمل نام اور اپنی والدہ کے نام کے حروف ابجد قمری سے اعداد نکالیں اور ان کو بارہ پر تقسیم کیجیے۔ اگر باقی **1** بچے تو برج حمل ہے۔ اگر **2** باقی بچے تو ثور۔ **3** بچے تو جوزا۔ **4** بچے تو سرطان۔ **5** بچے تو اسد۔ **6** بچے تو سنبلہ۔ **7** بچے تو میزان۔ **8** بچے تو عقرب۔ **9** بچے تو قوس۔ **10** بچے تو جدی۔ **11** بچے تو دلو اور اگر **0** باقی بچے تو برج حوت ہوگا۔

**نوٹ** صحیح تاریخ پیدائش معلوم ہو تو ان قواعد کو نظر انداز کر دیں۔

## حروف ابجد قمری

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ا | ب | ج | د | ہ | و | ز | ح | ط | ی |
| 1 | 2 | 3 | 4 | 5 | 6 | 7 | 8 | 9 | 10 |
| ک | ل | م | ن | س | ع | ف | ص | ق | ر |
| 20 | 30 | 40 | 50 | 60 | 70 | 80 | 90 | 100 | 200 |
| | ش | ت | ث | خ | ذ | ض | ظ | غ | |
| | 300 | 400 | 500 | 600 | 700 | 800 | 900 | 1000 | |

**نوٹ:** علم نجوم میں دو سکول آف تھاٹ ہیں۔ یونانی اور ویدک تجربات مشاہدات نے ویدک نجوم کے اثرات کو مؤثر پایا ہے۔ سائنسی ادارہ **NASA** امریکن ایفرمری (THE AMERICAN EPHEMERIS) بھی اس فرق کی نشاندہی کرتی ہیں۔ جو تقریباً **24** درجے یونانی ویدک کا فرق ہو چکا ہے۔ بتدریج ہم بھی جنتری ہذا کو ویدک نجوم کی طرف لے جا رہے ہیں۔




ARIES

حاکم سیارہ: مریخ
عقیدہ: میں ہوں (I M)
عنصر: آگ (Fire)
خاصہ: تغیر پذیر (منقلب)
منسوب رنگ: تیز سرخ
منسوب پتھر: مرجان
ثبت اور مذکر برج

نشان: مینڈھا
نفسیاتی ٹائپ: وجدانی
اعضائے جسمانی: سر
منسوب دھات: لوہا اور تانبا
بائیو کیمک سالٹ: کالی فاس
منسوب درخت: خاردار
منسوب پھول: گوکھرو، گل لالہ، لونگ

حروف: ا ل ع

بحساب یونانی
**21 MAR - 20 APR**



**15 APR - 15 MAY**
بحساب ویدک

**آپ کی شخصیت**:۔ آپکا حاکم ستارہ مریخ یکم جنوری تا 12 مارچ دوسرے وبال یافتہ رہتے ہوئے ذرائع آمدن میں اضافے کیلئے آپ کو پہلے سے زیادہ جستجو محنت اور حاضر دماغی کی ضرورت ہوگی 13 مارچ تا 10 مئی مریخ تیسرے آنے سے آپ کی انتظامی صلاحیتوں میں اضافہ اپنی ذہانت کے سبب مشکلات پر قابو پایا جا سکے گا تاہم اپنی تیز طبع سے دوسروں سے اپنے تعلقات میں بگاڑ سے کام نہ لیں 10 مئی تا 30 جون گھریلو خاندانی حالات زمین جائیداد و وراثت کے حصول کیلئے بزرگوں سے مشاورت از بس ضروری ہوگی تبھی کچھ فوائد ملیں۔ مریخ زحل تثلیث 28 مارچ تا 02 اپریل آپ کے اندر خود اعتمادی اور اپنے اہم کاموں میں تکمیل کی صلاحیت پیدا ہوگی۔ مریخ زحل مقابلہ 21,20,19 جولائی آپ کے بعض اہم کاموں میں بگاڑ کا اندیشہ محتاط رہیں اس کے علاوہ مریخ مشتری تربیع 20 تا 26 مئی اور مقابلہ 27 تا 30 اکتوبر ہونے سے آپ کے بیرون ملک کسی بھی قسم کے تعلقات متاثر ہو سکتے ہیں بلاوجہ قانونی مسائل اور پریشانیاں پیش آسکتی ہیں۔ 28 اپریل، 05 مئی اور 29 اکتوبر کے گرہن آپ کی صحت اور دوسروں سے تعلقات متاثر کرنے کا باعث بن سکتے ہیں ان ایام میں خصوصی صدقہ و خیرات ضرور دیں 2023ء کا مفرد نمبر 7 ہونے کے سبب 7 مزارات پر نو چندے پیر، منگل یا جمعرات کے دن 2 کلو نمک زائرین کے تبرکات کیلئے صاحب مزار کو فاتحہ ہدیہ کرنے کے بعد نمک دان میں ڈال دیں یہ اس سال کا بہترین روحانی تدارک ہے۔

**معاشیات، مالی ذرائع آمدن**:۔ خانہ مال کا حاکم ستارہ زہرہ 15 فروری تا 11 مارچ شرف یافتہ 06 اپریل تا 02 مئی اور 30 نومبر تا 25 دسمبر اوج یافتہ رہتے ہوئے ذرائع آمدن میں اضافہ 2023ء خصوصاً مستقل آمدن کے اضافے کیلئے بھی کی گئی کوششیں بھی بارآور ثابت ہونگی نئے کاروباری مالی وسائل و اسباب سے آپ لطف اندوز ہوسکیں گے کم محنت سے بھی ذرائع آمدن میں اضافہ ممکن ہے تاہم ستارہ زہرہ 12 مارچ تا 05 اپریل 03 نومبر تا 30 نومبر اور 25 تا 31 دسمبر وبال و ہبوط یافتہ ہونے کے سبب اپنا قیمتی روپیہ لالچ میں آکر دوسروں کو مت دیں دوسروں کے دامن فریب میں آنے سے بچیں اپنے روپے کی کسی بہتر جگہ ٹھوس سرمایہ کاری کرنے کو ترجیح دیں مخلصین اور بزرگوں سے مشاورت ضرور لیں۔

**عزیز و اقارب و اندرونِ ملک سفر**:۔ بیت الاقرباء کا حاکم ستارہ عطارد 24 جون تا 08 جولائی، یکم اکتوبر تا 18 اکتوبر عروج اور اوج یافتہ رہتے ہوئے بہن بھائیوں اور عزیز و اقارب ہمسائیوں سے تعلقات میں خوشگواری اندرون ملک کئے گئے سفر نفع بخش ثابت ہونگے غیر متوقع خوش بختیاں عطارد مریخ تثلیث 23,22 فروری عطارد مریخ تثلیث 9,8,7 اپریل 22,21 جون عطارد مریخ قران 30,29,28 اکتوبر اور 28,27 دسمبر ان سبھی سعد ایام کو نوٹ فرمالیں تاہم عطارد مریخ تربیع 18,17,16 مارچ غیر متوقع طور پر مکینیکل اور الیکٹرونک چیزوں میں خرابی کا اندیشہ قبل ازیں اپنی ذاتی استعمال کی اشیاء خصوصاً اپنی گاڑی کا لمبے سفر سے قبل چیک اَپ ضرور کروالیں ان ایام میں عزیز و اقارب کو تحفے تحائف دینا بھی ایک بہترین حُسن عمل ثابت ہوگا۔ مخلصین سے اپنے لئے دُعائیں بھی ضرور کروائیں۔

**خاندان، جائیداد، سواری اور زراعت**:۔ 2023ء جنوری سے ہی خوش بختیوں کا آغاز ہو جائے گا۔ آپ دُنیا کے کسی بھی شہر یا قصبے میں مقیم ہوں آپ ان خوشگوار تبدیلیوں کو آتے ہوئے محسوس کریں گے 17 جنوری سے ستارہ زحل کی تبدیلی فیصلہ کُن آغاز کا اشارہ ہے اس تبدیلی کے ثمرات آپ کو آئندہ اڑھائی سال تک ملتے رہیں گے۔ آپ کی خاندان میں ذاتی حیثیت شخصیت اور اہمیت میں اضافہ زمین جائیداد وراثتی امور خوش اسلوبی سے انجام پائیں گے خوشگوار تبدیلیوں سے فیض یاب ہونے کیلئے وسعت قلبی کا مظاہرہ کرتے ہوئے خاندان کے بزرگ اور اہم ہم عمر احباب سے مشاورت میں رہیں۔ 2023ء خوش کُن تبدیلیاں لانے کیلئے ایک مفید اور نافع بخش سال ہے راہو کیتو کی طالع اور ساتویں گھر میں موجودگی آپ کی بڑھتی ہوئی عزت اور توقیر کے سبب اپنے حاسدین سے محتاط رہنے کیلئے حسب توفیق

ہر پیر صدقہ و خیرات ضرور دیں سماجی سیاسی خاندانی تقریبات اندرون خانہ وقفہ وقفہ سے مہمانوں کی آمد و رفت کا سلسلہ جاری رہے گا مہمانوں کی بہترین تواضع بھی آپ کے کشائش کار اور رزق میں اضافے کا باعث بنے گا۔ 2023ء کے وہ سعد ایام جب آپ اپنی گھر کی رونقیں دوبالا کرنے کے ساتھ ساتھ رہائشی تزئین و آرائش کرنے کے ساتھ ساتھ زمین جائیداد کی خرید و فروخت اور آپ کی زراعت میں خوشحالی لانے کیلئے 2023ء کے سعد ایام نوٹ فرمالیں۔ 31,30,9,8,7,4,3,2 جنوری، 27,26,4,5 فروری، 31,30,27,26,25,5,4,3 مارچ، 28,27,26,24,23,22 اپریل، 26,25,24,21,20,19 مئی، 22,21,20,17,16,15 جون، 19,18,17,15,14,13 جولائی، 15,14,10,9 اگست، 12,11,10,6,5 ستمبر، 9,8,7,4,3,2 اکتوبر، 28,27,26,5,4 نومبر، یکم, 30,29,28,25,24,3,2 دسمبر۔ یہ سبھی ایام خانگی ازدواجی خاندانی سکھ میں اضافہ لانے کے ساتھ ساتھ بزرگوں اور خصوصاً ماں کی دُعا سے آپ کا مقدر سنور سکتے ہیں۔

**اولاد، انعامات و محبت:** ۔ 2023ء پانچویں گھر کا حاکم ستارہ بادشاہ فلک شمس 14 اپریل تا 15 مئی شرف یافتہ، 17 جولائی تا 16 ستمبر عروج و اوج یافتہ رہتے ہوئے اولاد انعام محبت کی خوشیاں عطا کرے آپ کے شعور و ادراک میں اضافہ کچھ حملی افراد تصوف اور روحانیت خدا شناسی کی طرف ذہنی و قلبی طور سے مائل ہوں اور کچھ لوگ آئی ٹی انفارمیشن اور جدید زمانے کے علوم و فنون سے متعارف ہونے کے ساتھ ساتھ سوشل سماجی سیاسی رغبت بھی پائیں خصوصاً صاحبِ اولاد 14 جنوری تا 14 مارچ، 18 اکتوبر تا 16 نومبر اپنے بچوں کے روز شب کو چیک اینڈ بیلنس ضرور کریں تاکہ وہ کسی بھی قسم کی بے راہ روی کا شکار ہونے سے بچیں اس کے علاوہ شمس مریخ سعد نظرات 29 سے 31 جنوری، 19 تا 25 مئی بننے سے اولاد انعام و محبت کی خوشیاں پائیں جبکہ شمس مریخ نحس نظرات 15 تا 18 مارچ، 15 تا 21 نومبر یہ سبھی ایام احتیاط طلب ہونگے۔ حسبِ توفیق صدقہ و خیرات بھی دیں پرائز بانڈ اور انٹرنیشنل لاٹری میں دلچسپی لینے والے حضرات 31,30,29,24,23,22,10,9 جنوری، 18,17,13,12,11,10 مارچ، 19 تا 31 مارچ، 26,25,24,2 اپریل، 14,13,12 مئی، 19 تا 25 مئی، 30,29,28 جون، 15,14,13,12 اکتوبر، 23 سے 25 اکتوبر، 25,24,23,7,6,5 دسمبر حصہ لیں تو کوئی بعید از قیاس نہیں کہ آپ کا کوئی بڑا انعام نکل آئے حصول انعامات میں مزید راہنمائی کیلئے ادارہ کی ہر سال شائع ہونے والی کتاب ''**انعام لکی نمبرز آئینہ قسمت**'' کا مطالعہ بھی آپ کو انعام کے قریب لے جائے گا۔ حصول انعام کیلئے اپنے نام کا اسم اعظم پڑھنا بھی نیک ہے ادارہ ہذا سے اپنا اسم اعظم مفت پوچھ سکتے ہیں۔

**صحت و امراض، ملازمتی کیرئیر:** ۔ 2023ء حملی افراد اپنی صحت و توانائی بحال رکھنے کیلئے سورۃ الرحمٰن میں ذکر کردہ یاقوت، مرجان، موتی سبھی یا ان میں سے کوئی سا نگینہ چاندی میں پہننا باعث برکت رہے گا آپ کی صحت جسمانی بہتر اور بحال اور ادائیگی قرض جیسے معاملات میں آسانی کسی قانونی مقدمہ میں کامیابی بھی مل سکے گی۔ مریخ، زحل سعد نظرات 31,30,29 مارچ، 15,14,13,12 اکتوبر بننے سے کیرئیر اور پیشہ ورانہ معاملات میں بہتری آئے گی عزت و توقیر اور نئی ملازمت کے حصول کیلئے کی گئی کوششیں بھی بارآور ثابت ہونگی۔ امکان ہے کہ کچھ حملی افراد کے روزگار اور کیرئیر کے معاملات بدل جائیں گے یا اپنے علم و ہنر پیشہ ورانہ امور میں بہتری لا کر اندرون ملک اور خصوصاً بیرون ملک بہتر روزگار کیلئے اپنی کی گئی کوششوں کے نتیجے میں بہتر روزگار پا سکتے ہیں اور جاری ملازمت میں بھی بااثر حکام سے تعلقات میں بہتری آئے تاہم راہو کیتو کی پوزیشن حاسدین سے محتاط رہنے کا بھی اشارہ ہے اپنی تمام ممکنہ نحوستوں قرض مرض حسد سے بچنے کیلئے ہر بدھ سبز اشیاء کا حسبِ توفیق صدقہ دیں یا پھر مستحق طلبہ کی حصول ایجوکیشن میں اُن کی مدد کرنا بھی بہترین صدقہ جاریہ ہے۔

**تعلقات، شراکتی و ازدواجی مراسم، شادی:** ۔ 2023ء آسمانی کونسل پر بیت الزوج کے گھر میں کیتو اور مقابل راہو 29 نومبر تک رہتے ہوئے رشتے ناطوں میں بلاوجہ کی رکاوٹیں آسکتی ہیں ان متوقع نحوستوں سے بچنے کیلئے ہر جمعہ ڈیڑھ کلوگرام شکر یا چینی لیکر حشرات الارض کو ڈالنا بہترین صدقہ ثابت ہوگا۔ بیت الزوج کا حاکم ستارہ زہرہ 15 فروری تا 12 مارچ شرف یافتہ، 06 اپریل تا یکم مئی اور 30 نومبر تا 24 دسمبر عروج یافتہ رہتے ہوئے خواہاں لڑکے اور لڑکیوں کی شادی کے معاملات میں بہتری آئے گی تاہم پہلے سے طے شدہ رشتوں کی بحالی اور قائم رہنے کیلئے صدقہ و خیرات ضرور دیں

2023ء میں شادی کرنے والے حملی افراد کو چاہئے کہ وہ مضبوط بندھن خوشگوار ازدواجی تعلقات نیک اور صالح اولاد ہونے کیلئے کسی صاحب علم سے نیک وقت نکاح کا تعین ضرور کروائیں۔ زہرہ مریخ سعد نظرات 10,9 جنوری، 13,12,11,10 مارچ، رشتہ ہونے رشتوں کی بحالی خانگی و ازدواجی تعلقات میں خوشگواری ناراض زوجین کے مابین صلح صفائی کیلئے یہ ایام نہایت خوش بخت ثابت ہونگے۔ ایسے حملی لڑکے لڑکیاں یا اُن کے والدین جن کی شادی ہونے میں تاخیر یا رکاوٹیں چلی آ رہی ہیں وہ اپنے ہاتھ میں نگینہ اوپل پہننے کے ساتھ ساتھ چاشت کی نماز کے بعد سورۃ والضُحیٰ تیسویں پارے کل گیارہ آیات کی تلاوت آیت نمبر 5 کی اکیس مرتبہ تکرار کر کے اپنے نیک مقصد کیلئے دُعائیں کرنا کامیابی تک معمول بنالیں اس حُسن عمل سے جلد نصیب کھل جائے گا۔ 2023ء کے گرہن 20 اپریل، 05 مئی، 19 اکتوبر خانگی و ازدواجی تعلقات کو متاثر کرنے کیلئے نہایت ناقص اثرات کے حامل دکھائی دیتے ہیں ان ایام سے 15 دن قبل تا بعد شادی شدہ جوڑوں کو محتاط رہنے کی ضرورت کو نظر انداز نہیں کرنا چاہئے صدقات کے علاوہ بزرگوں اور مخلصین سے دُعائیں ضرور لیں۔

**وراثت، انشورنس، کلیم:۔** بیت الخوف کا حاکم ستارہ مریخ یکم جنوری تا 12 مارچ، 10 مئی تا 30 جون کمزور ہونے کے سبب حصول وراثت اور انشورنس میں خواہ مخواہ کی رکاوٹیں آسکتی ہیں تاہم یکم جولائی تا 18 اگست، 16 نومبر تا 27 دسمبر ستارہ مریخ کی بہتر پوزیشن حصول وراثت انشورنس کلیم اور مشترکہ مفادات کے تحت کئے گئے کاموں میں نفع پاسکتے ہیں۔ مریخ مشتری سعد نظرات 31 جولائی تا 03 اگست غیر متوقع فوائد ملنے کا اشارہ جبکہ 20 تا 26 مئی، 27 تا 30 اکتوبر شراکتی وراثتی لین دین میں جذباتی پن سے گریز کریں ورنہ معاملات آپ کے ہاتھ سے نکل کر قانونی مشکلات کا شکار ہو سکتے ہیں۔ اس سال ستارہ زحل کی تیس سال بعد اپنے ذاتی برج دلو میں آمد آپ کے روز و شب اور بہت سارے اہم معاملات میں مثبت تبدیلیوں کا اشارہ ہے۔ یہ مثبت تبدیلیاں وہی حملی افراد لطف اندوز ہو سکتے ہیں جو اپنے جذباتی پن غم و غصہ اور تیزی اور طراری پر قابو پائیں گے۔ 2023ء مفید اور ایک خوشگوار سال مگر اُن افراد کیلئے جو صبر و تحمل کا مظاہرہ کرنے والے اور جلد بازی سے گریز کرنے والے ہونگے۔ یاد رہے کہ صبر کرنے والوں کے ساتھ ہمیشہ مثبت خدائی قوتیں رہتی ہیں۔

**مستقبل کی منصوبہ بندی، بیرون ملک سفر، قانونی مشاورت و اعلیٰ تعلیم:۔** بیت النصیب اور سفر کا مشترکہ حاکم ستارہ مشتری بارہ سال کے بعد اپنے ذاتی گھر یکم جنوری تا 21 اپریل بارہویں اور پھر 22 اپریل سے سال بھر کیلئے شمسی زائچے کے طالع میں بارہ سال کے بعد اس کی آمد 2023ء کے خوشگوار ترین ثمرات لئے طلوع ہو رہا ہے آپ اپنی مشکلات پر بآسانی قابو پالیں گے روحانی سفر حج و زیارات خواہاں افراد کا مقدر ہوگا۔ قانونی مشکلات بھی اس سال بآسانی اپنے قانونی مشیر کی مشاورت سے حل کی جاسکیں گی شوق روحانیت خداشناسی مطالعہ قرآن پاک تفسیر و ترجمہ کا شوق و ذوق بڑھے گا بیرون ملک کاروباری تجارتی سیاحتی الغرض کسی بھی قسم کے سفر باعث خیر و برکت ثابت ہونگے یوں تو مجموعی طور پر 2023ء پورا ہی نصیب کشائی کا سال دکھائی دیتا ہے اپنے مستقبل کو درخشاں بنانے کیلئے منصوبہ بندی کرنا نیک رہے گا اعلیٰ تعلیم کی غرض سے بیرون ملک جانے والے طلبہ اور حصول امیگریشن کیلئے کی گئی کوششیں بھی بارآور ثابت ہونگی۔ کسی بزرگ اور روحانی شخصیت سے ملاقات اور ان کی راہنمائی آپ کا مقدر سنوارنے کیلئے بزرگوں سے دُعائیں لینا اور دوسروں کو دُعا دینا خصوصاً جن کے والدین یا والد حیات ہیں اُن کی دُعا آپ کا مقدر سنوار دیگی۔

**کیرئیر، کاروبار، عزت و وقار:۔** بیت العزت کا حاکم ستارہ زحل 2023ء میں آپ کو دوہری تہری کاروباری پیشہ ورانہ عزت و خوشیاں عطا کرے گا ملازمتی ترقی یا تبدیلی ملازمت پیشہ ورانہ فرائض کی انجام دہی اور پیشہ ورانہ جدید علوم سے آگاہی آپ کی زندگی کی ترقی کا آغاز ہو سکتا ہے اپنے کاروبار میں وسعت اور جدت جاری کام میں مزید سرمایہ کاری کرنا نیک رہیگا۔ 2023ء ستارہ زحل 17 جنوری تا 29 مارچ 2025ء تک غیر معمولی خوشگوار تبدیلیوں کا سبب بنے گا خصوصاً حسبِ حال سال 2023ء اعلیٰ انتظامی صلاحیتیں آپ کے اندر اُجاگر کرے خود اعتمادی حوصلہ مندی ترقی کا باعث بنے اہم عہدوں پر فائز افراد اپنے اندر بہترین انتظامی صلاحیتیں عزت و توقیر پائیں حکام اور بااثر افراد سے تعلقات میں بہتری سماجی سیاسی عزت و شہرت میں اضافہ عمدہ صحت شفایابی کیلئے شعور و آگاہی جان کر آپ اپنی اور اپنے قرباء کی صحت کو بہتر بنا سکتے ہیں آپ کی شخصیت کی سحر انگیزی یوں تو سارا سال جاری رہے تاہم ایام گرہن میں بُری طرح نظر بد، جادو ٹونے کا شکار ہو سکتے ہیں صدقات اور دُعائیں بھی جاری رکھنا تحفظ اور بہتری کا باعث بنے۔ تاہم ستارہ زحل 17

جون تا 04 نومبر رجعت (اُلٹا) ہونے کے سبب اپنے اہم کاموں کی تکمیل کیلئے صبر و تحمل سے کوشاں رہیں تب معاملات سُست روی سے آگے بڑھیں گے۔ زحل مریخ سعد نظرات 28 مارچ تا 02 اپریل، 12 اکتوبر تا 24 نومبر بننے سے مجموعی طور پر یہ بھی عرصہ کاروباری خیر و برکت ترقی کیلئے اہم دکھائی دیتا ہے تاہم 2023ء 28 اپریل، 05 مئی، 29 اکتوبر گرہنوں کے بداثرات سے بچنے کیلئے حسبِ توفیق صدقہ وخیرات دینے کے ساتھ ساتھ ایام گرہن سے پندرہ دن قبل تا بعد اہم کاروباری معاملات نہایت احتیاط طلب ہونگے۔

**دوست احباب، خواھشات، کاروباری فوائد:**۔ بیت الامید اور بیت العزت کا مشترکہ حاکم ستارہ زحل 27 سال کے بعد شمسی زائچے کے اپنے ہی گھر میں طلوع ہونے اور اڑھائی سال یہاں قیام کرنے سے یوں معلوم ہوتا ہے کہ 2023ء کی تمام خوش بختیاں آپ کی طرف کھینچی چلی آرہی ہیں کوئی بھی خوش بختی محسوس کریں تو شکر خداوندی کا ورد اپنی زبان پر جاری رکھیں آپکی زندگی میں اچھے اور نیک وفادار دوست احباب ملازمین و معاونین شامل ہونگے اور کچھ پرانے لوگ آپ کی زندگی سے نکل جائیں گے یوں تو عزت و توقیر کے دور کا آغاز 2023ء میں ہوا چاہتا ہے تاہم اپنے معاشرتی حلقہ احباب اور اپنی حیثیت کے مطابق کچھ پہلے سے بڑھ کر پائیں گے آپ کی دیرینہ خواہشات آسان طریقے سے پوری ہوسکیں گے اور آپ کی خواہشات میں اگر وسعت نہ ہوئی تو سابقہ تمام خواہشات کی تکمیل 2025,2024,2023 میں تکمیل پذیر ہوتی ہوئی دکھائی دیتی ہیں۔ زحل مریخ سعد نظرات 28 مارچ تا 02 اپریل، 15,14,13,12 اکتوبر پیشہ ورانہ ترقی کیلئے نہایت سعد دکھائی دیتی ہیں تاہم 20,19,18 جولائی اور 24 سے 27 نومبر کسی دوست نما دشمن سے بھروسہ کے سبب مالی نقصان پہنچ سکتا ہے ان ایام اور گرہن کے ایام 28 اپریل، 05 مئی، 29 اکتوبر خاص طور سے محتاط رہتے ہوئے صدقہ وخیرات ضرور دیں۔

**خفیہ سرگرمیاں، سازش، ماضی کے مسائل اور اخراجات، امیگریشن:**۔ بیت الاعداء نویں بارھویں کے مشترکہ حاکم ستارہ مشتری کا قیام بارہ سال کے بعد 21 اپریل بارہویں اپنے ہی گھر میں ہونے سے جائز ضروری اخراجات از قسم بچوں کی تعلیم و تربیت شادی بیرون ملک امیگریشن کیلئے کی گئی کوششیں بارآور ثابت ہونگی طبیعت میں روحانیت کا غلبہ رہیگا کسی مرشد کامل یا بزرگ اُستاد کی راہنمائی سے کوئی وظیفہ چلہ کرنے سے کامیابی ممکن ہو چلہ کشی عبادت ریاضت سے سکون قلب ملے اور آپ اپنے توشہ آخرت کیلئے کوئی صدقہ جاریہ کا کام انجام دے پائیں۔ 04 ستمبر تا 31 دسمبر ستارہ مشتری کی رجعت (اُلٹا) حاسدین مخالفین کی بدنظری سے بچنے کیلئے صدقہ وخیرات ضرور دیں ستارہ مشتری مریخ سعد نظرات 31 جولائی تا 03 اگست غیر متوقع روحانی خانگی ازدواجی خوشیاں پائیں۔ روحانی سکون خوداعتمادی میں اضافہ ستارہ مشتری کی بارہ سال بعد 22 اپریل ایک سال کیلئے طالع میں آمد آپ کے خلاف ہونے والی تمام سازشیں بے نقاب ہونگی۔ یوں 2023ء مثبت روحانی دُنیاوی تبدیلیوں کے ساتھ ساتھ گزشتہ پیدا شدہ مشکلات و پریشانیوں سے نجات عطا کریگا۔

**حملی مرد وزن پر گرھنوں کے اثرات:**۔ یوں تو آسمانی کونسل پر لگنے والے سورج و چاند گرہن کے اثرات بد ہوتے ہیں تاہم 2023ء میں لگنے والے گرہن برج حمل افراد کیلئے نہایت غیر معمولی اور ناقص اثرات لئے آرہے ہیں گرہن قدرت کی نشانیوں میں سے ایک نشانی ہے اسی سبب عالم اسلام میں اس کی نحوست سے بچنے کیلئے نماز کسوف وخسوف واجب قرار دی گئی ہیں۔ 28 اپریل طالع میں سورج گرہن آپ خرابی صحت دوسروں سے تعلقات میں مسائل و پریشانی خانگی ازدواجی تناؤ شراکتی تعلقات غلط فہمیوں کا شکار ہو کر ٹوٹ سکتے ہیں۔ 05 مئی چاند گرہن ساتویں لگنے سے ازدواجی خانگی شراکتی تعلقات متاثر ہونے کا اندیشہ ہے۔ 14 اکتوبر چھٹے سورج گرہن لگنے سے اگرچہ آپ کے حاسدین مخالفین ذلیل ہونگے تاہم تب بھی صدقہ وخیرات ضرور کریں۔ 29 اکتوبر سال کا آخری چاند گرہن طالع میں لگنے سے آپ کی بڑھتی ہوئی عزت وساکھ کو دیکھتے ہوئے حاسدین ومخالفین آپ کے خلاف سازشیں کر سکتے ہیں حسبِ توفیق صدقہ وخیرات دینے کے ساتھ ایام گرہن میں نماز کسوف وخسوف پڑھ کر اپنے اور اپنے احباب کیلئے دُعائیں کریں اہلِ خانہ اور دوستوں کو اس نماز کے پڑھنے کی تلقین کریں نماز پڑھنے کا طریقہ جنتری ہذا کے صفحہ نمبر 185 پر درج ہے۔

# ثور
زہرہ
VENUS

TAURUS

حاکم سیارہ: زہرہ
ذاتی عقیدہ: میں رکھتا ہوں
خاصہ: غیر تغیر پذیر (ثابت)
منسوب رنگ: سفید، کریم کلر، سبز، بھورا
منسوب پتھر: ڈائمنڈ اور سفید پکھراج
منسوب پھول: گلاب گل لالہ ڈیزی للی
حقی اور مؤنث برج

حروف: ب و
نشان: سانڈ کا سر
عنصر: مٹی (Earth)
نفسیاتی ٹائپ: مادی
اعضائے جسمانی: حلق گردن
منسوب دھات: تانبا، چاندی
منسوب درخت: سیب ناشپاتی
بائیو کیمک سالٹ: نیٹرم سلف

بحساب یونانی
21 APR - 20 MAY



16 MAY - 15 JUNE
بحساب ویدک

**آپ کی شخصیت:**۔ 2023ء نصیب اور کیریئر کا حاکم ستارہ زحل پورا سال آپ پر مہربان رہے تاہم ستارہ زحل 17 جون تا 04 مئی کیریئر اور عزت کے گھر میں رجعت (اُلٹا) ہونے سے خوش بختیاں قدرے سُست روی کا شکار ہوں مایوس نہ ہوں اچھے اور سعد وقت کا انتظار کریں۔ 2023ء طالع کا حاکم ستارہ زہرہ 15 فروری تا 11 مارچ شرف یافتہ، 06 اپریل تا 02 مئی اور 30 نومبر تا 24 دسمبر عروج یافتہ ہونے سے آپ کی سماجی سیاسی اور روحانی شخصیت میں اضافہ ہوگا آپ کی اعلیٰ بصیرت اور علمی روحانی تجربات سے دوسرے مستفید ہوسکیں اگر آپ کم عمر ہیں تو اس کے برعکس آپ کو دوسروں سے علم فیض اور دُعائیں یقینی طور پر ملیں آپ اپنے مستقبل کو درخشاں بنانے کیلئے جو بھی ادنیٰ واعلیٰ کوششیں فرمائیں گے اس کا آپ کو بہترین ثمر ملے گا وہ لوگ جو پہلے آپ سے تعاون پر آمادہ نہ تھے اب آپ سے تعاون کرنا پسند کریں گے زہرہ زحل سعد نظرات 22 تا 24 جنوری، 17 تا 19 مارچ، 12 تا 14 مئی، 06 تا 07 دسمبر بننے سے غیر متوقع طور سے خوشیاں ملیں اور آپ کے کیریئر اور ترقی کے معاملات آسان ہوں اپنے مستقبل کو درخشاں بنانے کیلئے کی گئی کوششیں بارآور ثابت ہوں سعد ایام کے ساتھ ساتھ کچھ زہرہ زحل نحس ایام 13 تا 15 اپریل، 05 جون تا 11 اکتوبر اور 31 دسمبر ان ایام کو ریڈ مارک کرلیں اور جلد بازی یا جذباتی پن میں کوئی ایسا فیصلہ نہ کریں جس سے آپ کو بعد میں پشیمانی یا ندامت کا سامنا کرنا پڑے۔ حسبِ توفیق صدقہ وخیرات سارا سال جاری رکھیں۔

**معاشیات، مالی ذرائع آمدن:**۔ خانہ مال کا حاکم ستارہ عطارد ابتدائے سال برج قوس میں وبال یافتہ اور آٹھویں نحس گھر ہونے سے اس بات کا اشارہ ہے کہ آپ جلد بازی یا لالچ میں آکر اپنا قیمتی روپیہ دوسروں کے حوالے نہ کریں یہ نسخہ کیمیاء سارا سال یاد رکھیں اس کے علاوہ 15 فروری تا 11 مارچ کی تواریخ بھی مجموعی طور پر کچھ نامناسب دکھائی دیتی ہیں۔ 2023ء کی سعد تواریخ 06 تا 14 اپریل، 02 تا 13 مئی، 03 تا 29 نومبر خانہ مال کا حاکم ستارہ عطارد عروج یافتہ اور شرف یافتہ ہونے سے ذرائع آمدن میں اضافہ کیلئے کی گئی کوششیں بارآور ثابت ہوں خاندان میں اضافہ اور کچھ نئے مہمان بھی آپ کے گھر کی رونق میں اضافے کا باعث بنیں۔ عطارد زہرہ سعد نظرات 12 سے 14 مئی، 16 سے 18 جون، 28,27 جولائی، 15 سے 18 نومبر، 10 سے 12 دسمبر بننے سے آپ کے ذرائع آمدن میں اضافہ 2023ء اس لحاظ سے نہایت اہم ہے کہ آپ اپنے مستقل ذرائع آمدن کیلئے کوئی مثبت پلاننگ کرسکیں یا پھر کوئی بڑا انشورنس پلان لینا بھی آپ کی فیملی کے مستقبل کیلئے نیک ثابت ہوگا۔

**عزیز واقارب واندرونِ ملک سفر:**۔ بیت الاقرباء کا حاکم ستارہ قمر ہر ماہ ڈھائی ڈھائی دن کیلئے برج ثور، برج سرطان اور سنبلہ میں آکر سعادت اور برکت کے لمحات عطا کرتا ہے جبکہ برج عقرب اور جدی میں چاند کی پوزیشن کمزور اور ناقص ہونے سے خیر وبرکت کے برعکس مسائل وپریشانیاں پیش آنے کے خدشات بعید از قیاس ہوسکتے ہیں قمر کی بارہ بروج میں تواریخ کا چارٹ جنتری ہذا میں بآسانی ملاحظہ فرماسکتے ہیں ابتدائے سال تیسرے کے مقابل نویں گھر میں آپ کا حاکم ستارہ زہرہ نویں کے حاکم زحل کے ہمراہ ہونے سے عزیز واقارب بہن بھائیوں کی آپ سے فرمائشیں بڑھیں اور ان کی فرمائشوں کو پورا کرنے میں ہی عافیت جانیں ورنہ انکی جانب سے مخالفت اور مخاصمت یا ناراضگی پیش آنے کے خدشات ظاہر ہوتے ہیں۔ 2023ء میں اندرون ملک کاروباری سیاحتی اور عزیز واقارب کی خوشیوں میں شرکت کیلئے متعدد مواقع دکھائی دیتے ہیں لمبے سفر کی ابتداء جب بھی کریں حسبِ توفیق صدقہ وخیرات ضرور دیں زمانہ قدیم ہو یا جدید کیا ہی اچھا ہو سفر سے قبل امام ہشتم امام علی رضاؑ کی پناہ میں آتے ہوئے امام ضامن پہن کر سفر کرنا باعث برکت تحفظ اور ہر قسم کی نحوستوں سے محفوظ پائیں۔

**خاندان، جائیداد، سواری اور زراعت:**۔ وتد الارض کا حاکم ستارہ شمس 14 اپریل تا 15 مئی شرف یافتہ، 15 جون تا 16 اگست

اوج یافتہ، 17 اگست تا 17 ستمبر عروج یافتہ رہتے ہوئے اہل خاندان میں وسعت اور اضافے کا باعث بنے یکم تا 14 اپریل سعد ستارہ مشتری کی سعادت اور پھر نصیب اور کیرئیر کے حاکم زحل کا دسویں گھر میں آنا زمین جائیداد پراپرٹی کے سکھ میں اضافہ زراعت سے تعلق رکھنے والے افراد کا نفع کئی گناہ بڑھ جائے جدید سائنسی زرعی اصولوں کو اپنانے سے پھل پھول باغات اور کھیت کھلیان سے بے پناہ نفع ملے حسب حیثیت نئی یا پرانی سواری کا حصول بھی ممکن دکھائی دیتا ہے اندرون خانہ سماجی سیاسی روحانی تقریبات وقفہ وقفہ سے سارا سال جاری رہیں۔ شمس، زہرہ، زحل سعد نظرات 24,23,22 جنوری، 19,18,17 مارچ، 26,25,24 اپریل، 14,13,12 مئی، 30,29,28 جون، 25,24,23 اکتوبر، 25,24,23,7,6,5 دسمبر یہ سبھی ایام مجموعی طور پر ہر لحاظ سے نفع بخش دکھائی دیتے ہیں جبکہ 15,14,13 اپریل، 29,28,27 مئی، 5 جون، 28,27,26 اگست، 11 اکتوبر، 24,23,22 نومبر، 31 دسمبر نہایت احتیاط طلب تواریخ ہیں ان ایام میں حسب توفیق صدقہ وخیرات ضرور دیں۔

**اولاد، انعامات و محبت:**۔ اولاد انعام ومحبت کا حاکم ستارہ عطارد منشی فلک ہمیشہ بادشاہ فلک شمس کے ساتھ رہتے ہوئے پورا سال آپ کو کئی ایک نفع بخش سعادتیں عطا کرے گا ستارہ عطارد 24 جون تا 08 جولائی عروج یافتہ، یکم تا 18 اکتوبر شرف یافتہ رہتے ہوئے اولاد انعام محبت جیسی خوشیاں عطا کرے ستارہ عطارد یکم تا 18 جنوری، 21 اپریل تا 15 مئی، 24 اگست تا 16 ستمبر اور 13 تا 31 دسمبر رجعت (اُلٹا) ہونے سے صاحب اولاد اپنے بچوں کی روز وشب اور ان کی تعلیمی اور آئی ٹی کی مصروفیت پر چیک اینڈ بیلنس رکھیں اپنے بچوں کو ان ایام میں خصوصی توجہ دیں اسٹاک شیئرز اور معاملات اُلفت ومحبت میں قدرے احتیاط سے کام لیں جلد بازی کے فیصلے بلاوجہ مسائل و پریشانیاں لا سکتے ہیں عطارد زہرہ سعد نظرات 14,13,12 مئی، 18,17,16 جون، 28,27 جولائی، 18,17,16,15,14,13 نومبر، 12,11,10 دسمبر خوشی وشادمانی اعلیٰ تعلیمی شعور وادراک بچوں کی تعلیم وتربیت اور خواہاں افراد کو رشتہ ازدواج میں منسلک ہونے کے خوش کُن پیغامات ملیں یہ سبھی ایام مجموعی طور پر خوشی اور شادمانی کا لطیف احساس لائیں گے۔ پرائز بانڈ اور انٹرنیشنل لاٹریز میں دلچسپی لینے والے افراد 5,4,3 جنوری، 19,18,17 فروری، یکم 29,28,27,3,2 مارچ، 14,13,12,6,5,4 مئی، 18,17,16 جون، یکم 28,27,2 جولائی، 11,10,9 اگست، 26,25,24,5,4,3 ستمبر، 23,22,21 اکتوبر، 18,17,16,15,14,13 نومبر، 19,18,17,16,15,14,13,12,10,9,8,7 دسمبر حصہ لیں تو کوئی بعید از قیاس نہیں کہ آپ کا کوئی بڑا انعام نکل آئے حصول انعامات میں مزید راہنمائی کیلئے ادارہ کی ہر سال شائع ہونے والی کتاب ''**انعام لکی نمبرز آئینہ قسمت**'' کا مطالعہ بھی آپ کو انعام کے قریب لے جائے گا۔ حصول انعام کیلئے اپنے نام کا اسم اعظم پڑھنا بھی نیک ہے ادارہ ہذا سے اپنا اسم اعظم مفت پوچھ سکتے ہیں۔

**صحت وامراض، ملازمتی کیرئیر:**۔ بیت المرض اور طالع کا مشترکہ حاکم ستارہ زہرہ ابتدائے سال میں نویں نصیب کے گھر اور نصیب کے حاکم زحل کے ہمراہ ہونے سے نصیب یاوری، شفایابی کی قوتیں بڑھیں دیرینہ پیچیدہ امراض میں مبتلا ثوری افراد کی شفایابی کی قوت میں اضافہ ہو یوں بھی دسویں شفا کا حاکم ستارہ زحل 17 جنوری 2023ء سے اڑھائی سال کیلئے یہاں آنے سے ہر قسم کی شفایابی کی قوتیں عطا کرے آپ کے اندر ہمت وحوصلہ بڑھے۔ آپ نہ صرف اپنی صحت بلکہ اپنے قرباء کی صحت کا بھی خیال رکھیں اور اپنے مفید مرض سے شفایابی کے تجربات سے انہیں آگاہ کریں ملازم پیشہ افراد اپنی ذمہ دارانہ پیشہ ورانہ صلاحیتوں کی بدولت ترقی اور عروج پائیں تبدیلی ملازمت نئی ملازمت یا بیرون ملک حصول ملازمت کیلئے کی جانے والی کوششیں بار آور ثابت ہوں تاہم راہو کیتو چھٹے بارہویں 29 نومبر تک رہتے ہوئے نظر بد جادو ٹونے جیسے اثرات کا اشارہ ہے شفایابی کے ستارے مشتری اور زحل بھی شمسی زائچے میں 2023ء طاقتور رہتے ہوئے ہر قسم کی نحوستوں سے محفوظ رکھیں۔ نماز کی پابندی اور قرآنی آیات اسم اعظم پڑھنے والے ثوری ہر قسم کی نحوست سے محفوظ رہیں۔ زہرہ زحل سعد نظرات 24,23,22 جنوری، 19,18,17 مارچ، 14,13,12 مئی، 7,6,5 دسمبر بننے سے کیرئیر ملازمت اور شفایابی کی سعادتیں ملیں اپنے معالج کے مشورے سے ادویہ واغذیہ کے ساتھ ساتھ ہلکی پھلکی ورزش اور ذہنی وجسمانی سکون کیلئے عبادت الٰہی کو اپنا مرکز ومحور بنالیں۔

**تعلقات، شراکتی وازدواجی مراسم، شادی:**۔ بیت الزوج اور بیت الاعداء کا مشترکہ حاکم ستارہ مریخ ابتدائے سال میں طالع

میں یکم تا 12 مارچ رہتے ہوئے شراکتی ازدواجی مسائل پریشانیاں لاسکتا ہے ادھر راہو کیتو بھی چھٹے بارہویں 29 نومبر تک رہتے ہوئے نظر بد جادوٹونے کا اشارہ معلوم ہوتا ہے نظر بد جادوٹونے سے محفوظ رہنے کیلئے حسبِ توفیق ہر منگل گوشت یا کلیجی پھیپھڑے نمک مرچ ہلدی سرسوں کا تیل لگا کر جانوروں کیلئے کسی کھلی جگہ صدقہ کے طور پر رکھنا 2023ء کا بہترین صدقہ ہے۔ستارہ مریخ 10 مئی تا 30 جون تیسرے ہبوط یافتہ آپ کی ہمت وحوصلہ میں کمی لاسکتا ہے دوسروں سے بلاوجہ شکوک وشبہات جیسی کیفیات دکھائی دیتی ہیں اس کے علاوہ ستارہ مریخ 03 اکتوبر تا 15 نومبر چھٹے رہتے ہوئے زوجین کے مابین خصوصاً جن کی نئی شادی ہوئی ہوان میں رخنہ اندازی کے خدشات نمایاں دکھائی دیتے ہیں ستارہ مریخ 16 نومبر تا 27 دسمبر ساتویں رہتے ہوئے اور خصوصاً طالع کے حاکم زہرہ سے سال میں سعد نظرات 10,9 جنوری، 13,12,11,10 مارچ سعد نظرات بننے سے رشتوں ناطوں کے خوش کُن پیغامات اور ناراض زوجین کے مابین صلح صفائی کے خوش بخت لمحات دکھائی دیتے ہیں مریخ زحل سعد نظرات 28 تا 31 مارچ، 12 تا 15 اکتوبر تک سعد نظرات بننے سے شراکتی ازدواجی تعلقات میں بہتری ناراض دوستوں اور قریبی لوگوں سے صلح صفائی اور بہتری کے آثار دکھائی دیتے ہیں۔

**وراثت، انشورنس، کلیم:**۔بیت الخوف اور بیت الامید کا مشترکہ حاکم ستارہ مشتری 21 اپریل 2023ء تک گیارہویں اپنے ذاتی گھر رہتے ہوئے دیرینہ پیچیدہ وراثتی مشکلات کوشش فرمانے سے بآسانی حل ہوسکتی ہیں عدالتی مقدمات پنچائتی خاندانی طور پر بھی حل کی جاسکتی ہیں۔2023ء میں ذاتی اجتماعی کاروباری کوئی بڑا انشورنس پلان لینا آپ اور آپ کے احباب کیلئے اس سال کا بہترین وہ تحفہ ہے جو مستقبل میں آپ کے مالی تحفظ کو یقینی بنائے گا ستارہ مشتری زہرہ سعد نظرات 5,4,3 جنوری، یکم، 3,2 مارچ، 6,5,4 مئی، 23,22,21 اکتوبر بننے سے مشترکہ مفادات کے کام انشورنس کلیم اور بغیر محنت کے دولت از قسم وراثت یا کوئی بڑا انعام نکل آنے سے اچانک آپ کے دولت مند ہونے کے ستاروں کے مثبت اشارے دکھائی دیتے ہیں۔حصول خیر و برکت اپنی تمام حل المشکلات کیلئے ہر جمعرات مساجد کے جھاڑو کش اور موذن حضرات کی حسبِ توفیق خدمت کرنا اور اُن سے دُعا کے لئے کہنا بہترین حُسن عمل ثابت ہوگا۔

**مستقبل کی منصوبہ بندی، بیرون ملک سفر، قانونی مشاورت واعلیٰ تعلی:**۔بیت النصیب اور کیرئیر کا مشترکہ حاکم ستارہ زحل گزشتہ 2 سال سے اپنے ہی گھر میں رہتے ہوئے آپ کے نصیب کو سنوارتے ہوئے 17 جنوری برج جدی سے دلو میں اپنے ذاتی گھر میں 20 اکتوبر 2027ء تک قیام کرتے ہوئے اور رجعت (اُلٹا) اور استقامت (سیدھا) کرتے ہوئے شمسی زائچے کے دسویں گیارہویں اور بارہویں گھر اپنے سفر کے دوران آپ کا نصیب بدل دے گا۔آپ آج جن وسائل اور خواہشات کے متمنی ہیں آئندہ آنے والے تین چار سالوں میں وہ سبھی نعمتیں آپ کو میسر آسکیں گی خواہاں طلبہ جو اعلیٰ تعلیم کے لئے بیرون ملک سفر یا اپنے وطن میں رہتے ہوئے بین الاقوامی اعلیٰ یونیورسٹی کی ایجوکیشن بآسانی حاصل کرسکیں گے آپ کی خوش نصیبی خوش بختی میں اضافہ ہوگا ستاروں کی سعد پوزیشن کے سبب قانونی اموراور وسائل حل ہوں اور متعدد کامیابیاں بھی ملیں آپ کا تعلق کسی بھی جگہ سے کیوں نہ ہو آپ اپنے مستقبل کو محفوظ اور خوشگوار بنانے کیلئے جو بھی کوششیں فرمائیں گے ان کے ثمرات آپ کو بہت جلد ملیں۔ستارہ زحل 17 جون تا 04 نومبر رجعت (اُلٹا) ہونے سے معاملات قدرے سُست روی کا شکار ہو سکتے ہیں لیکن ان کا تعمیری پہلو مسلسل جاری رہے گا۔زحل زہرہ سعد نظرات 24,23,22 جنوری، 19,18,17 مارچ، 14,13,12 مئی، 7,6,5 دسمبر بننے سے آپ اپنے مقاصد کی تکمیل اور مستقبل کو درخشاں بنانے کیلئے جو بھی منصوبے بنائیں گے آپ کی راہیں کھلتی چلی جائیں گی مہربان اور شفیق اعلیٰ مشاورت اور بزرگوں سے دُعائیں بھی ملیں۔خواہاں افراد کو حج وعمرہ زیارات کی سعادت نصیب ہوسکے گی مجموعی طور پر عروج وزوال کا ستارہ زحل آپ کو بتدریج عروج کی منازل طے کروائے گا تاہم زحل مریخ مقابلہ 19 سے 21 جولائی اور 14 اکتوبر کا سورج گرہن اچانک مسائل اور پریشانیاں لانے کا سبب بن سکتا ہے ان ایام میں خصوصی طور پر صدقات اور خیرات دیں اور ان ایام سے ہفتہ قبل یا بعد اپنے اہم کاموں کو پینڈنگ کرنے میں کوئی مضائقہ نہیں۔

**کیرئیر، کاروبار، عزت ووقار:**۔کیرئیر کا حاکم ستارہ زحل 27 سال کے بعد 17 جنوری 2023ء تا 29 مارچ 2025ء اپنے ذاتی دسویں گھر میں قیام کرتے ہوئے آپ کو عزت وتوقیر سے نوازے گا کامیابیوں کا یہ سفر مسلسل جاری رہیگا آپ کا تعلق دُنیا کے کسی بھی ملک یا شہر سے کیوں نہ ہو

آپ خوش بختیاں اپنی طرف آتے ہوئے محسوس کریں گے وہ افراد جو گزشتہ کئی سالوں سے مسائل اور پریشانیوں کے طویل دُور سے گزرے ہیں ان کیلئے خوش بختی ہے ان کی زندگی کے معمولات میں خیر و برکت اور بتدریج بہتری آئے گی عدم تعاون کرنے والے اب تعاون پر آمادہ ہونگے زندگی کے ہر میدان میں کامیابی آپ کا مقدر ہوگی کاروباری حضرات اپنے کاموں میں استحکام اور بہتری پائیں گے عزت توقیر شہرت میں اضافہ ہوگا ذمہ درانہ فرائض کی انجام دہی سے ملازمتی افراد کی ترقی کا گراف بلند رہے گا نئے کام یا کاروبار کے آغاز کیلئے **2023**ء ایک نہایت خوشگوار سال دکھائی دیتا ہے۔ بعض افراد کی زندگی میں انقلابی تبدیلیاں بھی آئیں تبدیلی کاروبار یا جاری کام میں مزید سرمایہ کاری بہتر رہے نت نئے کاروباری تجربات کیلئے بھی یہ سال نہایت اہم ہے تاہم کام کرنے سے قبل پلاننگ اور مشاورت کو نظر انداز نہ کریں ستارہ زحل **17** جون تا **04** نومبر رجعت (اُلٹا) ہونے کے سبب کچھ جاری کاموں میں سُست روی ہونے سے صبر وتحمل سے کام لیں کامیابی یقیناً آپ کا مقدر بنے گی۔ ستارہ زحل زہرہ سعد نظرات **24,23,22** جنوری، **19,18,17** مارچ، **14,13,12** مئی، **7,6,5** دسمبر کی تواریخ نہایت اہم خوش بخت دکھائی دیتی ہیں ان تواریخ کی سعادت سے بھرپور فائدہ اُٹھایا جا سکتا ہے جبکہ زہرہ زحل نحس نظرات **15,14,13** اگست، **5** جون، **11** اکتوبر، **31** دسمبر بننے سے بلاوجہ کی کاروباری مسائل اور پریشانیاں پیش آسکتی ہیں ان ایام کو ریڈ مارک کرلیں محتاط رہتے ہوئے صدقہ وخیرات ضرور حسبِ توفیق دینا نیک رہے گا۔

**دوست احباب، خواهشات، کاروباری فوائد:** ۔ بیت الامید کا حاکم ستارہ مشتری **12** سال بعد اپنے ذاتی گھر میں **22** اپریل تک رہتے ہوئے آپ کے حلقہ احباب میں وسعت زندگی کی مسرتیں اور شادمانیاں اپنے برج کی تبدیلی **22** اپریل سے پہلے حسبِ خواہاں سعادتیں اور برکتوں سے نواز کر جائے گا قریبی لوگوں سے تعلقات میں بہتری شراکتی خانگی اور ازدواجی معاملات میں بہتری آئیگی۔ ستارہ مشتری **22** اپریل سے ایک سال کیلئے شمسی زائچے کے بارہویں رہنے سے پیداشدہ مشکلات پر بآسانی قابو پایا جاسکے گا بااثر حکام کی مدد اور تعاون بھی آپ کو ملے گا۔ کئی پرانے لوگ آپ کی زندگی سے نکل جائیں گے اور ان کی جگہ نئے اور اچھے لوگوں کی صف میں اضافہ ہوگا ستارہ مشتری زہرہ سعد نظرات **4** جنوری، **2** مارچ، **22** اکتوبر بننے سے آپ کی عزت وتوقیر میں اضافہ کاروبار اور جائیداد کی خرید وفروخت سے نفع پائیں اور آپ کی کئی ایک دیرینہ خواہشات کی تکمیل ممکن ہوسکے گی۔

**خفیه سرگرمیاں، سازش، ماضی کے مسائل اور اخراجات، امیگریشن:** ۔ بیت الاعداء کا حاکم ستارہ مریخ یکم جنوری تا **12** مارچ طالع میں ہونے کے سبب حاسدین ومخالفین آپ کے خلاف ریشہ دوانیاں کر سکتے ہیں اپنی عزت وتوقیر کو بحال اور قائم رکھنے کیلئے حسبِ توفیق صدقہ وخیرات دینے کے ساتھ ساتھ اپنے جذباتی پن وغم وغصہ پر قابو رکھیں اس دوران کوئی ناگہانی اخراجات بھی پیش آسکتے ہیں شمسی زائچے کے چھٹے بارہویں راہو کیتو نظر بد جادو ٹونے کا اشارہ ہے حسبِ توفیق صدقہ وخیرات دینے کے علاوہ صبح وشام آیۃ الکرسی سے اپنا حصار کریں۔ حصول امیگریشن کیلئے اپلائی کرنے کیلئے یہ سال نہایت اہم دکھائی دیتا ہے خصوصاً یکم جولائی تا **18** اگست، **16** نومبر تا **27** دسمبر اہم تواریخ ثابت ہوسکتی ہیں مریخ زہرہ سعد نظرات **10,9** جنوری، **13,12,11** مارچ بننے سے آپ کے حاسدین ومخالفین آپ پر عیاں ہونگے مریخ زہرہ نحس نظرات **6,5,4** فروری، **28** اپریل سورج گرہن، **5** مئی چاند گرہن، **29** اکتوبر پھر چاند گرہن اپنے حاسدین ومخالفین سے محتاط رہتے ہوئے خفیہ امور اپنے رازوں کو دوسروں پر ظاہر کرنا ہرگز مناسب نہ ہوگا ان نحس ایام سے ہفتہ قبل تا بعد حسبِ توفیق صدقہ وخیرات دینے کے ساتھ نماز آیات (گرہن) پڑھ کر اپنی مشکلات دُور ہونے کا یقین کیا جاسکتا ہے۔

**ثوری مرد وزن پر گرهنوں کے اثرات:** ۔ **2023**ء میں پہلا سورج گرہن **28** اپریل بارہویں لگنے سے آپ کے حاسدین ومخالفین عیاں ہوں صحت جسمانی کا خاص طور پر خیال رکھیں، **5** مئی چھٹے چاند گرہن لگنے سے قانونی مسائل اور پریشانیاں ملازمتی سازشیں پیش آسکتی ہیں اہم تحریر لکھتے وقت محتاط رہیں۔ **14** اکتوبر پانچویں سورج گرہن لگنے سے اولاد انعام محبت سے متعلقہ مسائل و پریشانیاں اچانک پیش آسکتی ہیں محتاط رہیں۔ **29** اکتوبر چاند گرہن بارہویں لگنے سے حاسدین ومخالفین زیر ہوں اور کچھ لوگ بیرون ملک سے ایک ملک سے دوسرے ملک یا پھر اپنے وطن واپس آنے کو ترجیح دیں ان سبھی ایام میں حسبِ توفیق صدقہ وخیرات ضرور دیں اور نماز کسوف وخسوف پڑھ کر اپنی نحوستوں کے دُور ہونے کا یقین کیا جاسکتا ہے۔




GEMINI

حاکم سیارہ: عطارد
ذاتی عقیدہ: میں سوچتا ہوں
عنصر: ہوا (Air)
نفسیاتی ٹائپ: سوچنا (Thinking)
اعضائے جسمانی: ہاتھ، سانس
پتھر: فیروزہ اور زمرد یا جیڈ
درخت: ناریل، کھجور

حروف: ق، ک

نشان: جڑواں بچے
مثبت اور مذکر برج
توانائی: تغیر پذیر
رنگ: پیلا، نیلا، اسکائی بلیو
دھات: پارہ، پلاٹینیم اور ایلومینیم
پھول: لیونڈر، بنفشہ، سوسن، آس
بائیو کیمک سالٹ: کالی میور

بحساب یونانی
21 MAY - 20 JUNE



16 JUNE - 15 JULY
بحساب ویدک

**آپ کی شخصیت:۔** 2023ء ابتدائے سال میں آپ کا حاکم ستارہ عطارد ساتویں سے نکل کر آٹھویں نحس گھر 27 فروری تک رہتے ہوئے آپ کی طبیعت میں جلد بازی جذباتی پن کا اشارہ جلد بازی میں آپ اپنے بنتے کاموں کو بگاڑنے سے اعتراض کریں ستارہ مشتری کی سعادت بزرگوں مخلصین کا بھرپور تعاون اور مشاورت ملنے سے 2023ء کی بہترین پلاننگ ابتدائے سال سے کر لینا ہی آپ کے حق میں بہتر دکھائی دیتا ہے یہ وہ اہم نقطہ ہے جس پر عمل کرنے سے آپ اس سال کی خوش بختی کا تسلسل قائم رکھنے میں کامیاب ہو سکتے ہیں۔نصیب کا حاکم زحل اس سال تیس سال بعد نصیب کے گھر میں آنے سے آپ کی خوش بختیوں کا آغاز ہو جائے گا تاہم 21 جولائی زحل مریخ مقابلہ اور 28 اپریل سورج، 29 اکتوبر چاند گرہن گیارہویں لگنے سے نقصانات اور بدقسمتی جیسے واقعات اچانک رونما ہونے کا اندیشہ مخالفت اور مخاصمت اور دوسروں کے دام فریب میں آنے سے بچیں ان ایام سے ہفتہ قبل تا بعد صدقہ وخیرات دیتے رہیں اور اپنے اہم کاموں کو کچھ دنوں کیلئے التواء میں ڈال دینے میں کوئی مضائقہ نہیں۔

**معاشیات، مالی ذرائع آمدن:۔** خانہ مال کا حاکم ستارہ قمر ابتدائے سال میں بیت الامید کے گھر ہونے سے کاروباری ذرائع آمدن اور مستقل آمدن کے کئی ایک ذرائع اور وسائل آپ کو ملیں گے دولت کے فطرتی حاکم ستارہ مشتری کی سعد نظرات شمسی زائچے کے دوسرے، چوتھے، چھٹے، دسویں گھر جنوری، فروری، مارچ، اپریل رہتے ہوئے خصوصاً ذرائع آمدن میں اضافے کے کئی ایک نئے وسائل ملیں گے۔اب یہ آپ پر منحصر ہے کہ آپ بروقت بہتر فیصلے کریں مشتری عطارد سعد نظرات 19,18,17 فروری، 29,28,27 مارچ، یکم 2، جولائی، 11,10,9 اگست، 26,25,24,5,4,3 ستمبر، 19,18,17,9,8,7 دسمبر بننے سے مالی فوائد ذرائع آمدن میں اضافہ خوش خوراکی خوش لباسی آمدن کے ساتھ ساتھ اخراجات بھی بلند رہیں گے۔مشتری عطارد نحس نظرات 18,17 جولائی، 29 اکتوبر اور 28 اپریل، 29 اکتوبر گرہن لگنے سے بھی مالی معاشی ترقی کے کاموں میں رکاوٹوں کا اندیشہ ہفتہ قبل تا بعد احتیاط اس کے علاوہ ستارہ مشتری 4 ستمبر تا 31 دسمبر رجعت (اُلٹا) ہونے سے اپنے قیمتی روپے پیسہ کی حفاظت کریں اور کسی کے دام فریب میں آ کر اسے ضائع نہ ہونے دیں۔

**عزیز و اقارب و اندرونِ ملک سفر:۔** بیت الاقرباء کا حاکم ستارہ شمس 14 اپریل تا 15 مئی شرف یافتہ، 15 جون تا 16 اگست اوج یافتہ، 17 اگست تا 17 ستمبر عروج یافتہ رہتے ہوئے قریبی احباب عزیز و اقارب سے تعلقات میں خوشگواری ہمسائیوں کے حقوق ادا کرنے سے قلبی سکون پائیں اندرون ملک 2023ء میں متعدد تجارتی، سیاحتی، ثقافتی، سیاسی عزیز و اقارب سے تجدید مراسم کیلئے کئی ایک خوشگوار سفر پیش آئیں سچی کہاوت ہے کہ سفر وسیلہ ظفر ثابت ہوتا ہے 2023ء اس کی لطف انگیزی محسوس کرنے کا بہترین سال ستارہ زحل 17 جنوری تا تمام سال تیسرے گھر کو ناظر رہتے ہوئے عزیز و اقارب کی فرمائشیں آپ کو مسلسل وقفہ وقفہ سے ملتی رہیں اور آپ چاہتے ہوئے یا نہ چاہتے ہوئے بھی رضا الٰہی کیلئے انہیں انجام دے پائیں۔28 اپریل سورج، 29 اکتوبر چاند گرہن لگنے سے ان ایام سے ہفتہ قبل یا بعد حسب توفیق گندم یا باجرہ کا صدقہ ضرور دیتے رہیں۔

**خاندان، جائیداد، سواری اور زراعت:۔** وتد الارض اور طالع کا حاکم ستارہ عطارد آٹھویں نحس گھر میں 6 فروری تک رہتے ہوئے خانگی خاندانی مسائل و پریشانیاں پیش آ سکتی ہیں قبل از وقت تدارک کرنے سے آپ غیر متوقع خاندانی پریشانیوں سے محفوظ رہ سکتے ہیں 2023ء میں ستارہ مشتری زحل اور راہو کیتو کی تبدیلی آپ کے رہائشی خاندانی معمولات میں مثبت تبدیلیاں آئیں اور یہ تبدیلیاں آئندہ زندگی کیلئے ترقی کا پیش خیمہ ثابت ہوں سال کے پہلے چار ماہ جنوری، فروری، مارچ، اپریل خوش بختی جبکہ مئی، جون، جولائی، اگست، ستمبر، اکتوبر قدرے جدوجہد اور توجہ فرمانے سے خوش بختیاں ملیں۔نومبر، دسمبر راہو کیتو کی تبدیلی آپ کے کاروبار رہن سہن تعلقات میں تبدیلیوں کا اشارہ ہے آپ ان تبدیلیوں کو غیر ضروری محسوس کریں تو قبل از وقت کی گئی پلاننگ سے آپ غیر ضروری تبدیلیوں سے بچ بھی سکتے ہیں اور اگر چہ یہ تبدیلیاں جنہیں آپ فی الحال خوش کُن محسوس نہ کریں آئندہ سالوں میں آپ کی نصیب یاوری کیلئے

ہونگی۔ مجموعی طور پر **2023**ء کا سال آپ کی زندگی کا بہترین سال ثابت ہوگا بشرطا اسے آپ منظم طریقے سے بسر کرنے کیلئے شروع سال سے ہی پلاننگ کرلیں اپنی فطرتی تیز طبع پر قابو رکھیں دوسروں کی مشاورت کسی بزرگ روحانی کے فیض ملنے سے آپ کی زندگی کا ستارہ چمک جائے گا **2023**ء دُعائیں لینے دُعائیں دینے کا بہترین سال دُعاؤں کے اگرچہ رنگ دکھائی نہیں دیتے لیکن جب دُعائیں لگتی ہیں تو رنگ لگا دیتی ہیں۔ **2023**ء دُعائیں لینے دینے اور شکر کے کلمات مسلسل ادا کرتے رہنے سے آپ کی نعمتوں میں یقیناً اضافہ ہوگا۔

**اولاد، انعامات و محبت:**۔ بیت اولاد اور انعام کا حاکم ستارہ زہرہ **15** جنوری تا **11** مارچ شرف یافتہ، **6** اپریل تا **2** مئی، **30** نومبر تا **29** دسمبر عروج یافتہ جبکہ **2** مئی تا **30** مئی ستارہ زہرہ اوج یافتہ رہتے ہوئے آپ کو اولاد انعام محبت میں خوشیاں عطا کرے سعد اکبر ستارہ مشتری **24** اپریل سے **31** دسمبر تک سارا سال تیسرے، پانچویں، ساتویں اور گیارہویں گھر کو سعد ناظر رہنے سے صاحب اولاد افراد کو اپنی اولاد کی تعلیمی اور ان کے رشتے ناطے ہو جانے کی خوشیاں ملیں محبت کی ابتداء جلد ہی شادی پر منتج ہوتی ہوئی دکھائی دیتی ہے۔ **2023**ء انٹرنیشنل لاٹریوں اور پرائز بانڈ یا جلد امیر ہو جانے والی اسکیموں میں آپ کا رجحان بڑھے گا۔ تاہم چاند کا سایہ راہو کیتو یکم جنوری تا **29** نومبر کیتو پانچویں مقابل راہو ہونے سے وہ صاحب اولاد جن کی اولاد جوان ہو چکی ہے اور وہ ان کی تعلیم و تربیت اور شادی کیلئے متفکر ہیں انہیں چاہیے کہ راہو کیتو کی نحوست سے بچنے کیلئے ان کے صدقات دیں اور انہیں منزل قرآن کی کچھ مجرب دُعائیں یاد کرائیں تاکہ خوشیاں آپ اور آپکے بچوں کا مقدر رہوں بزرگ لوگوں یا جزام کے مریضوں کو منگل کے دن حسب توفیق صدقہ دینا بہترین رہے گا زہرہ مشتری سعد نظرات **5,4,3** جنوری، یکم **3,2,** مارچ، **6,5,4** مئی، **23,22,21** اکتوبر بننے سے مجموعی طور پر اولاد انعام محبت کے سبھی سکھ ملیں ستارہ مشتری کے **12** سال بعد اپنے ذاتی برج حوت میں طاقتور ہونے اور اسی جگہ ستارہ زہرہ کا شرف یافتہ ہوتے ہوئے قران سعدین **12** سال بعد عظیم خوش بختی قران سعدین یکم **3,2,** مارچ کو ہونے سے آپ اپنی زندگی کے خوشگوار ادوار میں داخل ہو جائیں گے اسٹاک شیئر اور انعامی مقابلوں میں حصہ لینا بھی ان ایام میں مفید رہے گا تاہم ستارہ زہرہ مشتری ناقص نظرات **13,12,11,10** جون، **24,23,22,21,20** اگست، **18,17,16,15** ستمبر، **11,10,9** دسمبر بننے سے جنس مخالف اور فریبی لوگوں کے دامن فریب میں آنے سے بچیں۔ پرائز بانڈ اور انٹرنیشنل لاٹری میں حصہ لینے والے شوقین حضرات اگر ان تواریخ **10,9** جنوری، **23,22** فروری، **13,12,11,10** مارچ، **25,24,23,22,9,8,7** اپریل، **14,13,12** مئی، **22,21,18,17,16** جون، **28,27** جولائی، **29,5** ستمبر، **30,29,28** اکتوبر، **18,17,16,15,14,13** نومبر، **28,27,12,11,10** دسمبر حصہ لیں تو کوئی بعید از قیاس نہیں کہ آپ کا کوئی بڑا انعام نکل آئے حصول انعامات میں مزید راہنمائی کیلئے ادارہ کی ہر سال شائع ہونے والی کتاب "**انعام لکی نمبرز آئینہ قسمت**" کا مطالعہ بھی آپ کو انعام کے قریب لے جائے گا۔ حصول انعام کیلئے اپنے نام کا اسم اعظم پڑھنا بھی نیک ہے ادارہ ہذا سے اپنا اسم اعظم مفت پوچھ سکتے ہیں۔

**صحت و امراض، ملازمتی کیرئیر:**۔ بیت المرض کا حاکم ستارہ مریخ ابتدائے سال میں یکم جنوری تا **13** مارچ طالع میں ہونے سے خود اعتمادی اور حوصلہ مندی میں اضافہ ہو آپ صحت کی شعور و آگاہی جان کر اپنی صحت جسمانی کو بہتر اور بحال رکھ سکیں گے اپنے معالج کے مشورے سے بہترین ادویہ و اغذیہ ہلکی پھلکی ورزش اور مسلسل ایکسوسائز جیسی صحت مندانہ مصروفیت کو اپنی لائف میں شامل کر کے صحت و تندرستی کا گراف بڑھے دیرینہ بیمار جوزوی افراد بھی اس سال اپنے آپ کو صحت توانا محسوس کریں قرض مرض اور بلاوجہ کے حاسدین و مخالفین سے بھی نجات مل پائے۔ **29** نومبر **2023**ء سے راہو کیتو چھٹے، بارہویں آنے سے نظر بد سفلی اور سحری عملیات سحر جادو جیسے خدشات بعید از قیاس نہیں مریخ عطارد سعد نظرات **23,22** فروری، **9,8,7** اپریل، **22,21** جون، **30,29,28** اکتوبر، **29,28,27** دسمبر بننے سے کسی مرشد کامل یا مسیحا ڈاکٹر ملنے سے آپ روحانی اور جسمانی کیفیات کو بہتر محسوس کرنے لگیں گے۔ **2023**ء مکمل جسمانی اور روحانی شفایابی کیلئے اپنی روزمرہ کی غذا میں جنت کے پھل انجیر، زیتون اور انار کو شامل کریں جس سے آپ اپنی جسمانی صحت و تندرستی کا گراف بہتر محسوس کرنے لگیں گے اور اپنی فیملی کو بھی اس میں شامل کریں۔

**تعلقات، شراکتی و ازدواجی مراسم، شادی:**۔ ساتویں و دسویں کا مشترکہ حاکم سعد اکبر ستارہ مشتری ابتدائے سال میں یکم جنوری تا **21** اپریل دسویں اپنے ذاتی گھر میں رہتے ہوئے شراکتی ازدواجی خوشیوں سے نوازے ناراض زوجین کے مابین پھر سے اتفاق و محبت اور خوشگوار خانگی ازدواجی

ایک نئے دور کا آغاز ہو سکے عقد ثانی یا پھر زیادہ عمر کے جوزوی لڑکے لڑکیوں کی شادی اس سال یقینی طور پر ہو جائے گی ستارہ مشتری 22 اپریل 2023ء تا یکم مئی 2024ء شمسی زائچے کے گیارہویں گھر رہتے ہوئے تیسرے، پانچویں، ساتویں اور گیارہویں گھر کی خوش کن سعادتیں خوش کن حسب پسند شادی بیاہ کی خوشیاں عطا کرے اور وہ جوزوی جو بیرون ملک شادی کے خواہاں ہیں ان کے لئے شادی کے وسیلے سے بیرون ملک جانا انتہائی خوش بختی کے ثمرات لئے طلوع ہوا ہے شادی میں رکاوٹیں دور ہونے کیلئے زرد پکھراج یا سچا موتی لیکر ہاتھ میں پہننا باعث برکت من پسند شادی کیلئے چاشت کی نماز کے بعد سورۃ والضحٰی سات مرتبہ اوّل آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر جلد اور اچھی جگہ شادی ہو جانے کیلئے بہترین مجرب وظیفہ ہے۔ مشتری عطارد سعد نظرات 19,18,17 فروری، 29,28,27 مارچ، یکم ,2 جولائی، 11,10,9 اگست، 26,25,24,5,4,3 ستمبر، 19,18,17,9,8,7 دسمبر شادی منگنی پسندیدہ جگہ شادی طے ہو جانے کیلئے بہترین ایام دکھائی دیتے ہیں اور جلد شادی طے ہو جانے کیلئے ہر جمعرات مسجد کے جھاڑو کش، موذن حضرات کی حسب توفیق خدمت کر کے انہیں دُعا کیلئے بھی کہا جا سکتا ہے ورنہ آپ کی نیت اور آپ کی اپنی دُعا ہی آپ کیلئے مجرب ثابت ہوگی۔

**وراثت، انشورنس، کلیم:۔** بیت الخوف و بیت النصیب کا مشترکہ حاکم ستارہ زحل 27 سال بعد 17 جنوری 2023ء تا 29 مارچ 2025ء نصیب اور وراثت کا خانہ مال ہونے سے 2023ء اس لحاظ سے نہایت اہم سال دکھائی دیتا ہے کہ آپ کی دیرینہ پیچیدہ وراثتی مسئلے حسب منشاء حل ہو جائیں از قسم دولت وراثت کے علاوہ انشورنس کلیم یا پھر کوئی بڑی لاٹری نکلنے سے 2023ء کا سال اس لحاظ سے نہایت ہی اہم ہے کہ آپ کو بغیر محنت کے غیر متوقع طور سے دولت بآسانی مل سکے کشادگی رزق کیلئے یَا رَزَّاقُ یَا رَبِّ یَا رَزَّاقُ 313 مرتبہ اوّل آخر گیارہ گیارہ مرتبہ کوئی سا درود شریف پڑھ کر پڑھنا اور دُعائیں کرنا مفید ثابت ہوگا۔ زحل عطارد سعد نظرات 3,2 مارچ، 6,5 اپریل، 22,21,20,12,11,10,9 مئی، 30 جون، 22 اکتوبر، یکم ,22,21,3,2 دسمبر بننے سے حصول وراثت جیسے بھی نیک امور حسب منشا طے پائیں۔

**مستقبل کی منصوبہ بندی، بیرون ملک سفر، قانونی مشاورت و اعلیٰ تعلیم:۔** بارہ منقطۃ البروج میں آپ کا واحد برج جوزا نہایت خوش بختی کا حامل عروج و زوال کا ستارہ زحل آسمانی کونسل پر آپ کا مقدر سنوارنے کا منتظر دکھائی دیتا ہے۔ بیت النصیب کا حاکم ستارہ زحل 27 سال بعد 17 جنوری 2023ء سے 29 مارچ 2025ء اپنے شمسی زائچے کے نویں ذاتی گھر میں نہایت طاقتور ہوتے ہوئے ان سبھی مجموعی ایام میں آپ کا مقدر سنوار دے گا ایسے جوزوی جو اپنے مقدر سے گلے شکوے کرتے رہتے ہیں ان کا مقدر بھی یاوری کر جائے نہ صرف یہ آپ کے دیرینہ قانونی معاملات بھی حسب منشا حل ہو سکیں گے۔ حج وعمرہ اور زیارات کے شوق کی تکمیل بآسانی ہو سکے گی بیرون ملک کاروباری اغراض و مقاصد کے تحت متعدد خوشگوار سفر پیش آئیں اعلیٰ تعلیم کیلئے طلبہ کو اسکالر شپ بیرون ملک حصول امیگریشن کیلئے اپلائی کرنے کے لئے جنوری 2023ء تا مارچ 2025ء کا عرصہ نیک دکھائی دیتا ہے۔ نیز اپنے اور اپنی فیملی کے مقدر کو سنوارنے کیلئے مستقبل کی منصوبہ بندی کیلئے بھی جنوری 2023ء تا مارچ 2025ء کا مجموعی طور پر سبھی زمانہ نیک دکھائی دیتا ہے۔ بارہ منقطۃ البروج میں آپ کا واحد برج، برج جوزا کے نصیب کے حاکم زحل کا مقدر سنوارنے کیلئے آنا قدرت کی مہربانی اور عطا ہے سال کے پہلے تین ماہ چھوڑ کر آئندہ آنے والا سبھی زمانہ آپ کا مقدر سنوار سکتا ہے زحل ایک بزرگ اور معلم ستارہ ہے جبکہ آپ کی فطرت میں تیزی اور طراری پائی جاتی ہے کیا ہی اچھا ہو کہ آپ تجربات کرنے کے بجائے بزرگوں کے تجربات سے فائدہ اُٹھائیں اس سال کے بہترین ایام زحل عطارد سعد نظرات 3,2 مارچ، 6,5 اپریل، 22,21,20,12,11,10,9 مئی، 30 جون، 23,22 اکتوبر، یکم ,22,21,3,2 دسمبر بننے سے اپنے مستقبل کو درخشاں بنانے کیلئے ان ایام میں آپ بہترین پلاننگ کرنے کی پوزیشن میں ہونگے اپنے مخلصین اور قریبی احباب کی مشاورت اور امداد شامل حال رہیگی 2023ء مقدر سنوارنے کیلئے بہترین سال تاہم ستارہ زحل 17 جون تا 04 نومبر رجعت (اُلٹا) ہونے سے اہم کام قدرے سُست روی کا شکار ہوں تو آپ صبر و تحمل سے کام لیں انجام کار کامیابیاں آپ کا مقدر ہونگی۔

**کیرئیر، کاروبار، عزت و وقار:۔** بیت العزت اور کیرئیر کا مشترکہ حاکم ستارہ مشتری 21 اپریل 2023ء اپنے ذاتی گھر میں رہتے ہوئے پیشہ ورانہ کاروباری امور میں وسعت و بہتری لائے گا کم وسائل سے بھی کیا گیا کاروبار پھلے پھولے گا جاری کاروبار میں مزید سرمایہ کاری اور نئے کام کے آغاز کیلئے 2023ء ایک بہترین سال دکھائی دیتا ہے ایسے افراد جو شادی شدہ ہیں اور نئے کام کا آغاز کرنے کا ارادہ رکھتے ہیں ساتویں اور دسویں کا مشترکہ حاکم سعد اکبر ستارہ مشتری اپریل تک نہایت اچھی پوزیشن میں ہونے کے سبب اپنے کاروبار کا آغاز مشترکہ کاموں سے کریں ایک مشہور زمانہ کہاوت ہے کہ رزق عورت کے نصیب اور اولاد مرد کے نصیب 12 سال کے بعد

ستارہ مشتری کی سعادت آسمانی کونسل پر سو فیصد سچ ہوتی ہوئی دکھائی دیتی ہے سعد اکبر ستارہ مشتری کی سعد نظرات دوسرے، چوتھے، چھٹے، دسویں ہونے سے کاروباری معاملات کو ہر لحاظ سے پھلنے پھولنے کے مواقعے ملیں گے۔ ملازمتی فرائض کی ذمہ داری سے ترقی کا عنصر غالب رہے نئی ملازمت اور ترقی کے مواقعے ملیں بیرون ملک روزگار کے سلسلے میں جانے والے افراد کو روزگار کے وسیع مواقعے ملیں بیرون ملک امپورٹ ایکسپورٹ کرنے والے جوزوی افراد کیلئے **2023**ء بہترین سال آپ کی کاروباری تخلیقی صلاحیتوں میں اضافہ آپ اپنے اندر حکیمانہ اور محققانہ فطرت کو غالب محسوس کریں مذہبی اخلاقی اور کاروباری حصول وضوابط کی پابندی کرنے سے آپ کے کاروباری تجارتی مراسم میں اضافہ ہوگا الغرض آپ کا زندگی کے کسی بھی شعبہ سے تعلق کیوں نہ ہو آپ اپنے کاموں کو پھلتا پھولتا محسوس کریں گے۔ سماجی سیاسی کاروباری حلقوں میں آپ کی عزت و توقیر میں اضافہ اور آپ کے ہاتھوں کئی ایک صدقہ جاریہ کے کام بھی انجام پائیں مشتری عطارد سعد نظرات **19,18,17** فروری، **29,28,27** مارچ، یکم **2**، جولائی، **11,10,9** اگست، **26,25,24,5,4,3** ستمبر، **19,18,17,9,8,7** دسمبر بننے سے آپ کی کاروباری ساکھ عزت و توقیر شہرت میں اضافہ ہو آپ اپنی پیشہ ورانہ زندگی کے خوبصورت سال سے گذر رہے ہیں اپنی محنت اور صلاحیتوں کو جتنا اُجاگر کریں گے اس سے کہیں بڑھ کر نفع پائیں گے۔ مشتری عطارد نحس نظرات **18,17** جولائی، **29,28** اکتوبر بننے اور ستارہ مشتری کی رجعت (اُلٹا) **04** ستمبر تا **23** دسمبر ہونے سے کاموں میں سست روی اور اپنے حاسدین ومخالفین کی شر انگیزیوں سے محتاط رہیں اگرچہ ایسے بدبخت افراد آپ کا کچھ بگاڑ نہ پائیں گے اور اپنی ہی حسد کی آگ میں جلتے رہیں گے **2023**ء کاروباری ترقی کا بہترین نذرانہ یا صدقہ ہر جمعرات مسجد میں جھاڑو کش یا موذن حضرات کی حسبِ توفیق خدمت کرکے اُن سے دُعا کی اپیل کریں یا نہ کریں پروردگار نیتوں کو بہتر طریقے سے جانتا ہے۔

**دوست احباب، خواہشات، کاروباری فوائد:**۔ بیت الامید کا حاکم ستارہ مریخ یکم تا **12** مارچ بارہویں نحس گھر میں رہتے ہوئے دوسروں سے وابستہ توقعات جلد پوری نہ ہوں **2023**ء ابتدائے سال سے یوں معلوم ہوتا ہے کہ آپکی زندگی میں پرانے لوگ نکل جائیں اور اُنکی جگہ نئے اچھے لوگ شامل ہوں سعد اکبر ستارہ مشتری **12** سال کے بعد گیارہویں گھر میں **22** اپریل **2023**ء تا یکم مئی **2024**ء تک رہتے ہوئے بارسوخ احباب حکام ملکی اور غیر ملکی مخلص لوگوں کا آپ سے ایک نیا تعلق قائم ہو جائے گا سماجی سیاسی مذہبی مصروفیات سارا سال وقفہ وقفہ سے جاری رہیں گی عزت و توقیر میں اضافہ کے ساتھ آپکی کئی ایک ذاتی خواہشات کی تکمیل اس سال ممکن ہو سکے گی کاروباری لین دین اور جائیداد کی خرید وفروخت سے بھی غیر متوقع طور سے نفع ملے گا۔ ستارہ مریخ **10** مئی تا **30** جون اپنے ہبوطی برج شمسی زائچہ کے خانہ مال میں ہونے کے سبب دوست احباب کی جانب سے صدمات پیش آنے کے خدشات اور خصوصاً **28** اپریل سورج گرہن اور **29** اکتوبر چاند گرہن کا اس گھر میں ہونا اچھا شگون دکھائی نہیں دیتا ناگہانی مسائل و پریشانیاں پیش آسکتی ہیں ہفتہ قبل تا بعد محتاط رہتے ہوئے حسبِ توفیق صدقہ وخیرات دینا لازم جزو بنالیں۔

**خفیہ سرگرمیاں، سازش، ماضی کے مسائل اور اخراجات، امیگریشن:**۔ بیت الاعداء کا حاکم ستارہ زہرہ ابتدائے سال میں آٹھویں نحس گھر میں ہونے کے سبب آپ کے حاسدین مخالفین ممکنہ طور سے زیر رہیں **16** فروری تا **11** مارچ ستارہ زہرہ شرف یافتہ، **6** اپریل تا **2** مئی، **30** مئی تا **24** دسمبر ستارہ زہرہ اوج یافتہ ہونے سے بیرون ملک حصول امیگریشن کیلئے کی گئی کوششیں بارآور ثابت ہوں روحانیت اور چلہ کشی کے شوق میں اضافہ خود شناسی سے خدا شناسی کی طرف رغبت بڑھے مولائے کائنات کا فرمان کہ جب میرا دل چاہے خدا مجھ سے باتیں کرے تو میں قرآن پڑھتا ہوں با ترجمہ قرآن وتفسیر پڑھنا آپ کی شعوری روحانی باطنی قوتوں میں اضافے کیساتھ ساتھ آپ کے علم ویقین بڑھنے سے دوسروں سے دُعا لینا اور دینا آپ کیلئے اس سال کا بہترین عمل ہے۔

**جوزوی مرد وزن پر گرہنوں کے اثرات:**۔ **2023**ء گرہنوں کے اثرات آپ پر کیسے متوقع ہو سکتے ہیں **28** اپریل سورج گرہن گیارہویں لگنے سے امیدوں میں ناکامی دوستوں سے بے وفائی کاروباری نقصانات **5** مئی چاند گرہن صاحب اولاد افراد کو اپنے بچوں کی فکر و پریشانی لاحق ہو سکتی ہے محبوب سے جدائی بدگمانی **14** اکتوبر سورج گرہن چوتھے لگنے سے خاندانی خانگی مسائل والدہ کی خرابی صحت جلد بازی سے ٹریفک حادثات کے پیش آنے جیسے خدشات دکھائی دیتے ہیں **29** اکتوبر ایک مرتبہ پھر گیارہویں چاند گرہن لگنے سے توقعات میں ناکامی دوستوں کی جانب سے صدمات کاروباری اور زمین جائیداد کی خرید وفروخت سے قانونی مسائل پریشانیاں جیسے خدشات بعید از قیاس نہیں ان سبھی ایام میں حسبِ توفیق صدقہ وخیرات ضرور دیں اور نماز کسوف وخسوف پڑھ کر اپنی نحوستوں کے دُور ہونے کا یقین کیا جا سکتا ہے۔

# سرطان

## قمر

CANCER

MOON

حروف: ح، ہ

حاکم سیارہ: قمر

نشان: کیکڑا

خاصہ: تغیر پذیر (منقلب)

ذاتی عقیدہ: احساس (I Feel)

منسوب پتھر: سچا موتی، مون اسٹون

عنصر: پانی (Water)

نفسیاتی ٹائپ: حساسیت

اعضائے جسمانی: سینہ اور شکم

منسوب دھات: چاندی

درخت: کوئی خاص نہیں

پھول: سوسن، کنول، یاسمین

غذا: ڈیری کی غذائیں، مچھلی

جنس: مونث برج

بائیوکیمک سالٹ: کلکیر یا فلور

بحساب یونانی

21 JUNE - 22 JULY



16 JULY - 15 AUG

بحساب ویدک

**آپ کی شخصیت:**۔ ابتدائے سال میں قمر اور مشتری کی مضبوط پوزیشن قدرت کاملہ کی جانب سے آپ کا نصیب سنوارنے کیلئے کافی ہے جنوری، فروری، مارچ، اپریل اس سال کے نہایت اہم ماہ دکھائی دیتے ہیں جن کاموں کی ابتداء اس دور میں کی جائے گی ان میں کامیابی کے امکانات یقیناً دکھائی دیتے ہیں آپ کی حیثیت اور شخصیت میں اضافہ قرباء کا تعاون غیر متوقع فوائد اور تعمیر و ترقی کا جو سلسلہ شروع ہوگا یہ تمام سال جاری رہے گا آپ کے شعور وادراک ذہانت میں اضافہ آپ اپنے علاوہ اجتماعی طور پر دوسروں کیلئے فائدے کا سوچیں گے ماضی کے تلخ تجربات کے سبب آپ اپنا قیمتی وقت ضائع کرنے کی بجائے تعمیری کاموں میں گزارنا پسند کریں بااثر لوگوں میں آپ کی رسائی آسان ہو سماجی سیاسی مذہبی تقریبات میں شرکت دوسروں کی نظروں میں عزت و توقیر کا باعث بنے لوگ آپ کی دُنیاوی اور روحانی شخصیت کی سحر انگیزی سے متاثر ہوئے بغیر نہ رہ سکیں اور اپنے اہم کاموں کیلئے مشاورت یا ان کی ابتداء کرنے کیلئے دُعا کروائیں۔ 2023ء دُعائیں لینا دینا اس سال کا بہترین عمل دکھائی دیتا ہے بطور صدقات ہر جمعرات مسجد کے جھاڑو کش یا موذن حضرات کی حسبِ توفیق خدمت کریں اور اس خدمت کو صدقے کے علاوہ نذرانہ ہدیہ بھی قرار دے سکتے ہیں۔

**معاشیات، مالی ذرائع آمدن:**۔ بیت المال کا حاکم ستارہ شمس 14 اپریل تا 15 مئی شرف یافتہ، 15 جون تا 16 اگست اوج یافتہ، 17 اگست تا 17 ستمبر عروج یافتہ ہونے سے مالی مال واسباب میں اضافہ تا ہم 2023ء میں نمایاں مالی اضافہ خانہ مال کا حاکم ستارہ شمس یوں تو ہر سال شرف اور عروج یافتہ رہتے ہوئے وقفہ وقفہ سے سعادتیں دیتا ہے 2023ء میں کچھ الگ سے ہٹ کر مالی خوش بختی کی سعادتیں آپ کی منتظر ہونگی کلی طور پر دولت کا حاکم ستارہ مشتری اور آپ کے نصیب سنوارنے کا ستارہ مشتری یکم جنوری تا 21 اپریل نصیب کے گھر میں اور 22 اپریل تا 31 دسمبر عزت اور کیرئیر کے گھر میں 12 سال بعد ستارہ مشتری کی آمد اور سعد نظرات بیت المال بیت الارض بیت المرض اور بیت العزت کو یکساں طور پر منور کرتے ہوئے آپ کے مستقل ذرائع آمدن میں اضافہ معمولی سی کی گئی کوششیں بھی ذرائع آمدن میں اضافے کا باعث بنیں شمس، مشتری، مریخ سعد نظرات 31,30,29,26,25,24 جنوری، 25,22,19 مئی، 30 جون، یکم 2، جولائی، 9,8,7 ستمبر، 28,27,26 دسمبر بننے سے مالی وسائل اور آمدن میں اضافہ طویل المعیاد سرمایہ کاری از قسم انشورنس پلان کے علاوہ بعض کاموں میں رسک لینے سے بھی آپ غیر متوقع طور سے دولت کما سکتے ہیں خاندان میں اضافہ تقریبات میں شرکت جیسے بھی نیک اتفاقات سارا سال غیر متوقع طور سے ملتے رہیں۔ شمس، مشتری، مریخ کی نحس نظرات 18,17,16,15 مارچ، 26,23,20 مئی، 8,7,6 اگست، 30,29,28,27 اکتوبر، 4,3,2 نومبر بننے سے دوسروں کے کہنے پر لالچ میں آکر اپنا قیمتی روپیہ پیسہ خطرات کی نذر نہ کریں ان ایام خصوصاً 28 اپریل سورج گرہن، 29 اکتوبر چاند گرہن عزت کے گھر میں لگنے سے کاروباری نقصانات کے خدشات دکھائی دیتے ہیں نہایت محتاط رہتے ہوئے حسبِ توفیق صدقہ وخیرات ضرور دیں۔

**عزیز و اقارب واندرونِ ملک سفر:**۔ بیت الاقرباء کا حاکم ستارہ عطارد 16 مارچ تا 30 مارچ ہبوط وزوال یافتہ رہتے ہوئے عزیز و اقارب کی جانب سے کچھ فرفائشوں کا سامنا رہے صلہ رحمی کے طور پر ان کی خدمت کو ترجیح دیں جنوری، فروری، مارچ، اپریل یہ چار مہینے انہیں آپ کی ضرورت ہو گی سال کے پہلے چھ مہینے سفر و سیاحت تفریحی سفر اندرون ملک پیش آئیں جن سے آپ کے شعور وادراک میں اضافہ ہو ستارہ عطارد 24 جون تا 8 جولائی عروج یافتہ، یکم تا 19 اکتوبر شرف یافتہ رہتے ہوئے عزیز و اقارب اور پڑوسیوں سے خوشگوار مراسم 2023ء تجربات اور مشاہدات انفارمیشن ٹیکنالوجی معلومات عامہ کیلئے اہم سعد و نیک دکھائی دیتے ہیں آپ اجتماعی طور پر اپنے بہن بھائیوں کے بچوں کی تعلیم و تربیت کی طرف بھی خصوصی طور پر متوجہ ہونگے۔ 2023ء اس لحاظ سے ایک خوشگوار احساس چھوڑ جائے گا کہ آپ نے اپنی ذمہ داریاں پوری کرنے کا حق ادا کر دیا ہے **"کر بھلا سو ہو بھلا"**

**خاندان، جائیداد، سواری اور زراعت:**۔ وتدالارض کا حاکم ستارہ زہرہ ابتدائے سال میں فطرتی زائچے کے چھٹے اپنے گھر میں ہمراہ عروج

یافتہ زحل کے ہونے سے آپ اہل خاندان کی توجہ کا مرکز رہیں گے خاندان کے ناراض افراد کے مابین صلح صفائی اور ان کی ضروریات ان کی عزت وتکریم کی اہمیت کو دوسروں کو بھی محسوس کرائیں گے جس سے ایک روحانی سکون اور اطمینان کی کیفیت بڑھے زمین جائیداد سواری کی خرید وفروخت رہائشی تزئین وآرائش زراعت باغبانی سے فوائد ملیں۔ کیتو کا نومبر تک اس گھر میں رہنا والدہ اور والدہ کے رشتہ داروں کی صحت جسمانی کا خیال رکھیں اور ان سے دُعائیں لیں اپریل تا دسمبر سعد اکبر مشتری بھی اس گھر کو مکمل سعد ناظر ہونے سے آپ کے ہر قسم کے ذرائع میں وسعت و بہتری دکھائی دیتی ہے ستارہ زہرہ، زحل، مریخ کی سعد نظرات **24,23,22,10,9** جنوری، **31,30,29,28,19,18,17,13,12,11,10** مارچ، **2** اپریل، **14,13,12** مئی، **15,14,13,12** اکتوبر، **7,6,5** دسمبر بننے سے آپ اہل خاندان کی باخوشی خدمت کرنا پسند کریں آپ کی عزت وتوقیر قائدانہ صلاحیتوں میں اضافہ ہوسکے گا آپ کی ہمت وحوصلہ دلانے سے خاندان کے بہت سارے بچے بچیاں اور ان کے والدین اپنے بچوں کے مستقبل کو درخشاں بنانے کیلئے آپ کی سرپرستی اور آپ کی حوصلہ مندی کو سراہیں گے۔ زہرہ، زحل، مریخ نحس نظرات **6,5,4** فروری، **15,14,13** اپریل، **5** جون، **21,20,19** جولائی، **11** اکتوبر، **27,26,25,24** نومبر، **31** دسمبر بننے سے اپنے حاسدین مخالفین سے محتاط رہیں **28** اپریل سورج گرہن، **05** مئی اور **29** اکتوبر کے چاند گرہن اہل خاندان کیلئے صدمات کا اشارہ ہیں نظر بد جادو ٹونے سے بچنے کیلئے ہر جمعرات مسجد کے جھاڑو کش یا موذن حضرات کی خدمت کر کے ان کی دُعائیں لیں۔

**اولاد، انعامات ومحبت:**۔ بیت الامید کا حاکم ستارہ مریخ ابتدائے سال میں **12** مارچ تک گیارہویں گھر شمسی زائچے کی بہترین پوزیشن ہونے کے سبب صاحب اولاد افراد کو اپنے بچوں سے ان کی تعلیم وتربیت کی خوشیاں ملیں ادھر سعد اکبر ستارہ مشتری بھی جنوری، فروری، مارچ، اپریل اولاد انعام محبت جیسی خوشیاں امیدیں توقعات پوری ہوں اس کے علاوہ ستارہ مریخ یکم جولائی تا **18** اگست، **16** نومبر تا **27** دسمبر سعد پوزیشن میں ہونے کے سبب اسٹاک ایکسچینج لاٹریز پرائز بانڈ وغیرہ میں فوائد ملیں ستارہ مریخ **10** مئی تا **30** جون، **03** اکتوبر تا **16** نومبر کمزور ہونے کے سبب جنس مخالف بازاری قسم کے تعلق سے بچیں صاحب اولاد اپنے بچوں کے روز وشب پر خصوصی توجہ دیں رشتہ ناطوں میں بھی ان ایام میں محتاط رہیں۔ پرائز بانڈ اور انٹرنیشنل لاٹری میں دلچسپی رکھنے والے افراد **31,30,29,26,25,24,10,9,8,5,4,3** جنوری، یکم **,3,2** ،**13,12,11,10** مارچ، **25,24,22,21,20,19,6,5,4** مئی، **30** جون، یکم **,31,2** جولائی، **3,2** اگست، **9,8,7** ستمبر، **23,22,21** اکتوبر، **28,27,26** دسمبر حصہ لیں تو کوئی بعید از قیاس نہیں کہ آپ کا کوئی بڑا انعام نکل آئے حصول انعامات میں مزید راہنمائی کیلئے ادارہ کی ہر سال شائع ہونے والی کتاب ''**انعام لکی نمبرز آئینہ قسمت**'' کا مطالعہ بھی آپ کو انعام کے قریب لے جائے گا۔ حصول انعام کیلئے اپنے نام کا اسم اعظم پڑھنا بھی نیک ہے ادارہ ہذا سے اپنا اسم اعظم مفت پوچھ سکتے ہیں۔

**صحت وامراض، ملازمتی کیرئیر:**۔ بیت المرض کا حاکم ستارہ مشتری پہلے چار ماہ نویں اور پھر آٹھ ماہ دسویں ہر دو سعد گھروں میں ہونے کی وجہ سے **2023**ء میں آنے والے مسائل و پریشانیوں کو روکے اور حالات میں بتدریج بہتری لانے کا سبب بنے جسمانی اور روحانی شفایابی خود شناسی خدا شناسی کوئی مسیحا ڈاکٹر یا مرشد کامل کے مل جانے سے آپ زندگی کے ایک نئے خوش بخت دور میں آجائیں گے گزشتہ پیدا شدہ مشکلات پریشانیاں قرض مرض خرابی صحت ذہنی دباؤ ڈپریشن جیسے مسائل سے اس سال ریلف ملے گا ستارہ مشتری کے **12** سال بعد بیک وقت نصیب اور عزت کے گھروں میں آنا نصیب یاوری شفایابی خود اعتمادی اعلیٰ ہمت اور حوصلہ اور زندگی کے ہر روشن پہلو کو آپ اُجاگر کر سکیں۔ خوش امیدی دوا اور دُعا کا بزرگوں مخلصین والدین سے خوشگوار احساس پورا سال محسوس کریں ذمہ دارانہ فرائض کی ادائیگی سے ترقی کا عنصر غالب رہے بیرون ملک حصول روزگار کیلئے اچھے مواقعے میسر آئیں ستارہ مشتری **04** ستمبر تا **21** ستمبر رجعت (اُلٹا) ہونے سے اپنی صحت اغذیہ ادویہ کا خیال رکھیں اپنے ڈاکٹر سے بھی گاہے بگاہے اپنی صحت کی مشاورت لیتے رہیں سب سے اہم بات غیر ضروری قرض لینا اور دوسروں سے بلاوجہ ان ایام میں اُلجھنا کسی بھی لحاظ سے آپ کے حق میں مفید نہ ہوگا ہر جمعرات مسجد میں جھاڑو کش یا موذن حضرات کی حسبِ توفیق خدمت کریں۔

**تعلقات، شراکتی وازدواجی مراسم، شادی:**۔ بیت الزوج اور بیت الاوراثت کا حاکم ستارہ زحل **17** جنوری ساتویں سے آٹھویں اڑھائی سال کیلئے چلا جائے گا اس سال شادی بیاہ کے معاملات میں پیدا شدہ رکاوٹیں دُور ہوں شادی اور خیر وبرکت کا کارک ستارہ مشتری بھی سارا سال اچھی نظرات کے سبب شادی بیاہ کے معاملات میں آسانیاں عطا کرے۔ **2023**ء میں شادی کے خواہاں جن جوڑوں کی شادی ہوگی انہیں اپنے شریک حیات سے مالی مادی مفادات اور زندگی کی خوش بختیاں نمایاں طور سے ملیں گی آپ پر بھی لازم ہے کہ آپ اپنے شریک حیات اور شریک کار سے تعلقات میں

ہمدردانہ شفیقانہ اور مخلصانہ تعلقات میں بہتری لائیں ناراض زوجین کے مابین صلح صفائی کے مواقع موجود ہونگے بشرط وہ خود بھی اس سلسلہ میں بزرگوں کی معرفت جستجو فرمائیں ستارہ زحل مریخ سعد نظرات 28,31 مارچ، 2 اپریل، 12,13,14,15,16 اکتوبر، زحل زہرہ سعد نظرات 22,23,24 جنوری، 18,19 اپریل، 12,13,14 مئی، 5,6,7 اکتوبر بننے سے خوش بختی شراکتی فوائد اور شادی بیاہ کے معاملات میں بہتری آئے ممکنہ سبھی رکاوٹیں دُور ہوسکیں ایسے افراد جو اپنی شادی میں کوئی سخت بندش اور رکاوٹ محسوس کررہے ہیں انہیں ایک مجرب قرآنی وظیفہ ہدیہ ہے بلاناغہ دو رکعت نماز چاشت کے بعد سورۃ والضحیٰ ایک مرتبہ اوّل وآخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر دورانِ کلام آیت پنجتنی آیت نمبر 5 کو اسی جگہ 21 مرتبہ تکرار کریں اور بعد ازاں اپنے مقصد میں کامیابی تک بلاناغہ دعائیں کرنا معمول بنالیں اس مختصر سے مجرب قرآنی عمل کے وسیلہ سے آپ کی ہر قسم کی راہیں کھل جائیں گی چاہیں تو اس وظیفہ کو اپنے مقصد میں کامیابی تک یا پھر ساری زندگی بھی پڑھنا معمول بنا سکتے ہیں۔ شادی میں نظر بد جادو ٹونہ اور ہر قسم کی رکاوٹوں کے دُور ہونے کیلئے ہر ہفتے بزرگ مرد وزن کی حسبِ توفیق خدمت کر کے ان سے دُعائیں لیں۔

**وراثت، انشورنس، کلیم:**۔ 2023ء وراثت اور شراکت کے مشترکہ مفادات کا حاکم ستارہ زحل تیس سال کے بعد آٹھویں اپنے ذاتی گھر میں 17 جنوری 2023ء تا 29 مارچ 2025ء رہتے ہوئے خاندانی وراثتی امور مخلصین اور بزرگوں کی مشاورت سے حل کرنے کیلئے کوشاں رہنے سے اس سال مثبت نتائج نکل آئیں گے بغیر محنت کے دولت از قسم انشورنس، لاٹری یا کوئی جیک پاٹ بھی لگ سکتا ہے بینکوں حکومتی اداروں اپنے شریک کار یا شریک حیات سے کسی خاص مقصد کے حصول کیلئے قرض مل سکتا ہے غیر ضروری قرضے جن کا کوئی اچھا مصرف نہ ہو مشکلات اور پریشانیاں لانے کا سبب بھی بن سکتے ہیں طویل عمر رکھنے والے سرطانی افراد اپنے توشہ آخرت کیلئے بھی کار خیر اور صدقہ جاریہ کے کام کرنے میں مصروف عمل رہیں گے۔ ستارہ زحل 17 جون تا 04 نومبر رجعت (اُلٹا) میں ہونے کے سبب وراثتی قانونی مسائل کو صبر وتحمل سے پنچائتی طریقے سے بھی حل کرنے کی ضرورت پر زور دیں 313 مرتبہ أَسْتَغْفِرُ اللهَ رَبِّي مِنْ كُلِّ ذَنْبٍ وَأَتُوبُ إِلَيْهِ اوّل وآخر درود شریف پڑھ کر اپنی اور اپنے شریک کار اور شریک حیات کیلئے حل المشکلات کیلئے دُعائیں کرتے رہیں۔

**مستقبل کی منصوبہ بندی، بیرون ملک سفر، قانونی مشاورت واعلیٰ تعلیم:**۔ بیت السفر اور نصیب کا حاکم ستارہ مشتری 12 سال کے بعد گزشتہ سال سے نویں اپنے ذاتی گھر میں چلا آرہا ہے اپنے مستقبل کو درخشاں بنانے اور مستقبل کی پلاننگ کرنے کیلئے 2023ء سے بہتر کوئی سال دکھائی نہیں دیتا جب آسمانی کونسل پر خوش بختی کا ستارہ مشتری آپ پر بھرپور مہربان ہے اور اس کا قیام 21 اپریل 2023ء تک یہاں رہے گا بارہ منطقۃ البروج میں آپ نہایت خوش بخت ہیں کہ سعد اکبر ستارہ مشتری اپنے فطرتی اور ذاتی گھر میں اس سال کے پہلے چار ماہ مقیم ہونے سے حج عمرہ وزیارات پر جانے والے افراد کی نیک آرزوئیں پوری ہوسکیں گی قانونی مسائل اور پریشانیاں حسبِ منشا حل کی جاسکیں گی آپ کی فراخ دلی ہمت و حوصلہ دوسروں کیلئے بھی تقویت کا باعث بنے امپورٹ ایکسپورٹ یا بیرون ملک کسی بھی قسم کی تجارتی سرگرمیاں نفع بخش ثابت ہوں۔ اعلیٰ تعلیم کے حصول کیلئے بیرون ملک جانے والے خواہاں طلبہ وطالبات کو آسانیاں ملیں انہیں مکمل یا ہاف اسکالرشپ کی سہولتیں بھی کوشش فرمانے سے آسانی سے مل سکتی ہیں بیرون ملک آن لائن ایجوکیشن ٹریڈنگ اور کاروباری مصروفیات جیسے نیک وسائل بھی شامل حال رہیں گے مشتری مریخ زہرہ سعد نظرات 3,4,5,9,10 جنوری، یکم ,2,3,10,11,12,13 مارچ، 4,5,6 مئی، 31 جولائی، 2,3 اگست، 21,22,23 اکتوبر بننے سے اپنے مستقبل کو درخشاں بنانے کیلئے آپ کو اپنے بہترین وسائل بزرگوں ومخلصین کا تعاون اور مشاورت بآسانی مل سکے یہ سال نصیب سنوارنے کیلئے جشن بہاراں جیسا سال دکھائی دیتا ہے ترقی کی منازل طے کرنے اور حاسدین سے محتاط رہنے کیلئے ہر جمعرات مسجد میں جھاڑو کش یا موذن حضرات کی حسبِ توفیق خدمت کر کے ان سے دُعائیں لیں۔

**کیرئیر، کاروبار، عزت ووقار:**۔ بیت العزت اور کیرئیر کا مشترکہ حاکم ستارہ مریخ 10 مئی تا 30 جون، 03 اکتوبر تا 16 نومبر وبال اور عروج میں ہونے کے سبب ان ایام میں پیشہ ورانہ کاروباری مسائل پریشانیاں خدانخواستہ پیش آسکتی ہیں 28 اپریل سورج گرہن اور 05 مئی اور 29 اکتوبر چاند گرہن سعد گھروں میں لگنے سے کاروباری خانگی شراکتی مسائل پریشانیاں اچانک سر اُبھار سکتی ہیں 15 دن قبل تا بعد محتاط رہنے کے ساتھ ساتھ حسبِ توفیق صدقات ضرور دیں۔ سعد اکبر ستارہ مشتری 12 سال کے بعد 24 اپریل 2023ء تا یکم مئی 2024ء شمسی زائچے کے دسویں کیرئیر کے گھر میں آنے سے بہت سارے خوش بختی کے اتفاقات بھی سامنے آئیں سعد اکبر ستارہ مشتری کا یہاں سال بھر قیام آپ کی عزت وتوقیر اور کاروباری پیشہ ورانہ

صلاحیتوں میں اضافہ آپ کی عزت وساکھ اور آپ کا کریڈٹ بڑھ جائے خوش بختی کے واقعات مسلسل آپ کے ساتھ رہیں آپ کی سماجی سیاسی کاروباری حیثیت اور شخصیت میں اضافہ ملازمتی فرائض کی ذمہ دارانہ انجام دہی سے عزت ترقی حکام بالا سے قربت رہے۔ سرکاری سماجی سیاسی کاروباری مصروفیت سارا سال وقفہ وقفہ سے جاری رہے آپ کے ہاتھوں صدقہ جاریہ کے بھی کئی ایک کام ارادۃً یا غیر ارادی طور پر انجام پائیں آپ کی کاروباری عزت وساکھ **2023**ء میں جو قائم ہوگی اس کے اثرات برسوں رہیں گے۔ ستارہ مریخ مشتری اور شمس کی سعد نظرات **31,30,29,26,25,24** جنوری، **25,22,19** مئی، **30** جون، یکم **31,2** جولائی، **3,2** اگست، **9,8,7** ستمبر، **28,27,26** دسمبر بننے سے کاروباری عزت وساکھ میں اضافہ حکام بالا اور حکومتی افراد سے قریبی تعلق قائم ہو۔ دیگر انہیں ستاروں کی نحس نظرات **18,17,16,15** مارچ، **30,28,23** مئی، **8,7,6** اگست، **30,29,28,27** اکتوبر، **21,20,19,18,17,16,15,4,3,2** نومبر بننے سے اپنے حاسدین ومخالفین سے محتاط رہیں اہم کاروباری فیصلے جلد بازی میں کرنے سے بھی اعتراض کریں ایسے میں مخلصین اور بزرگوں کا مشورہ راہنمائی کا باعث بنے۔

**دوست احباب، خواهشات، کاروباری فوائد**:۔ بیت الامید کا حاکم ستارہ زہرہ ابتدائے سال میں ساتویں اپنے فطرتی گھر اور زحل کے ساتھ ہونے سے **2023**ء بہت ساری امیدوں وخواہشات کے برآنے کا سال دکھائی دیتا ہے ستارہ مشتری اور زحل کی **2023**ء میں شمسی زائچے کے اہم گھروں میں نشست وقیام آپ کی خوش اُمیدی و بلند ارادوں کو بھی تقویت دے گا پورا سال سماجی سیاسی روحانی مصروفیات جاری رہیں گی ستارہ زہرہ **15** فروری تا **11** مارچ شرف یافتہ، **06** اپریل تا **30** مئی اور **30** نومبر تا **24** دسمبر اوج وعروج یافتہ رہتے ہوئے بااثر غیر معمولی شخصیات سے آپ کے تعلقات استوار ہوں سماجی سیاسی مصروفیات خوش کُن رہیں کئی اچھے لوگ آپکی زندگی میں شامل ہوں اور حاسد لوگ آپ کی زندگی سے نکل جائیں حلقہ احباب میں وسعت عزت وتوقیر کے ساتھ ساتھ دوسرے آپ سے بھرپور تعاون کریں الغرض خوشی اور شادمانی جیسے **2023**ء میں بہت سارے خوش کُن لمحات آپ کا مقدر ہونگے مخلصین اور بزرگوں سے دُعائیں لینا بھی ایک بہترین عمل آپ کو باآدب بانصیب بنادے گا۔

**خفیه سرگرمیاں، سازش، ماضی کے مسائل اور اخراجات، امیگریشن**:۔ بیت الاعداء کا حاکم ستارہ عطارد ابتدائے سال میں چھٹے نحس گھر میں ہونے سے آپ کے حاسد مخالفین زیر رہیں ستارہ عطارد **2023**ء میں چار مرتبہ رجعت (اُلٹا) میں یکم تا **18** جنوری، **21** اپریل تا **15** مئی، **24** اگست تا **15** ستمبر، **13** دسمبر تا **31** دسمبر رہنے کے سبب آپ اپنی گزشتہ پیداشدہ مشکلات پر بآسانی قابو پاسکیں گے اپنے گھر کاروبار اور دیگر اہم جگہوں سے متعلقہ پینڈنگ کام صحت وصفائی اور اپنے کاموں کی ترتیب کیلئے یہ ایام موافق رہیں اور آپ کے حاسد افراد بھی آشکار ہوں ستارہ عطارد **24** جون تا **07** جولائی، یکم تا **18** اکتوبر اوج وشرف میں ہونے کے سبب بیرون ملک امیگریشن کے حصول کیلئے اپلائی کرنے کیلئے یہ ایام نہایت اہم دکھائی دیتے ہیں اپنے حاسدین ومخالفین سے محتاط رہنے کے ساتھ ساتھ حسبِ توفیق ننے مُنے بچوں کی ایجوکیشن پر خصوصی طور پر عطیات صدقہ و خیرات حسبِ توفیق دینا ایک بہترین عمل ثابت ہوگا۔

**سرطانی مرد وزن پر گرهنوں کے اثرات**:۔ **2023**ء میں دو سورج اور دو چاند گرہن لگیں گرہنوں کے اثرات یقینی طور پر ناقص تصور کئے جاتے ہیں اسی سبب مذہب اسلام میں دو نفل نماز کسوف وخسوف یا نماز آیات عین گرہن کے دن پڑھ کر اپنی تمام نحوستوں کو دُور کرنے کی دُعائیں کرنا ایک بہترین عمل ثابت ہوگا۔ **28** اپریل سورج گرہن آپ کی عزت ووقار صحت وتندرستی خانگی خاندانی مسائل اور پریشانیاں لانے کا سبب بن سکتا ہے۔ **08** مئی چاند گرہن اہل خاندان زمین جائیداد سواری اور خصوصاً والدہ صاحبہ کی صحت جسمانی کا خاص طور سے خیال رکھیں۔ **14** اکتوبر سورج گرہن تیسرے لگنے سے کسی غیر معمولی واقعہ سے آپ کا ہمت وحوصلہ متاثر ہوسکتا ہے عزیز واقارب بہن بھائی یا پڑوسیوں کی جانب سے تفکرات پریشانیاں دُور ہونے کیلئے کوشش ضرور فرمائیں۔ **29** اکتوبر چاند گرہن عزت وکیریئر کے گھر میں پھر سے لگنے سے کاروباری مسائل پریشانیوں خرابی صحت اور خانگی خاندانی مسائل اور پریشانیاں وقتی طور سے اچانک پریشانیوں کا باعث بننے کا خدشہ ان سبھی ایام گرہن میں دو نفل نماز کسوف (سورج) دو نفل نماز خسوف (چاند) ایام گرہن کے دن پڑھ کر اپنی سبھی نحوستیں دُور ہونے کا یقین کیا جاسکتا ہے۔ حسبِ توفیق باجرہ اور ٹوٹا چاول ملا کر صدقہ دینا ایک بہترین عمل ثابت ہوگا۔

# اسد
شمس
SUN

L E O

حاکم سیارہ: شمس | نشان: شیر | حروف: م
ذاتی عقیدہ: حق دار (I Deserve) عنصر: آگ (Fire)
خاصہ: غیر تغیر پذیر (ثابت) | نفسیاتی ٹائپ: وجدانی
منسوب رنگ: سنہرا اورنج | منسوب پتھر: یاقوت
منسوب اعضاء: دل، پیٹھ کا بالائی حصہ | مثبت اور مذکر برج
منسوب پھول: گیندا، سورج مکھی | منسوب غذا: عمدہ اور اعلیٰ
منسوب درخت: نارنگی، اخروٹ، زیتون | سالٹ: میگنیشیا فاس

بحساب یونانی
23 JULY - 22 AUG



16 AUG - 15 SEPT
بحساب ویدک

**آپ کی شخصیت:**۔ آپ کا حاکم ستارہ بادشاہ فلک شمس یوں تو ہر سال ہی اپریل، مئی، جون، جولائی، اگست میں آسمانی کونسل پر سعد پوزیشن میں ہونے کے سبب حسب حال عزت وتوقیر میں اضافہ لاتا ہے 2023ء میں سعد اکبر ستارہ مشتری کی سعادت کے ساتھ ساتھ زحل اور راہو کیتو کی جانب سے بھی عجیب و غریب طریقے سے سعادتیں اور خوش بختیاں ملیں اپنے مستقبل کو درخشاں بنانے اور طویل المعیاد منصوبوں کے شروع کرنے کیلئے 2023ء ایک نہایت اہم خوش بختی کا سال دکھائی دیتا ہے آپ وسیع المیعاد کام کرنے سے گھبراتے نہیں بس یہی آپ کی زندگی میں کامیابی کا راز ہے سال ہذا میں آپ کے معلوم نامعلوم حاسدین و مخالفین زیر رہیں ذرائع آمدن میں غیر متوقع اضافہ زمین جائیداد پراپرٹی کا سکھ اندرون ملک تجارتی سیاحتی ثقافتی سفر پیش آئیں اولاد انعام مال محبت جیسی اہم جذباتی خواہشات کی تکمیل صاحب اولاد اپنے بچوں کی ایجوکیشن کامیابیوں سے فخر اور سکھ محسوس کریں۔ 2023ء مسائل اور پریشانیوں کے دُور ہونے اور خیر و برکت کے حصول کیلئے نہایت اہم سال دکھائی دیتا ہے اہل خاندان اور قریبی عزیز و اقارب دوستوں کا تعاون سارا سال شامل حال رہے گا روحانی اور دُنیاوی کامیابیوں سے اطمینان قلب سکون اور سکھ کی لذت بڑھے گی یاد رہے کہ اللہ کے ذکر سے ہی دل آرام پاتے ہیں ہر نماز کے بعد تسبیح فاطمہؑ 34 مرتبہ اللہ اکبر 33 مرتبہ الحمدللہ اور 33 مرتبہ سبحان اللہ کا ورد و تسبیح کرنا نہایت احسن و مفید روحانی عمل اسے خود کرنے کے علاوہ اپنے عزیز و اقارب گھر والوں دوستوں کو بھی بجالانے کی تاکید کریں۔

**معاشیات، مالی ذرائع آمدن:**۔ بیت المال کا حاکم ستارہ عطارد 2023ء میں بھی اپنی 14 بروجی پوزیشنیں تبدیل کرتے ہوئے اور ستارہ مشتری کی سعد نظرات کے سبب ذرائع آمدن میں اضافے کا باعث بنے طویل المیعاد سرمایہ کاری کوئی بڑا انشورنس پلان اور ازدواجی شراکتی ہم خیال لوگوں سے مل کر مشترکہ مفادات کے تحت کیے گئے کاروبار بھی نفع کا باعث ثابت ہوں ستارہ عطارد 24 جون تا 08 جولائی عروج یافتہ یکم تا 18 اکتوبر شرف یافتہ، 19 اکتوبر تا 27 نومبر اوج یافتہ رہتے ہوئے غیر متوقع طور سے ذرائع آمدن میں اضافہ اور گزشتہ مالی مفادات کے حصول کیلئے کی گئی کوششیں نتیجہ خیز ثابت ہوں 2023ء میں مختصر اور طویل المیعاد ہر دو طرح کے معاشی پلان تیار کرنا اور ان پر عمل کرنا باعث برکت ثابت ہوگا۔ آپ کی اعلیٰ ہمت اور دلیری آپ کو مالی رزق دینے کی طرف وقتاً فوقتاً مائل کرتی رہتی ہے تاہم سینئر لوگوں سے مشاورت بھی لے لی جائے تو کوئی مذائقہ نہیں عطارد مشتری سعد نظرات 19,18,17 فروری، 29,28,27 مارچ، یکم،2 جولائی، 11,10,9 اگست، 26,25,24,5,4,3 ستمبر، 19,18,17,9,8,7 دسمبر بننے سے یہ سبھی ایام ذرائع آمدن میں کم وسائل سے بھی اضافہ لائیں گے آپ اپنی محنت کے بھرپور ثمرات پائیں گے عطارد مشتری نحس نظرات 18,17 جولائی، 29 اکتوبر اور خصوصاً 28 اپریل، 05 مئی، 14 اکتوبر، 29 اکتوبر لگنے والے گرہن ناگہانی طور سے یا آپ کی غفلت سے مالی مسائل و پریشانیاں لانے کا موجب بنیں 15 دن قبل تا بعد محتاط رہتے ہوئے حسبِ توفیق صدقہ و خیرات بھی ضرور دیتے رہیں۔ سب سے اعلیٰ صدقہ سفید لباس بطور کفن سماجی مذہبی خدمات انجام دینے والے اداروں کے حوالے کر کے ان سے رسید کٹوائیں صدقہ دینے کیلئے بہترین دن پیر، جمعرات اور ہفتہ ہے۔

**عزیز و اقارب و اندرونِ ملک سفر:**۔ بیت الاقرباء کے گھر 18 سال بعد ایک اہم ستارہ کیتو یکم جنوری تا 29 نومبر 2023ء تقریباً سارا سال ہی یہاں رہتے ہوئے عزیز و اقارب بہن بھائیوں اور پڑوسیوں سے اختلاف رائے بلاوجہ کے لڑائی جھگڑے مسائل و پریشانیاں بے چینی اضطراب ڈر خوف کی کیفیت کے خدشات بعید از قیاس نہیں خصوصاً 05 مئی یہاں چاند گرہن کا ہونا مزید بدمزگی پریشانیاں لانے کا باعث بنے گا آپ پر لازم ہے کہ شروع سال سے ہی اس حساس معاملہ میں محتاط اور صبر و تحمل سے کام لیں ورنہ خواہ مخواہ کی بدمزگیاں سال کا مزہ کرکرا کرا دیں گی صلہ رحمی کے طور پر بہن بھائیوں عزیز و اقارب کی خدمت حسبِ سابق کرتے رہیں اس سال اندرون ملک کسی لمبے سفر پر جانے سے قبل حسبِ توفیق صدقہ و خیرات ضرور دیں۔ بیت الاقرباء کا حاکم ستارہ زہرہ 15 فروری تا 11 مارچ شرف یافتہ، 06 اپریل تا 02 مئی، 30 نومبر تا 25 دسمبر عروج یافتہ رہتے ہوئے عزیز و اقارب بہن بھائیوں سے اس

دوران پیدا شدہ مسائل اور پریشانیاں حل کی جا سکیں گی 2023ء میں ستارہ زہرہ 12 مارچ تا 05 اپریل وبال یافتہ اور 03 نومبر تا 30 نومبر ہبوط یافتہ ہونے سے اندرون ملک غیر ضروری سفر سے اعتراض کریں تب عزیز و اقارب کی عیادت اور خدمت آپ کی عزت و توقیر میں اضافے کا باعث بنے گی۔

**خاندان، جائیداد، سواری اور زراعت:**۔ وتد الارض اور نصیب کا مشترکہ حاکم ستارہ مریخ ابتدائے سال میں دسویں گھر ہونے سے خاندانی اور گھریلو حالات ابتدائے سال سے ہی آپ کی خصوصی توجہ کے طالب ہونگے خصوصاً 10 مئی تا 30 جون اس گھر کا حاکم ستارہ مریخ بارہویں نحس گھر میں ہبوط یافتہ رہتے ہوئے گھریلو خاندانی مسائل و پریشانیاں اچانک سر اُبھاریں اس عرصہ میں زمین جائیداد کی خرید و فروخت نظر بد جادو ٹونہ جیسے بد اثرات محسوس کریں تو اپنے گھر میں روزانہ صبح سورۃ البقرہ کی تلاوت فرما کر دُعائیں کریں دم شدہ پانی سب گھر والوں کو پلانے کے ساتھ ساتھ اپنے گھر اور اپنی گاڑی میں سپرے کرنا تحفظ کا باعث ہوگا۔ ستارہ مریخ یکم جولائی تا 18 اگست اوج یافتہ، 16 نومبر تا 27 دسمبر عروج یافتہ رہتے ہوئے ہمت و حوصلہ مندی سے خاندانی اور خانگی پیدا شدہ مشکلات و پریشانیاں حل کرنے کیلئے بزرگوں سے تعاون اور مشاورت ملے گی رہائشی تزئین و آرائش زمین جائیداد کی خرید و فروخت بھی اس عرصہ میں نیک رہے گی زراعت پیشہ افراد کا نفع بھی کئی گنا بڑھ جائے گا مریخ شمس سعد نظرات 31,30,29 جنوری، 25,24,23,22,21,20,19 مئی، مجموعی طور پر سبھی ایام خانگی اور خاندانی معاملات زمین جائیداد پراپرٹی اور حسبِ حیثیت سواری کے حصول کیلئے نہایت اہم اور نیک دکھائی دیتے ہیں جبکہ 18,17,16,15 مارچ، 21,20,19,18,17,16,15 نومبر کے ایام کسی طور پر نیک نہیں ان ایام میں گوشت یا کلیجی پھیپھڑوں پر نمک مرچ ہلدی سرسوں کا تیل لگا کر اس دوران جتنے منگل آئیں حسبِ توفیق صدقہ ضرور دیں۔ ہر قسم کی نظر بد جادو ٹونہ ناگہانی آفات و بلیات سے تحفظ کیلئے اسم اعظم کا نقش منسوب امیر المومنینؑ ادارہ ہذا سے مفت منگوا کر فریم کروا کر اپنے ہاں لگائیں اس کے علاوہ طلسماتی بخور (دھونی) بھی ہدیۃً منگوا کر فیضیاب ہو سکتے ہیں۔

**اولاد، انعامات و محبت:**۔ بیت الاولاد اور انعام کا مشترکہ حاکم سعد اکبر ستارہ مشتری گزشتہ سال کی طرح اس سال بھی آپ کو اپنی سعد کرنوں کی بدولت بے پناہ خوشیوں سے نوازے گا یکم جنوری تا 21 اپریل ستارہ مشتری آٹھویں اپنے ذاتی گھر میں ہونے کے سبب پرائز بانڈ انٹرنیشنل لاٹریوں کے علاوہ بھی غیر متوقع بغیر محنت کے دولت عطا کرنے کا باعث بنے گا۔ 22 اپریل تا 31 دسمبر ستارہ مشتری 12 سال کے بعد یہ طالع تیسرے، پانچویں اور نویں گھروں کو سعد ناظر ہونے سے انعامی اسکیموں اور اسٹاک ایکسچینج میں آپ کی دلچسپی بڑھے جلد امیر ہو جانے کی خواہاں افراد کی راہنمائی کیلئے ہم خوش بخت تواریخ بھی ہدیہ کریں گے صاحب اولاد افراد اپنے بچوں کی تعلیمی کامیابیوں اور ان کے شادی بیاہ کی خوشیاں دیکھیں۔ 2023ء پاکیزہ محبت کی ابتداء جلد ہی شادی پر منتج ہوتی ہوئی دکھائی دیتی ہے مشتری شمس سعد نظرات 26,25,24 جنوری، 30 جون، یکم ,2 جولائی، 9,8,7 ستمبر، 28,27,26 دسمبر بننے سے مجموعی طور پر یہ سبھی ایام اولاد انعام محبت کیلئے خوش بخت دکھائی دیتے ہیں مشتری شمس نحس نظرات 13,12,11,10 اپریل، 8,7,6 اگست، 4,3,2 نومبر نہایت ہی احتیاط طلب تواریخ ان سبھی امور کیلئے دکھائی دیتی ہیں پرائز بانڈ اور انٹرنیشنل لاٹری میں حصہ لینے والے اسدی افراد ان تواریخ میں 26,25,24,5,4,3 جنوری، 19,18,17 فروری، یکم ,29,28,27,18,17,16,3,2 مارچ، 14,13,12,6,5,4 مئی، 30,18,17,16 جون، یکم ,28,27,2 جولائی، 11,10,9 اگست، 9,8,7,5,4,3 ستمبر، 23,22,21 اکتوبر، 18,17,16,15,14,13 نومبر، 28,27,26,19,18,17,12,10,9,8,7 دسمبر حصہ لیں تو کوئی بعید از قیاس نہیں کہ آپ کا کوئی بڑا انعام نکل آئے حصول انعامات میں مزید راہنمائی کیلئے ادارہ کی ہر سال شائع ہونے والی کتاب ''**انعام لکی نمبرز آئینہ قسمت**'' کا مطالعہ بھی آپ کو انعام کے قریب لے جائے گا۔ حصول انعام کیلئے اپنے نام کا اِسم اعظم پڑھنا بھی نیک ہے ادارہ ہذا سے اپنا اِسم اعظم مفت پوچھ سکتے ہیں۔

**صحت و امراض، ملازمتی کیرئیر:**۔ بیت المرض کا حاکم ستارہ زحل اپنے یہاں اڑھائی سالہ قیام کے دوران رہتے ہوئے یقیناً اس میں حفظان صحت کے اصولوں کی شعور اور ادراک میں اضافہ کیا ہوگا ذمہ دارانہ فرائض سے عزت ترقی منصب میں بہتری جیسے فوائد آپ کو ملے ہونگے ستارہ زحل 27 سال بعد 17 جنوری 2023ء کو برج دلو میں آ جائے گا اس کا قیام یہاں 29 مارچ 2025ء تک رہیگا سنگین قسم کی غلط فہمیوں گھریلو پریشانیوں سے آپ ذہنی طور پر ایک دباؤ ڈپریشن محسوس کر سکتے ہیں انسب ہوگا کہ اپنے مخلصین بزرگوں سے مشاورت اور دُعائیں لیتے رہیں 2023ء اس حوالے سے ایک اہم سال جب آپکو خود ہی اپنی بہت ساری ضروریات زندگی حفظان صحت کے اصولوں کو اپنانا ہی پڑیگا زحل شمس سعد نظرات 26,25,24 اپریل،

30,29,28 جون، 25,24,23 اکتوبر، 25,24,23 دسمبر بننے سے ذمہ دارانہ ملازمتی فرائض کیریئر سے عزت ملے۔ صحت وسکھ میں بھی اضافہ پائیں تاہم زحل شمس نحس نظرات 18,16,15 فروری، 29,28,27 مئی، 28,27,26 اگست، 24,23,22 نومبر بننے سے اپنی صحت جسمانی اور روحانی صحت کا خاص طور سے خیال رکھیں اپنے معالج کے مشورے سے اپنی عمر کے مطابق اپنی اغذیہ یا ادویہ کا مناسب پلان بنوالیں ہلکی پھلکی ورزش آپکی صحت کیلئے بہت مفید ہے پانی پیتے وقت اللہ تعالیٰ کا نام یاشافی یا کافی یا معافی پڑھ کر پانی پر دم کر کے پئیں آپ کا حاکم ستارہ شمس چونکہ آتشی ہے اس سال جب بھی آپکی صحت خدانخواستہ متاثر ہوئی تو وہ جسم میں پانی کی کمی کی وجہ سے ہوگی بلاناغہ 12 سے 14 گلاس پانی کے پینا اپنی یادداشت میں محفوظ کرلیں۔

**تعلقات، شراکتی وازدواجی مراسم، شادی:**۔ بیت الزوج کا حاکم ستارہ زحل 27 سال کے بعد 17 جنوری 2023ء تا 29 اپریل 2025ء اپنے ذاتی گھر میں رہتے ہوئے بڑی عمر کے شادی کے خواہاں افراد کی شادی کیلئے وسائل واسباب مہیا کرے گا سورۃ البقرہ میں عرض کردہ قربانی دینے سے شادی کی دیرینہ رکاوٹیں دُور ہوسکیں گی زحل کا یہاں اڑھائی سالہ قیام بعض غیر متوقع گھریلو پریشانیاں سنگین غلط فہمیاں نئے شادی شدہ افراد کی ازدواجی زندگی بدگمانی سے علیحدگی جیسے صورتحال کی طرف حالات کو لے جاسکتی ہے ہر دو خاندانوں کے مابین بھی جذباتی پن غم وغصہ بلاوجہ متوقع دکھائی دیتا ہے دانشمندی کا تقاضہ ہوگا کہ اپنے ازدواجی رشتوں کو مضبوط کرنے کیلئے وفاداری سچے اتحاد خلوص ومحبت سے رشتوں کو مضبوط کریں بلاوجہ کسی بھی موقعہ پر جذباتی پن غصہ آپ کے مضبوط رشتوں کو متاثر کرسکتا ہے۔ سعد اکبر ستارہ مشتری بھی اس سال برج حمل میں 24 اپریل تا 31 دسمبر رہتے ہوئے زندگی کی خوشیوں اور رعنائیوں سے نوازے گا شادی کی عمر کو پہنچنے والے لڑکے لڑکیوں کو سعادت مشتری کے سبب رشتوں اور پسندیدگی کے کئی ایک پیغامات ملیں گے امکان غالب ہے کہ خواہاں افراد اور عقد ثانی کرنے والوں کیلئے بھی خانگی ازدواجی خوشیاں مقدر ہونگی پسندیدہ یا جلد شادی ہوجانے کیلئے کم از کم 7 قراٹ کا زمرد یا فیروزہ انگوٹھی میں بنوا کر دو نفل شکرانے کے ادا کر کے پہننا نیک ثابت ہوگا۔ زحل زہرہ مشتری سعد نظرات 24,23,22,5,4,3 جنوری، یکم ,19,18,17,3,2 مارچ، 14,13,12,6,5,4 مئی، 14 سے 24 جون، 23,22,21 اکتوبر، 7,6,5 دسمبر بننے سے یہ بھی ایام منگنی شادی اور رشتے ناطے طے ہوجانے کیلئے خانگی ازدواجی خوشیوں کا باعث دکھائی دیتے ہیں 2023ء بعض ستاروں کی ناقص نشست ہونے کے سبب شادی کرنے والے افراد کیلئے مشورہ ہے کہ وہ کسی صاحب علم سے نیک وقت نکاح کا تعین ضرور کروائیں۔

**وراثت، انشورنس، کلیم:**۔ وراثت اور اولاد کا مشترکہ حاکم سعد اکبر ستارہ مشتری اپنے 12 سالہ سرکل کے دوران گزشتہ سال سے 24 اپریل 2023ء تک یہاں مقیم رہیگا شراکتی ازدواجی مشترکہ دولت کے فوائد ملیں کوئی بڑا انشورنس کلیم یا مالی فائدہ بھی جنوری، فروری، مارچ، اپریل کے دوران مل سکے گا ستارہ مشتری 24 اپریل برج تبدیل کر کے برج حمل میں 31 دسمبر تک رہتے ہوئے قانونی یا پنچایتی طریقے سے آپ کی وراثت اور مشترکہ مفادات کے امور طے ہوسکیں گے جب بھی کوئی شراکتی یا وراثتی نیا معاہدہ کریں اسے تحریر میں لاکر گواہان کے دستخط ضرور کروالیں۔ خوابوں کی روشن نفسیات 2023ء میں نمایاں رہے آپ کو بعض ایسے خوش کُن اور اس کے برعکس پریشان کُن خواب بھی آسکتے ہیں جن کی تعبیر کسی ماہر بزرگ سے ضرور معلوم کریں کچھ لوگ اپنے توشہ آخرت کیلئے صدقہ جاریہ کے کام کرنے پسند کریں گے اور یقیناً وہ روپیہ جو آپ نے راہ خدا میں خرچ کیا اس کا اجر وثواب آپ اپنی آئندہ زندگی اور عالم برزخ میں پائیں روحانی خوشی اور سکون کیلئے 313 مرتبہ یا کم از کم ایک تسبیح کوئی سا درود پاک پڑھ کر سوئیں اس حُسن عمل سے آپ کی روحانیت اور آپ کا ہالا نور روشن ہونے سے اطمینان اور سکون کی لطیف ناں بیان کرنے والے خوش کُن احساسات کو محسوس کریں۔

**مستقبل کی منصوبہ بندی، بیرون ملک سفر، قانونی مشاورت واعلیٰ تعلیم:**۔ بیت النصیب اور سفر کا حاکم ستارہ مریخ ابتدائے سال میں یکم تا 13 مارچ عزت وکیریئر کے گھر رہتے ہوئے آپ اپنے مستقبل کو درخشاں بنانے کیلئے ابتدائے سال سے ہی بزرگوں کی مشاورت سے کوششیں شروع کردیں گے اور ایسا کرنا ہی آپ کے حق میں نیک دکھائی دیتا ہے اور ایک اہم چاند کا سایہ راہو 29 نومبر 2023ء تک یہاں رہتے ہوئے مقدس مقامات کی زیارت حج وعمرہ پر جانے والے خواہاں افراد کی یقیناً آرزو پوری ہوسکے طلبہ اعلیٰ تعلیم اور سیر وسیاحت کے خواہاں افراد کی آرزوئیں بھی پوری ہوسکیں۔ 18 سال کے بعد راہو کا یہاں قیام آپ کا تعلق جس بھی مذہب ومسلک سے ہو اپنے مذہبی عقیدوں کی درستگی پختگی کیلئے اپنے ہم مذہب ومسلک کی روحانی شخصیات کی صحبت میں رہنے کے متعدد مواقع ملیں اور آپ ان سے بہت سارا فیض روحانی پا کر اطمینان قلب جیسی کیفیت محسوس کریں امپورٹ ایکسپورٹ بیرون ملک کسی بھی قسم کا کام کرنے والے اسدی افراد خواہ وہ آن لائن ہی کام نہ چلا رہے ہوں ان کے کاروبار میں وسعت اور نئے کاروباری وسائل ملیں خوش نصیبیاں انہی افراد کا مقدر ہونگی جو اپنے مستقبل کی پلاننگ شروع سال سے کرلیں گے قانونی امور بھی حسب منشا حل ہوسکیں گے۔ مریخ مشتری شمس سعد نظرات 26,25,24 جنوری، 25,22,19 مئی، 30 جون، یکم ,31,2 جولائی، 3,2 اگست، 9,8,7 ستمبر، 28,27,26 دسمبر بننے ان ایام میں آپ کا نصیب یاوری کرے آپ اپنی اور اپنی فیملی کے مستقبل کو درخشاں بنانے کیلئے کوشاں رہیں۔ 28 اپریل سورج گرہن، 05 مئی چاند گرہن، 14 اکتوبر سورج گرہن، 29 اکتوبر چاند گرہن بری طرح سے

حالات وواقعات میں مسائل و پریشانیاں اور رکاوٹیں لانے کا سبب بن سکتے ہیں 15 دن قبل تا بعد ان ایام میں خاص طور پر محتاط رہیں حسبِ توفیق صدقہ وخیرات دینے کے ساتھ ایام گرہن میں نماز کسوف وخسوف پڑھ کر دُعائیں کریں اس سال کا بہترین صدقہ سفید کپڑا بطور کفن سماجی وسیاسی مذہبی اداروں میں جمع کروا کر رسید حاصل کریں اللہ آپ کو توفیق دے تو یہ صدقہ ہر ہفتے یا ہر مہینے ضرور کریں اس کے علاوہ مساجد کے پانی کے بل یا انسانوں، جانوروں یا پھر پرندوں کے پانی کی کوئی سبیل کریں۔

**کیرئیر، کاروبار، عزت ووقار:۔** بیت العزت و بیت الاقرباء کا مشترکہ حاکم ستارہ زہرہ 16 فروری تا 12 مارچ شرف یافتہ، 06 اپریل تا 30 مئی، 30 نومبر تا 25 دسمبر اوج وعروج یافتہ رہتے ہوئے غیر متوقع کاروباری معاشی فوائد ملیں سماجی سیاسی مصروفیات میں شرکت نئے کاروباری وسائل کو جنم دیں بارسوخ شخصیات اور حکام سے قریبی تعاون رہے 2023ء ستارہ مشتری کی سعادت بیرون ملک کاروباری اغراض ومقاصد کیلئے کئے گئے سفر نفع بخش ثابت ہوں امپورٹ، ایکسپورٹ، ٹریڈنگ کیلئے یہ سال نہایت اہم اور نمایاں دکھائی دیتا ہے نئے کاروبار کا آغاز یا جاری کام میں مزید سرمایہ کاری منافع بخش ثابت ہو آپ اپنے کام میں اپنی محنت اور مہارت سے نمایاں مقام پا سکتے ہیں اپنے تجربات ومشاہدات مخلصین و بزرگوں اور اپنے ہم پیشہ دوستوں سے بھی تبادلہ خیال کرنے سے آپ کے اندر ایک نیا ولولہ اور جوش اور نئے تخلیقی عملی نوعیت کے خیالات جنم لیں۔ زہرہ عطارد مشتری سعد نظرات 5,4,3 جنوری، 19,18,17 فروری، یکم 2,3, 29,28,27 مارچ، 14,13,12,6,5,4 مئی، 18,17,16 جون، یکم 2, 28,27 جولائی، 11,10,9 اگست، 3,4,5, 26,25,24 ستمبر، 23,22,21 اکتوبر، 18,17,16,15,14,13 نومبر، 19,18,17,9,8,7 دسمبر بننے سے غیر متوقع کامیابیوں کا حصول آپ کی عزت وتوقیر اور ساکھ میں اضافہ ہر قسم کے کاروباری پیشہ ورانہ امور کیلئے یہ سبھی تواریخ سعد دکھائی دیتی ہیں جبکہ انہی کواکب کی نحس نظرات 13,12,11,10 جون، 24,23,22,21,20,18,17 جولائی، 19,18,17,16,15 ستمبر، 29,28 اکتوبر، 11,10,9 دسمبر ان سبھی نحس ایام میں کاروباری لین دین اور تجارتی معاہدے کرتے وقت محتاط رہیں۔

**دوست احباب، خواھشات، کاروباری فوائد:۔** بیت الامید اور بیت المال کا مشترکہ حاکم ستارہ عطارد 24 جون تا 08 جولائی عروج یافتہ، یکم اکتوبر تا 18 اکتوبر شرف یافتہ، 19 اکتوبر تا 26 نومبر اور 28 تا 31 دسمبر اوج یافتہ رہتے ہوئے حلقہ احباب میں وسعت کئی پرانے لوگ آپ کی زندگی سے نکل جائیں اور اُن کی جگہ نئے اچھے لوگوں کا اضافہ ہوسکے گا علمی ادبی روحانی محافل میں شرکت سے آپ کے شعور وادراک میں اضافہ ہوگا جائیداد کی خرید وفروخت اور اضافی دولت پیدا کرنے کے علم وہنر میں اضافہ ہوگا۔ ان ایام میں دوسروں سے متاثرہ توقعات میں ممکنہ کامیابیاں ملیں تاہم ستارہ عطارد اس سال چار مرتبہ رجعت (اُلٹا) یکم تا 18 جنوری، 21 اپریل تا 16 مئی، 24 اگست تا 16 ستمبر، 13 اکتوبر تا 02 جنوری 2024ء یہ سبھی مندرجہ بالا ایام سُست روی دھوکہ دہی کی نشاندہی کرتے ہیں تاہم اپنی خود احتسابی اور اپنے پینڈنگ کاموں کو نبٹانے کیلئے یہ وقت نہایت اہم دکھائی دیتا ہے۔

ان ایام میں خصوصاً بدھ کے دن طلبہ کی مدد کرنا باعث برکت ثابت ہوگا۔

**خفیہ سرگرمیاں، سازش، ماضی کے مسائل اور اخراجات، امیگریشن:۔** بیت الاعداء کا حاکم ستارہ قمر ابتدائے سال میں راہو کیتو کے محور میں ہونے کے سبب 2023ء نظر بد سفلی اور سحری عملیات سحر جادو کے خدشات دکھائی دیتے ہیں ممکن ہو تو قرآن پاک کی منزل روزانہ پڑھی جائے یا حسبِ توفیق چاول کا ٹوٹہ باجرہ پانی گھر کی چھت پر پرندوں کے لئے رکھنا نیک رہیگا۔

**اسدی مردوزن پر گرھنوں کے اثرات:۔** 28 اپریل سورج گرہن، 05 مئی چاند گرہن، 14 اکتوبر سورج گرہن، 29 اکتوبر چاند گرہن بُری طرح سے حالات وواقعات میں مسائل و پریشانیاں اور رکاوٹیں لانے کا سبب بن سکتے ہیں 15 دن قبل تا بعد ان ایام میں خاص طور پر محتاط رہیں حسبِ توفیق صدقہ وخیرات دینے کے علاوہ ایام گرہن میں نماز کسوف وخسوف پڑھ کر دُعائیں کریں اس سال کا بہترین صدقہ سفید کپڑا بطور کفن سماجی وسیاسی مذہبی اداروں میں جمع کروا کر رسید حاصل کریں اللہ آپ کو توفیق دے تو یہ صدقہ ہر ہفتے یا ہر مہینے ضرور کریں اس کے علاوہ مساجد کے پانی کے بل یا انسانوں، جانوروں اور پرندوں کے پانی کی کوئی سبیل کریں۔ ان سبھی ایام گرہن میں دو نفل نماز کسوف (سورج) دو نفل نماز خسوف (چاند) ایام گرہن کے دن پڑھ کر اپنی سبھی نحوستیں دُور ہونے کا یقین کیا جا سکتا ہے۔ حسبِ توفیق باجرہ اور ٹوٹا چاول ملا کر صدقہ دینا ایک بہترین عمل ثابت ہوگا۔

# سنبلہ
عطارد
VIRGO
MERCURY

حروف: پ ع

حاکم سیارہ: عطارد
نشان: دوشیزہ
ذاتی عقیدہ: میں تجزیہ کرتا ہوں (I Anallaz) عنصر: خاک (Earth)
خاصہ: تغیر پذیر (ذوجسدین)
نفسیاتی ٹائپ: ادارک
منسوب رنگ: ہرا، نیلا، بھورا، ملے جلے رنگ
خنثی اور مونث برج
اعضائے جسمانی: پیٹ کا نچلا حصہ
منسوب پھول: چنبیلی
منسوب پتھر: زمرد، فیروزہ، پیری ڈوٹ
منسوب درخت: برگد
منسوب دھات: پلاٹینم اور المونیم
بائیو کیمک سالٹ: کالی سلف

بحساب یونانی
23 AUG - 22 SEPT



16 SEPT - 15 OCT
بحساب ویدک

**آپ کی شخصیت:۔** 2023ء طالع اور دسویں کا مشترکہ حاکم ستارہ عطارد ابتدائے سال میں چوتھے گھر میں ہمراہ بارہویں نحس گھر کے حاکم شمس کے ساتھ ہونے سے سال کی ابتداء نہایت احتیاط سے شروع کریں سعد اکبر ستارہ مشتری ساتویں سے طالع کو سعد ناظر رہتے ہوئے 21 اپریل تک ہر آنے والی پریشانی کو دُور کرنے کا باعث بنے پہلے چار ماہ میں آپ کی کچھ آسان خواہشات کی تکمیل حیثیت اور شخصیت میں اضافہ ہمت و حوصلہ اور آگے بڑھنے کے جذبے کیلئے آپ کے اردگرد مخلصین بزرگوں کا تعاون اور ماں کی دُعائیں بھی آپ کے ساتھ ہونگی۔ ستارہ عطارد 24 جون تا 08 جولائی عروج یافتہ، یکم تا 18 اکتوبر شرف یافتہ، 19 اکتوبر تا 05 نومبر اوج یافتہ رہتے ہوئے زندگی کی اہم ذمہ داریاں جن میں اولاد ان کی صحت تعلیم و تربیت فیملی کی ضروریات زندگی اور بہت سارے مفید اور صدقہ جاریہ کے کام آپ کے ہاتھوں غیر متوقع طور پر انجام پائیں اور اگر آپ انہیں قصداً بھی کریں تو تب بھی آپ اپنی زندگی میں خوشی اور شادمانی محسوس کریں آپ کا حاکم ستارہ عطارد اس سال چار مرتبہ رجعت (اُلٹا) پذیر یکم تا 18 جنوری، 21 اپریل تا 18 مئی، 24 اگست تا 15 ستمبر، 13 دسمبر تا 02 جنوری 2024ء ہونے سے ان ایام میں آپ اپنے اہم فیصلے کو جلد بازی سے انجام نہ دیں کچھ اہم معاملات سُست روی کا شکار ہو جائیں تو تب بھی صبر و تحمل سے کام لیں اس دوران پینڈنگ کاموں کو نمٹانے کیلئے آگے بڑھیں ماضی کے تجربات حال کی مصروفیت میں رہتے ہوئے مستقبل کی اپنے اور اپنی فیملی کیلئے درخشاں مستقبل کی پلاننگ کرنے کو اولین ترجیح دیں۔

**معاشیات، مالی ذرائع آمدن:۔** 2023ء میں بھی آسمانی کونسل پر چار اہم ستارے زحل، مشتری، راہو، کیتو کی بروجی تبدیلی اس سال بھی مالی و معاشی معاملات کیلئے اہم دکھائی دیتی ہے آپ کا خانہ مال ستارہ زحل کا شرفی برج ہے زحل اس سال 17 جنوری برج تبدیل کر کے زحل پانچویں سے برج یعنی دلو چھٹے نحس گھر میں آجائے گا ادھر 18 سال بعد کیتو مقابل راہو 29 نومبر تک خانہ مال میں رہتے ہوئے مالی ذرائع آمدن میں خاصہ اُتار چڑھاؤ رہ سکتا ہے ذرائع آمدن سے زیادہ اخراجات آپ کیلئے مستقبل میں مسائل اور پریشانیاں لانے کا سبب بنیں بلاوجہ آسان شرائط پر بھی قرضہ لینے سے سو بار غور کریں دوسروں کی ضمانت دینا بھی آپ کے گلے پڑ سکتی ہے کوئی غیر قانونی سرکاری کاموں میں مداخلت مالی نقصان اور سزا کا باعث بننے جیسے خدشات بعید از قیاس نہیں آپ اپنا معافی الضمیر دوسروں کے سامنے بیان کرنے میں بھی دشواری محسوس کریں اس سبب آپ اپنے حقوق کے حصول کیلئے بھی پریشانی محسوس کر سکتے ہیں اخراجات میں تکبر اور اسراف سے گریز کریں ورنہ نقصان عظیم جیسے خدشات بعید از قیاس نہیں تاہم 2023ء خانہ مال کا حاکم ستارہ زہرہ 15 فروری تا 12 مارچ شرف یافتہ، 06 اپریل تا 02 مئی اور 30 نومبر تا 25 دسمبر عروج یافتہ رہتے ہوئے اس عرصہ میں ذرائع آمدن میں اضافہ کی کوششیں کامیاب ہوں خصوصاً زہرہ عطارد سعد نظرات 14,13,12 مئی، 18,17,16 جون، 28,27 جولائی، 18,17,16,15,14,13 نومبر، 12,11,10 دسمبر بننے سے معاشی کاروباری معاملات میں بہتری اور طویل المعیاد سرمایہ کاری از قسم انشورنس پلان میں دلچسپی لینا باعث برکت رہے گا۔

**عزیز و اقارب و اندرونِ ملک سفر:۔** بیت الاقرباء اور بیت وراثت کا مشترکہ حاکم ستارہ مریخ ابتدائے سال میں نویں یکم جنوری تا 12 مارچ وبال یافتہ ہونے کے سبب عزیز و اقارب رشتہ داروں پڑوسیوں سے تعلقات میں بہتری صلہ رحمی بحال رکھیں ان کی خدمت اور تعاون ان کی دُعائیں آپ کے بہت سارے مسائل کا حل ثابت ہونگی ستارہ مریخ کی مزید کمزور پوزیشن 10 مئی تا یکم جولائی رہنے سے اندرون ملک غیر ضروری سفر کرنے سے اجتناب کریں اشد ضروری ہو تو حسبِ توفیق صدقہ و خیرات دیکر اپنے سفر کا آغاز کیا جا سکتا ہے جن کے بزرگ اور والد حیات ہیں اُن کی خدمت کرنا بھی بہترین حُسن عمل ثابت ہوگا ستارہ مریخ یکم جولائی تا 18 اگست اوج یافتہ، 16 نومبر تا 27 دسمبر عروج یافتہ ہونے سے یہ بھی ایام عزیز و اقارب، بہن بھائیوں سے تجدید مراسم اور اُن کی خدمت کیلئے اور جواباً اُن

سے تشکر پانے کیلئے نیک ہیں مریخ عطارد سعد نظرات 23,22 فروری، 25,24,23,22,9,8,7 اپریل، 22,21 جون، 29,28 اکتوبر، 28,27 دسمبر بننے سے اپنے قریبی احباب کی جانب سے خوشی اور ذہنی سکون میسر آئے یہ سبھی ایام حل المشکلات کیلئے نہایت اہم ہیں۔ مریخ عطارد نحس نظرات 17,16 مارچ بننے سے غیر ضروری سفر نہ کریں اور ٹریفک حادثات کے پیش آنے کا اندیشہ ہے محتاط رہتے ہوئے صدقہ و خیرات ان ایام میں ضرور دیں۔

**خاندان، جائیداد، سواری اور زراعت:۔** 2023ء بیت الارض اور بیت الزوج کا مشترکہ حاکم ستارہ مشتری یکم جنوری تا 22 اپریل 2023ء ساتویں اوتاد میں رہتے ہوئے سال کے پہلے چار ماہ زمین جائیداد سواری پراپرٹی کی خرید و فروخت کیلئے نیک ہیں 24 اپریل تا 31 دسمبر ستارہ مشتری آٹھویں رہتے ہوئے بیت المال اور بیت الارض کو سعد ناظر رہتے ہوئے رہائشی تزئین و آرائش زراعت اور باغبانی میں مہارت زمین جائیداد اور سواری کی خرید و فروخت کیلئے مزید بہتر مواقع میسر آئیں اندرون و بیرون ملک ہجرت شفٹنگ کیلئے بھی یہ سال نہایت اہم دکھائی دیتا ہے مشتری عطارد سعد نظرات 29,28,27,19,18,17 مارچ، یکم ,2 جولائی، 11,10,9 اگست، 26,25,24,5,4,3 ستمبر، 19,18,17,9,8,7 دسمبر بننے سے آپ کے رہن سہن میں تبدیلی بہتری بیرون ملک سے اندرون ملک اور اندرون ملک سے بیرون ملک جانے والے خواہاں سنبلی افراد کی نیک خواہشات حسبِ منشا پوری ہوں بزرگوں کا تعاون و مشاورت ایک خوشگواری کا احساس دلائے اپنے والدین سے خصوصاً دُعائیں ضرور لیں مشتری عطارد نحس نظرات 18,17 جولائی، 29,28 اکتوبر کے ایام نہایت احتیاط طلب دکھائی دیتے ہیں جمعرات کے دن مسجد کے جھاڑو کش یا موذن حضرات کی خدمت کر کے ان سے دُعاؤں کی اپیل کریں۔

**اولاد، انعامات و محبت:۔** بیت الاولاد کا حاکم ستارہ زحل 27 سال بعد بیت الاولاد سے بیت المرض برج دلو میں 17 جنوری 2023ء سے 29 اپریل 2025ء چلا جائے گا اس اہم ستارے کی تبدیلی صاحب اولاد افراد کے تفکرات میں اضافہ ان کی خرابی صحت تعلیم و تربیت شادی بیاہ کے معاملات وسائل و مسائل کا شکار ہو سکتے ہیں 2023ء اولاد کے علاوہ انعام اور محبت کے معاملات میں سراب جیسی کیفیت رہ سکتی ہے۔ اسٹاک شیئرز میں دلچسپی لینے والے سنبلی افراد کسی نقصان عظیم سے بچنے کیلئے محتاط رہیں ہر کام پھونک پھونک کر کرنے میں ہی عافیت رہے گی پرائز بانڈ اور انٹرنیشنل لاٹریز میں حصہ لینے کے شوقین 24,23,22 جنوری، 19,18,17,3,2 مارچ، 6,5 اپریل، 22,21,20,14,13,12,11,10,9 مئی، 30,18 جون، 28,27 جولائی، 23,22 اکتوبر، 18,17,16,15,14,13 نومبر، یکم ,2,3,5,6,7,8,9,10,12,21,22 دسمبر حصہ لیں تو کوئی بعید از قیاس نہیں کہ آپ کا کوئی بڑا انعام نکل آئے حصول انعامات میں مزید راہنمائی کیلئے ادارہ کی ہر سال شائع ہونے والی کتاب ''**انعام لکی نمبرز آئینہ قسمت**'' کا مطالعہ بھی آپ کو انعام کے قریب لے جائے گا۔ حصول انعام کیلئے اپنے نام کا اسمِ اعظم پڑھنا بھی نیک ہے ادارہ ہذا سے اپنا اسمِ اعظم مفت پوچھ سکتے ہیں۔

**صحت و امراض، ملازمتی کیرئیر:۔** بیت المرض کا حاکم ستارہ زحل 27 سال بعد 17 جنوری 2023ء تا 29 مارچ 2025ء چھٹے گھر میں آنے سے صحت و تندرستی کے معاملات نہایت اہم ہونگے ارضی و سماوی امراض سے بچنے کیلئے 2 قطرے روزانہ کلونجی آئل پانی میں ملا کر 70 مرتبہ سورۃ الفاتحہ دم کر کے پینا جسمانی اور روحانی شفایابی بحالی کیلئے اچھا عمل ثابت ہوگا یہی عمل آپ اپنی فیملی کو بھی کرنے کی تاکید کر سکتے ہیں 2023ء ملازمت اور پیشہ ورانہ معاملات کیلئے نہایت اہم دکھائی دیتا ہے غیر ذمہ درانہ فرائض کی ادائیگی شوکاز نوٹس تنزلی یا پھر ملازمت کے خاتمہ کا باعث بن سکتی ہے آپ پر لازم ہے کہ 2023ء کو نہایت ذمہ داری سے انجام دیں۔ ستارہ زحل 17 جون تا 07 نومبر رجعت (اُلٹا) میں ہونے کے سبب اپنا میڈیکل چیک اَپ ضرور کروائیں خواہ آپ کی عمر 40 سے کم ہو یا زیادہ اپنا بلڈ پریشر، کیسٹرول، یورک ایسڈ، ذیابیطس کا چیک اَپ ضرور کروائیں ذہنی اور نفسیاتی مسائل اور پریشانیوں سے بچنے کیلئے سب سے آسان طریقہ تمام دن باوضو رہیں اور نماز پنجگانہ کی پابندی کرتے ہوئے شکر بجالائیں یقیناً شکر سے نعمتوں میں اضافہ ہو سکے گا۔

**تعلقات، شراکتی و ازدواجی مراسم، شادی:۔** بیت الزوج اور بیت الارض کا مشترکہ حاکم ستارہ مشتری 12 سال کے بعد ساتویں اپنے گھر میں 22 اپریل 2023ء تک سعد پوزیشن میں ہونے سے شراکتی ازدواجی معاملات میں خیر و برکت اور شادی کے خواہاں افراد کے رشتے طے ہونے کیلئے جنوری، فروری، مارچ، اپریل نہایت اہم مہینے دکھائی دیتے ہیں دیرینہ شادی کے خواہاں افراد کو یقیناً شادی کی خوشیوں کے ساتھ لائف پارٹنر کے نصیب سے مال و

اسباب اور دیگر کئی طرح کی نعمتیں بھی مل سکیں گی آپ کی اعلیٰ ظرفی اور خوش اخلاقی دوسروں کی نظر میں آپ کی عزت و توقیر میں اضافہ ہوگا اس سال شادی ہونے والے افراد کو اولادِ نرینہ کی خوشیاں بھی جلد میسر آئیں گی۔ بیرون ملک شادی کے خواہاں لڑکے لڑکیوں کی مراد بھی برآئے گی ستارہ مشتری 22 اپریل 2023ء سے یکم مئی 2024ء برج تبدیل کرے شراکت کے خانہ مال میں آنے سے بعض سنبلی افراد کی انتہائی دولتمند شریک حیات سے شادی ہوگی اس خوبصورت بندھن سے زوجین کی عزت دولت نعمتوں میں اضافہ ہوگا معاشرے میں اعلیٰ مقام اور ایسے جوڑے اپنے آپ کو خوش قسمت تصور کر سکتے ہیں مشتری عطارد سعد نظرات 19,18,17 فروری، 29,28,27 مارچ، یکم 2,جولائی، 11,10,9 اگست، 26,25,24,5,4,3 ستمبر، 19,18,17,9,8,7 دسمبر بننے سے مذہبی لگاؤ خود اعتمادی اور ہم مسلک و قریبی احباب سے تعلقات میں بہتری اور قریبی تعاون آپ کی زندگی میں ایک نئی روح پھونک دے گا اور آپ ایک نئے جذبے کے ساتھ اجتماعی طور پر سبھی کی خیر و برکت اور انہیں سکھ پہنچانے کیلئے کئی ایک روحانی اور دنیاوی کوششیں کریں گے۔

**وراثت، انشورنس، کلیم:۔** 2023ء وراثت کے گھر ایک اہم ستارہ راہو 29 نومبر یہاں مقیم رہتے ہوئے مشترکہ مفادات کے کام انتہائی احتیاط طلب ہونگے شراکتی و وراثتی امور ستارہ مشتری کے 12 سال کے بعد 22 اپریل 2023ء تا یکم مئی 2024ء یہاں رہتے ہوئے شراکتی و وراثتی امور خوش اسلوبی سے اس عرصہ میں طے پاسکیں گے کوئی بڑا انعام یا انشورنس کلیم خواہاں افراد کو مل سکے گا 2023ء مشترکہ منصوبوں وسائل جیسے کاروباری شراکتی امور کے لئے سعد اور خوش قسمتی کا وقت دکھائی دیتا ہے مذہبی اور روحانی خوشگوار تجربات ضرورت کے مطابق قرض بھی بآسانی مل سکتا ہے ممکنہ قرض لینے سے اعتراض کریں مریخ مشتری نحس نظرات 26,25,24,23,22,21,20 مئی، 30,29,28,27 اکتوبر دوسروں کے ساتھ اصولوں پر تصادم مقدمہ بازی جیسے خدشات اُجلت کے کاموں سے بلاوجہ مسائل اور پریشانیاں پیش آسکتی ہیں محتاط رہیں۔ 28 اپریل سورج گرہن، 29 اکتوبر چاند گرہن اس گھر میں لگنے سے حادثات سے جانی و مالی نقصانات کے خدشات ان ایام سے ہفتہ قبل تا بعد حسبِ توفیق صدقہ و خیرات ضرور دیں۔

**مستقبل کی منصوبہ بندی، بیرون ملک سفر، قانونی مشاورت و اعلیٰ تعلیم:۔** بیت السفر اور بیت المال کا مشترکہ حاکم ستارہ زہرہ یوں تو اس سال آپ کو بے پناہ سعادتیں دے گا تاہم تیسرے آٹھویں نحس گھر کا حاکم ستارہ مریخ یکم جنوری تا 12 مارچ اسی گھر میں رہتے ہوئے آپ کی روحانیات اور روحانی دلچسپیوں میں آپ ایک نئے عزم و جذبے سے اپنے اندر مذہبی جنونی کیفیات جزوی طور پر محسوس کریں مذہب خالصتاً آپ اور اللہ کا معاملہ ہے مذہبی جذباتی امور میں بلاوجہ پڑ کر دوسروں کی دل آزاری سے اجتناب برتیں ورنہ آپ کی عزت میں کمی رسوائی کا اندیشہ دکھائی دیتے ہیں انہی ایام میں قانونی امور و وسائل توجہ کے طالب ہونگے بیرون ملک غیر قانونی طور پر جانے سے قانونی مسائل و پریشانیاں پیش آنے کے خدشات بعید از قیاس نہیں ستارہ زہرہ عطارد سعد نظرات 13,12 مئی، 18,17,16 جون، 28,27 جولائی، 18,17,16,15 نومبر، 12,11,10 دسمبر بننے سے بیرون ملک معاہدے اور سمجھوتوں کی روح آپ کے اندر ایک نیا جذبہ پیدا کرے آپ اپنے کئے گئے معاہدوں کو نہایت ذمہ داری سے انجام دینے کی کوششوں میں کامیاب ہوں کاروباری اغراض و مقاصد کیلئے بیرون ملک کئے گئے سفر نفع بخش ثابت ہوں طلبہ اعلیٰ تعلیم کیلئے حسبِ خواہاں بیرون ملک جاسکیں۔ ستارہ زہرہ 15 فروری تا 12 مارچ شرف یافتہ، 06 اپریل تا 30 مئی، 30 نومبر تا 25 دسمبر عروج و اوج یافتہ رہتے ہوئے نصیب یاوری کرانے کے ساتھ ساتھ حج و عمرہ زیارات مقدسہ پر جانے کی نیک خواہشات پوری ہوسکیں۔

**کیرئیر، کاروبار، عزت و وقار:۔** طالع اور کیرئیر کا مشترکہ حاکم ستارہ عطارد 07 تا 24 جون عروج یافتہ، یکم تا 17 اکتوبر شرف یافتہ، 18 اکتوبر تا 26 نومبر اوج یافتہ رہتے ہوئے عزت و کاروبار میں بڑھاوا عطا کرے گا اس سال بھی چار اہم کواکب کی تبدیلی زحل، مشتری، راہو، کیتو پہلے جیسی سعادت آپ کو نہ دیں گے لہٰذا کام کاج میں اس سال آپ کو کچھ زیادہ ہی محنت کرنی پڑیگی ان سعد ایام میں کی گئی کوششیں کیرئیر اور عزت میں بڑھاوے کا باعث بنیں عطارد زہرہ مشتری سعد نظرات 5,4,3 جنوری، 19,18,17 فروری، یکم ,3,2, 29,28,27 مارچ، 14,13,12,6,5,4 مئی، 18,17,16 جون، یکم ,28,27,2 جولائی، 11,10,9 اگست، 26,25,24,5,4,3 ستمبر، 23,22,21 اکتوبر، 18,17,16,15,14,13 نومبر،

7,8,9,10,12,17,18,19 دسمبر بننے سے آپ اپنے مستقبل کے کاروباری کیریئر کو درخشاں بنانے کیلئے اہم فیصلے کرنے کی پوزیشن میں ہونگے آپ کی مثبت سوچ اور اپنے ہم عصر کاروباری دوستوں سے آگے نکلنے کیلئے جدت پسندی اپنائیں گے۔ یوں توقع کی جاسکتی ہے کہ آپکی کی گئی محنتیں ثمر آور ثابت ہوں حکام اور اہم شخصیت سے روابط اور مشاورت میں اضافہ آپ کی تخلیقی کاروباری صلاحیتوں کو بھی سراہا جائے گا اور دوسرے آپ سے مشاورت کرنا پسند کریں گے۔ عطارد زہرہ مشتری نحس نظرات 10,11,12,13 جون، 17,18 جولائی، 20,21,22,23,24 اگست، 15,16,17,18,19 ستمبر، 28,29 اکتوبر، 9,10,11 دسمبر کاروباری مخاصمت اور مخاصمت حسد نظر بد جادو ٹونے جیسے بداثرات کے اندیشے پائے جاتے ہیں زحل کے چھٹے مشتری کے آٹھویں نحس گھر میں ہونے کے سبب ان متوقع نحوستوں سے بچنے کیلئے ہر جمعرات مسجد کے جھاڑو کش یا موذن حضرات یا ہفتہ کے دن 60 سے زیادہ مرد وزن کی خدمت متوقع ناقص ایام کا بہترین صدقہ اور یوں بھی سارا سال اَسْتَغْفِرُ اللّٰہ لاتعداد یا 786 مرتبہ اوّل آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر اپنی تمام حل المشکلات کیلئے دُعائیں کرتے رہیں۔

**دوست احباب، خواهشات، کاروباری فوائد:۔** 2023ء توقعات اور خواہشات کا حاکم ستارہ آٹھویں نحس گھر راہو کے ہمراہ ہونے اور اس سال اہم ستارے زحل، مشتری، راہو، کیتو کی تبدیلی آپ کی خواہشات بھی وقتاً فوقتاً حالات وواقعات کے مطابق بدلتی رہیں گی دوستوں سے وابستہ توقعات اگرچہ پوری ہونگی لیکن آپ کی جانب سے ان کے لئے حسبِ منشا ایسا جو اہوتا ہوا دکھائی نہیں دیتا ایسا بوجہ مجبوری بھی ہوسکتا ہے مگر جب آپ کا موقعہ ملے تو احسان کا بدلہ احسان سے ضرور چکائیں۔ جائیداد کی خرید وفروخت اگرچہ نفع بخش ہوگی تاہم اس میں بھی وہ اطمینان نہ ملے گا جس کے آپ خواہاں ہونگے بیت الامید کا حاکم ستارہ قمر ہر ماہ برج ثور اور سرطان میں آکر پانچ دن اپنا بہترین ثمرہ عطا کرتا ہے جبکہ اس کے برعکس چاند کا برج عقرب اور جدی میں پانچ دن کیلئے آنا مشکلات اور آزمائش جیسے واقعات رونما ہوسکتے ہیں جنتری ہذا سے پورے سال کا داخلہ فی البروج بآسانی ملاحظہ فرما سکتے ہیں۔ اس سال کا بہترین صدقہ سفید کپڑا بطور کفن پیر کے دن سماجی مذہبی سوشل اداروں کو بطور صدقہ دیکر رسید حاصل کرنا اس سال کا بہترین صدقہ شمار کیا جاسکتا ہے صوفی ازم روحانیت مراقبہ قرآنی ذکر اذکار دُعائیں درود شریف کثرت سے پڑھنا اطمینان قلب ذہنی سکون ناگہانی آفات وبلیات سے آپ کو محفوظ اور طاقتور کرنے کا بہترین روحانی عمل ہے۔

**خفیه سرگرمیاں، سازش، ماضی کے مسائل اور اخراجات، امیگریشن:۔** 2023ء میں بھی آسمانی کونسل پر چار اہم ستارے زحل، مشتری، راہو، کیتو کی نحس گھروں میں بروجی تبدیلی اور بیت الاعداد کے حاکم ستارہ شمس کی سالانہ گردش 14 جنوری تا 15 مارچ، 18 اکتوبر تا 16 نومبر ستاروں کی کمزور پوزیشن کے سبب چڑچڑاپن، خوف واضطراب، خرابی صحت ہائی بلڈ پریشر جیسے اندیشے دوسروں سے شکوک وشبہات لڑائی جھگڑے ناراضگی جیسے واقعات پیش آنے جیسے غیر متوقع واقعات ہوسکتے ہیں محتاط رہتے ہوئے صدقہ وخیرات ضرور دیں ستارہ شمس 14 اپریل تا 15 مئی شرف یافتہ، 17 اگست تا 17 ستمبر عروج یافتہ ہونے سے بیرون ملک حصول امیگریشن اور ملک سے کسی اعلیٰ مستقبل کی تلاش آپ کو اپنے وطن سے دُور لیکر جاسکتی ہے بوقت ہجرت فلسفہ ہجرت سرکار دو عالم ﷺ کی ہجرت مکہ تا مدینہ کے وسیلے سے دُعا کریں کہ آپ کی ہجرت باعث برکت ثابت ہو۔ 24 اپریل 2023ء تا یکم مئی 2024ء ستارہ مشتری کی بارہویں گھر کو سعد نظر روحانی ارتکاز وتوجہ مراقبہ چلّہ کشی دیگر روحانی علوم وفنون میں آپ کی دلچسپیاں اس عرصہ میں یقیناً بڑھ جائیں کسی مرشد کامل یا بزرگ روحانی سے فیض بھی پائیں اپنے آپ کو باادب ثابت کر کے صاحب نصیب بن سکتے ہیں۔

**سنبلی مرد وزن پر گرهنوں کے اثرات:۔** 2023ء میں دو سورج اور دو چاند گرہن اچانک آزمائش ومشکلات کا اشارہ ہیں 28 اپریل آٹھویں سورج گرہن لگنے سے شراکتی ازدواجی اور اہم لوگوں سے مشترکہ لین دین کے امور پر شکوک وشبہات کے سبب تنازعات جنم لے سکتے ہیں 05 مئی خانہ مال میں چاند گرہن لگنا کسی بڑے کاروباری نقصان یا مالی لین دین میں فکر و پریشانی کا اشارہ ہے 14 اکتوبر سورج گرہن طالع میں لگنے سے آپ کی عزت وساکھ خرابی صحت حادثات ناگہانی مسائل و پریشانیاں اور آپ سے قریبی لوگوں کی مسائل و پریشانیوں کا سامنا کرنا پڑسکتا ہے 29 اکتوبر چاند گرہن پھر آٹھویں لگنے سے حادثات خرابی صحت اور دوسروں سے اختلاف رائے کے اندیشے دکھائی دیتے ہیں ان ایام گرہن سے 15 دن قبل تا بعد محتاط رہتے ہوئے حسبِ توفیق صدقات وخیرات ضرور دیں ان ایام میں دو نفل نماز کسوف وخسوف پڑھ کر دُعائیں کرنے سے اپنی پریشانیوں کے دُور ہونے کا یقین کیا جاسکتا ہے۔

# میزان LIBRA

زہرہ VENUS

حروف: ر ت ط

حاکم سیارہ: زہرہ
نشان: ترازو
ذاتی عقیدہ: توازن (I Balance) عنصر: ہوا (Air)
خاصہ: تغیر پذیر (منقلب)
نفسیاتی ٹائپ: خیالی اور تصوراتی
منسوبی رنگ: سفید، نیلا
اعضائے جسمانی: گردے
منسوبی پھول: بڑے گلاب
منسوب پتھر: ڈائمنڈ، وہائٹ ٹوپاز
منسوبی غذا: دلیہ، بیشتر پھل
منسوب درخت: سفیدہ اور دیودار
مثبت اور مذکر برج
بائیو کیمک سالٹ: نیٹرم فاس

بحساب یونانی
23 SEPT - 22 OCT



16 OCT - 16 NOV
بحساب ویدک

**آپ کی شخصیت:۔** 2023ء آپ کا حاکم ستارہ زہرہ ہمہ وقت آپ کو خوشی اور شادمانی کے حصول کی طرف راغب رکھتا ہے اور آپ خود بھی ہمیشہ خوش رہنے اور دوسروں کو خوشیاں بانٹنے کا جذبہ رکھتے ہیں قدرت نے یہ سبھی سعادت آپ کے ستارہ زہرہ میں پنہاں رکھی ہے 2023ء چار اہم کواکب زحل، مشتری، راہو، کیتو کی تبدیلی ملے جلے حالات و واقعات کی نشاندہی کرتے ہیں نتیجۃً 2023ء میں محتاط رہتے ہوئے اپنے حاسدین ومخالفین کے شر نظر بد سے بچتے ہوئے اپنے حالات و واقعات کو بہتر بنا سکتے ہیں۔ روزانہ کا آسان اور مجرب صدقہ 2 انڈے سر سے سات مرتبہ اُلٹے وار کر گھر کی چھت یا پارک میں جانوروں کے کھانے کیلئے بطور صدقہ معمول بنالیں جب تک آپ کا یہ صدقہ جاری رہے گا آپ ہر قسم کی آفات و بلیات نظر بد سے محفوظ رہ سکتے ہیں ستارہ زہرہ 15 فروری تا 12 مارچ شرف یافتہ، 06 اپریل تا 07 مئی، 30 نومبر تا 25 دسمبر عروج یافتہ جبکہ 02 تا 30 مئی اوج یافتہ رہتے ہوئے آپ کی ذاتی حیثیت اور شخصیت میں اضافہ کرے اس دوران سیاسی سماجی مذہبی تقریبات میں شرکت سے عزت وتوقیر میں اضافہ بزرگوں یا روحانی لوگوں سے دُعائیں لینا بھی ذہنی سکون اور اطمینان قلب کا باعث بنے اس دوران آپ دوسروں سے پیدا ہونے والے اختلافات اور مسائل بآسانی حل کرنے کی پوزیشن میں ہونگے۔

**معاشیات، مالی ذرائع آمدن:۔** 2023ء خانہ مال کا حاکم ستارہ مریخ یکم تا 13 مارچ وبال یافتہ ہونے سے مالی مسائل و پریشانیاں پیش آنے کے خدشات اس دوران ماضی کی غلطیوں کو دھرائیں مت ورنہ قریبی لوگوں سے مالی معاملات پر شدید نوعیت کے مسائل و پریشانیاں پیش آسکتی ہیں اپنی صحت کی بحالی کیلئے اپنے معالج سے ادویہ واغذیہ تجویز کرائیں ستارہ مریخ 10 مئی تا 30 جون ہبوط یافتہ ہونے سے ان مسائل اور پریشانیوں میں مزید شدت لاسکتا ہے جبکہ ستارہ مریخ یکم جولائی تا 18 اگست اوج یافتہ اور خانہ مال کا حاکم ستارہ مریخ 16 نومبر تا 27 دسمبر عروج یافتہ آمدن میں اضافے کے ساتھ ساتھ اخراجات بھی بلند رہیں گے مالی شراکتی تنازعات مسائل اور پریشانیاں بھی حل کی جاسکیں گی تاہم اپنا قیمتی سامان کھلا نہ چھوڑیں کہ وہ آسانی سے چرایا جاسکے۔ حساس نوعیت کے مالی معاشی معاملات سال کی ان مزید نحس تواریخ میں قابل توجہ ہونگے۔ مریخ زحل مقابلہ 19 تا 23 جولائی، مریخ زحل تربیع 27,26,25,24 نومبر ہونے سے مالی مایوسی جذباتی پن غم وغصہ پر دانشمندی سے قابو پانے کی ضرورت کے ساتھ ساتھ حسبِ توفیق صدقات وخیرات دیتے رہیں مریخ زہرہ زحل سعد نظرات 24,23,22,10,9 جنوری، 31,30,29,28,19,18,17,13,12,11,10 مارچ، 2 اپریل، 14,13,12 مئی، 14,13,12 اکتوبر، 7,6,5 دسمبر بننے سے مالی رکاوٹیں دُور ہو کر مالی استحکام اور بہتری کوشش فرمانے سے یقیناً نصیب ہوسکیں گی نئے کاروباری وسائل اور معاہدے آپ اور آپکی فیملی کیلئے مالی فوائد کا باعث بنیں مریخ زہرہ زحل نحس نظرات 6,5,4 فروری، 15,14,13 اپریل، 5 جون، 21,20,19 جولائی، 11 اکتوبر، 27,26,25,24 نومبر، 31 دسمبر بننے سے ان ایام میں معاہدے تحریر کرتے وقت مالی لین دین میں احتیاط سے کام لیں۔

**عزیز واقارب واندرونِ ملک سفر:۔** بیت الاقرباء اور بیت المرض کا مشترکہ حاکم ستارہ مشتری یکم جنوری تا 22 اپریل عروج یافتہ چھٹے گھر میں رہتے ہوئے عزیز واقارب، بہن بھائیوں پڑوسیوں کی خدمات کے علاوہ سماجی سیاسی مذہبی خدمات سے آپ کی عزت وتوقیر اور مقبولیت میں اضافہ بیمار عزیز واقارب کی عیادت کرنے کی جانب آپ کی خصوصی توجہ رہے 2023ء صلہ رحمی اور صدقہ جاریہ کے کام آپ کے ہاتھوں انجام پائیں اور اندرونِ ملک کچھ ناپسندیدہ اُجلت میں سفر پیش آئیں ستارہ مشتری 22 اپریل تا یکم مئی 2024ء 12 سال کے بعد شمسی زائچے کے ساتویں آنے سے آپ کی خدمات دوسروں کیلئے قابل رشک اور مثال کے طور پر پیش کی جاسکتی ہیں عبدالستار ایدھیؒ جیسے لوگوں کو خدا چُن لیتا ہے اور وہ پکے خدا کی خدمت بطور عبادت سمجھ کر کرنے

لگتے ہیں کیا آپ بھی اس لسٹ میں شامل ہو چکے ہیں؟ مشتری زہرہ سعد نظرات **5,4,3** جنوری، یکم **3,2,** مارچ، (قران سعدین مشتری وزہرہ) **6,5,4** مئی، **23,22,21** اکتوبر بننے سے یہ سبھی ایام بہن بھائیوں عزیز واقارب سے خوشگوار تعلقات قائم کرنے کیلئے مفید ہیں اس دوران بہن بھائیوں کے ساتھ وقت گذارنا اور سفر کرنا وسیلہ ظفر ثابت ہوگا۔ مشتری زہرہ نحس نظرات **13,12,11,10** جون، **24,23,22,21,20** اگست، **19,18,17,16,15** ستمبر، **11,10,9** دسمبر بننے سے غیر ضروری سفر اور اپنے حاسدین کے مابین جانے سے اعتراض کریں یہ سبھی ایام نہایت احتیاط طلب اور قریبی لوگوں سے حد ادب میں رہ کر بات چیت کرنے کا زمانہ دکھائی دیتا ہے۔

**خاندان، جائیداد، سواری اور زراعت:**۔ بیت الارض کا حاکم ستارہ زحل اپنے تیس سال بعد اپنے اڑھائی سالہ سفر کا اختتام کرتے ہوئے **17** جنوری **2023**ء تا **29** اپریل **2025**ء شمسی زائچے کے پانچویں راج یوگ کے بعد اعلیٰ مول ترکون کی قوت حاصل کرتے ہوئے خاندانی اور خانگی رونقیں بچوں کے بچوں کے باعث یا کسی اور اہم خاندانی روحانی خوشی کی تقریبات کے سبب وقفہ وقفہ سے سارا سال جاری رہیں اہل خاندان کے افراد بشمولات ایک دوسرے کی مالی اخلاقی تعلیمی مدد کرنا پسند کریں خاندان کو متحد رکھنے کیلئے **2023**ء ایک نہایت اہم سال دکھائی دیتا ہے نظم وضبط اور صبر وتحمل سے اہل خاندان کے ناراض لوگوں کے مابین صلح وصفائی کے نیک کام آپ یا آپ کے بہن بھائیوں کے ہاتھوں انجام پائیں۔ زحل زہرہ سعد نظرات **24,23,22** جنوری، **19,18,17** مارچ، **14,13,12** مئی، **7,6,5** دسمبر بننے سے زمین جائیداد پراپرٹی زراعت سے متعلقہ امور حسب منشا طے پائیں صبر وتحمل نظم وضبط سے آپ گزشتہ پیدا شدہ مشکلات کو بہ آسانی دُور کرنے کی پوزیشن میں ہونگے اور ایسا کر لینا ہی اس وقت کا بہترین تقاضا ہے۔ زحل زہرہ نحس نظرات **15,14,13** اپریل، **5** جون، **11** اکتوبر، **31** دسمبر بننے سے خاندان کے بعض حاسد افراد جن کی نظر بد اور جادو ٹونہ جیسے خدشات آپ محسوس کریں تو ان سے دُوری اختیار کرنا ہی عافیت کا باعث بنے۔ گیارہ مرتبہ الصبح یا نماز مغربین کے بعد آیۃ الکرسی اوّل آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر اپنی سبھی مسائل و پریشانیوں کیلئے اپنے اور اپنے پیاروں کیلئے دُعائیں کرنا باعث برکت پائیں ان ایام میں چاول کا ٹوٹہ باجرہ ملا کر پرندوں کی دعوت کرنا باعث برکت ثابت ہوگا۔

**اولاد، انعامات و محبت:**۔ بیت الاولاد اور بیت الارض کا مشترکہ حاکم ستارہ زحل تیس سال کے بعد **17** جنوری **2023**ء تا **29** اپریل **2025**ء پانچویں اپنے فعلی سعد گھر میں مول ترکون کی اعلیٰ قوت عطا کرے آپ کی ذہنی اور تخلیقی اور شعوری صلاحیتوں میں اضافہ ہو اس گھر کا تعلق اولاد انعام محبت اور خصوصاً انعامی مقابلوں میں حصہ لینے سے جلد امیر ہو جانے سے بھی ہے زحل کے یہاں اڑھائی سالہ قیام انٹرنیشنل لاٹریز پرائز بانڈ میں آپ کی دلچسپیاں اچانک بڑھ جائیں جو میزانی افراد اسم اعظم یَا عَلِیْمُ یَا خَبِیْرُ **962** مرتبہ بعد از نماز عشاء باوضو استخارے کی نیت سے سونے سے خواب میں لکی نمبر کی آمد کا سلسلہ شروع ہو سکتا ہے اپنے خوابوں کی یاداشت کیلئے کاغذ قلم سرہانے رکھ کر سوئیں۔ **2023**ء میں آپ اپنی ذہنی صلاحیتوں کے ایک نئے ارتقائی دور سے گزر رہے ہیں اپنی خود اعتمادی شعور وادراک کا استعمال آپ کو شعور سے لاشعوری عالم میں لیجا کر آپ کے شعور وادراک میں اضافے کا باعث بنے۔ زحل کا یہاں قیام بچوں کی تعلیم و تربیت کی طرف متوجہ کرائے گا غیر سنجیدہ جذباتی تعلقات بدقسمتی اور رسوائی کا باعث بن سکتے ہیں مسائل سے بچنے شکوک وشبہات یا غلط مشوروں سے بچنے کیلئے باوضو رہنا اور فراغت اوقات میں درود شریف کا ورد کرنا آپ کو ممکنہ مسائل اور پریشانیوں سے نجات دلا سکے گا ستارہ زحل کا اڑھائی سالہ قیام آپ کی شخصیت کی سحر انگیزی سماجی وسیاسی حیثیت میں اضافہ دوسروں سے خوشگوار مراسم پر مبنی تعلقات قائم ہوں مزید نئے احباب سے دانشور علماء کرام اور ان کے ہم عصر افراد سے خوشگوار مراسم قائم ہوں پرائز بانڈ اور انٹرنیشنل لاٹریوں میں آپ کی دلچسپی بڑھے اسٹاک شیئرز اور انعامی مقابلوں میں حصہ لینے سے غیر متوقع فوائد صاحب اولاد میزانی افراد کو اپنے بچوں کی تعلیم اور شادی بیاہ کی خوشیاں نصیب ہوں ایسا خوشگوار وقت عرصہ دراز کے بعد آیا ہے **2023**ء کی ممکنہ خوشیوں کو سمیٹنے کیلئے قبل از وقت پلاننگ کی گئی تو یہ سال آپ کی زندگی کا تخلیقی انقلابی اور انعام اور محبت کی دولت سے مالا مال سال ثابت ہو سکتا ہے ستارہ زحل **17** جون تا **04** نومبر رجعت (اُلٹا) میں ہونے کے سبب یہ وقت قدرے صاحب اولاد افراد کو اپنے بچوں کے روز وشب اور تعلیمی سرگرمیوں پر توجہ و نظر ثانی کی ضرورت کو نظر انداز نہ کریں انہی ایام میں معاملات اُلفت و محبت میں شکوک وشبہات سے بھی بچیں ایسے میزانی افراد جو پرائز بانڈ اور انٹرنیشنل لاٹریوں میں دلچسپی رکھتے ہیں اپنی قسمت آزمائی کیلئے **31,30,29,24,23,22,10,9** جنوری، **30,29,28,19,18,17,13,12,11,10** مارچ، **26,25,24,2** اپریل، **25,24,23,22,21,20,19,14,13,12** مئی، **30,29,28** جون، **25,24,23,15,14,13,12** اکتوبر، **26,25,24,23,7,6,5**

دسمبر حصہ لیں تو کوئی بعید از قیاس نہیں کہ آپ کا کوئی بڑا انعام نکل آئے حصول انعامات میں مزید راہنمائی کیلئے ادارہ کی ہر سال شائع ہونے والی کتاب ''**انعام لکی نمبرز آئینہ قسمت**'' کا مطالعہ بھی آپ کو انعام کے قریب لے جائے گا۔ حصول انعام کیلئے اپنے نام کا اسم اعظم پڑھنا بھی نیک ہے ادارہ ہذا سے اپنا اسم اعظم مفت پوچھ سکتے ہیں۔

**صحت و امراض، ملازمتی کیرئیر:۔ 2023**ء بیت المرض کا حاکم ستارہ مشتری یکم جنوری تا **22** اپریل چھٹے اپنے ہی گھر میں عروج یافتہ اور پھر برج تبدیل کرتے ہوئے **22** اپریل **2023**ء تا یکم مئی **2024**ء ساتویں گھر میں چلا جائے گا صحت و حفظان صحت کے اصولوں کا شوق بیدار رہے گا **2023**ء مسیحا قسم کے ڈاکٹر حکیم نباض ھوالشافی روحانی شخصیات سے فیضیابی قرآن پاک سے شفا کی آیات جاننے اور دوسروں کی خدمت کرنے کا جوش و جذبہ رہے گا روحانی عبادت و ریاضت روح کی تقویت اور تازگی کا باعث بنے ملازمتی فرائض کی ذمہ دارانہ انجام دہی سے ترقی کا عنصر غالب رہے گا آپ کو افسران بالا اور حکام کی نظر میں مقبول بنائے مشتری زہرہ سعد نظرات **5,4,3** جنوری، یکم **3,2,** مارچ، **6,5,4** مئی، **23,22,21** اکتوبر بننے سے گزشتہ پیدا شدہ صحت و دیگر مشکلات سے نجات ملے گی اور آپ اپنے اندر صحت و توانا شخصیت محسوس کریں گے۔ مشتری زہرہ نحس نظرات **13,12,11,10** جون، **24,23,22,21,20** اگست، **19,18,17,16,15** ستمبر، **11,10,9** دسمبر بننے سے کیا ہی اچھا ہو کہ آپ اپنا مکمل میڈیکل چیک اپ کروا لیں یقیناً اس چیک اپ کے نتیجے میں پوشیدہ امراض سے شفایابی کی قوت بڑھے گی سنت رسولؐ ہے ستر (**70**) مرتبہ سورۃ الفاتحہ اوّل آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر دم شدہ شفایاب پانی خود پینے کے ساتھ ساتھ اپنی فیملی کو بھی بلاناغہ پلاتے رہیں۔

**تعلقات، شراکتی و ازدواجی مراسم، شادی:۔ 2023**ء بیت الزوج کا حاکم ستارہ مریخ ابتدائے سال میں یکم جنوری تا **13** فروری وبال یافتہ، **10** مئی تا **30** جون ہبوط یافتہ رہتے ہوئے شادی منگنی کے معاملات میں تاخیر لانے کا باعث بن سکتا ہے اِدھر راہو بھی **29** نومبر تک ساتویں ہونے سے شراکتی خانگی ازدواجی ناپسندیدہ واقعات لڑائی جھگڑے علیحدگی تک کے خدشات غیر متوقع طور سے دکھائی دیتے ہیں غیر اہم شخصیات کو اپنے حساس نوعیت کے معاملات میں شریک نہ کریں ستارہ مشتری **12** سال کے بعد **24** اپریل تا یکم مئی **2024**ء آنے سے بہت ساری حساس نوعیت کی مشکلات کو دُور کرانے کا باعث بنے خصوصاً رشتے ناطوں کے معاملات ایک بار پھر استوار ہو کر خوشی کا باعث بنیں۔ شادی اور شراکت جیسے سبھی امور ان مہینوں میں خوشی اور شادمانی لانے کا باعث بنیں ٹوٹے ہوئے رشتے پھر سے بحال ہونے لگیں ناراض زوجین کے مابین صلح و صفائی ہر دو خاندان کیلئے باعث مسرت ثابت ہو۔ ستارہ مریخ زہرہ مشتری سعد نظرات **10,9,5,4,3** جنوری، یکم **3,2,** مارچ، (قران سعدین زہرہ مشتری) **13,12,11,10** مارچ، **6,5,4** مئی، **31** جولائی، **3,2** اگست، **23,22,21** اکتوبر بننے سے سماجی سیاسی شراکتی ازدواجی تعلقات میں سخاوت خوبصورتی اور ایک دوسرے کے احترام کی تجدید وفا مخلصانہ انداز سے کی جائے گی۔

**وراثت، انشورنس، کلیم:۔** بیت الخوف (وراثت) کا حاکم ستارہ زہرہ ابتدائے سال میں زمین جائیداد کے مالک زحل کے ہمراہ ہونے سے **2023**ء کا سال اس لحاظ سے اہم دکھائی دیتا ہے کہ وراثتی اور شراکتی امور میں بہتری آئے ستارہ زہرہ **15** فروری تا **12** مارچ شرف یافتہ، **06** اپریل تا **30** مئی، **30** نومبر تا **25** دسمبر عروج اور اوج کے گھروں میں رہتے ہوئے شراکتی لین دین انشورنس کے متعلقہ امور خصوصاً وراثت کے معاملات حل ہو سکیں گے اس سال چار اہم ستارے زحل، مشتری، راہو، کیتو کی تبدیلی ان تصفیہ طلب معاملات کے حل ہونے کیلئے وقفہ وقفہ سے سازگار ماحول بنتا رہیگا۔ قانونی امور کے علاوہ پنچائتی طریقے سے بھی اپنے معاملات کو بآسانی حل کیا جا سکے گا حصول وراثت کیلئے اس سال کا بہترین صدقہ مستحق بچیوں کی شادی میں تعاون کرنا ہے۔

**مستقبل کی منصوبہ بندی، بیرون ملک سفر، قانونی مشاورت و اعلیٰ تعلیم:۔** بیت السفر اور بیت الاعدا کا مشترکہ حاکم ستارہ عطارد یکم تا **19** اکتوبر شرف یافتہ جبکہ **24** جون تا **08** جولائی عروج یافتہ، **19** اکتوبر تا **22** نومبر اوج یافتہ رہیگا آسمانی کونسل پر زحل، مشتری، راہو، کیتو کی یکے بعد دیگرے تبدیلیاں آپکو اپنے مستقبل کو درخشاں بنانے کی طرف متوجہ کرائیں گی آپکے ذاتی حاکم عطارد کی سعادت کے ساتھ ساتھ سعد اکبر ستارہ مشتری اور زحل بھی تیس سال کے بعد اپنے ذاتی برج دلو میں ہونے سے مستقبل کی بہتری اور منصوبہ بندی بیرون ملک کسی اعلیٰ مقاصد کیلئے کئے گئے سفر نہایت مفید ثابت ہونگے حج و زیارات اور عمرہ پر جانے کے خواہاں میزانی افراد کی آرزو بر آئے گی نہ صرف یہ بلکہ اعلیٰ تعلیم کی غرض سیر و سیاحت

مطالعیاتی سفر بھی پیش آئیں گے 2023ء میں میزانی افراد کیلئے یہ سال سفر وسیلہ ظفر ثابت ہوگا ذرا سی کوشش فرمانے سے مذہبی قانونی ماحول اور دلچسپیاں آپکے حسبِ حال آسانیاں لے کر آئیں گی۔ ستارہ عطارد کی رجعت (اُلٹا) یکم تا 18 جنوری، 21 اپریل تا 15 مئی، 24 اگست تا 16 ستمبر اور 23 نومبر تا 02 جنوری 2024ء ہونے سے اہم کاموں میں سُست روی تاہم خیر و برکت جاری رہیگی۔ سفر سے قبل اس دوران سبز اشیاء کا صدقہ دینا نہایت مفید رہیگا۔

**کیرئیر، کاروبار، عزت ووقار:**۔ بیت العزت اور کیرئیر کا حاکم ستارہ قمر ابتدائے سال میں منزل شرطین (اشونی نچھتر) پر ہونے سے 2023ء کا کاروباری اور پیشہ ورانہ آغاز آپ ایک نئے جوش و جذبے سے شروع کریں چار اہم کواکب زحل، مشتری، کی زائچے میں سعد پوزیشن ہونے کے سبب کاروباری پیشہ ورانہ معاملات میں جدت پسندی اور دوسروں سے آگے بڑھنے کا جوش و جذبہ یوں تو تمام سال جاری رہیگا تاہم راہو، کیتو کی طالع ساتویں 29 نومبر تک نشست آپ کی بڑھتی ہوئی کاروباری ساکھ کو دیکھتے ہوئے کچھ حاسدین آپ کو نقصان پہنچانے کی اپنے بدارادے کے تحت سازشیں کر سکتے ہیں تاہم ایسے ناعاقبت اندیش لوگ اپنے بدارادوں میں کامیاب نہ ہوسکیں گے مخلصین اور بزرگوں کی مشاورت سے آپ اپنی کاروباری اُلجھنوں کا حل بآسانی تلاش کرسکیں گے کاروباری مقاصد کیلئے اگرچہ قرض آسانی سے مل سکے گا لیکن غیر ضروری قرضہ لینے سے اعتراض کرنا ہی بہتر ہے۔ زحل مریخ سعد نظرات 28 مارچ تا 02 اپریل، 15,14,13,12 اکتوبر نظم و ضبط اور بہتر صلاحیتوں کی بدولت آپ اپنے خصوصی کاروباری معاہدے کرنے میں کامیاب ہوسکیں گے زحل مریخ نحس نظرات 21,20,19 جولائی، 27,26,25,24 نومبر بننے سے آپ کو کاروباری حاسدین کی مخالفت و مخاصمت اور مزاحمت کا سامنا رہیگا اپنے مسائل کو حل کرنے کی مشاورت کے ساتھ ساتھ خصوصی توجہ دیں۔ 2023ء کے گرہن 28 اپریل سورج گرہن، 05 مئی چاند گرہن، 29 اکتوبر چاند گرہن اچانک کاروباری پریشانیاں لا سکتے ہیں محتاط رہتے ہوئے صدقہ و خیرات دیتے رہیں۔ ان ایام سے 15 دن قبل تا بعد حسبِ توفیق صدقات و خیرات کے ساتھ ساتھ محتاط رہیں۔

**دوست احباب، خواہشات، کاروباری فوائد:**۔ بیت الامید کا حاکم ستارہ شمس 14 اپریل تا 14 مئی شرف یافتہ، 15 جون تا 16 اگست اوج یافتہ، 17 اگست تا 17 ستمبر عروج یافتہ ہونے سے حلقہ احباب میں وسعت آپ کی بعض دیرینہ خواہشات کی تکمیل دو اہم ستارے زحل مشتری کی اس سال اہم تبدیلی کے سبب دکھائی دیتے ہیں اس کے علاوہ راہو کیتو طالع ساتویں کچھ رکاوٹیں بھی ڈالیں جو بتدریج دیگر ستاروں کی مضبوط پوزیشن ہونے کے سبب دُور ہوسکیں گی شمس مشتری مریخ سعد نظرات 31,30,29,26,25,24 جنوری، 25,22,19 مئی، 30 جون، یکم 31,2 جولائی، 3,2 اگست، 9,8,7 ستمبر، 28,27,26 دسمبر بننے سے ذہنی اور تخلیقی صلاحیتوں میں اضافے سے اجتماعی طور پر آپ اپنے سے زیادہ دوسروں کیلئے فلاحی کام کرنا پسند کریں جن سے آپ کی اخلاقی مذہبی سماجی عزت و توقیر دوسروں کی نظر میں اضافہ ہو اور دوسروں کا اعتماد حاصل کرنے میں آپ کامیاب ہوسکیں گے۔

**خفیہ سرگرمیاں، سازشیں، ماضی کے مسائل اور اخراجات، امیگریشن:**۔ بیت الاعداء خفیہ دشمنوں کا حاکم ستارہ عطارد بارہویں گھر میں یکم تا 19 اکتوبر شرف یافتہ رہتے ہوئے بیرون ملک حصول امیگریشن کیلئے کی گئی کوششیں بآور ثابت ہوں اس کے علاوہ 24 جون تا 08 جولائی، 19 اکتوبر تا 22 نومبر ستارہ عطارد عروج و اوج یافتہ رہتے ہوئے حفظانِ صحت کے اصول مراقبہ یا چلّہ کشی کیلئے بھی موزوں وقت ہوگا ستارہ عطارد رجعت (اُلٹا) یکم تا 18 جنوری، 21 اپریل تا 15 مئی، 24 اگست تا 16 ستمبر اور 13 نومبر تا 02 جنوری 2024ء ہونے کے سبب اپنے حاسدین و مخالفین سے محتاط رہیں ان ایام میں بڑھتے ہوئے اخراجات پر بھی قابو پایا جاسکے گا۔

**میزانی مرد وزن پر گرھنوں کے اثرات:**۔ 2023ء میں دو سورج اور دو چاند گرہن لگیں گے پہلا سورج گرہن 28 اپریل کاروباری شراکتی امور خصوصاً شریکِ حیات سے اختلاف رائے کا اندیشہ 05 مئی طالع میں چاند گرہن خرابی صحت اور آپ کے خلاف کوئی سازش متوقع ہو سکتی ہے ٹریفک میں جلد بازی سے کام نہ لیں 14 اکتوبر بارہویں سورج گرہن آپ کے حاسدین و مخالفین آشکار ہوں 29 اکتوبر چاند گرہن ساتویں لگنے سے ایک مرتبہ پھر دوسروں سے اختلاف رائے شکوک و شبہات بے چینی پیدا ہونے کے خدشات دکھائی دیتے ہیں 15 دن قبل تا بعد محتاط رہتے ہوئے صدقہ و خیرات دیں اور دو نفل نماز کسوف و خسوف ادا کر کے اپنی نحوستیں اور پریشانیاں دُور ہونے کا یقین کیا جاسکتا ہے۔

# عقرب

پلوٹو

PLUTO

SCORPIO

حروف: ن ی

حاکم سیارہ: پلوٹو | ذاتی عقیدہ: تخلیق (I Create)
نشان: بچھو، عقاب اور ققنس | عنصر: پانی (Water)
خاصہ: غیر تغیر پذیر (ثابت) | نفسیاتی ٹائپ: احساس
منسوب رنگ: گہرا سرخ | اعضائے جسمانی: تناسلی اعضا
منسوب پتھر: تیز سرخ یاقوت | منسوب درخت: خاردار قسم کے
منسوب پھول: سرخ پھول | منسوب غذا: تیز خوشبو والی
خنثی اور مؤنث برج | بائیو کیمک سالٹ: کلکیر یا سلف

بحساب یونانی

23 OCT - 22 NOV



17 NOV - 15 DEC

بحساب ویدک

**آپ کی شخصیت:**۔ 2023ء طالع کا حاکم ستارہ مریخ یکم جنوری تا 13 مارچ ساتویں ہونے سے عجیب وغریب ناخوشگوار حالات وواقعات شراکتی ازدواجی دوسروں سے تعلقات متاثر ہونے کے خدشات اور ایسا ایک احتیاط طلب دور 10 مئی تا یکم جولائی ستارہ مریخ کے نصیب کے گھر آنے سے ہوسکتا ہے ان ایام میں احتیاط کی گئی تو مجموعی طور پر باقی سبھی ایام آپ کیلئے درجہ بدرجہ خوش بختیاں لانے کا سبب بنیں دوا ہم کواکب مشتری کی سعد نظر 22 اپریل جبکہ زحل کی سعد نظر 17 جنوری تا آخر سال تک آپ کے شمسی طالع پر رہنے سے آپ کے نظریات وخیالات شعور وادراک میں اضافہ حالات کے مطابق اپنے مثبت نظریات بدل لینے کی صلاحیت آپ میں بڑھے گی آپ کا تعلق زندگی کے کسی بھی شعبہ سے کیوں نہ ہو آپ خوشگوار تبدیلیاں محسوس کئے بغیر نہ رہ سکیں گے خوش بختی اور نعمتوں کے حصول پر سجدہ شکر بجالاتے رہیں نیکی کے صلے میں دوسروں کی حوصلہ افزائی نیکی کا بہترین بدل مریخ مشتری شمس سعد نظرات 31,30,29 جنوری، 31,30,29,28 مارچ، 26,25,24,2 اپریل، 25,24,23,22,21,20,19 مئی، 30,29,28 جون، 25,24,23,15,14,13,12 اکتوبر، 26,25,24,23 دسمبر بنے سے آپ اپنے ذاتی اور اجتماعی زندگی کے اہم فیصلے مخلصین اور بزرگوں کی مشاورت سے بہ آسانی کر پائیں آپ کے اندر ہمت حوصلہ دلیری اور دلاوری آگے بڑھنے کی خداداد صلاحیتوں میں اضافہ ہوگا۔ مریخ مشتری شمس نحس نظرات 18,17,16,15 فروری، 18,17,16,15 مارچ 29,28,27 مئی، 21,20,19 جولائی، 28,27,26 اگست، 15 تا 27 نومبر نہایت احتیاط طلب تواریخ دکھائی دیتی ہیں ان ایام میں اپنے جذباتی پن غم وغصہ پر قابو رکھتے ہوئے حسب توفیق صدقہ وخیرات بھی دیتے رہیں۔

**معاشیات، مالی ذرائع آمدن:**۔ بیت المال کا حاکم ستارہ مشتری 12 سال کے بعد یکم تا 22 اپریل طالع پانچویں، نویں، گیارہویں شمسی زائچے کے سعد گھروں کو ناظر ہونے سے ذرائع آمدن مال واسباب میں اضافہ انعامی فوائد نصیب یاوری مستقل آمدن کے ذرائع باعث اطمینان اور مسرت کا باعث بنیں آپ اپنے اور اپنے بچوں کے مستقبل کو درخشاں بنانے کیلئے جو بھی کوششیں کریں اس میں خوش بختی پائیں مریخ مشتری سعد نظرات 31 جولائی تا 03 اگست خاندان اور ذرائع آمدن میں غیر متوقع اضافہ جبکہ مریخ مشتری نحس نظرات 26,25,24,23,22,21,20 مئی، 30,29,28,27 اکتوبر بنے سے ان ایام میں بڑا کاروباری معاہدہ لین دین اور غیر ضروری قرض سے بھی سے متعلقہ امور میں محتاط رہیں۔

**عزیز واقارب واندرونِ ملک سفر:**۔ بیت الاقرباء اور بیت الارض کا مشترکہ حاکم ستارہ زحل یکم تا 16 جنوری تیسرے اپنے ثانوی گھر اور پھر 17 جنوری 2023ء تا 29 اپریل 2025ء زحل کا طاقتور سعد پوزیشن میں چوتھے آکر طالع چوتھے، چھٹے اور دسویں گھروں کے سعد منسوبات کو اُبھارے گا آپ کا تعلق زندگی کے کسی بھی شعبہ سے کیوں نہ ہو آپ ان خوشگوار تبدیلیوں کو محسوس کئے بغیر نہ رہ سکیں گے بعض لوگوں اور خاندانوں کے نصیب بدل جائیں گے شاہ گدا اور گدا شاہ بن سکتے ہیں قدرت کی یہ حکمت عملی عروج وزوال کی داستان ہم سب کو ایک زبردست نتیجہ سے آگاہ کرتی ہے ہر شے کا مالک ہمارا مالک اور خالق اور یہ زندگی عارضی اور 2023ء اپنی زندگی کو سنوارنے خوبصورت بنانے اور توشہ آخرت کیلئے آپ کے ہاتھوں بہت سارے صدقہ جاریہ کے کام منتظر ہیں نیک عمل کی جلد بجا آوری دینی روحانی امور میں شائستگی مذہبی روحانی اطمینان اور سکھ کا باعث بنے۔ شمسی زائچے کے 18 سال بعد راہو کیتو کا چھٹے بارہویں آنا نظر بد جادو ٹونے کا بھی اشارہ ہے آیۃ الکرسی کے مسلسل ورد سے ان نحوستوں سے تحفظ پایا جاسکتا ہے۔ 2023ء میں ملنے والی خوش بختیاں آپ اپنے عزیز واقارب بہن بھائیوں پڑوسیوں اور اپنے پیاروں سے بھی شیئر کریں گے آپ کا جذبہ صلہ رحمی آپ کی عزت وتوقیر میں مزید اضافے کا باعث بنے زمین جائیداد پراپرٹی سواری زراعت باغبانی کے امور میں بھی حسب منشا خوشیاں ملیں زحل مریخ سعد نظرات 28 مارچ تا 02 اپریل،

**15,14,13,12** اکتوبر نظم وضبط صبر وتحمل عملی معاملات میں پیشرفت آپ کی کوششوں کی طالب ہوگی مستقل مزاجی صبر وتحمل فرمانے سے آپ ذاتی اور اجتماعی فوائد یقینی طور پر پالیں گے زحل مریخ نحس نظرات **21,20,19** جولائی، **27,26,25,24** نومبر مایوسی جذباتی پن غم وغصہ اور کسی حیرت میں پڑنے کے بجائے صدقہ وخیرات اور رجوع الٰہی کرنے سے یہ خراب دُور بھی تسلی بخش انداز سے گذر جائے گا۔

**خاندان، جائیداد، سواری اور زراعت:۔** **2023**ء وتد الارض اور بیت الاقرباء کا مشترکہ حاکم ستارہ زحل **27** سال بعد اپنے فعلی ذاتی گھر آ کر راج یوگ خوش بختی کا یوگ بنائے گا یہاں رہتے ہوئے طالع چوتھے، چھٹے، دسویں گھر کو تمام سال سعد ناظر رہے گا اِدھر ستارہ مشتری کی سعادت بھی **22** اپریل تک ملنے سے خاندان اور خانگی معاملات کی خوشیوں میں اضافہ وسعت تو خاندان اور اندرون خانہ تمام سال مہمانوں کی آمد اور رونق کا سلسلہ جاری رہیگا آپ مہمانوں کی بھرپور مہمان نوازی تواضع کرنے کیلئے تیار رہیں جن کی والدہ حیات ہیں تو ان کی خدمت سے ان کی دُعائیں آپ کے حق میں مستجاب ہوسکیں گی بہت سارے عقربی فیملیز کا رہن سہن بدل جائے گا آپ ایک جگہ سے دوسری جگہ ایک ملک سے دوسرے ملک یا بیرون ملک سے وطن عزیز واپس آنے میں سنجیدہ ہونگے ایسے عقربی جو اہل خاندان کو ساتھ لیکر چلیں اور سخاوت کریں ان کے مال واسباب میں قدرت کئی گنا اضافہ کرے راہو کیتو کی خراب نشست سے نظر بد جادوٹونے سے بھی آپ محفوظ رہ سکیں۔ آپ کی عزت وتوقیر میں اندرون وبیرون ملک اضافہ ہوگا کچھ حاسد نما قسم کے رشتہ دار آپ کی دل شکنی اُداسی اور آپ کو پریشان کرنے کیلئے سازشیں کر سکتے ہیں ان آزمائشوں پریشانیوں سے بچنے کیلئے اپنے گھر آفس فیکٹری کی چھت پر پرندوں کو ان کا پسندیدہ دانہ اور پانی سارا سال پیش کرتے رہیں اس حُسن عمل سے آپ کے کھیت کھلیان گھر بار آفس اور سواری کا سکھ قائم وبحال رہیگا مزید چاہیں تو الصبح نماز فجر کے بعد **27** مرتبہ سورۃ الکوثر پڑھ کر دُعائیں کرنا معمول بنالیں۔ زحل مریخ سعد نظرات **28** مارچ تا **02** اپریل، **15,14,13,12** اکتوبر نظم وضبط صبر وتحمل عملی معاملات میں پیشرفت آپ کی کوششوں کی طالب ہوگی مستقل مزاجی صبر وتحمل فرمانے سے آپ ذاتی اور اجتماعی فوائد یقینی طور پر پالیں گے زحل مریخ نحس نظرات **21,20,19** جولائی، **27,26,25,24** نومبر مایوسی جذباتی پن غم وغصہ اور کسی حیرت میں پڑنے کے بجائے صدقہ وخیرات اور رجوع الٰہی کرنے سے یہ خراب دُور بھی تسلی بخش انداز سے گذر جائے گا ستارہ زحل **17** جون تا **04** نومبر رجعت (اُلٹا) میں ہونے کے سبب خوش بختی کے معاملات قدرے سُست رفتاری اختیار کریں ایسے میں متفکر ہونے کی بجائے صدقہ وخیرات سے اپنے گھر بار اور فیملی کے سکھ کیلئے صدقہ وخیرات کر کے نعمتوں کے حصول کا یقین کر سکتے ہیں ان ایام میں چلتے پھرتے کثرت سے اَستَغفِرُاللّٰہ کا ورد کرتے رہیں۔

**اولاد، انعامات ومحبت:۔** **2023**ء بیت الاولاد کا حاکم ستارہ مشتری اپنے ہی گھر میں یکم تا **22** اپریل رہتے ہوئے خیر وبرکت کی برسات روحانیت غیر متوقع انعامی فوائد اولاد مال کا سکھ عطا کرے عقربی والدین اپنے بچوں کی اعلیٰ تعلیم وتربیت ان کے سکھ ان کے حقوق وفرائض تعلیم اور شادی جیسے امور میں حسبِ حال سرخرو ہوسکیں گے صاحب اولاد افراد کو اپنے بچوں کی خوشی دیکھنی نصیب ہو ستارہ مشتری کی شمسی زائچے کے چھٹے گھر **22** اپریل تا یکم مئی تبدیلی مشتری دوسرے، چھٹے، دسویں، بارہویں گھروں کو تب بھی سعد ناظر ہونے سے آپ کی عزت وشہرت بحال رہیگی اعلیٰ ادراک وشعور انعامی فوائد بچوں کے فرائض وذمہ داری اور جاری محبت مستقبل قریب میں شادی پر منتج ہوتی ہوئی دکھائی دیتی ہے۔ صاحب اولاد افراد اپنے بچوں کی تعلیم وتربیت اور ان کے اساتذہ سے کونسلنگ کے ساتھ ساتھ ان سے دوستانہ ماحول میں زمانے کی بے راہ روی سے بھی انہیں مناسب الفاظ میں پند ونصاح کرتے رہیں آپ کی اولاد کی اچھی تعلیم وتربیت آپ کی زندگی اور زندگی کے بعد توشہ آخرت کیلئے بہترین سرمایہ ہے وہ عقربی افراد جو انٹرنیشنل لاٹریز پرائز بانڈز میں دلچسپی رکھتے ہیں **23,22** فروری، **2,3,28,29,30,31** مارچ، یکم **2,3,4,5,6,7,8,9,22,23,24,25** اپریل، **09** سے **22** مئی، **21,22,23,24,25,26,27,28,29,30** جون، **12,13,14,15,22,23,28,29,30** اکتوبر، یکم **2,3,21,22,27,28** دسمبر بننے سے حصہ لیں تو کوئی بعید از قیاس نہیں کہ آپ کا کوئی بڑا انعام نکل آئے حصول انعامات میں مزید راہنمائی کیلئے ادارہ کی ہر سال شائع ہونے والی کتاب ''**انعام لکی نمبرز آئینہ قسمت**'' کا مطالعہ بھی آپ کو انعام کے قریب لے جائے گا۔ حصول انعام

کیلئے اپنے نام کا اِسم اعظم پڑھنا بھی نیک ہے ادارہ ہذا سے اپنا اِسم اعظم مفت پوچھ سکتے ہیں۔

**صحت وامراض، ملازمتی کیرئیر:۔2023**ء بیت المرض میں ایک اہم ستارہ یا سایہ راہو **29** نومبر تک یہاں مقابل کیتو ہونے سے والدین کے رشتہ داروں کی جانب سے فکرو پریشانی اوران کی خدمت کیلئے تیار رہیں **2023**ء صحت جسمانی اور گھر بار میں کچھ پُراسرار واقعات نظر بد جادوٹونے جیسے خدشات دکھائی دیتے ہیں جس سے آپ کی صحت نقل وحمل مال واسباب اور دیگر قیمتی اشیاء میں بے برکتی ہونے لگے ایسے ایام میں روزانہ یا ایک چلّہ سورۃ البقرہ کی تلاوت اوّل آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر اپنے اوراپنے بچوں پر دم کریں اور خیر وبرکت کے عروج کیلئے دُعائیں کرنا دم شدہ پانی پئیں اوراسی دم شدہ پانی کو اپنے گھر کاروبار اور اپنی قیمتی اشیاء پر دم کرنے کے ساتھ ساتھ سپرے کرنا بھی باعث برکت ثابت ہوگا۔اس سال کسی اچھے روحانی اور جسمانی معالج سے رابطے میں رہیں۔اپنی صحت نظام تنفس کمزوری معدہ اور جگر بلڈ پریشر یا ڈائباٹیز کی علامات پائیں تو کسی اچھے معالج سے مشاورت میں رہیں۔

**تعلقات، شراکتی وازدواجی مراسم، شادی:۔** بیت الزوج اور بیت الاعداء کا مشترکہ حاکم ستارہ زہرہ ہمراہ زحل ابتدائے سال میں تیسرے ہونے اور ساتویں گھر مریخ کا **13** مارچ تک قیام ایسے لڑکے لڑکیاں جن کی شادی خاندان یا رشتہ داروں میں طے پا چکی ہے ہردوخاندان کے مابین شکوک وشبہات لڑائی جھگڑے نظر بد حاسدین کی جانب سے جادوٹونے کی شکایت کے سبب رشتوں کا التواء یا متاثر ہوجانا بعید از قیاس نہیں اس سال زحل ،مشتری، راہو، کیتو بتدریج برج تبدیل کریں گے عقربی لڑکے لڑکیوں کی شادی طے ہونے کے عجیب وغریب منفرد انداز دکھائی دیتے ہیں اس سال جو عقربی والدین اپنے بچوں کا رشتہ طے کریں ان کی منگنی سے شادی میں تاخیر کے سبب رشتوں کے ٹوٹ جانے کے خدشات بعید از قیاس نہیں بیرون ملک رشتوں کے خواہاں لڑکے لڑکیوں کو اچھے رشتے میسر آسکتے ہیں تاہم اس سال شادی کرنے والے جوڑوں کو چاہئے کہ وہ کسی صاحب علم سے نیک وقت نکاح کا تعین کروالیں تاکہ ان کا بندھن مضبوط اور انہیں مستقبل کی خانگی ازدواجی خوشیاں نصیب ہوں زہرہ مشتری سعد نظرات **10,9** جنوری، **13,12,11,10** مارچ بننے سے ناراض زوجین کے مابین صلح صفائی اور ٹوٹے ہوئے رشتے اس عرصہ میں دوبارہ غیر متوقع طور سے جوڑ سکتے ہیں زہرہ مریخ نحس نظرات **6,5,4** فروری شراکتی اور ازدواجی آزمائش وپریشانیاں اچانک پیش آسکتی ہیں۔ **2023**ء مشکلات وپریشانیوں سے بچنے کیلئے ہر جمعہ چینی یا مصری یا پھر گڑ کی شکر حسبِ توفیق حشرات الارض کو صدقہ ڈالنا بہترین عمل رہے گا۔

**وراثت، انشورنس، کلیم:۔** بیت الخوف اور بیت الامید کا مشترکہ حاکم ستارہ عطارد **24** جون تا **08** جولائی عروج یافتہ، یکم تا **19** اکتوبر شرف یافتہ، **19** اکتوبر تا **22** نومبر اوج یافتہ رہتے ہوئے وراثتی شراکتی اور قانونی امور میں غیر متوقع حالات میں خیر وبرکت اور فوائد ظاہر ہوتے ہیں وراثتی اور قانونی معاملات بزرگوں کی مشاورت اور کوشش سے حل کیے جاسکیں گے شراکتی فوائد کے علاوہ کوئی انشورنس کلیم یا ڈوبی ہوئی رقم مل سکے گی ستارہ عطارد **16** تا **31** مارچ، **27** نومبر تا **20** دسمبر وبال یافتہ ستارہ عطارد کی رجعت (اُلٹا) یکم تا **18** جنوری، **21** اپریل تا **15** مئی، **24** اگست تا **16** ستمبر، **13** نومبر تا **02** جنوری **2024**ء ہونے سے ان ایام میں اپنے حقوق حاصل کرنے کیلئے صبر وتحمل سے کام لیں بزرگوں کی مشاورت اور انکی دُعائیں حسبِ حال رہیں گی۔عطارد مریخ سعد نظرات **23,22** فروری، **9,8,7**، **25,24,23,22** اپریل، **22,21** جون، **30,29,28** اکتوبر، **30,29,28,27** دسمبر بننے سے حصول وراثت یا ڈوبی ہوئی رقوم کی وصولی کیلئے فیصلہ کُن ایام دکھائی دیتے ہیں نظم وضبط صبر وتحمل مہارت اور ایمانداری سے کی گئی کوششیں غیر متوقع مالی مادی فوائد از قسم وراثت انشورنس کلیم یا پھر پرائز بانڈ انٹرنیشنل لاٹریز بھی خوشی کا باعث بنیں ایسے میں غرباء ومساکین حاجت مندوں کی خدمت اور صلہ رحمی کا مذہبی اور اخلاقی فریضہ انجام دیکر دُنیاوی اور روحانی خوشیاں پاسکتے ہیں۔

**مستقبل کی منصوبہ بندی، بیرون ملک سفر، قانونی مشاورت واعلیٰ تعلیم:۔** بیت السفر اور نصیب کا حاکم ستارہ قمر ابتدائے سال میں چھٹے ہمراہ راہو مقابل کیتو منزل شرطین (اشونی نچھتر) ہونے سے ابتدائے سال میں ہیجانی سی کیفیت مایوسی ذہنی دباؤ

ڈپریشن تنقید کا خوف بلاوجہ کے انجانے وسوسے نظر بد جادو ٹونا جیسی کیفیات محسوس کر سکتے ہیں اگر ایسا محسوس کریں تو متفکر ہونے کے بجائے حسبِ توفیق منگل کے دن کسی جانور کا صدقہ دینا رد بلا ثابت ہوگا گیارہ مرتبہ آیۃ الکرسی پڑھ کر خصوصاً سال کے پہلے تین مہینے پڑھ کر گھر سے نکلنا ہر بلا سے محفوظ رکھے اس سال چار اہم ستاروں کی تبدیلی کے سبب زحل، مشتری، راہو، کیتو مستقبل کی منصوبہ بندی نہایت اہم ہوگی کیونکہ آنے والے **2025,2024,2023**ء غیر معمولی اہم سال دکھائی دیتے ہیں خصوصاً زحل کی تبدیلی **17** جنوری **2023**ء تا **29** اپریل **2025**ء مستقبل کی منصوبہ بندی اور نظر ثانی کیلئے نہایت اہم وقت دکھائی دیتا ہے چیلنج پسندانہ کاموں میں حصہ لینے سے اپنی دلاوری اور دلیری کے تحت **2023**ء کے آخر تک بہت ساری کامیابیاں آپ کے حصے میں آئیں گی۔ **14** اپریل تا **14** مئی شرف شمس، **17** اگست تا **17** ستمبر عروج شمس اور خصوصاً ستارہ شمس **16** جولائی تا **17** اگست شمسی زائچے کے نویں گزرنے سے حالات وواقعات میں خیر وبرکت اور بہتری پائیں گے ان سبھی ایام میں بیرون ملک کاروباری سفر یا اعلیٰ تعلیم کے خواہاں طلبہ کیلئے بیرون ملک جانا کامیابی کا باعث بنے قانونی مسائل و پریشانیاں بھی حل کی جاسکیں گی مستقبل کی منصوبہ بندی کیلئے مندرجہ بالا سبھی ایام نیک دکھائی دیتے ہیں۔ اپنے مستقبل کو درخشاں بنانے کیلئے **2023**ء ایک اہم اور روشن سال دکھائی دیتا ہے۔

**کیرئیر، کاروبار، عزت ووقار:۔** **2023**ء میں چار اہم ستارے زحل، مشتری، راہو، کیتو کی بروجی تبدیلی کاروبار میں استحکام اور بہتری کا باعث ثابت ہو کیریئر کا حاکم ستارہ شمس **14** اپریل تا **14** مئی شرف یافتہ، **15** مئی تا **16** اگست اوج یافتہ جبکہ **17** اگست تا **17** ستمبر عروج یافتہ رہتے ہوئے نئے کاروباری وسائل کاروباری عزت وساکھ میں اضافہ حوصلہ مندی اور دلاوری سے مندرجہ بالا ایام میں کسی نئے کاروبار کا آغاز کرنا اور جاری کام میں مزید سرمایہ کاری کرنا باعث برکت ثابت ہوگا۔ **20** اپریل سورج گرہن اور **29** اکتوبر چاند گرہن کا چھٹے گھر میں لگنا کاروباری مسائل و پریشانیاں اچانک کاروباری نقصانات کا اشارہ ہے **15** دن قبل تا بعد نہایت محتاط رہیں حسبِ توفیق صدقہ وخیرات دینا بھی نیک تاہم شمس مریخ نحس نظرات **18,17,16,15** مارچ بننے سے کاروباری جذباتی معاملات بقاء کی جنگ حوصلہ مندی اور صبر وتحمل سے لڑنے کی ضرورت ہوگی جذباتی پن میں از خود اپنا کوئی نقصان کرنے سے بچیں۔

**دوست احباب، خواهشات، کاروباری فوائد:۔** بیت الامید کا حاکم ستارہ عطارد جنوری، فروری، مارچ، اپریل، مئی اور سال کے پہلے پانچ ماہ دوستوں اور دوسروں سے وابستہ تعلقات حسبِ منشاء پوری نہ ہوسکیں زحل، مشتری، راہو، کیتو کی تبدیلی کئی ایک لوگ آپ کی زندگی سے نکل جائیں گے اور اُن کی جگہ نئے مخلص دوستوں کی تعداد میں اضافہ ہوگا عموماً سارا سال ہی سماجی سیاسی مذہبی تقریبات میں شرکت کے مواقع ملیں گے۔ **24** جون تا **09** جولائی، یکم اکتوبر تا **18** اکتوبر ستارہ عطارد کی سعد پوزیشن کاروباری اور زمین جائیداد کی خرید وفروخت سے غیر متوقع طور سے فوائد ملیں گے ستارہ مشتری کی طاقتور مکمل سعد نظرات یکم جنوری تا **24** اپریل ملنے سے آپ کی کوئی ایسی اہم دیرینہ خواہش پوری ہوجائیگی جس کے لئے آپ نے برسوں تمنا اور دُعا کی ہو اسم اعظم یَا لَطِیْفُ کا **129** مرتبہ ورد کرنا آپ کی خواہشات کی تکمیل میں مستجاب دُعا ثابت ہوگا۔

**خفیہ سرگرمیاں، سازش، ماضی کے مسائل اور اخراجات، امیگریشن:۔** بیت الاعداء کا حاکم ستارہ زہرہ **15** فروری تا **12** مارچ شرف یافتہ، **06** اپریل تا **02** مئی اور **30** نومبر تا **25** دسمبر عروج یافتہ، **03** مئی تا **30** مئی اوج یافتہ رہتے ہوئے بیرون ملک اور حصول امیگریشن کیلئے کی گئی کوششیں بار آور ثابت ہوں روحانی ارتکاز توجہ خداشناسی کی طرف آپکا رجحان بڑھے گا **05** مئی چاند گرہن آپ کے خفیہ دشمن آشکار ہونگے۔

**عقربی مرد وزن پر گرهنوں کے اثرات:۔** **2023**ء دو سورج اور دو چاند گرہن **20** اپریل سورج گرہن، **29** اکتوبر چاند گرہن شمسی زائچے کے چھٹے لگنے سے آپ کا دشمنوں پر غلبہ اور آپ کے حاسد آپ سے معافی کے خواستگار ہونگے غیر ضروری مقدمات اور پریشانیوں سے بھی نجات ملے گی **05** مئی چاند گرہن بارہویں لگنے سے آپ کے خفیہ دشمن آشکار ہوں بڑھتے ہوئے اخراجات پر قابو پایا جاسکتا ہے نظر بد جادو ٹونہ کے بداثرات بھی دور ہوسکیں گے **14** اکتوبر سورج گرہن گیارہویں گھر لگنے سے کاروباری نقصانات جائیداد کے لین دین کرتے وقت محتاط رہیں۔ **15** دن قبل تا بعد محتاط رہتے ہوئے صدقہ وخیرات دیں اور دو نفل نماز کسوف وخسوف ادا کر کے اپنی نحوستیں اور پریشانیاں دُور ہونے کا یقین کیا جاسکتا ہے۔

# قوس 4

مشتری JUPITER

SAGITTARIUS

**حروف: ف**

حاکم سیارہ: مشتری — نشان: تیر انداز

ذاتی عقیدہ: میں دیکھتا ہوں (I See) — عنصر: آگ (Fire)

خاصہ: تغیر پذیر (ذوجسدین) — نفسیاتی ٹائپ: وجدانی

منسوب رنگ: ارغوانی، گہرا پیلا — اعضائے جسمانی: رانیں اور جگر

منسوب پتھر: پیلا پکھراج — منسوب درخت: برگد، انجیر، ایش

منسوب پھول: ہلکے گلابی — منسوب غذا: کشمش اور پیاز کی قسم

مثبت اور مذکر برج — بائیو کیمک سالٹ: سلیشیا

بحساب یونانی

23 NOV - 21 DEC



16 DEC - 14 JAN

بحساب ویدک

**آپ کی شخصیت:۔** 2023ء ستارہ مشتری کی سعادتیں جو گزشتہ سال سے جاری ہیں اس سال کے پہلے چار مہینوں میں بھی جاری رہیں گی مجموعی طور پر 2023ء زندگی میں خوشگوار تبدیلیاں لانے والا سال دکھائی دیتا ہے ستارہ مشتری کی سعد پوزیشن آپ کی حیثیت وشخصیت میں اضافہ کئی طرح کی خوش بختیاں جن کے آپ متمنی ہیں مالی اور مادی فوائد دُنیاوی نعمتیں ستارہ مشتری 21 اپریل 2023ء برج تبدیل کرتے ہوئے آپ کو دیکر جائے گا یا پھر ان کی مضبوط بنیاد مہیا کرے گا 12 سال بعد مشتری کی پانچویں تبدیلی 21 اپریل سے آئندہ ایک سال کیلئے ہونے سے سماجی سیاسی مذہبی حلقوں میں آپ کی عزت وتوقیر میں اضافہ ہوگا محبت اولاد اور انعام سے غیر متوقع خوشیاں ملیں گی۔ ستارہ مشتری 04 ستمبر تا 31 دسمبر رجعت (اُلٹا) ہونے سے کچھ اہم کاموں میں سُست روی اور کچھ میں زیادہ محنت اور توجہ کی ضرورت ہوگی راہو پہلے پانچویں نویں کیتو تیسرے ساتویں گیارہویں گھروں کو 29 نومبر تک ناظر رہنے سے خوشحالی کے کاموں میں دوسروں سے غیر متوقع مدد مل سکتی ہے زندگی کے اہم کاموں میں خوش بختی صحت مندی اور کاروباری وسائل میں اضافہ اور بہت ساری متوقع پریشانیوں اور حادثات سے دُعا اور صدقات کرنے سے آپ محفوظ رہیں گے۔

**معاشیات، مالی ذرائع آمدن:۔** بیت المال اور بیت الاقرباء کا مشترکہ حاکم ستارہ زحل 30 سال بعد 17 جنوری 2023ء تا 29 اپریل 2025ء تیسرے اپنے ذاتی گھر میں ہونے سے آپ کی جاری شمسی ساڑھ ستی 17 جنوری سے ختم ہوجائے گی دو اہم ستارے زحل اور مشتری کی بروجی تبدیلی ذرائع آمدن میں اضافہ اور تسلی بخش حد تک مالی پوزیشن کو بہتر کرنے کے وسائل واسباب ملیں گے مستقل بنیادوں پر آمدن کے کئی ایک منصوبے زیر غور رہیں اور کسی ایک منصوبے پر مشاورت سے عمل کرنا ذرائع آمدن میں اضافے کا باعث بنے 2023ء اس حوالے سے غیر معمولی سال دکھائی دیتا ہے کہ آپ اپنے عزیز واقارب بہن بھائی اور پڑوسیوں کی مالی واخلاقی مدد بھی کریں اگر چہ یوں لگے گا کہ جیسے آپ کا اپنا سرمایہ کم ہو رہا ہے قدرت آپ کو دیگر کئی ذرائع سے نواز دے گی۔ زحل مشتری سعد نظر 14 تا 24 جون رہنے سے خوش قسمتی مالی اعتماد زندگی میں کچھ اچھے فیصلے کرنے سے حاصل ہوسکے گا مخلصین سے مشاورت کے بعد دانشمندانہ کئے گئے فیصلے کاروباری ذرائع آمدن میں اضافے کا باعث بنیں آپ کی عقل ودانش فہم وفراست سے دوسرے بھی فوائد اُٹھائیں 2023ء سے خوش قسمتی کا جاری سفر اپریل 2025ء تک جاری رہے گا 2023ء کا بہترین صدقہ بزرگ افراد کی ہفتے کے دن خدمت کرنا بہترین صدقہ ثابت ہوگا۔

**عزیز واقارب واندرونِ ملک سفر:۔** بیت الاقرباء کا حاکم ستارہ زحل 27 سال بعد 17 جنوری 2023ء تا 29 اپریل 2025ء اپنے ذاتی برج دلو میں آکر عزیز واقارب بہن بھائیوں اور رشتہ داروں کی آپ کی جانب سے خدمت کا باعث بنے سنجیدگی انصاف پسندی اور اعلیٰ اخلاقیات کا مظاہرہ کرتے ہوئے آپ اپنے قرباء کو ہمت وحوصلہ دلانے کے ساتھ ساتھ اُن کی ہر قسم کی مدد کرنا پسند کریں گے خوش دلی اور خوش اسلوبی سے کی گئی خدمت دوسروں کی نظر میں آپ کی عزت ووقار میں اضافے کا باعث بنے نا صرف یہ آپ کے ہاتھ سے اس سال صدقہ جاریہ کے کئی ایک کام انجام پائیں۔ ستارہ زحل کی رجعت (اُلٹا) 17 جون تا 04 نومبر ہونے سے کچھ لوگ آپ کو بیوقوف بنانے اور دھوکہ دہی کرنے کی ناکام کوشش کر سکتے ہیں ستاروں کی مضبوط پوزیشن آپ کے اندر سنجیدگی ملن ساری نقطہ نظر میں بلندی شعور وادراک کے سبب آپ بہت ساری مثبت تبدیلیاں اس سال کر پائیں خصوصاً اپنے عزیز واقارب کی خوشنودی کیلئے ان کی ہر ممکنہ خدمت مدد اور اپنا قیمتی وقت اُن کی تعمیر وترقی اصلاح اور انہیں خوشیاں بانٹنے میں صرف کریں ان سے میل ملاقات کیلئے اندرون ملک کئی ایک سفر اس کے علاوہ مطالعاتی سیاحتی کاروباری اغراض ومقاصد کے تحت کئے گئے سفر کامیاب رہیں۔ زحل مریخ نحس نظرات 19 تا 31

جولائی، 24 نومبر تا 27 نومبر غیر ضروری سفر سے اجتناب برتیں ورنہ دوران سفر حادثات اور کئے گئے سفر میں بے آرامی مایوسی جیسے خدشات دکھائی دیتے ہیں حسبِ توفیق ان ایام میں صدقہ وخیرات دینا نہایت نیک عمل ثابت ہوگا۔

**خاندان، جائیداد، سواری اور زراعت:**۔ وتدالارض کے حاکم ستارے سعد اکبر مشتری کا قیام 13 اپریل 2022ء تا 21 اپریل 2023ء تک یہاں رہنے سے قوسی افراد کو زراعت باغبانی زمین جائیداد پراپرٹی اور حسبِ حیثیت سواری کا حصول آسان ہوگا ستارہ مشتری فطرتی طور پر خوش قسمتی دولت اور اولاد سے منسوب ہے ستارہ مشتری کی سعد نظرات 12,10,8,4 گھروں کو سعد ناظر ہونے سے دانشمندانہ تقاضے کے تحت بعض لوگ اپنی زندگی میں اپنی وراثت اپنی اولاد کو دینا پسند کریں ستارہ مشتری جیسے ہی 12 سال بعد 24 اپریل ایک سال کیلئے پانچویں گھر میں جائے گا تب غیر ارادی طور سے دانشمندانہ فیصلے کئے جاسکیں گے ستارہ مشتری 04 ستمبر تا 21 ستمبر رجعت (اُلٹا) ہونے سے اہم کاموں میں سست روی آسکتی ہے اور خاندان کے قریبی لوگوں کی ذمہ داریاں بھی آپ کے کندھوں پر آسکتی ہیں۔ ذہنی طور پر کچھ غیر متوقع واقعات کے لئے بھی اپنے آپ کو تیار رکھیں۔

**اولاد، انعامات و محبت:**۔ بیت الاولاد اور بیت الاعداء کا مشترکہ حاکم ستارہ مریخ ابتدائے سال میں چھٹے 13 مارچ تک اور پھر 10 مئی تا یکم جولائی آٹھویں نحس ہونے سے انعام اولاد محبت جیسے کبھی امور قابل توجہ رہیں اور ایک اور اہم ستارہ یا سایہ راہو 29 نومبر 2023ء تک 18 سال بعد پانچویں گھر رہتے ہوئے آپ کی تخلیقی اور شعوری صلاحیتوں میں اضافے کا باعث بنے آئی ٹی انفارمیشن اور دُنیا ریسرچ سے آمدہ جدید علوم کی طرف آپ کی توجہ ہے دُنیاوی اور روحانی ریاضت سے آپ کی باطنی آنکھ کھل سکتی ہے اور بہت سارے آنے والے واقعات کا آپ کو باحسن اندازہ ہوسکتا ہے جن افراد کے زائچے میں ستاروں کی قدرے کمزور پوزیشن ہے ایسے قوسی افرادرات سوتے وقت اسم اعظم یَا عَلِیْمُ یَا خَبِیْرُ 962 مرتبہ اوّل آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر عشاء کی نماز کے بعد پڑھنا معمول بنالیں تو انہیں آنے والے بہت سارے واقعات خواب میں آشکار ہو سکتے ہیں۔ 2023ء میں نظر آنے والی بہت ساری خوابیں سچ ثابت ہونگی آپ کی اولاد کا مستقبل اور انعامی لکی نمبرز کی راہنمائی آپ خواب میں دیکھ پائیں اولاد کی تعلیم وتربیت اور انکی شادی بیاہ کی خوشیاں بھی وہ والدین دیکھ پائیں جن کی اولاد جوان ہو چکی ہے حسبِ خواہاں اولاد انعام محبت کا سکھ اس سال یقینی دکھائی دیتا ہے پرائز بانڈ اور انٹرنیشنل لاٹریز میں حصہ لینے والے قوسی افراد ان تواریخ میں حصہ 3,4,5,9,10,22,23,24 جنوری، یکم 2,3,10,11,12,13,17,18,19,28,29,30,31 مارچ، 2 اپریل، 4,5,6,12,13,14 مئی، 14 سے 24 جون، 31 جولائی، 2,3 اگست، 12,13,14,15,21,22,23 اکتوبر، 5,6,7 دسمبر بننے سے حصہ لیں تو کوئی بعید از قیاس نہیں کہ آپ کا کوئی بڑا انعام نکل آئے حصول انعامات میں مزید راہنمائی کیلئے ادارہ کی ہر سال شائع ہونے والی کتاب ''**انعام لکی نمبرز آئینہ قسمت**'' کا مطالعہ بھی آپ کو انعام کے قریب لے جائے گا۔ حصول انعام کیلئے اپنے نام کا اِسم اعظم پڑھنا بھی نیک ہے ادارہ ہذا سے اپنا اِسم اعظم مفت پوچھ سکتے ہیں۔

**صحت وامراض، ملازمتی کیرئیر:**۔ بیت المرض کا حاکم ستارہ زہرہ ابتدائے سال میں خانہ مال کے حاکم زحل کے ہمراہ دوسرے ہونے سے آپ اپنی اور اپنے قریبی لوگوں کی صحت جسمانی بہتر اور بحال رکھنے کیلئے کچھ اضافی اخراجات خوش دلی سے کرنا پسند کریں صحت جسمانی بہتر اور بحال رکھنے کیلئے حفظان صحت کے اصول اپنانے کی جانب فطرتی طور پر آپ کا رجحان رہے گا ستارہ مشتری اور ستارہ زحل خاص طور سے آپ کو مفید حفظان صحت کے اصولوں سے آگاہ کرنے کیلئے اجتماعی یا انفرادی طور پر ایسا اچھا ماحول فراہم کرے جس سے آپ اپنی صحت اور اپنے گزشتہ پیدا شدہ ہونے والے مسائل و پریشانیوں کو دُور کرسکیں ستارہ زہرہ 15 فروری تا 12 مارچ شرف یافتہ، 06 اپریل تا 30 مئی عروج یافتہ، 30 نومبر تا 25 دسمبر اوج یافتہ رہتے ہوئے ذمہ دارانہ فرائض کی انجام دہی سے ملازمتی مراعات اور ترقی کا عنصر غالب رہے گا۔ قانونی مسائل اور پریشانیوں سے بھی آپ عہدہ براں ہوسکیں گے۔ زہرہ مشتری سعد نظرات 3,4,5 جنوری، یکم 2,3 مارچ، 4,5,6 مئی، 21,22,23 اکتوبر بننے سے صحت وتندرستگی آرام وآسائش اور اپنی صحت کی بحالی اور بہتری کی غرض سے فیملی کے ہمراہ قدرتی پُرفضا صحت افزا مقامات کی سیاحت کو بھی اپنی مصروفیات میں اس سال شامل رکھیں۔

**تعلقات، شراکتی وازدواجی مراسم، شادی:**۔ بیت الزوج اور بیت العزت کا مشترکہ حاکم ستارہ عطارد 16 مارچ تا 31 مارچ، 27 نومبر تا 20 دسمبر وبال یافتہ اور خصوصاً یکم تا 18 جنوری، 21 اپریل تا 15 مئی، 24 اگست تا 16 ستمبر، 13 دسمبر تا 02 جنوری 2024ء رجعت (اُلٹا) ہونے سے کاموں میں سست روی دوسروں سے تعلقات میں شکوک وشبہات اور اہم کاموں میں سست روی دکھائی دیتی ہے تاہم اپنے شراکتی نوعیت کے پینڈنگ کاموں کو مکمل کرنے کیلئے کی گئی کوششیں بارآور ثابت ہوں ستارہ عطارد 24 جون تا 08 جولائی عروج یافتہ، یکم تا 19 اکتوبر شرف یافتہ، 19 اکتوبر تا 22 نومبر اوج یافتہ رہتے ہوئے شراکتی اور ازدواجی نوعیت کے مسائل اور پریشانیوں کو بہ آسانی حل کیا جاسکے گا ناراض زوجین کے مابین صلح صفائی اور بہت سارے خوش کُن واقعات رونما ہونگے عطارد مشتری سعد نظرات 19,18,17 فروری، 29,27 مارچ، یکم ,2 جولائی، 11,10,9 اگست، 26,25,24,5,4,3 ستمبر، 19,18,17,9,8,7 دسمبر بننے سے قیاس آرائیوں سے ہٹ کر مثبت سوچ کے سبب اپنے اور اپنے پیاروں کیلئے مستقبل پر مبنی اچھے فیصلے کرنے کی پوزیشن میں ہونگے۔ بزرگوں اور مخلصین کی دُعائیں بھی شامل حال رہیں گی۔

**وراثت، انشورنس، کلیم:**۔ 2023ء ستارہ مشتری اور ستارہ زحل کی مشترکہ سعد نظرات بیت الخوف یا وراثت کے گھر مکمل سعد نظرات پڑنے سے دیرینہ پیچیدہ وراثتی شراکتی یا انشورنس کلیم سے متعلقہ اہم معاملات حل ہوسکیں گے جو اس سے پہلے خواہ مخواہ کی مشکلات ہٹ دھرمی یا ضد کا باعث دوسروں کی جانب سے بنے ہوئے تھے 2023ء میں بھی چار اہم ستارے زحل، مشتری، راہو، کیتو کی بروجی تبدیلی حل المشکلات کا باعث بنے مشترکہ مفادات کے کام بھی آسانی سے حل ہوسکیں گے۔ اپنی وراثتی اور شراکتی اُلجھنوں کی سُلجھن کیلئے اسم اعظم یَا مُسَبِّبَ الْاَسْبَابِ ایک تسبیح اوّل آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھنا اور دُعائیں کرنا معمول بنالیں۔

**مستقبل کی منصوبہ بندی، بیرون ملک سفر، قانونی مشاورت واعلیٰ تعلیم:**۔ بیت السفر اور نصیب کا حاکم ستارہ شمس 14 اپریل تا 14 مئی شرف یافتہ، 15 جون تا 16 اگست اوج یافتہ، 17 اگست تا 17 ستمبر عروج یافتہ ہونے سے نصیب یاوری اور خوش بختی کے بہت سارے نیک وسائل آپ کو اپنی طرف متوجہ کئے بغیر نہ رہ سکیں گے خصوصاً ستارہ زحل کی سعادت 17 جنوری 2023ء تا 29 اپریل 2025ء آپ کی زندگی مستقبل کو درخشاں بنانے کے منصوبوں میں پیدا شدہ رکاوٹیں از خود دور ہوتی رہیں گی اس خوش بختی میں مزید اضافہ اُس وقت ہوجائے گا جب ستارہ مشتری 24 اپریل 2023ء تا یکم مئی 2024ء شمسی زائچے کے پانچویں آکر طالع پانچویں نویں اور گیارہویں خصوصاً نصیب کے گھر کو سارا سال سعد ناظر رہے گا ستاروں کی یہ خوش بختیاں آپ کا نصیب سنوار دیں گی آپ اپنی اور اپنی فیملی کے مستقبل کو درخشاں بنانے کیلئے جو بھی مثبت کوششیں فرمائیں گے کامیابی آپ کا مقدر ہوگی اعلیٰ تعلیم کے لئے طلبہ بیرون ملک بہ آسانی جاسکیں گے حج عمرہ وزیارات کے خواہاں اس نیک سفر کو اپنا مقدر بناسکیں گے کاروباری اغراض و مقاصد کیلئے کئے گئے سفر باعث برکت ثابت ہونگے اور مزید اچھی خبر یہ ہے کہ 17 جنوری 2023ء سے شمسی زائچے کی جاری ساڑھ ستی بھی اس سال ختم ہو جائے گی۔ شمس مشتری سعد نظرات 26,25,24 جنوری، 30 جون، یکم ,2 جولائی، 9,8,7 ستمبر، 28,27,26 اکتوبر اس سال کی نہایت اہم سعد تواریخ ہیں جن میں اپنے مستقبل کو درخشاں بنانے کیلئے آپ بہ آسانی نیک وسائل پالیں والدین بزرگوں اور کسی مرشد کامل کی دُعا بھی آپ کا مقدر بدل دے۔

**کیرئیر، کاروبار، عزت ووقار:**۔ 2023ء کی سب سے اہم بریکنگ نیوز یہ ہے کہ آپ کی جاری شمسی ساڑھ ستی کا خاتمہ 17 جنوری سے ہوجائے گا یوں 2023ء سے ایک نئے خوش کُن دور کا آغاز ہوتا ہوا دکھائی دیتا ہے سعد اکبر ستارہ مشتری یکم تا 21 اپریل سعد اکبر ستارہ مشتری جو فطرتی طور پر عزت اور دولت کا حاکم ستارہ عزت اور کیرئیر کے گھر کو 12 سال بعد سعد ناظر رہتے ہوئے ایک نئے 12 سالہ بتدریج اُبھرتے ہوئے ترقی یافتہ دور کا آغاز شروع ہوجائے گا جو اس سال لوگ اپنی زندگی کے کیرئیر کا آغاز خوش اسلوبی سے کرسکیں گے اور اولڈ ایج قوسی افراد ریٹائرمنٹ کے بعد خوشحال زندگی گذارنے کی کامیاب منصوبہ بندی کرنے کی پوزیشن میں ہونگے۔ 2023ء ستارہ زحل، مشتری، راہو، کیتو کی تبدیلی آپ کا تعلق کسی شعبہ یا ملک سے کیوں نہ ہو آپ ان خوشگوار تبدیلیوں کو محسوس کریں گے دانشمندی کا تقاضا یہی ہے کہ اچھے وقت میں اپنے اور اپنے پیاروں کی تعمیر وترقی اور اپنی کاروباری عزت وساکھ

اور ذمہ دارانہ پیشہ ورانہ کامیابیاں آپ کا بہ آسانی مقدر بن سکتی ہیں بشرطیکہ آپ کامیابی کی طرف پہلا قدم اُٹھالیں کیریئر اور عزت کا حاکم ستارہ عطارد **24** جون تا **08** جولائی عروج یافتہ، یکم تا **19** اکتوبر شرف یافتہ، **19** اکتوبر تا **22** نومبر اوج یافتہ رہتے ہوئے مزید نیک وسائل مہیا کرے گا آپ کاروباری چیلنج پسندانہ کام کرنے بھی پسند کریں تاہم ستارہ عطارد **16** مارچ تا **31** مارچ، **27** نومبر تا **20** دسمبر وبال یافتہ اور خصوصاً ستارہ عطارد رجعت (اُلٹا) ہونے سے یکم تا **18** جنوری، **21** اپریل تا **15** مئی، **24** اگست تا **16** ستمبر، **13** دسمبر تا **02** جنوری **2024**ء اہم کاموں میں سُست روی کا اندیشہ ہوسکتا ہے متفکر اور پریشان ہونے کی بجائے صبر وتحمل سے کام لیں **2023**ء کا بہترین صدقہ مستحق طلبہ کی پڑھائی میں ان کی مدد کی جائے۔

**دوست احباب، خواہشات، کاروباری فوائد:۔** بیت الامید کا حاکم ستارہ زہرہ ابتدائے سال بیت المال میں ہونے کے سبب اپنے دوست احباب سے مدد اور نصرت ملے نہ صرف بلکہ آپ بھی ان کی ایسی مالی خدمت جس کی جزاء آپ قدرت کی طرف سے چاہیں کچھ نیکیاں کچھ صدقہ جاریہ کے کام آپ کے ہاتھوں **2023**ء میں نمایاں طور سے دکھائی دیتے ہیں **17** جنوری ساڑھ ستی کے خاتمے کے بعد ماضی قریب میں جن دوست احباب نے آپ کی مدد کی ہوگی اب آپ انکی جواباً خدمت کر کے روحانی خوشی محسوس کریں گے چار اہم کواکب زحل، مشتری، راہو، کیتو کی تبدیلی آپ کی سماجی سیاسی مذہبی تقریبات میں شرکت کے متعدد مواقعے ملیں کاروبار جائیداد کی خرید وفروخت سے غیر متوقع مالی مادی فوائد ملیں آپ کے فنکارانہ ذوق آپ شخصیت کی سحر انگیزی اور پُرکشش تحریر وتقریر دوسروں کو آپ کا گرویدہ بنا سکتی ہے۔ زہرہ مشتری سعد نظرات **19,18,17** فروری، **29,28,27** مارچ، یکم **2,** جولائی، **11,10,9** اگست، **26,25,24,5,4,3** ستمبر، **19,18,17,9,8,7** دسمبر بننے سے قریبی دوست احباب سے مل کر اور باہمی سوچ وبچار کے بعد اجتماعی طور پر اپنی اور اپنے احباب کی فیملیز کو درخشاں اور خوشگوار بنانے کیلئے اہم فیصلے بھی کر سکیں گے۔

**خفیہ سرگرمیاں، سازش، ماضی کے مسائل اور اخراجات، امیگریشن:۔** بیت الاعداء کا حاکم ستارہ مریخ یکم جنوری تا **12** مارچ چھٹے، **10** مئی تا یکم جولائی آٹھویں نحس گھر ہونے سے آپ کے خفیہ دشمن زیر وآشکار ہوں ستارہ مشتری کی سعد نظر بارہویں گھر پر **21** اپریل **2023**ء تک ہونے سے بیرون ملک حصول امیگریشن کیلئے اپلائی کرنے والوں کو آسانیاں ملیں اور ایسے قوسی جو بیرون ملک جانے کا ارادہ رکھتے ہیں آسمانی کونسل پر ستاروں کی اچھی نظرات دو اہم ستارے زحل مشتری کی تبدیلی اور ساڑھ ستی کا خاتمہ اس بات کی نوید ہے کہ بیرون ملک نئے قوسی افراد حصول روزگار یا امیگریشن کیلئے اپلائی کرنے والوں کیلئے **2023**ء ایک نہایت اہم سال دکھائی دیتا ہے نظر بد جادو ٹونہ جیسے بد اثرات بھی دور ہوسکیں گے اور کسی مرشد کامل یا بزرگ روحانی سے آپ کو فیض ملے گا۔ مریخ مشتری سعد نظرات **31** جولائی تا **03** اگست آپ اپنی روح کے اندر ایک انفرادی روحانی قوت آپ کا دل و دماغ ایک تازگی جذب وسرور کی کیفیت محسوس کریں گے۔ مریخ مشتری نحس نظرات **26,25,24,23,22,21,20** مئی، **30,29,28,27** اکتوبر دوسروں سے اختلاف رائے اپنے جذباتی غم وغصہ پر قابو رکھیں **2023**ء کا بہترین صدقہ ہر منگل کسی قربانی کے جانور کا صدقہ دینا رد بلا ثابت ہوگا۔

**قوسی مرد وزن پر گرہنوں کے اثرات:۔** **2023**ء میں دو سورج اور دو چاند گرہن لگیں گے **20** اپریل سورج گرہن، **29** اکتوبر چاند گرہن پانچویں لگنے سے صاحب اولاد قوسی افراد کو اپنے بچوں کے روز وشب اور انکی تعلیم وتربیت پر خصوصی توجہ دینے کی ضرورت کو نظر انداز نہیں کرنا چاہئے بازاری قسم کی محبت آپکی صحت عزت ورسوائی کا باعث بن سکتی ہے اسٹاک ایکسچینج کے کاموں میں بھی محتاط حصہ لیں حسب توفیق صدقہ و خیرات ضرور دیں **05** مئی چاند گرہن خواہشات اور دوستوں کے گھر میں لگنے سے آپ کی دوسروں سے متعلقہ توقعات پوری نہ ہوسکیں **14** اکتوبر سورج گرہن آپ کی عزت وتوقیر کے گھر میں لگنے سے کاروباری مالی نقصانات حاسدین مخالفین کی جانب سے مسائل و پریشانیاں پیش آنے جیسے خدشات بعید از قیاس نہیں خصوصاً آپ اپنی صحت جسمانی کا خاص طور سے خیال رکھیں۔ اپنے حاسدین ومخالفین سے خاص طور پر محتاط رہیں ورنہ وہ آپکی بدنامی رسوائی کیلئے خواہ مخواہ کی افواہیں پھیلا سکتے ہیں۔ گرہن سے **15** دن قبل تا بعد محتاط رہتے ہوئے صدقہ وخیرات دیں اور دو نفل نماز کسوف وخسوف ادا کر کے اپنی نحوستیں اور پریشانیاں دُور ہونے کا یقین کیا جاسکتا ہے۔

# زحل
# جدی
SATURN

CAPRICORN

حروف: ز، و، ل، ک، س، ع، ج

حاکم سیارہ: زحل
نشان: پہاڑی بکرا
ذاتی عقیدہ: میں کرتا ہوں (I Do)
عنصر: مٹی (Earth)
خاصہ: متغیر (منقلب)
نفسیاتی ٹائپ: مادی اوارکی
منسوب رنگ: سیاہ نیوی بلیو
منسوب پتھر: نیلم
اعضائے جسمانی: گھٹنا اور ہڈیاں
منسوب پھول: من سکھ
منسوب درخت: صنوبر، بید کا درخت
منسوب غذا: گوشت
منقی اور مؤنث برج
بائیو کیمک سالٹ: کلکیر یا فاس

بحساب یونانی
22 DEC - 19 JAN



15 JAN - 14 FEB
بحساب ویدک

**آپ کی شخصیت:** ۔ آپکا حاکم ستارہ زحل 27 سال بعد 17 جنوری 2023ء تا 29 اپریل 2025ء اپنے فعلی ذاتی برج دلو شمسی زائچے کے خانہ مال میں آکر 17 جنوری 2023ء تا 24 اپریل 2025ء تک یہاں سعد پوزیشن میں رہے گا آپ کا تعلق زندگی کے کسی بھی شعبہ سے کیوں نہ ہو آپ وسعت وخوشیوں کا احساس محسوس کریں گے یوں بھی اس سال زحل کے ساتھ مشتری راہو کیتو کی تبدیلی بھی آپ کی عزت ساکھ نیک نامی میں اضافے کا باعث بنے انفرادیت سے ہٹ کر اجتماعی طور پر خلق خدا کی خدمت کے جذبے سے آپ معجزاتی طور پر سرشار رہیں گے ۔ 2023ء آپ اپنی کاروباری پیشہ ورانہ یا پھر فنکارانہ صلاحیتوں کو اُجاگر ہوتا ہوا محسوس کریں نہ صرف یہ اس سال غیر متوقع طور سے کئی ایک مستقبل کو درخشاں بنانے کے نیک وسائل آپ کے منتظر ہوں دانشمندی کا تقاضا یہی ہے کہ پلیٹ فارم پر آئی درست وقت میں درست ٹرین کا آپ انتخاب کرلیں اپنے جذباتی پن غم وغصہ پر آپ قابو پانے کی مثبت صلاحیت کو اُجاگر کرسکیں جس سے آپ کی ذہنی وقلبی سکون میں اضافہ ہوگا ۔ ستارہ زحل 17 جون تا 04 نومبر رجعت (اُلٹا) ہونے کے سبب کچھ اہم معاملات میں سُست روی پیش آسکتی ہے ان ایام میں 60 سے زیادہ عمر کے بزرگ مرد وخواتین کی حسبِ توفیق خدمت کرنا نیک رہے گا۔

**معاشیات، مالی ذرائع آمدن:** ۔ بیت المال اور طالع کا مشترکہ حاکم ستارہ زحل 27 سال بعد 17 جنوری 2023ء تا 29 اپریل 2025ء شمسی زائچے کے دوسرے اپنے ذاتی برج دلو میں آکر نہایت طاقتور ہونے سے شمسی ساڑھ ستی کا جاری زور قدرے کم ہوگا۔ 2025,2024,2023ء نہایت اہم منافع بخش سال ثابت ہونگے جزوقتی یا طویل المعیاد معاشی اسکیموں میں حصہ لینا مستقبل میں یقینی طور پر نفع بخش ثابت ہوگا مقروض جدوی افراد کو قدرت اتنا عطا کردے گی کہ وہ اپنے قرض سے نجات پاسکیں ذرائع آمدن میں اضافہ اور ہر طرح کی مالی خوش بختیوں کے حصول کیلئے چاشت کی نماز کے بعد ایک مرتبہ گیارہ آیات کی سورۃ الضُحیٰ اوّل وآخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر دعائیں کرنا معمول بنالیں (آیت نمبر 5 جب آئے تو اسے 21 مرتبہ اسی جگہ دہرائیں) ایسے جدوی افراد جو 2023ء میں یقینی طور پر خوش بختیاں چاہتے ہیں وہ اپنے ہاتھ میں ایک قراٹ ہیرا یا پھر دس قراٹ سفید پکھراج یا اوپل لیکر اپنے ہاتھ میں پہنیں یقیناً قدرت کے عطا کردہ جوہرات کے طبی اور سحری خواص سے حیرت انگیز طریقے سے فیض پائیں ستارہ زہرہ زحل سعد نظرات 24,23,22 جنوری، 19,18,17 مارچ، 14,13,12 مئی، 7,6,5 دسمبر بننے سے نئے کاروباری معاہدے مالی مفادات کو استحکام بخشیں کوئی بڑا انشورنس پلان لینا بھی دانشمندانہ فیصلہ ہوگا قدامت پسندی سے جدت پسندی کے سفر کا آغاز یا جاری سفر مزید تیز ہوسکے گا زہرہ زحل نحس نظرات 15,14,13 اپریل، 5 جون، 11 اکتوبر، 31 دسمبر بننے سے لالچ میں آکر اپنا قیمتی سرمایہ اور وقت دوسروں کی نذر نہ کریں ستارہ زحل 17 جون تا 04 نومبر رجعت (اُلٹا) ہونے سے یہ بھی ایام احتیاط طلب ہیں۔

**عزیز واقارب واندرونِ ملک سفر:** ۔ بیت الاقرباء کا حاکم ستارہ سعد اکبر مشتری گزشتہ سال سے آپ کے تیسرے اپنے ذاتی گھر میں چلا آرہا ہے اس کا قیام 21 اپریل تک یہاں رہے گا اس کی سعد نشست عزیز واقارب بہن بھائیوں سے تعلقات میں خوشگواری اور ان کی مالی اخلاقی اور وقت کے حوالے سے خدمت کے مواقع ملیں بہن بھائیوں کے مابین وراثتی جائیداد کی منصفانہ تقسیم سے ماحول خوش کُن ہوسکتا ہے علمی ادبی روحانی تخلیقی مصروفیات شوق جنون کی طرح جاری رہیں گی خدا شناسی اور اپنی معارفت کے حصول کا شوق آپ کو باشعور نیک دل نیک سیرت بزرگوں سے روحانی فیضیابی بھی ملے اندرون ملک سیر وتفریح مطالعاتی اور عزیز واقارب سے ملنے کے لئے کئی ایک خوشگوار سفر پیش آئیں سفر وسیلہ ظفر سچائی آپ ملاحظہ فرماسکیں گے ستارہ مشتری 22 اپریل 2023ء تا یکم مئی 2024ء چوتھے گھر آنے سے آپ یا آپ کے عزیز واقارب کی تبدیلی رہائش اور اندرون ملک ہجرت کے خوش کُن مواقع ملیں ستارہ مشتری 04 ستمبر تا 31 ستمبر رجعت (اُلٹا) ہونے کے سبب بہن بھائیوں اور قریبی افراد کی کچھ ایسی اضافی خدمات آپ کو انجام دینی پڑیں جس

سے آپ روحانی سکون محسوس کرنے کے ساتھ ساتھ ایک لطیف گوناں گوں خوشی کا احساس پائیں گے۔

**خاندان، جائیداد، سواری اور زراعت:**۔ وتدالارض کا حاکم ستارہ مریخ یکم جنوری تا 12 مارچ وبال یافتہ، 10 مئی تا 30 جون ہبوط یافتہ اور ایک اور اہم ستارہ راہو 18 سال کے بعد وتدالارض پر 29 نومبر 2023ء تک رہے گا ستاروں کی غیر معمولی تبدیلی سال کا آغاز نہایت غیر معمولی قسم کے واقعات سے شروع ہوتا ہوا دکھائی دیتا ہے شریر اور حاسد قسم کے لوگ آپ کے خاندان میں پھوٹ ڈلوانے کی ناکام کوششیں کر سکتے ہیں جنوری، فروری، مارچ، اپریل نہایت اہم مہینے دکھائی دیتے ہیں اہل خاندان کے مابین تب آزمائش و پریشانیاں اختلاف رائے جیسے خدشات بعید از قیاس نہیں خصوصاً والدین و والدہ کی صحت جسمانی کا خاص خیال رکھیں اور انہیں کوئی بھی اذیت یا دُکھ دینے سے گریز کریں ان کی حیات آپ کیلئے دُعاؤں اور نعمت کا وسیلہ ہے ستارہ مشتری 12 سال کے بعد 22 اپریل تا یکم مئی 2024ء جیسے ہی وتدالارض پر آئے گا مشکلات دُور اور حالات میں خیر و برکت شروع ہو جائے گی۔
اندرون خانہ مہمانوں کی آمد و رفت کا سلسلہ مئی تا دسمبر وقفہ وقفہ سے جاری رہے گا زمین جائیداد زراعت کی خرید و فروخت نفع بخش رہائشی تزئین و آرائش سے خوش قسمتی اور خوش بختی میں اضافہ ہوگا ستارہ مریخ یکم جولائی تا 18 اگست اوج یافتہ، 16 نومبر تا 27 دسمبر عروج یافتہ رہتے ہوئے خاندانی خوشیوں میں اضافہ جرأت مندانہ فیصلوں سے آپ گزشتہ پیدا شدہ مشکلات پر قابو پا سکیں گے ستارہ مریخ اور زحل کی سعد نظرات 28 مارچ سے 02 اپریل، 12 اکتوبر سے 15 اکتوبر تک بننے سے بگڑے معاملات کنٹرول میں آجائیں گے نظم و ضبط برداشت سے آپ اجتماعی طور پر خاندانی معاملات کا تحفظ کر پائیں گے۔
20 اپریل 2023ء سورج گرہن، 29 اکتوبر 2023ء چاند گرہن اسی گھر میں لگنے کے سبب کچھ صدمات مسائل اور پریشانیاں پیش آنے کا اندیشہ 15 دن قبل تا بعد محتاط رہیں اس کے علاوہ مریخ زحل نحس نظرات 21,20,19 جولائی، 27,26,25,24 نومبر بھی مشکلات غیر متوقع پریشانیاں پیش آنے کا اندیشہ جس سے اداسی مایوسی محسوس کریں ان ایام میں احتیاط کے ساتھ صدقہ و خیرات ضرور دیں۔

**اولاد، انعامات و محبت:**۔ بیت الاولاد اور بیت العزت کا مشترکہ حاکم ستارہ زہرہ 15 فروری تا 12 مارچ شرف یافتہ، 06 اپریل تا 02 مئی اور 30 نومبر تا 25 دسمبر عروج یافتہ، 02 مئی تا 30 مئی اوج یافتہ رہتے ہوئے اولاد انعام محبت کی یکساں خوشیاں خواہاں جدوی افراد کو مل سکیں گی بچوں کی تعلیم و تربیت اور ان کی شادی منگنی کے خوش کُن واقعات آپ کی خوشیوں میں اضافے کا باعث بنیں چار اہم ستارے زحل، مشتری، راہو، کیتو کی تبدیلی آپ کے شعور اور ادراک میں اضافہ 2023ء جلد جلد تبدیلیوں کا سال دکھائی دیتا ہے ذہنی اور تخلیقی صلاحیتوں میں اضافہ آئی ٹی انفارمیشن ٹیکنالوجی سے فیضیابی آپ کو اسٹاک شیئرز انشورنس اور دیگر کچھ انعامات غیر متوقع طور سے مل سکیں گے زہرہ زحل سعد نظرات 24,23,22 جنوری، 19,18,17 مارچ، 14,13,12 مئی، 7,6,5 دسمبر بننے سے معیشت کی مضبوطی بچوں کے مستقبل کی درخشاں پلاننگ کچھ اچھے اہم فیصلے آپ کی تقدیر بدل سکتے ہیں۔ زہرہ زحل نحس نظرات 15,14,13 اپریل، 5 جون، 11 اکتوبر، 31 دسمبر بننے سے کچھ ناپسندیدہ واقعات رکاوٹیں جذباتی معاملات میں رسوائی کے خدشات بعید از قیاس نہیں ان ایام میں خاص طور سے محتاط رہتے ہوئے صدقہ و خیرات ضرور دیں ایسے جدوی افراد جو انٹرنیشنل لاٹریز اور پرائز بانڈز میں دلچسپیاں رکھتے ہیں ان کیلئے 24,23,22,10,9 جنوری، 31,30,29,28,19,18,17,13,12,11,10 مارچ، 2 اپریل، 14,13,12 مئی، 15,13,12 اکتوبر، 7,6,5 دسمبر بننے سے حصہ لیں تو کوئی بعید از قیاس نہیں کہ آپ کا کوئی بڑا انعام نکل آئے حصول انعامات میں مزید راہنمائی کیلئے ادارہ کی ہر سال شائع ہونے والی کتاب "**انعام لکی نمبرز آئینہ قسمت**" کا مطالعہ بھی آپ کو انعام کے قریب لے جائے گا۔ حصول انعام کیلئے اپنے نام کا اِسم اعظم پڑھنا بھی نیک ہے ادارہ ہذا سے اپنا اِسم اعظم مفت پوچھ سکتے ہیں۔

**صحت و امراض، ملازمتی کیرئیر:**۔ بیت المرض اور بیت النصیب کا حاکم ستارہ عطارد 24 جون تا 08 جولائی عروج یافتہ، یکم اکتوبر تا 19 اکتوبر شرف یافتہ، 19 اکتوبر تا 22 نومبر اوج یافتہ رہتے ہوئے حفظان صحت کی شعور و آگاہی میں اضافے سے آپ اپنے اور اپنے خاندان کے احباب کی بہتر نگہداشت کرنے کی پوزیشن میں ہونگے ذمہ دارانہ فرائض کی انجام دہی سے ترقی کا عنصر غالب رہے گا زحل، مشتری، راہو، کیتو کی تبدیلی ملازمتی اور پیشہ ورانہ معاملات میں تبدیلی اور بہتری کا امکان دکھائی دیتا ہے۔ 2023ء اس حوالے سے نہایت اہم سال ہے جتنی زیادہ جستجو آپ کریں گے اس سے دوگنا اجر اپنے کیرئیر اور دیگر روزگار کے معاملات میں پائیں گے اندرون و بیرون ملک روزگار کی تلاش میں جانے والے جدوی افراد کیلئے یہ سال نہایت اہم

دکھائی دیتا ہے حیلہ کرنے سے بہترین وسیلہ آپ کا منتظر ہوگا ستارہ عطارد **16** مارچ تا **31** مارچ، **27** نومبر تا **28** دسمبر کمزور ہونے کے سبب ارضی و بائی موسمیاتی تبدیلیاں آپ کے مزاج پر گراں گذر سکتی ہیں ممکنہ سارا سال نیم گرم پانی پینا شفایابی کا باعث بنے ستارہ عطارد چار مرتبہ رجعت (اُلٹا) کیم تا **18** جنوری، **21** اپریل تا **15** مئی، **24** اگست تا **16** ستمبر، **13** دسمبر تا **2** جنوری **2024**ء ان ایام میں اپنی صحت جسمانی کا خاص طور سے خیال رکھیں ملازمتی فرائض بھی ذمہ داری سے انجام دیں اپنے ڈاکٹر کے مشورہ سے ہلکی زود ہضم اغذیہ وادویہ کا استعمال آپ کی صحت کو بہتر اور بحال رکھے گا۔

**تعلقات، شراکتی وازدواجی مراسم، شادی:۔** ساتویں کا حاکم قمر ابتدائے سال میں منزل شرطین (اشونی نچھتر) ہمراہ راہو ہونے سے شراکتی خانگی ازدواجی تعلقات میں خوشگواری رہے گی جواں سال شادی کے امیدوار جدوی لڑکے لڑکیوں کی پُرکشش شخصیت اچھے رشتے ملنے کا سبب بنے ستارہ مشتری کی سعد نظر کیم تا **21** اپریل ساتویں گھر پڑنے سے خواہاں افراد خواہ وہ عقد ثانی کے ہی امیدوار کیوں نہ ہوں ان کے اچھی جگہ پر شادی خانہ آبادی ہوسکے گی **22** اپریل **2023**ء تا کیم مئی **2024**ء کے دوران جن افراد کی شادی ہوگی انہیں ستارہ مشتری کی خوش بختی سے ہر دو خاندان والوں میں عزت وپذیرائی ملے شادی کی خوش بختی مادی اور مالی فوائد بھی ملیں مشتری کے علاوہ ستارہ زحل اور راہو کیتو کی تبدیلی بھی شراکتی ازدواجی خانگی معاملات میں حسبِ حال وقفہ وقفہ سے خوشیوں کا باعث بنے ستارہ قمر کی سعد پوزیشن **2,3,4,7,8,9,30,31** جنوری، **4,5,6,26,27,28** فروری، **3,4,5,25,26,27,30,31** مارچ، **22,23,24,25,26,27,28** اپریل، **19,20,21** مئی، **15,16,17,20,21,22** جون، **13,14,15,17,18,19** جولائی، **9,10,11,14,15,16** اگست، **5,6,7,10,11,12** ستمبر، **2,3,4,5,30,31** اکتوبر، **4,5,6,26,27,28** نومبر، کیم، **2,3,24,25,26,28,29,30** دسمبر بننے سے خوش بختی کے اعتبار اور رشتوں کے حصول میں آسانی کیلئے مندرجہ بالا تواریخ نہایت اہم اور نیک دکھائی دیتی ہیں۔ من پسند شادی کیلئے اسم اعظم یا وارث **707** مرتبہ اوّل آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر اپنے نیک مقصد کیلئے دُعائیں کرنا نصیب یاوری کا باعث بنے۔

**وراثت، انشورنس، کلیم:۔** **2023**ء میں بھی چار اہم ستارے زحل، مشتری، راہو، کیتو کی تبدیلی اور خصوصاً ستارہ مشتری کی سعد نظر **22** اپریل **2023**ء تا کیم مئی **2024**ء وراثتی گھر پر سعد نظر پڑنے سے وراثتی شراکتی امور میں آسانیاں پیدا ہوں اور آپ کے سبھی امور حسبِ منشا طے پائیں بیت الخوف کا حاکم ستارہ شمس **14** اپریل تا **14** مئی شرف یافتہ، **15** جون تا **17** اکتوبر اوج یافتہ، **17** اگست تا **17** ستمبر عروج یافتہ رہتے ہوئے انشورنس کلیم بغیر محنت کے دولت از قسم وراثت اور شراکت سے بہ آسانی ملے شمس زہرہ زحل سعد نظرات **22,23,24** جنوری، **17,18,19** مارچ، **24,25,26** اپریل، **12,13,14** مئی، **28,29,30** جون، **23,24,25** اکتوبر، **5,6,7,23,24,25** دسمبر مالی ومادی مستحکم نوعیت کی پیشکش آپ کے مستقل ذرائع آمدن میں اضافے کا باعث بنے گزشتہ پیدا شدہ مشکلات حل کی جاسکیں مندرجہ بالا بھی سعد ایام مشترکہ مفادات کے تحت کئے گئے کاموں میں آسودگی اور بہتری پائیں مشترکہ طور سے اپنے اور دوسروں کے مستقبل کو بہتر بنانے کیلئے کئی گئی بھی کوششیں بارآور ثابت ہوں۔

**مستقبل کی منصوبہ بندی، بیرون ملک سفر، قانونی مشاورت واعلیٰ تعلیم:۔** بیت السفر اور نصیب کا حاکم ستارہ عطارد **12** منطقۃ البروج میں اہم ستاروں سے سعد نظرات بنائے چار اہم ستارے زحل، مشتری، راہو، کیتو کی بروجی تبدیلی اس بات کا یقینی اشارہ ہے کہ آپ اپنے مستقبل کی منصوبہ بندی اور اپنی فیملی کا مستقبل درخشاں بنانے کیلئے مندرجہ ذیل ایام میں جو کوششیں فرمائیں گے ان میں آپ کو متعدد کامیابیاں ملیں ستارہ عطارد **24** جون تا **08** جولائی عروج یافتہ، کیم اکتوبر تا **19** اکتوبر شرف یافتہ، **19** اکتوبر تا **22** نومبر اوج یافتہ رہتے ہوئے آپ کئی طرح کے چیلنج کا سامنا کرنے کیلئے اپنے آپ کو تیار پائیں اور کئی ایک اہم کامیابیاں آپ کا مقدر ہوں۔ طلبہ اعلیٰ تعلیم کی غرض سے بیرون ملک بہ آسانی جاسکیں بیرون ملک حصول امیگریشن اور کاروباری اغراض ومقاصد کیلئے ان ایام میں کی گئی پلاننگ اور ان پر عمل درآمد کرنے سے کئی طرح کی خوش بختیاں آپ کا مقدر ہوں حج وعمرہ اور زیارات مقدسہ پر جانے والے خواہاں افراد کو ممکنہ ہر طرح کے نیک وسائل ملیں ستارہ عطارد زحل زہرہ سعد نظرات **22,23,24** جنوری، **2,3,17,18,19** مارچ، **5,6** اپریل، **9,10,11,12,13,14,15,16,17,18,19,21,22** مئی، **16,17,18,30** جون، **27,28** جولائی، **13,14,15,16,17,18** نومبر، کیم، **2,3,4,5,6,7,10,11,12,21,22** دسمبر بننے سے سنجیدہ اور منظم سوچ جسے آپ عقلی اور منطقی

اکائیوں پر پرکھ چکے ہوں ان ایام میں مستقبل کو درخشاں بنانے کی منصوبہ بندی اور اس پر عمل درآمد بھی کرنا پسند کریں قانونی مشاورت بیرون ملک کاروباری اغراض ومقاصد کے تحت کیے گئے سفر یقینی طور پر کامیابی کا باعث بنیں تاہم ستارہ عطارد امسال چار مرتبہ رجعت (اُلٹا) یکم تا 10 جنوری، 21 اپریل تا 15 مئی، 24 اگست تا 16 ستمبر، 13 دسمبر تا 02 جنوری 2024ء ہونے سے معاملات میں قدرے سُست روی آسکتی ہے صبر وتحمل اور مستقل مزاجی سے اپنے مستقبل کے کاموں کو جاری رکھیں نہ صرف ان ایام میں بنائے گئے مستقبل کے منصوبوں پر نظر ثانی کرنا بھی نیک رہے گا۔

**کیرئیر، کاروبار، عزت ووقار:۔** بیت العزت اور کیرئیر کے گھر میں 29 نومبر 2023ء کیتو کی 18 سال بعد آمد آپ کے جاری کاروباری معاملات نظر ثانی کے طالب ہوسکتے ہیں آپ کی بڑھتی ہوئی عزت اور ساکھ سے حاسدین مخالفین آپ کے خلاف سازشیں کرسکتے ہیں مناسب احتیاط کی گئی تو آپ کے کاروباری معاملات میں خیر وبرکت کا سلسلہ جاری وبحال رہے گا خوش بختی کا ستارہ مشتری 12 سال بعد 22 اپریل تا 04 مئی 2024ء مکمل سعد نظرات سے کیرئیر اور عزت کے گھر کو ناظر رہتے ہوئے غیر متوقع طور سے کئی ایک کامیابیاں عطا کرے ستارہ مشتری کی 12 سال بعد سعادت آپ کو مضبوط کاروباری شخصیت بنانے میں خوش بختی کاروباری نئے وسائل ملنے اور کاروباری دولت میں اضافے کا سبب بنے۔ ستارہ زہرہ 15 فروری تا 12 مارچ شرف یافتہ، 06 اپریل تا 02 مئی اور 30 نومبر تا 25 دسمبر عروج یافتہ جبکہ 02 مئی تا 30 مئی اوج یافتہ رہتے ہوئے آپ عزت توقیر نیک نامی سماجی سیاسی مذہبی حلقوں میں عزت اور مقبولیت میں اضافہ ہوگا۔ 2023ء کسی نئے کام کی ابتداء اور جاری کاموں میں حصہ لینا باعث برکت ثابت ہوگا زحل، مشتری، راہو، کیتو کی اس سال تبدیلی نئے کاروباری وسائل اور جدت پسندانہ روزگار کی طرف آپ کو متوجہ کرائیں گے زہرہ زحل سعد نظرات 24,23,22 جنوری، 19,18,17 مارچ، 14,13,12 مئی، 7,6,5 دسمبر بننے سے بااثر اور حکام سے قریبی قربت ملازمتی ترقی اور تبدیلی ملازمت کے اچھے مواقع بھی آپ کے منتظر ہونگے تاہم زہرہ زحل نحس نظرات 15,14,13 اگست، 5 جون، 12 اکتوبر، 31 دسمبر بننے کے علاوہ 5 مئی عزت کے گھر میں چاند گرہن اپنے لگنے کے 15 دن قبل تا بعد محتاط رہنے کا اشارہ ہے ان سبھی ناقص ایام میں دوسروں سے دوری بلاوجہ کی کاروباری رکاوٹیں آزمائش وپریشانیاں پیش آنے کے خدشات بعید از قیاس نہیں ان ایام میں حسبِ توفیق صدقہ وخیرات دینے کے ساتھ ساتھ احتیاط کا پہلو بھی شامل حال رکھیں۔

**دوست احباب، خواھشات، کاروباری فوائد:۔** بیت الامید کا حاکم ستارہ مریخ یکم جولائی تا 18 اگست اوج یافتہ، 16 نومبر تا 27 دسمبر عروج یافتہ رہتے ہوئے آپ کی بہت ساری دیرینہ خواہشات کی تکمیل میں آسانیاں لائے گا زمین جائیداد کی خرید وفروخت اور شراکتی کاموں میں نفع حاصل ہوگا سماجی سیاسی مذہبی مصروفیات وقفہ وقفہ سے سارا سال جاری رہیں گی طالع کے حاکم زحل کی 2023ء میں مضبوط پوزیشن آپ کے اندر قائدانہ صلاحیتیں نمایاں ہونگی اور حلقہ احباب دن بدن وسیع ہوتا جائیگا۔ ستارہ مریخ یکم جنوری تا 12 مارچ، 10 مئی تا یکم جولائی کمزور ہونے سے اپنے حاسد نما دوستوں کی تطہیر اور ان سے دوری یا محتاط رہنے میں ہی عافیت دکھائی دیتی ہے۔

**خفیہ سرگرمیاں، سازش، ماضی کے مسائل اور اخراجات، امیگریشن:۔** بیت الاعداء کا حاکم ستارہ مشتری یکم جنوری تا 21 اپریل 2023ء آپ کے قریبی لوگ آپکے خلاف ایسی سازشیں کرسکتے ہیں جن کا آپ کو اندازہ بھی نہ ہو۔ تاہم 22 اپریل 2023ء تا 04 مئی 2024ء ستارہ مشتری کی چوتھے گھر تبدیلی اور اپنے بارہویں گھر مشتری کی سعد نظر حاسدین ومخالفین زیر وآشکار ہوں حصول امیگریشن میں آسانی اور روحانی چلہ کشی ریاضت مراقبہ اور اسی جیسے سبھی علوم مخفیہ کی مشقیں کرنا نیک آپکی روحانی ارتکاز توجہ بڑھنے کے ساتھ ساتھ خود شناسی سے خدا شناسی کی طرف روحانی ذوق وشوق بڑھے۔

**جدوی مرد وزن پر گرھنوں کے اثرات:۔** 2023ء میں دو سورج اور دو چاند گرہن 20 اپریل سورج گرہن، 29 اکتوبر چاند گرہن وتد الارض پر لگنے سے گھریلو خاندانی مسائل اور پریشانیاں ناگہانی حادثات خدانخواستہ پیش آسکتے ہیں 05 مئی چاند گرہن عزت کے گھر میں لگنے سے آپ کی عزت وتوقیر میں حاسدین کی سازشیں کامیاب ہوسکتی ہیں سخت محتاط رہیں 14 اکتوبر سورج گرہن نویں لگنے سے بیرون ملک کاروباری معاملات اور غیر متوقع بدقسمتی کے واقعات پیش آنے کا اندیشہ ان ایام میں حسبِ توفیق صدقہ وخیرات دینے کے ساتھ ساتھ دو نفل نماز کسوف وخسوف پڑھ کر دُعائیں کرنے سے اپنی پریشانیاں دور ہونے کا یقین کیا جاسکتا ہے۔

# دلو

یورانس URANUS

AQUARIUS

حاکم سیارہ: یورینس — نشان: مشکیزہ بردار

ذاتی عقیدہ: میں جانتا ہوں (I Know) — عنصر: ہوا (Air)

خاصہ: غیر تغیر پذیر (ثابت) — نفسیاتی ٹائپ: سوچنا

منسوب رنگ: نیلا اور بنفشی — اعضائے جسمانی: ٹخنہ

منسوب دھات: یورینیم — منسوب پتھر: نیلم اور ڈائمنڈ

منسوب پھول: ثعلب مصری، — منسوب درخت: پھل دار

مثبت اور مذکر برج — بائیو کیمک سالٹ: نیٹرم میور

حروف: س ش ث ص

بحساب یونانی
20 JAN - 19 FEB



15 FEB - 14 MAR
بحساب ویدک

**آپ کی شخصیت:۔** 2023ء آپ کے حاکم ستارہ زحل کا 27 سال کے بعد 17 جنوری 2023ء تا 29 اپریل 2025ء اڑھائی سال کیلئے طالع میں آنا آپ کی زندگی کا خوش بخت ترین دور دکھائی دیتا ہے آپ کی خود اعتمادی مستقل مزاجی نظم وضبط ذہنی اور تخلیقی صلاحیتوں کا اُجاگر ہونا مخلصین بزرگوں ماں باپ اور خصوصاً ماں کی دُعا کا آپ کے حق میں مستجاب ہونا آپ کی زندگی کا ایک نیا ترقی کا دور شروع ہو جائے گا آپ کا تعلق دُنیا کے کسی بھی ماحول سے کیوں نہ ہو آپ ان خوش بختیوں کو اپنی طرف آتا محسوس کریں جن کے ذاتی زائچے میں ستارہ زحل طاقتور ہے وہ تو جلد از جلد خوش بختیاں پائیں اور جن کا ذاتی ستارہ زحل کمزور ہو وہ کسی منجم سے اپنا پیدائشی زائچہ بنوا کر اس کا اعلیٰ روحانی تدارک کر سکتے ہیں یوں تو مستقبل کو درخشاں بنانے کیلئے مجموعی طور پر یہ سال نہایت اہم دکھائی دیتا ہے تاہم ستارہ زحل مریخ مشتری کی سعد نظرات 31,30,29,28 مارچ، 2 اپریل، 14 سے 24 جون، 31 جولائی، 3,2 اگست، 15,14,13,12 اکتوبر بننے سے کمال ہمت اور دلاوری سے آپ گزشتہ پیدا شدہ مشکلات پر قابو پا کر خوش بختی کی راہیں تلاش کر لیں گے۔ زحل مریخ مشتری نحس نظرات 26,25,24,23,22,21,20 مئی، 21,20,19 جولائی، 30,29,28,27 اکتوبر، 27,26,25,24 نومبر جلد بازی جذباتی پن اپنے غم وغصہ پر قابو رکھنے سے آپ بہت سارے مسائل سے محفوظ رہ سکتے ہیں 2023ء کا بہترین صدقہ بروز منگل گوشت یا کلیجی پھیپھڑے لیکر ان پر نمک مرچ ہلدی اور سرسوں کا تیل لگا کر کسی کھلی جگہ جانوروں کو ڈالنا بہترین صدقہ ثابت ہوگا۔

**معاشیات، مالی ذرائع آمدن:۔** بیت المال اور بیت الامید کا مشترکہ حاکم ستارہ مشتری جو گزشتہ سال سے خانہ مال میں چلا آ رہا ہے یہ اپنے 12 سالہ سعد قیام کے بعد 24 اپریل کو برج تبدیل کر کے تیسرے برج حمل میں آجائے گا ہر دو سعد گھروں میں اس کا قیام غیر متوقع طور سے خیر و برکت اور ذرائع آمدن میں اضافے کا باعث بنے خاندان میں اضافہ خوش لباسی خوش خوراکی سماجی سیاسی مذہبی محافل میں آپ کی عزت وتوقیر میں اضافہ ہوگا ذرائع آمدن میں اضافے کیلئے معمولی سی کوششیں بھی بارآور ثابت ہوں بہ آسانی دولت کمانے کی قابلیت آپ اپنے اندر محسوس کریں اسٹاک ایکسچینج پرائز بانڈز لاٹریوں سے بھی کچھ دلوی افراد امیر کبیر ہو سکیں گے ایسا اچھا وقت جو زندگی میں جشن بہاراں کی طرح ہے مستقل ذرائع آمدن کوئی بڑا انشورنس پلان لینا یا کوئی ایسی جائیداد جو آپ اور آپ کی فیملی کیلئے مستقل ذرائع آمدن کا ذریعہ بن سکتی ہے آپ کی کوشش آپ کی فیملی کے مالی تحفظ کا باعث بنیں۔ ستارہ مشتری یوں تو پورا سال ہی عجیب و غریب طریقے سے ذرائع آمدن میں اضافے کا باعث بنے اولاد اور اولاد نرینہ کے خواہاں افراد کے ہاں اولاد نرینہ کی خوشی ملے ادائیگی قرض سے نجات بھی پا سکتے ہیں قرض کی ادائیگی ذاتی یا کسی مالیاتی ادارے کی کیوں نہ ہو اس سال آپ اسے بہ آسانی ختم کر سکتے ہیں اور قرض جیسی مرض کا خاتمہ ہی آپ کیلئے نیک فال ہے ستارہ مشتری 04 ستمبر تا 21 دسمبر رجعت (اُلٹا) ہونے سے مالی معاونت کے حصول کیلئے سُست روی عارضی طور پر متفکر ہونے کی بجائے اسم اعظم یَا رَزَّاقُ یَا ربِّ یَا رَزَّاقُ 313 مرتبہ اوّل آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھکر نماز فجر کے بعد اپنے لئے دُعائیں کرنا معمول بنالیں۔

**عزیز و اقارب و اندرونِ ملک سفر:۔** بیت الاقرباء کے گھر میں 18 سال کے بعد راہو مقابل کیتو کا قیام 29 نومبر 2023ء تک یہاں رہے عزیز و اقارب بہن بھائی رشتہ داروں اور ہمسائیوں سے غیر معمولی تعلقات میں خوشگواری آئے آپ اپنی فیاضانہ طبیعت کے تحت اپنے ہر اُس پیارے کی مالی اخلاقی خدمت کرنا پسند کریں جسے اس کی ضرورت ہو خاص طور پر بیمار عزیز و اقارب کی تیمارداری اور اُن کی صحت سلامتی پر آپ بڑھ چڑھ کر اُن کی خدمت کرنا پسند کریں۔ آپ اور آپ کے پیاروں کے درمیان آنے والی مشکلات بھی بتدریج دور ہوتی رہیں بیت الاقرباء کا حاکم ستارہ مریخ یکم جنوری تا 12 مارچ، 10 مئی تا 30 جون کمزور پوزیشن میں ہونے کے سبب یہ وقت عزیز و اقارب کی زیادہ سے زیادہ خدمت کیلئے ذہنی طور پر تیار رہیں ستارہ مریخ یکم جولائی تا 18 اگست، 16 نومبر تا

21 دسمبر سعد پوزیشن میں ہونے کے سبب آپ کے عزیز واقارب جواباً آپ کیلئے تشکر اور آپ کیلئے کسی خدمت کو انجام دینے کے متمنی ہونگے عجیب وغریب طریقے سے خیر وبرکت کا حصول اور آزمائش وپریشانیاں بہ آسانی دور ہوسکیں۔ ستارہ مریخ زحل سعد نظرات 28 مارچ سے 02 اپریل، 12 اکتوبر سے 15 اکتوبر بننے سے نظم وضبط قوت برداشت میں اضافے سے آپ اپنے عزیز واقارب کی دلجوئی اور انکی فراغ دلانہ خدمت کو ترجیح دیں اور ان کی دُعائیں آپ کی نصیب یاوری کیلئے کافی دکھائی دیتی ہیں۔ مریخ زحل نحس نظرات 21,20,19 جولائی، 27,26,25,24 نومبر بننے سے دوران سفر چوٹ لگنے یا حادثہ پیش آنے کا اندیشہ ہے سفر سے قبل یا روزانہ کی بنیاد پر ان ایام میں حسبِ توفیق صدقہ وخیرات دینا نہایت نیک رہیگا خصوصاً کاروباری حضرات اس دوران اپنے سفر کو محفوظ بنانے کیلئے اور اپنی تجارتی سامان کی نقل وحمل سے قبل اپنے سامان کا انشورنس بھی ازبس ضرور کروالیں۔ اپنی ہمت اور حوصلہ کو بڑھانے کیلئے سید الملائکہ حضرت جبرائیل کا شعر" شاہ مرداں شیر یزداں قوتِ پروردگار لافتی الا علی لا سیف الا ذوالفقار" اسے 110 مرتبہ سفر کی ابتداء ناکامی کو کامیابی میں بدلنے کا وسیلہ بنا سکتے ہیں۔

**خاندان، جائیداد، سواری اور زراعت:**۔ وتد الارض کا حاکم ستارہ زہرہ ابتدائے سال میں طالع کے حاکم زحل کے ساتھ بارہویں نحس گھر میں اور چوتھے گھر میں مریخ کا وبال یافتہ ہونا اندرون خاندان فکر و پریشانی کا اشارہ دکھائی دیتا ہے کچھ پریشانیاں تو قدرتی طور پر آتی ہیں جن کیلئے صبر جمیل اور کچھ پریشانیاں ہم از خود اپنے لئے سہواً پیدا کر لیتے ہیں اسی طرح کے واقعات خاندانی جھگڑے ناخوشگوار واقعات اندرون خانہ نظر بد جادو ٹونہ یا الیکٹریکل چیزوں کا نقصان آپ کیلئے وقتی طور پر آزمائش وپریشانیوں کا باعث بن سکتا ہے کیا ہی اچھا ہو کہ آپ ابتدائے سال سے ہی دو مٹھیاں گڑ کی شکر یا چینی حشرات الارض کیڑے مکوڑوں کو ڈالنا معمول بنالیں اس معمولی سے عمل کا ردعمل بہت ساری ناگہانی آفات وبلیات دور ہوسکیں گی۔ وتد الارض کا حاکم ستارہ زہرہ 15 فروری تا 12 مارچ شرف یافتہ، 06 اپریل تا 02 مئی، 30 نومبر تا 25 دسمبر عروج یافتہ، 02 مئی تا 30 مئی اوج یافتہ رہتے ہوئے اہل خاندان کی آزمائش وپریشانیاں دور ہوسکیں ان ایام میں اندرون خانہ مہمانوں کی آمد ورفت یکدم بڑھ جائے آپ اپنے ہاں مذہبی وسوشل تقریبات کرنا پسند فرمائیں زمین جائیداد پراپرٹی اور زراعت سے متعلقہ کسان بھائیوں کیلئے مندرجہ بالا سبھی ایام نہایت خوش بخت دکھائی دیتے ہیں رہائشی تزئین وآرائش اور حسبِ حیثیت سواری کے حصول میں آسانیاں پائیں۔ زہرہ زحل سعد نظرات 24,23,22 جنوری، 19,18,17 مارچ، 14,13,12 مئی، 7,6,5 دسمبر بننے سے خانگی اور خاندانی گزشتہ پیدا شدہ سبھی آزمائش وپریشانیاں دور ہوسکیں خود اعتمادی بڑھنے سے آپ اپنے اہل خاندان کیلئے اجتماعی اچھے فیصلے کرنے کی پوزیشن میں ہونگے۔ زہرہ زحل نحس نظرات 15,14,13 اپریل، 5 جون، 11 اکتوبر، 31 دسمبر بننے سے خاندان کے افراد خصوصاً بزرگ افراد والدہ سے ان ایام میں دوری اختیار نہ کریں اور ان سے ممکنہ اپنے لئے دُعائیں کرواتے رہیں اور جن کے والدین یا والدہ حیات نہیں وہ ہر شب جمعہ عالم برزخ سے ارواح کی اپنے گھر آمد پر انہیں ایک مرتبہ سورۃ الفاتحہ اور تین مرتبہ سورۃ اخلاص پڑھ کر ہدیۃً تحفۃً پیش کریں اور یہ ہی اچھی تربیت اپنے فیملی ممبر اپنے بچوں اور آنے والی نسلوں کیلئے بطور نصیحت عمل کرنے کی تلقین اور نیک عادت اپنی اولاد میں ڈالیں۔

**اولاد، انعامات ومحبت:**۔ بیت الاولاد اور بیت الخوف کا مشترکہ حاکم ستارہ عطارد 24 جون تا 08 جولائی عروج یافتہ، یکم اکتوبر تا 19 اکتوبر شرف یافتہ، 19 اکتوبر تا 22 نومبر اوج یافتہ رہتے ہوئے اولاد انعام محبت آپ کی زندگی کے قریب ترین وہ پہلو اجاگر ہونگے آپ عمر کے جس حصہ سے گزر رہے ہونگے صاحب اولاد اپنے بچوں کی نگہداشت اور ان کی تعلیم وتربیت پر خصوصی توجہ دیں گے ستارہ زحل اور مشتری کی مشترکہ سعادت انفارمیشن ٹیکنالوجی شعور اور آگاہی میں اضافے کا باعث بنے انعامی مقابلوں میں حصہ لیکر جلد امیر ہونے کی خواہش بھی بڑھے۔ محبت اور جذبات ستارہ مشتری کی سعادت سے جلد منگنی یا شادی کی خوشیاں عطا کرے ستارہ عطارد زحل سعد نظرات 3,2 مارچ، 6,5 اپریل، 22,21,20,12,11,10,9 مئی، 30 جون، 23,22 اکتوبر، یکم ,22,21,3,2 دسمبر بننے سے آپ اور آپ کے بچوں کی ذہنی تخلیقی صلاحیتوں میں اضافہ صحت وتندرستی کے حصول کیلئے اپنی روحانی قوتوں کو اُجاگر کرنا پسند کریں عطارد زحل نحس نظرات 20 مئی، 16,15 جون، یکم اگست، 11,10 نومبر بننے سے ان ایام میں اپنے جذباتی پن غم وغصہ پر قابو رکھیں دوسروں کو چیلنج دینا یا قبول کرنا کسی بھی لحاظ سے مناسب نہ ہوگا۔ انٹرنیشنل لاٹریز اور پرائز بانڈز میں دلچسپی لینے والے حضرات 19,18,17 فروری، 29,28,27,3,2 مارچ، 6,5 اپریل، 22,21,20,12,11,10,9 مئی، 30,24,23,22,21,20,19,14 جون، یکم 2, جولائی، 11,10,9 اگست،

3,4,5,24,25,26 ستمبر، 22,23 اکتوبر، یکم ,2,3,7,8,9,17,18,19,20,21,22 دسمبر بننے سے حصہ لیں تو کوئی بعید از قیاس نہیں کہ آپ کا کوئی بڑا انعام نکل آئے حصول انعامات میں مزید راہنمائی کیلئے ادارہ کی ہر سال شائع ہونے والی کتاب **"انعام لکی نمبرز آئینہ قسمت"** کا مطالعہ بھی آپ کو انعام کے قریب لے جائے گا۔ حصول انعام کیلئے اپنے نام کا اسم اعظم پڑھنا بھی نیک ہے ادارہ ہذا سے اپنا اسم اعظم مفت پوچھ سکتے ہیں۔

**صحت وامراض، ملازمتی کیرئیر:۔** 2023ء ابتدائے سال میں بیت المرض کا حاکم ستارہ قمر منزل شرطین (اشونی نچھتر) پر ہونے سے صحت کے معاملات میں آپ فکرو پریشانی محسوس کر سکتے ہیں خصوصاً جوان حضرات کو اگر کمزوری معدہ وجگر کا عارضہ محسوس کریں تو اپنے معالج سے فوری رجوع کریں اس کے علاوہ غیر ضروری ذہنی پریشانیاں تفکرات ملیریا (ڈینگی) مچھروں سے پھیلنے والی بیماریوں سے خصوصی طور پر احتیاط برتیں غفلت سے گر کر سر پر چوٹ لگنے کا اندیشہ خواتین خصوصاً کھانا بناتے وقت آگ سے اپنے آپ کو محفوظ رکھیں۔ یکم جنوری تا 21 اپریل ستارہ مشتری کی سعد نظرات بیماری سے شفایابی کی قوت میں اضافہ پائیں جبکہ 24 اپریل ستارہ مشتری کی تبدیلی صحت اور شفایابی کا پہلے جیسا تحفظ نہ رہے اپنی سالگرہ کے ایام کے قریب ممکن ہو تو اپنا مکمل میڈیکل چیک اپ کروائیں 2023ء کی پورے سال کی یہ تواریخ 7,8,9 جنوری، 4,5,6 فروری، 3,4,5,30,31 مارچ، یکم ,26,27,28,29 اپریل، 24,25,26 مئی، 20,21,22 جون، 17,18,19 جولائی، 14,15,16 اگست، 10,11,12 ستمبر، 7,8,9 اکتوبر، 4,5,6 نومبر، یکم ,2,3,28,29,30 دسمبر کے بھی ایام اچانک خرابی صحت پریشانی حادثات مقدمہ بازی جیسی نحوستیں اچانک پیش آ سکتی ہیں ان ایام میں احتیاط کے ساتھ ساتھ حسبِ توفیق سفید اشیاء کا صدقہ دینا بہترین عمل آسان عمل چاول کا ٹوٹا اور پانی گھر کی چھت پر پرندوں کے کھانے کیلئے رکھنا نیک رہے گا۔

**تعلقات، شراکتی وازدواجی مراسم، شادی:۔** بیت الزوج کا حاکم ستارہ شمس 14 اپریل تا 15 مئی شرف یافتہ، 15 جون تا 16 اگست اوج یافتہ، 17 اگست تا 17 ستمبر عروج یافتہ اور ادھر 12 سال کے بعد ستارہ مشتری کی ساتویں گھر پر 22 اپریل 2023ء تا 04 مئی 2024ء تک مکمل سعد ناظر رہنے سے اس سال شادی کے خواہاں لڑکے لڑکیوں کی شادی تو بہ آسانی ہو جائے گی اور ایسے دلوی مرد وزن جو اپنی شادی کی عمر سے آگے جا چکے ہیں اور خصوصاً عقد ثانی کے خواہاں افراد کیلئے 2023ء نمایاں اور خوش بختی کا سال دکھائی دیتا ہے شمسی ساڑھ ستی کے تدارک اور جلد شادی ہو جانے کیلئے نگینہ یاقوت دو نفل شکرانے کے ادا کر کے دائیں ہاتھ میں پہننا مفید دکھائی دیتا ہے۔ ستارہ شمس مشتری زحل کی سعد نظرات 24,25,26 جنوری، 24,25,26 اپریل، 14 سے 24,29,30 جون، یکم ,2 جولائی، 7,8,9 ستمبر، 23,24,25 اکتوبر، 23,24,25,26,27,28 دسمبر بننے سے شراکتی ازدواجی تعلقات میں خوشگواری ناراض زوجین کے مابین صلح صفائی قیاس آرائیوں سے ہٹ کر 2023ء ازدواجی خوشیوں کیلئے نہایت نیک سال دکھائی دیتا ہے اسم اعظم یَا وَارِثُ 707 مرتبہ پڑھ کر اپنے نیک مقاصد کیلئے حصول مقصد تک دُعائیں کرنا معمولی بنالیں انشاءاللہ جلد ہی آپ گوہر مقصود پالیں گے۔

**وراثت، انشورنس، کلیم:۔** 2023ء وراثت کے گھر پر ستارہ مشتری کی مکمل سعد نظر چھٹے آٹھویں اور دسویں گھر پر اور خصوصاً وراثت کے گھر پر ہونے سے سال کے پہلے چار ماہ تصفیہ طلب وراثتی امور احسن طریقے سے حل کئے جا سکتے ہیں قانونی پنچایتی اور خانگی طور پر انہیں حل کرنا نہایت آسان دکھائی دیتا ہے ایسے دلوی افراد جو عرصہ دراز سے وراثتی پیچیدہ قسم کے ماحول سے گذر رہے ہیں انہیں ہر قسم کی حل المشکلات کیلئے آسانیاں اور نیک وسائل ملیں طالع کے حاکم ستارہ زحل بھی 17 جنوری سے اڑھائی سال کیلئے طالع میں آ کر آپ کی قابلیت مستقل مزاجی اور خود اعتمادی سے اپنے معاملات کو حل کرنے کیلئے ہر قسم کی مدد اور نصرت کا حصول آپ کیلئے آسان رہے گا کوئی بڑا انشورنس کلیم اور مشترکہ مفادات کے تحت کئے گئے کام بھی نفع بخش ثابت ہوں۔ وراثت کا حاکم ستارہ عطارد سال میں چار مرتبہ رجعت (اُلٹا) یکم تا 18 جنوری، 21 اپریل تا 15 مئی، 24 اگست تا 16 ستمبر، 13 دسمبر تا 02 جنوری 2024ء ہونے سے یہ بھی ایام مندرجہ بالا امور میں خصوصی توجہ اور مستقل مزاجی سے معاملات کے حل کیلئے توجہ دینے کی ضرورت پر زور دیں۔

**مستقبل کی منصوبہ بندی، بیرون ملک سفر، قانونی مشاورت واعلیٰ تعلیم:۔** بیت السفر کا حاکم ستارہ زہرہ یوں تو 2023ء میں طالع کے حاکم زحل اور خانہ مال کے حاکم مشتری کی سعد پوزیشن کے سبب مستقبل کو درخشاں بنانے کیلئے 2023ء میں وقفہ وقفہ سے متعدد مواقع ملیں ایک اہم ستارہ کیتو 18 سال کے بعد اس گھر میں 29 نومبر 2023ء تک رہتے ہوئے مستقبل کی تعمیر و ترقی پلاننگ خصوصاً بیرون ملک

کاروباری تجارتی قیام حصول امیگریشن ایک نئے انداز سے نیا نقطہ نظر آپ کے زیر غور رہے گا کچھ دلوی افراد بیرون ملک کی جائیدادیں فروخت کر کے وطن واپس آنا پسند کریں جبکہ جواں سال دلوی افراد بیرون ملک اپنا کوئی آشانہ بنانے کو ترجیح دیں 2023ء میں خواہاں دلوی افراد کیلئے روحانی سفر تو مقدر ہونگے لیکن زیادہ تر دلوی افراد دُنیا کی سیر وسیاحت بیرون ملک اپنے مستقبل کو درخشاں بنانے کیلئے ہجرت کرنا پسند کریں یوں بھی آپ کا حاکم ستارہ زحل 17 جنوری 2023ء تا 29 اپریل 2025ء طالع میں آ کر خواہاں دلوی افراد کو بیرون واندرون ملک ہجرت کرتے وقت سنت ہجرت سرکار دو عالم ﷺ مکہ سے مدینہ ہجرت کی نیت سے کریں تو یہ ہجرت باعث برکت ہوگی۔ سفر اور نصیب کا مشتر کہ حاکم ستارہ زہرہ 15 فروری تا 12 مارچ شرف یافتہ، 06 اپریل تا 02 مئی اور 30 نومبر تا 25 دسمبر عروج یافتہ جبکہ 02 مئی تا 30 مئی اوج یافتہ رہتے ہوئے 2023ء اپنے اور اپنے قریبی احباب کے مستقبل کو درخشاں بنانے کیلئے جو سعد کوششیں کی جائیں گی ان میں ممکنہ کامیابیاں نصیب ہونگی۔ زہرہ زحل سعد نظرات 24,23,22 جنوری، 19,18,17 مارچ، 14,13,12 مئی، 7,6,5 دسمبر بننے سے روحانی قانونی مذہبی شعور وآگاہی میں اضافہ اپنی روح کی بے چینی اور تشنگی کو دور کرنے کیلئے خود شناسی سے خداشناسی کی جانب رغبت بڑھے وفاداری خداشناسی استقامت سے بہت ساری متوقع رکاوٹیں آپ کی زندگی سے دور ہوسکیں گی ستارہ زہرہ زحل نحس نظرات 15,14,13 اپریل، 5 جون، 11 اکتوبر، 31 دسمبر بننے سے عارضی مسائل و پریشانی پیش آنے کا اندیشہ صدقہ وخیرات دینے سے آپ ممکنہ نحوستوں سے محفوظ رہیں۔

**کیرئیر، کاروبار، عزت ووقار:۔** بیت العزت اور کیرئیر کے گھر پر سعد اکبر ستارہ مشتری کی مکمل سعد نظر 21 اپریل 2023ء اور اس کے بعد بھی ستارہ زحل مشتری کی تبدیلی بھی آپ کے کیرئیر اور عزت کے معاملات میں بہتری لائے جاری کاروبار میں سرمایہ کاری کرنا یا پھر نئے کام کی ابتداء کرنا جنوری، فروری، مارچ، اپریل، جولائی، اگست اور 16 نومبر تا 27 دسمبر یہ سبھی ایام کیرئیر پیشہ ورانہ معاملات ملازمتی ترقی نئے کام کی ابتداء کرنا اور اپنے جاری کاموں میں جدت پسندانہ اصول اپنانے سے 2023ء خود اعتمادی کے ساتھ کامیابیوں کا سال دکھائی دیتا ہے۔

**دوست احباب، خواھشات، کاروباری فوائد:۔** بیت الامید کا حاکم ستارہ مشتری گزشتہ ماضی قریب کے چند گزشتہ سالوں کی نسبت 2023ء اس لحاظ سے اہم دکھائی دیتا ہے یکم جنوری تا 21 اپریل اس کی 12 سال بعد دوسرے وسعت کے گھر قیام اور پھر 22 اپریل 2023ء تا 02 مئی 2024ء ستارہ مشتری تیسرے رہتے ہوئے خواہشات اور دوست احباب کے ذاتی گھر کو مکمل سعد ناظر رہتے ہوئے اس سال آپ کی بہت ساری دیرینہ خواہشات پوری ہوں حلقہ احباب میں سماجی سیاسی مذہبی شخصیات کا اضافہ ہو اور آپ کے کئی بگڑے کام سنور جائیں اس سال کا بہترین صدقہ جمعرات کے دن مسجد کے جھاڑو کش یا موذن حضرات کی حسبِ توفیق خدمت کرنا بہت ہی نیک عمل ثابت ہوگا۔

